التبیان فی علوم القرآن (مترجم)

بقلم
محمد علی الصابونی
الأستاذ بكلية الشريعة والدراسات الإسلامية بمكة المكرمة

ترجمہ
اختر فتح پوری

نظر ثانی
ابن سرور محمد اویس

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-7224228-7221395
MAKTABA-E-REHMANIA

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

التبیان فی علوم القرآن

مترجم

بقلم

محمد علی الصابونی

ترجمہ
اختر فتح پوری

نظرثانی
ابن سرور محمد اویس

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر۔غزنی سٹریٹ۔اردو بازار۔لاہور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

230
ص ا ر ش

نام کتاب .... التبیان فی علوم القرآن

مصنف .... محمد علی صابونی

ترجمہ .... اختر فتح پوری

نظر ثانی .... ابن سرور محمد اویس

ناشر .... مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور

مطبع .... منیر عباس پرنٹرز

تعداد ۱۱۰۰

المکتبۃ ... نیۃ
۹۹ ... لاہور
نمبر .....16114.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

مقدمہ	۷
پہلی فصل: علوم قرآن	۸
تمہید	۸
علوم قرآن کا مقصود کیا ہے؟	۹
قرآن کی تعریف	۱۰
فضائل قرآن	۱۱
قرآن کے اسماء	۱۳
وجہ تسمیہ	۱۳
نزول قرآن کی ابتداء کب ہوئی؟	۱۵
بخاری کی روایت	۱۵
جو پہلے نازل ہوا اور جو آخر میں نازل ہوا	۱۷
مائدہ کی آیت نزول میں متاخر ہے	۱۸
تنبیہ	۱۹
اشکال اوّل	۱۹
دوسرا اشکال	۲۰
قتال، شراب اور کھانوں کے بارے میں نازل ہونے والا پہلا کلام	۲۱
دوسری فصل۔ اسباب نزول	۲۴
اسباب نزول کی معرفت کے فوائد	۲۶
فوائد نزول کی مثالیں	۲۷

آیت کریمہ کے معنی کی توضیح
سبب نزول کیا ہے؟
سبب نزول کیسے معلوم ہوتا ہے؟
کیا نزول کے متعدد اسباب ہوتے ہیں؟
کیا عبرت، لفظ کے عموم سے ہوتی ہے یا سبب کے خصوص سے؟
تیسری فصل۔ قرآن کے الگ الگ نازل ہونے کی حکمت
قرآن کریم کیسے نازل ہوا؟
پہلا تنزل
دوسرا تنزل
قرآن کے مفرق نزول کی حکمت
حضرت نبی کریم ﷺ نے قرآن کیسے حاصل کیا؟
کیا سنت نبویہ بھی اللہ کی وحی سے ہے؟
چوتھی فصل جمع القرآن
سینوں میں قرآن کا جمع کرنا
سطور میں قرآن کا جمع کرنا
کتابت کا طریقہ
حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں جمع قرآن
بخاری کی روایت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع القرآن کے بارے میں سوالات	۷۳
جمع قرآن کے بارے میں بہترین طرز	۷۵
حضرت ابوبکر صدیق کے مصحف کی خوبیاں	۷۶
قرآن ایک مصحف میں کیوں جمع نہیں کیا گیا؟	۷۸
حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت میں جمع قرآن	۸۰
حضرت عثمان کے قرآن کو جمع کرنے کا سبب	۸۱
حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمان کے جمع کرنے میں فرق	۸۲
پانچویں فصل۔ تفسیر اور مفسرین	۸۴
ہم قرآن کی تفسیر کیوں کرتے ہیں؟	۸۶
تفسیر وتاویل کے درمیان فرق	۸۷
تاویل کا مفہوم	۸۸
تفسیر کی اقسام	۸۹
قسم اول۔ تفسیر بالروایۃ	۹۰
تفسیر صحابہ	۹۳
روایت بالماثور کے اسباب ضعف	۹۴
مناھل العرفان میں زرقانی کی رائے	۹۵
مشہور مفسر صحابہؓ	۹۶
چھٹی فصل۔ مفسر تابعین	۱۰۲
تنبیہہ	۱۱۶
ساتویں فصل: اعجاز القرآن	۱۱۸
قرآن مجید حضرت محمد ﷺ کا دائمی معجزہ ہے	۱۱۸
اعجاز القرآن کا مفہوم	۱۲۴
اعجاز کب ثابت ہوتا ہے؟	۱۲۵
چیلنج کرنے میں قرآن کا اسلوب	۱۲۶
چیلنج کی انواع	۱۲۷
اعجاز قرآن کی مثال	۱۳۲
معجزہ الٰہیہ کی شروط	۱۳۵
اعجاز قرآن کس وجہ سے ہے؟	۱۳۷
اہل صرفہ کا مذہب	۱۳۸
اعجاز کے متعلق علماء کی آراء	۱۴۰
قرآن کریم کے اعجاز کی وجوہ	۱۴۱
تاریخ سے مثالیں	۱۴۲
اسلوب قرآن کے خصائص	۱۴۷
خصائص اسلوب قرآن کے متعلق توضیحی مثالیں	۱۴۸
لڑکی اور اصمعی کا واقعہ	۱۵۶
واقعاتی زندگی سے مثالیں	۱۶۴
مغیبات کے بارے میں خبر دینا	۱۶۷
جدید علم سے عدم تعارض	۱۷۴
آٹھویں فصل قرآن کے علمی معجزات	۱۷۶
کائنات کی وحدت	۱۷۶
کائنات کی پیدائش	۱۷۸
ایٹم کی تقسیم	۱۷۸
آکسیجن کی کمی	۱۷۹
زوجیت	۱۸۰
جنین کے پردے	۱۸۱
ہواؤں کے واسطہ سے حاملہ کرنا	۱۸۲
منوی حیوان	۱۸۳
انسان کے خاموش اعضاء کا اختلاف	۱۸۳

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفائے عہد	۱۸۴
علوم ومعارف	۱۸۶
اسلامی عقیدہ	۱۸۸
یہودی عقیدہ	۱۹۰
نصرانی عقیدہ	۱۹۰
قرآن کا حاجات بشر کو پورا کرنا	۱۹۳
قلوب میں قرآن کی تاثیر	۱۹۳
تناقض سے اس کا محفوظ ہونا	۱۹۷
صرفہ کے قائلین کے شبہ کا رد	۱۹۷
کیا کسی نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی ہے؟	۲۰۰
اعجاز قرآن کے متعلق شبہات اوران کا رد	۲۰۶
دوسری قسم: تفسیر بالرائے	۲۱۳
تفسیر بالرائے کا مفہوم	۲۱۳
تفسیر بالرائے کی انواع	۲۱۵
تفسیر محمود	۲۱۵
تفسیر مذموم	۲۱۶
امہات التفسیر	۲۱۷
وہ علوم جن کا مفسر محتاج ہوتا ہے	۲۱۸
لطیف واقعہ	۲۲۰
مراتب التفسیر	۲۲۵
تفسیر کی وجوہ	۲۲۶
تفسیر بالرائے کے جواز میں علماء کے اقوال	۲۲۶
تفسیر بالرائے کے عدم جواز کے قائلین کے دلائل	۲۲۷
تفسیر بالرائے کے جواز کے قائلین کے دلائل	۲۲۸
مانعین کے جواز کے قائلین کے دلائل کا رد	۲۲۹
امام غزالی کا قول	۲۳۱
راغب اصفہانی کا قول	۲۳۲
امام قرطبی کا قول	۲۳۲
تیسری قسم۔ تفسیر اشاری اور غرائب تفسیر	۲۳۴
تفسیر اشاری کا مفہوم	۲۳۴
تفسیر اشاری کے متعلق علماء کی آراء	۲۳۵
تفسیر اشاری کے جواز کے دلائل	۲۳۶
برہان میں زرکشی کا قول	۲۳۸
نسفی اور تفتازانیؒ کا قول	۲۳۸
اتقان میں علامہ سیوطی کا قول	۲۴۰
تفسیر اشاری کے بارے میں آنیوالی حدیث کا مفہوم	۲۴۱
تفسیر اشاری کے قبول کی شروط	۲۴۲
شیخ زرقانی کا مضبوط قول	۲۴۳
حجۃ الکلام امام غزالی کا قول	۲۴۴
فاسد اشاری تفسیر کی مثالیں	۲۴۵
بحث کا خلاصہ	۲۴۷
غرائب التفسیر	۲۴۸
باطنیہ کی تفسیرات	۲۵۰
باطنیہ کی تفسیر کے نمونے	۲۵۱
تفسیر کی مشہور ترین کتب	۲۵۳
کتب تفسیر بالماثور کا تعارف	۲۵۴
کتب تفسیر بالرائے کا تعارف	۲۶۲
اشہر تفاسیر آیات الاحکام	۲۶۶

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشعر کتب التفسیر الاشاری	۲٦۷
اشہر تفاسیر المعتزلۃ والشیعۃ	۲٦۸
اشہر کتب التفسیر فی العصر الحدیث	۲٦۹
فصل۔ قرآن کی سورتوں کی فضیلت کے بارے میں	
موضوع احادیث کے بارے میں تنبیہ	۲۷۰
کیا قرآن میں غیر عربی الفاظ موجود ہیں؟	۲۷۳
ترجمۃ القرآن کی بحث	۲۷۸
ترجمہ کی شروط	۲۷۹
کیا قرآن کا حرفی ترجمہ کرنا جائز ہے؟	۲۸۰
قرآن کا مفہومی ترجمہ	۲۸۱
نویں فصل۔ سات حروف پر قرآن کا نزول	
اور مشہور قراءت	۲۸۳
سات حروف پر قرآن کے نازل ہونے کے دلائل	۲۸۳
سات حروف پر قرآن کے نازل ہونے کی حکمت	۲۸۸
قرآن کے سات حروف پر نازل ہونے کا مفہوم	۲۹۰
حدیث میں وارد ہونے والے حروف کی تفسیر میں علماء	
کا اختلاف	۲۹۱
کیا حروف سبعہ اب قرآن میں موجود ہیں؟	۲۹۵
طبری کے مذہب کا مناقشہ	۲۹۸
موضوع پر وارد ہونے والے بعض شبہات اور ان کا رد	۲۹۹
مشہور قراءات	۳۰۲
قراءات کا تعارف	۳۰۳
کیا عہدِ صحابہ میں قراء تھے؟	۳۰۳
قراءات کیسے پروان چڑھیں؟	۳۰۳
قراءات کی تعداد اور ان کی انواع	۳۰٦
قراءات کے بارے میں پہلے مصنف	۳۰۸
قراءات سبعہ کب مشہور ہوئیں	۳۰۸
قراءات کب مدون ہوئیں	۳۰۸
سات مشہور قراء	۳۰۹

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

مقدمه

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على المبعوث رحمة للعالمين، وعلى آله وأصحابه والتابعين لهم باحسان الى يوم الدين. وبعد:

فهذه مذكّرات فی (علوم القرآن) كتبتها لطلبة (كلية الشريعة والدراسات الاسلامية) بمكة المكرمة تحقيقاً للمنهج الدراسی فی الكلية، وحرصاً على فائدة أبنائنا الطلبة، الذين يرغبون فی العلم، ويحرصون كل الحرص عليه. وقد رأيت ان أجمعها فی كتاب تعميماً للفائدة ونشراً للعلم.

والله أسأل ان يجعلها خالصة لوجهه الكريم، وأن ينفعنا بها يوم الدين، **﴿يوم لا ينفع مال ولا بنون○ إلا من أتى الله بقلب سليم﴾**(سورة الشعراء: ٨٨و٨٩)

وهو حسبنا ونعم الوكيل.

غرة رجب الفرد ١٣٩٠هـ.

محمد على الصابونی

المدرس بكلية الشريعة والدراسات

الإسلامية بمكة الكرمة

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

الحمد لله رب العالمين والسلام على المبعوث رحمة اللعالمين وعلي آله واصحابه والتابعين لهم باحسان الى يوم الدين

یہ یادداشتیں علوم قرآن کے بارے میں ہیں جنہیں میں نے مکہ مکرمہ (**كلية الشريعة والدراسات الاسلامية**) کے طلبہ کے لئے کالج میں تعلیمی منہج کی جانچ پڑتال کیلئے اور اپنے ان طلبہ کے فائدے کیلئے ہے جو علم میں رغبت اور اس کی پوری چاہت رکھتے ہیں اور میں نے مناسب خیال کیا کہ میں ان یادداشتوں کو عام فائدے اور نشرِ علم کیلئے ایک کتاب میں جمع کردوں۔

میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ انہیں اپنی خالص رضامندی کیلئے بنالے اور قیامت کے روز ہمیں ان سے فائدہ پہنچائے جس روز نہ مال فائدہ دے گا نہ بیٹے سوائے اس شخص کے جو اللہ کے پاس قلبِ سلیم لائے گا۔ اور وہ ہمیں کافی ہے اور اچھا کارساز ہے۔

محمد علی الصابونی

المدرس بكليه الشريعة والدراسات الاسلاميه

بمكة المكرمة

غرّه رجب الفرد ١٣٩٠ھ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول

علوم القرآن

تمهيد:

يقتضينا علم التفسير، أن نلّم إلمامة موجزة، عن (علوم القرآن) وأن نعرف ما رافق هذا الكتاب المجيد، من عناية فائقة، وجهود واسعة، وأبحاث مستفيضة، بذلت كلها في سبيل خدمة هذا الكتاب العزيز، على أيدي اساتذة أعلام، وعلماء فطاحل ، أفنوا أعمارهم في سبيل الحفاظ على هذا التراث الكريم، والكنز الثمين، من لدن عصر نزول القرآن إلى يومنا هذا، ثم انتقلوا الى جوار الله وقد خلفوا لنا ثروة علمية هائلة، لا ينضب معينها، ولا تنتهي دررها، على كر الدهور، ومر الأزمان، ومع كل هذه الجهود المبذولة. في القديم والحديث. فإن القرآن يبقى بحراً ذاخراً يحتاج إلى من يغوص في أعماقه، ليستخرج منه اللآلىء والدرر.

ولقد تسابق الفصحاء والبلغاء، والحكماء والشعراء، في وصف هذا القرآن ، وسرد محاسنه وفضائله، ولكننا لا نجد أبلغ ولا أسمى من وصف صاحب الرسالة، محمد بن عبدالله صلوات الله وسلامه عليه حيث يقول: كتاب الله فيه نبأ من قبلكم، وخبر ما بعدكم، وحكم ما بينكم، هو الفصل ليس بالهزل، من

پہلی فصل

علوم قرآن

تمہید:

علم تفسیر ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم علوم قرآن کے بارے میں مختصراً جان لیں اور ان بڑی مشقتوں، وسیع کوششوں اور عظیم تحقیقاتوں کو بھی معلوم کرلیں جو اس کتاب مجید کی خدمت کیلئے عظیم اساتذہ اور بڑے بڑے علماء کے ہاتھوں سرانجام دی گئی ہیں جنہوں نے اس قابل تعریف ترکہ اور قیمتی خزانے کی حفاظت میں نزول قرآن کے زمانے سے آج تک اپنی عمریں کھپا دی ہیں پھر وہ اللہ کے جوار میں چلے گئے ہیں اور انہوں نے ہمارے لئے بڑی علمی ثروت پیچھے چھوڑی ہے جس کا پانی خشک نہیں ہوتا اور زمانے کی گردشوں اور حملوں کے باوجود اس کے موتی ختم نہیں ہوتے قدیم و جدید زمانوں میں کی جانے والی ان کوششوں کے باوجود قرآن اس شخص کیلئے جو اس کی گہرائیوں میں موتی نکالنے کیلئے غوطہ زن ہوگا بڑا سمندر ثابت ہوگا۔

فصحاء، بلغاء، حکماء اور شعراء نے اس قرآن کی تعریف بیان کرنے میں ایک دوسرے سے سبقت لے جاتے رہے اور اس کے فضائل و محاسن بیان کرتے رہے لیکن ہم صاحب رسالت محمد بن عبداللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہ کے بیان سے زیادہ بلیغ اور شاندار بیان نہیں پاتے آپ فرماتے ہیں۔ کتاب اللہ میں تم سے پہلوں کی اور تم سے بعد آنے والوں کی خبر پائی جاتی ہے اور تمہارے معاملات کا فیصلہ بھی پایا جاتا ہے اور وہ حق و باطل کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تركه من جبار قصمه الله، ومن ابتغى الهدى في غيره أضله الله، هو حبل الله المتين، وهو الذكر الحكيم، وهو الصراط المستقيم، وهو الذى لا تزيغ به الأهواء، ولا تلتبس به الألسنة، ولا يشبع منه العلماء، ولا يخلق[1] على كثرة الرد، ولا تنقضي عجائبه، وهو الذى لم تنته الجن إذ سمعته حتى قالوا: ﴿ **إنا سمعنا قرآناً عجباً ○ يهدى الى الرشد فآمنا به..** ﴾(سورة الجن: ١-٢) من قال به صدق، ومن عمل به أجر، ومن حكم به عدل، ومن دعا إليه هدى إلى صراط مستقيم.[2]

درمیان فیصلہ کرنے والا ہے ہنسی مذاق کی چیز نہیں ہے جس سرکش نے اسے چھوڑا اللہ اسے توڑ کر رکھ دے گا اور جس نے اس کے غیر سے ہدایت طلب کی اللہ اسے گمراہ کر دے گا۔ وہ خدا کی مضبوط رسی' ذکر حکیم اور صراط مستقیم ہے خواہشات اسے کج رو نہیں کر سکتیں اور نہ زبانیں اس سے التباس کر سکتی ہیں اور نہ علماء اس سے سیر ہو سکتے ہیں اور نہ وہ کثرت قرأت سے بوسیدہ ہو سکتا ہے اور نہ اس کے عجائبات ختم ہوتے ہیں جب جنات نے اسے سنا تو رک گئے اور کہنے لگے ہم نے عجب قرآن سنا ہے جو ہدایت کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں۔ (سورہ جن آیت ۱-۲) جس نے اس کی بات کی اس نے سچ کہا اور جو اس پر عمل کرے گا اسے اجر ملے گا اور جو اس سے فیصلہ کرے گا وہ عدل کرے گا اور جس نے اس کی طرف دعوت دی' اس کی صراط مستقیم کی طرف راہنمائی کی جائے گی۔

ما المقصود بعلوم القرآن؟

يقصد بعلوم القرآن الأبحاث التي تتعلق بهذا الكتاب المجيد الخالد، من حيث النزول، والجمع، والترتيب، والتدوين، ومعرفة أسباب النزول، والمكى منه والمدني، ومعرفة الناسخ والمنسوخ، والمحكم والمتشابه، وغير ذلك من الأبحاث الكثيرة التي تتعلق بالقرآن العظيم، أولها صلة به.. والغرض من هذه الدراسة فهم كلام الله عز وجل على ضوء ما جاء عن الرسول عليه الصلاة والسلام من توضيح وبيان، وما نقل عن الصحابة والتابعين رضوان الله

علوم قرآن کا مقصود کیا ہے؟

علوم قرآن کا مقصود وہ تحقیقات ہیں جو اس ہمیشہ رہنے والی کتاب مجید سے بلحاظ نزول' جمع' ترتیب' تدوین اسباب نزول کی معرفت' مکی و مدنی سورتوں' ناسخ و منسوخ کی معرفت' محکم و متشابہ اور بہت سی دیگر تحقیقات جو قرآن کریم سے تعلق رکھتی ہیں یا ان کا اس سے تعلق ہے اور اس تحقیق کا مقصد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان و توضیح اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے جو کچھ قرآن کی آیات کی تفسیر کے متعلق منقول ہے اس کی روشنی میں کلام اللہ کا سمجھنا ہے اور تفسیر میں مفسرین کے طریقہ اور اسالیب کی معرفت ان کے مشاہیر کے بیان اور تمام مفسرین کے

(١) أى لايبلى ولا تذهب جدته على كثرة القراءة والترداد.

(٢) رواه الترمذى فى باب ((فضائل القرآن)).

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عليهم أجمعين، حول تفسيرهم لآيات القرآن ومعرفة طريقة المفسرين وأساليبهم في التفسير مع بيان مشاهيرهم ومعرفة خصائص كل المفسرين، وشروط التفسير، وغير ذلك من دقائق هذا العلم.

خصائص کی معرفت اور شروط تفسیر اور اس علم کے دیگر دقائق کی معرفت حاصل کرنا ہے۔

تعريف القرآن:

(هو كلام الله المعجز، المنزل على خاتم الانبياء والمرسلين، بواسطة الأمين جبريل عليه السلام المكتوب في المصاحف، المنقول الينا بالتواتر، المتعبد بتلاوته، المبدوء بسورة الفاتحة، المختتم بسورة الناس.)

قرآن کی تعریف:

یہ اللہ کا معجز کلام ہے جو خاتم الانبیاء والمرسلین پر بواسطہ جبریل امین صاحب میں مکتوب اترا ہے اور ہماری طرف تواتر سے منقول ہے یا ب اس کی تلاوت کرنا عبادت ہے۔ اس کا آغاز سورہ فاتحہ سے اور اختتام سورۃ الناس پر ہوا ہے۔

وهذا التعريف متفق عليه بين العلماء والأصوليين أنزله الله تبارك وتعالىٰ ليكون دستوراً للامة، وهداية للخلق، وليكون آية على صدق الرسول، وبرهاناً ساطعاً على نبوته ورسالته، وحجة قائمة الى يوم الدين تشهد بأنه تنزيل الحكيم الحميد، بل هو **((المعجزة الخالدة))** التى تتحدىٰ الاجيال والامم على كر الازمان ومر الدهور، ولله در **((شوقي))** حيث يقول:

جاء النبيون بالآيات[1] فانصرمت[2]
وجئتنا بكتاب غير منصرم
آياته كلها طال المدى[3] جدد
يزينهن جمال العتق والقدم

یہ تعریف علماء اور اصولیوں کے درمیان متفق علیہ ہے اللہ نے اسے اس لئے نازل فرمایا ہے کہ یہ امت کا دستور اور مخلوق کیلئے ہدایت ہو اور رسول اللہ ﷺ کی صداقت پر نشان اور آپ کی نبوت رسالت پر برہان ساطع ہو اور قیامت کے دن حجت قائم ہو جو گواہی دے کہ یہ حکیم وحمید خدا کی تنزیل ہے بلکہ یہ وہ معجزہ خالدہ ہے جو زمانے کی گردشوں کے باوجود قوموں کو چیلنج کرتا ہے۔ شوقی نے کیا خوب بات کہی' نبی معجزات کے ساتھ آئے اور وہ ختم ہو گئے اور آپؐ ہمارے پاس نہ ختم ہونے والی کتاب لائے۔

جوں جوں زمانہ لمبا ہوتا جاتا ہے اس کی آیات جدید ہوتی جاتی ہیں انہیں کہنگی اور قدامت کا جمال زینت دیتا جاتا ہے۔

(١) المراد بالآيات هنا المعجزات التي أيد الله بها رسله الكرام.
(٢) انصرمت: أى ذهبت بذهابهم وانقضت بوفاتهم فلم يعد لها وجود.
(٣) المدى: الزمان الطويل.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضائل القرآن:

وقد وردت آثار كثيرة في فضائل القرآن وعلومه منها ما هو متعلق بفضل التعلم والتعليم، ومنها ما هو متعلق بالقراءة والترتيل، ومنها ماله علاقة بحفظه وترجيعه. كما وردت آيات عديدة في كتاب الله عزوجل، تدعو المؤمنين الى تدبره وتطبيق احكامه، والى الاستماع والانصات عند تلاوته، نذكر بعض هذه الآيات الكريمة والأحاديث الشريفة:

الآيات الكريمة:

أولاً. قال تعالى ﴿ **إن الذين يتلون كتاب الله، وأقاموا الصلاة، وأنفقوا مما رزقناهم سراً وعلانية يرجون تجارة لن تبور**﴾.(سورة فاطر:٢٩)

ثانياً. وقال تعالى ﴿ **و إذا قرىء القرآن فاستمعوا له وأنصتوا لعلكم ترحمون**﴾.(سورة الاعراف:٢٠٤)

ثالثاً. وقال تعالى﴿ **أفلا يتدبرون القرآن ام على قلوب أقفالها**﴾.(سورة محمد: ٢٤)

الاحاديث الشريفة:

أولاً: وقال ﷺ: ((**خيركم من تعلم القرآن وعلمه**)) رواه البخاري.

ثانياً: وقال صلوات الله عليه: ((**الماهر بالقرآن مع السفرة الكرام البررة والذى يقرأ القرآن ويتعتع فيه (أى تصعب قراء ته عليه لعى لسانه) وهو عليه شاق له أجران**)) رواه

فضائل قرآن:

قرآن کریم کے فضائل اور علوم کے بارے میں بہت سے آثار آئے ہیں ان میں سے کچھ تعلم وتعلیم سے متعلق ہیں اور کچھ قرأت وترتیل سے متعلق ہیں ان میں سے کچھ کا اس کے حفظ وترجیع سے تعلق ہے۔ ایسے ہی کتاب اللہ میں بہت سی آیات آتی ہیں جو مومنین کو اس میں تدبر کرنے اور اس کے حکام کی تطبیق کی اور اس کی تلاوت کے وقت خاموش رہنے اور اس کی طرف متوجہ ہونے کی دعوت دیتی ہیں ہم ان میں سے بعض آیات کریمہ اور احادیث شریفہ کا ذکر کرینگے۔

آیات کریمہ:

جو لوگ کتاب اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا اسے اعلانیہ اور پوشیدہ طور پر خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کی امید رکھتے ہیں جو ہرگز تباہ نہ ہوگی۔ (فاطر۔۲۹)

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو(اعراف۲۰۴)

کیا وہ قرآن پر تدبر نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے پڑے ہوئے ہیں۔ (محمد۔۲۴)

احادیث شریفہ:

۱۔ تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن کو سیکھے اور اسے سکھائے۔ (بخاری)

۲۔ قرآن کریم کا ماہر نیک، کریم کاتب فرشتوں کے ساتھ ہوگا اور جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور اس میں ہکلاتا ہے اور وہ اس پر شاق ہے اس کے لئے دو اجر ہیں (مسلم)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلم.

ثالثاً: وقال أيضاً: **((أشراف أمتي حملة القرآن))** رواه الترمذي.

رابعاً: وقال أيضاً: **((اقرءوا القرآن فإنه يأتي يوم القيامة شفيعاً لأصحابه))** رواه الترمذي.

خامساً: وقال أيضاً: **((مثل المؤمن الذى يقرأ القرآن كمثل الأترجة ريحها طيب، وطعمها طيب))**.

سادساً: وقال أيضاً: **((إن هذا القرآن مأدبة الله، فتعلموا من مأدبته ما استطعتم...))** متفق عليه.

٣۔ میری امت کے بہترین لوگ، قرآن حفظ کرنے والے ہیں۔ (ترمذی)

٤۔ قرآن کو پڑھو بلا شبہ وہ قیامت کے روز اپنے پڑھنے والوں کا سفارشی بن کر آئے گا۔ (ترمذی)

٥۔ قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال لیموں کے درخت کی مانند ہے جس کی خوشبو طیب ہوتی ہے اور اس کا مزا بھی طیب ہوتا ہے۔

٦۔ بلاشبہ یہ قرآن اللہ کی دعوت ہے اس کی دعوت سے جس قدر طاقت رکھتے ہو سیکھ لو۔

وينبغي للدارس لعلوم القرآن ان يتأدب بآداب القرآن، ويتخلق بأخلاقه، ويكون غرضه من وراء العلم (رضوان الله والدار الآخرة لا حطام الدنيا وأن يعمل بما فيه ليكون حجة له يوم القيامة فقد صح في الحديث الشريف **((القرآن حجة لك او عليك))**.[1]

قال شيخ الاسلام (ابن تيمية) رحمه الله: (من لم يقرأ القرآن فقد هجره، ومن قرأ القرآن ولم يتدبر معانيه فقد هجره، ومن قرأه وتدبره ولم يعمل بما فيه فقد هجره) يشير بذلك الى قوله تعالىٰ ﴿**وقال الرسول يا رب إن قومي اتخذوا هذا القرآن مهجوراً**﴾. (سورة الفرقان: ٣٠)

علوم قرآن کے پڑھنے والے کو چاہئے کہ قرآن کے آداب واخلاق کو اپنائے اور علم کے حصول میں اس کی غرض اللہ کی رضامندی اور دار آخرت ہو نہ کہ دنیا کا کوڑا کرکٹ اور اس میں جو کچھ ہے وہ اس پر عمل کرے تاکہ وہ قیامت کے روز اس کے لئے حجت ہو صحیح حدیث میں ہے قرآن تیرے حق میں حجت ہے یا تیرے خلاف حجت ہے، شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں۔ جس نے قرآن نہ پڑھا گویا کہ اس نے اسے چھوڑ دیا اور جس نے قرآن پڑھا اور اس کے معانی پر تدبر نہ کیا اس نے بھی اسے چھوڑ دیا ہے اور جس نے اسے پڑھا اور اس پر تدبر کیا اور جو کچھ اس میں ہے اس پر عمل نہ کیا اس نے بھی اسے چھوڑ دیا ہے قرآن مجید کی ایک آیت اس کی طرف اشارہ کرتی ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے) اور رسول کہے گا اے میرے رب میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ دیا۔ (الفرقان: ٣٠)

(١) انظر تفسير القرطبي، الجزء الأول.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسماء القرآن:

للقرآن الكريم أشماء عديدة كلها تذل على رفعة شأنه، وعلو مكانته، وعلى أنه أشرف كتاب سماوي على الاطلاق.. فيسمى (القرآن) و (الفرقان) و (التنزيل) و (الذكر) و(الكتاب) الخ كما وصفه الله تبارك وتعالىٰ بأوصاف جليلة عديدة منها (نور) و (هدى) و (رحمة) و (شفاء) و (موعظة) و (عزيز) و (مبارك) و (بشير) و(نذير) الى غير ذلك من الأوصاف التي تشعر بعظمته وقدسيته.

وجه التسمية:

أ. اما تسميته (بالقرآن) فقد جاء في آيات كثيرة منها قوله تعالىٰ: ﴿**ق والقرآن المجيد**﴾ (سورة ق : ۱)وقوله تعالى ﴿ **ان هذا القرآن يهدى للتى هى اقوم**﴾.(سورة الاسراء : ۹)

ب. وأما تسميته (بالفرقان) فقد جاء في قوله تعالى ﴿ **تبارك الذى نزل الفرقان على عبده ليكون للعالمين نذيراً**﴾. (سورة الفرقان:۱)

ج. وأما تسميته (بالتنزيل) ففي قوله تعالىٰ ﴿ **وانه لتنزيل رب العالمين○ نزل به الروح الامين**﴾.(سورة الشعراء: ۱۹۲-۱۹۳)

د. واما تسميته (بالذكر) ففي قوله تعالىٰ ﴿ **انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحافظون**﴾.(سورة الحجر : ۹)

ه. وأما تسميته (بالكتاب) ففي قوله تعالىٰ ﴿ **حم○ والكتاب المبين○ انا انزلناه في ليلة**

قرآن کے اسماء:

قرآن کے متعدد اسماء ہیں جو اس کی رفعتِ شان اور علو مکان پر دلالت کرتے ہیں اور یہ کہ وہ مطلقاً افضل ترین کتاب ہے اسے قرآن، الفرقان تنزیل، ذکر اور کتاب کا نام دیا گیا ہے۔ ایسے ہی اللہ نے متعدد جلیل القدر اوصاف سے اس کا وصف بیان کیا ہے جن میں سے نور، ھدیٰ، رحمۃ، شفاء، موعظہ، عزیز، مبارک، بشیر اور نذیر وغیرہ اوصاف ہیں جو اس کی عظمت اور پاکیزگی کی خبر دیتے ہیں۔

وجہ تسمیہ:

الف۔ اسے جو قرآن کا نام دیا گیا ہے یہ بہت سی آیات میں آیا ہے جن میں سے یہ قول الٰہی بھی ہے **ق والقرآن المجید** (سورہ ق:۱) ایک اور جگہ فرمایا: **ان هذا القرآن يهدى للتى هى اقوم**. (اسراء:۹)

(ب) اسے الفرقان کے نام سے موسوم کیا گیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہے: **تبارك الذى نزل الفرقان على عبده ليكون للعالمين نذيراً** (الفرقان:۱)

(ج) اس کے تنزیل نام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہے: **انه لتنزيل رب العالمين نزل به الروح الامين**. (الشعراء:۱۹۲،۱۹۳)

(د) اس کے الذکر نام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحافظون**. (الحجر:۹)

(ہ) اس کے الکتاب نام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہے: **حم والكتاب المبين انا انزلناه في ليلة**

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مباركة﴾. (سورة الدخان: ١-٣)

وأما الاوصاف فقد ورد فيها آيات عديدة، وقلما تخلو سورة من سور القرآن من وصف رائع مجيد لهذا الكتاب الذى انزله رب العزة ليكون معجزة خالدة لخاتم الانبياء نذكر منها:

أولاً. قوله تعالىٰ ﴿ **يا ايها الناس قد جاء كم برهان من ربكم وانزلنا اليكم نوراً مبينا** ﴾. (سورة النساء: ١٧٤)

ثانياً. وقوله تعالىٰ ﴿ **وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين، ولا يزيد الظالمين إلا خساراً** ﴾. (سورة الاسراء: ٨٢)

ثالثاً. وقوله تعالىٰ ﴿ **قل للذين آمنوا هدى وشفاء..** ﴾. (سورة فصلت: ٤٤)

رابعاً. وقوله تعالى ﴿ **يا ايها الناس قد جاءتكم موعظة من ربكم وشفاء لما فى الصدور وهدى ورحمة للمؤمنين** ﴾. (سورة يونس: ٥٧)

والقرآن كالقراء ة مصدر قرأ قراء ة وقرآناً هكذا يرى بعض العلماء ويستدلون بقوله تعالىٰ: ﴿ **ان علينا جمعه وقرآنه ○ فإذا قرأناه فاتبع قرآنه** ﴾. (سورة القيامة: ١٧-١٨) أي قراء ته فالقرآن على هذا الرأى يكون مشتقاً، ويرى بعض العلماء انه ليس مشتقاً من قرأ وإنما هو (اسم علم) لهذا الكتاب المجيد فهو مثل (التوراة) ومثل اسم (الانجيل) وهذا رأى الامام الشافعى رحمه الله. انظر كتاب (مباحث القرآن

مبارکۃ. (دخان: ۱-۳)

اوصاف کے بارے میں متعدد آیات آئی ہیں قرآن کریم کی سورتوں میں سے کم ہی کوئی سورت اس کتاب کے خوش کن وصف سے خالی ہے جسے رب العزت نے نازل کیا ہے تا کہ وہ خاتم الانبیاء کا معجزہ خالدہ ہو ہم ان میں سے بعض کا ذکر کرتے ہیں۔

اول: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے برہان آئی ہے اور اس نے تمہاری طرف نور مبین نازل کیا ہے۔ (النساء: ۱۷۴)

دوم: اور ہم قرآن سے وہ اتارتے ہیں جو مومنین کیلئے شفاء اور رحمت ہے اور وہ ظالموں کو خسارے میں بڑھاتا ہے۔ (اسراء: ۸۲)

سوم: ایمان لانے والوں سے کہہ دو کہ یہ شفاء اور ہدایت ہے۔ (فصلت: ۴۴)

چہارم: اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت اور سینوں میں جو کچھ ہے اس کے لئے شفا اور مومنین کیلئے ہدایت اور رحمت ہے۔ (یونس: ۵۷)

اور قرآن، قرات کی طرح مصدر ہے قرأ قراءۃ اور قرآنا سے ایسے ہی بعض علماء کی رائے ہے اور وہ اللہ کے قول: ان علينا جمعه وقرآنه ۔ فاذا قرأناه فاتبع قرآنه. (سورہ القیامۃ: ۱۷-۱۸) سے استدلال کرتے ہیں یعنی اس کی قرأت کی پیروی کر، اس رائے کے مطابق قرآن، مشتق ہوگا اور بعض علماء کی رائے ہے کہ یہ قرأ سے مشتق نہیں ہے اور یہ اس کتاب مجید کا اسم علم ہے اور یہ تورات اور انجیل کے نام کی مانند ہے یہ امام شافعی کی رائے ہے۔ دیکھئے کتاب (مباحث القرآن للأستاذ مناع

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

للأستاذ مناع القطعان).

القطان).

متى ابتدأ نزول القرآن:

كان بدء نزول القرآن الكريم، في السابع عشر من رمضان، لأربعين سنة خلت من حياة النبي الأمي محمد عليه الصلاة والسلام، فبينما كان رسول الله ﷺ يتحنث (أي يتعبد) في غار حراء، إذ نزل عليه الوحي (جبريل الأمين) بآيات الذكر الحكيم فضمه الى صدره ثم أفلته. فعل ذلك به ثلاث مرات. وهو يقول له في كل مرة (إقرأ) والرسول الكريم يجيبه (ما أنا بقارئ) أي لست أعرف القراءة، وفي المرة الثالثة قال له: ﴿**إقرأ باسم ربك الذي خلق○ خلق الانسان من علق○ اقرا وربك الاكرم○ الذي علم بالقلم○ علم الانسان مالم يعلم**﴾. (سورة العلق: ١-٥)

نزول قرآن کی ابتداء کب ہوئی؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے چالیس سال گزرنے پر قرآن کریم کے نزول کی ابتداء ہوئی جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غارِ حراء میں عبادت کررہے تھے کہ اچانک آپ پر (جبریل امین) ذکر حکیم کی آیات کے ساتھ نازل ہوئے اور انھوں نے آپ کو اپنے سینے کے ساتھ لگایا پھر آپ کو چھوڑ دیا۔ انھوں نے ایسا تین مرتبہ کیا اور وہ ہر بار آپ سے کہتے پڑھ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم انھیں جواب دیتے میں پڑھا ہوا نہیں۔ یعنی میں پڑھنا نہیں جانتا اور انھوں نے تیسری بار آپ سے کہا: **اقرأ باسم ربك الذی خلق ، خلق الانسان من علق، اقرأ وربك الاكرم، الذی علم بالقلم ، علم الانسان مالم يعلم**(العلق۱۔۵)

فكان ذلك بدء نزول الوحي، وبدء نزول القرآن، ولقد سبق نزول بعض الارهاصات (أي الاشارات والدلائل) التي تدل على قرب الوحي وتحقق النبوة للرسول الكريم، ومن هذه الدلائل (الرؤيا الصادقة) في النوم، فكان صلوات الله عليه لا يرى رؤيا الا وقعت كما رآها في منامه، ومنها (حبه للعزلة والخلوة) فكان يخلو بغار حراء يتعبد ربه فيه.

یہ نزولِ وحی اور نزول قرآن کا آغاز تھا اور بعض ارہاصات (یعنی اشارات و دلائل) کا پہلے نزول ہو چکا تھا جو قربِ وحی اور رسول کریم ﷺ کیلئے نبوت کے تحقق پر دلالت کرتے تھے اور ان دلائل میں سے نیند میں سچے خواب کا آنا بھی ہے۔ حضور علیہ السلام جو خواب دیکھتے وہ اسی طرح پورا ہوتا جیسا آپ نے اسے نیند میں دیکھا ہوتا اور ان دلائل میں سے آپ کا عزلت وخلوت کو پسند کرنا بھی ہے آپ غار حراء میں خلوت کرتے اور اس میں اپنے رب کی عبادت کرتے تھے۔

رواية البخاري:

وقد أخرج البخاري في صحيحه في باب (بدء الوحي) ما يشير إلى هذا وإلى كيفية نزول

بخاری کی روایت:

امام بخاری نے اپنی صحیح میں باب بدء الوحی میں بیان کیا ہے جو اس کی طرف اور نزول قرآن کی کیفیت کی طرف

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القرآن' حيث روى بسنده عن عائشة ام المومنين رضى الله عنها أنها قالت:

((أول ما بدیء به رسول الله ﷺ من الوحی الرؤيا الصالحة في النوم' فكان لا يرى رؤيا الا جاء ت مثل فلق[1] الصبح' ثم حبب إليه الخلاء[2] وكان يخلو (بغار حراء) فيتحنث فيه (وهو التعبد) الليالي ذوات العدد' قبل ان ينزع[3] الى اهله' ويتزود لذلك' ثم يرجع إلى خديجة فيتزود لمثلها حتى جاء ه الحق وهو في غار حراء' فجاء ه الملك[4] فقال: إقرأ' قال: ما أنا بقارىء ' قال: فأخذنى فغطنى[5] حتى بلغ منى الجهد ثم أرسلنى' فقال: اقرأ' فقلت: ما أنا بقارىء ' فأخذنى فغطنى الثالثة ثم أرسلنى فقال: ﴿ **اقرا باسم ربك الذى خلق' خلق الانسان من علق...**﴾ الآيات فرجع بها رسول الله يرجف فؤاده.[6]

ونزول القرآن في شهر رمضان فيه نص صريح واضح في كتاب الله عزوجل حيث يقول عز من قائل:

﴿ **شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن' هدى للناس' وبينات من الهدى والفرقان**﴾.(سورة البقرة:١٨٥) أوأما كون

اشارہ کرتا ہے آپ نے اپنی سند سے بحوالہ ام المومنین حضرت عائشہؓ بیان کیا ہے کہ آپ فرماتی ہیں:

سب سے پہلے وحی کا آغاز رسول کریم ﷺ کو نیند میں رویائے صالحہ سے ہوا آپ جو بھی خواب دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی روشنی کی مانند پورا ہو جاتا پھر آپ کو خلوت محبوب ہو گئی اور آپ غار حراء میں خلوت کرتے اور اس میں کئی راتیں عبادت کرتے قبل اس کے کہ اپنے اہل کی طرف واپس آئیں آپ اس کے لئے توشہ لیتے پھر حضرت خدیجہؓ کی طرف واپس آجاتے اور اسی کی مانند توشہ لیتے حتی کہ غار حراء میں آپ کے پاس قرآن آگیا آپ کے پاس فرشتہ آیا اور اس نے کہا: پڑھ آپ نے فرمایا: میں پڑھنا نہیں جانتا آپ فرماتے ہیں کہ اس نے مجھے پکڑ لیا اور اپنے سینے کے ساتھ لگایا حتی کہ مجھے تکلیف پہنچی پھر اس نے مجھے چھوڑ دیا اس نے کہا: پڑھ میں نے کہا میں پڑھنا نہیں جانتا اس نے مجھے پکڑا اور تیسری بار اپنے سینے کے ساتھ لگایا پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا: "**اقراء باسم ربك الذى خلق خلق الانسان من علق** (الآيات) پس رسول کریم ﷺ دھڑکتے دل کے ساتھ واپس آ گئے۔

اور نزول قرآن ماہ رمضان میں ہوا اس کے متعلق کتاب اللہ میں واضح نص موجود ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہے: "**شهر رمضان الذى انزل فيه القران هدى للناس وبينات من الهدى والفرقان**" (البقرة١٨٥) اور وہ فرشتہ جو اسے لے کر نازل ہوا وہ جبریل علیہ السلام ہیں اور یہ بات بھی قرآن کی نص صریح سے ثابت ہے اللہ تعالیٰ فرماتے

---

(١) فلق الصبح' نور الصبح وضياء ه.
(٢) الخلاء' أى العزلة.
(٣) ينزع: أى يرجع.
(٤) الملك: المراد به جبريل عليه السلام.
(٥) فغطنى: أى ضمنى إلى صدره.
(٦) صحيح البخارى' الجزء الأول.

www.KitaboSunnat.com

الملك الذی نزل به هو (جبریل) علیه السلام فقد ثبت أیضاً بنص صریح فی القرآن وهو قوله تعالی:﴿ **نزل به الروح الامین. علی قلبك لتکون من المنذرین. بلسان عربی مبین**﴾.
(سورة الشعراء: ۱۹۳-۱۹۵) وقوله تعالی.

﴿ **قل نزله روح القدس من ربك بالحق' لیثبت الذین آمنوا' وهدی وبشری للمسلمین**﴾.(سورة النحل:۱۰۲)

والمراد بالروح الأمین' او روح القدس' انما هو (جبریل) علی السلام باتفاق المفسرین فهو امین الله علیه وحیه' وهو الذی نزل بالوحی علی جمیع الانبیاء والمرسلین صلوات الله علیهم اجمعین.

ہے:"**نزل به الروح الامین علی قلبك لتکون من المنذرین بلسان عربی مبین**"(الشعراء۱۹۳-۱۹۵)

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے: "**قل نزله روح القدس من ربك بالحق لیثبت الذین امنوا وهدی وبشری للمسلمین**"(النحل:۱۰۲)

روح الامین یا روح القدس سے باتفاق مفسرین جبریل علیہ السلام مراد ہیں وہ اللہ کی وحی پر امین ہیں اور وہی تمام انبیاء علیہم السلام پر وحی لے کر نازل ہوئے ہیں۔

اول ما نزل و آخر ما نزل:

أول ما نزل من القرآن الكریم الآیات الأولی من سورة العلق ﴿ **اقرأ باسم ربك**﴾.(سورة العلق:۱) كما مر سابقاً فی حدیث البخاری' وأما آخر ما نزل من القرآن فهو قوله تعالی: ﴿ **واتقوا یوماً ترجعون فیه الی الله' ثم توفی كل نفس ما كسبت وهم لا یظلمون**﴾. (سورة البقرة: ۲۸۱) هذا هو الصحیح الراجح الذی اختاره العلماء وعلی رأسهم (السیوطی) وهو منقول عن حبر هذه الامة (عبدالله بن عباس) رضی الله عنهما فقد أخرج النسائی عن عكرمه عن ابن عباس أنه قال: ((آخر شیء نزل من القرآن ﴿ **واتقوا یوماً**

جو پہلے نازل ہوا اور جو آخر میں نازل ہوا:

قرآن کریم سے جو سب سے پہلے نازل ہوا وہ سورہ علق کی پہلی آیات ہیں "اقرأ باسم ربک" جیسا کہ پہلے بخاری کی حدیث میں بیان ہو چکا ہے اور قرآن میں سے جو سب سے آخر میں نازل ہوا وہ یہ قول الٰہی ہے "**واتقوا یوما ترجعون فیه الی الله ثم توفی كل نفس ما كسبت وهم لا یظلمون**"(البقرہ:۲۸۱) یہ وہ راجح صحیح بات ہے جسے علماء نے اختیار کیا ہے اور ان کے سرکردہ امام سیوطی ہیں اور یہ اس امت کے بڑے عالم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے' نسائی نے عکرمہ سے بحوالہ ابن عباس روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا قرآن میں سے جو چیز آخر میں نازل ہوئی وہ "**واتقوا یوما ترجعون فیه الی الله**" ہے اور اس آیت کے نزول کے بعد رسول کریم ﷺ نو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجعون فيه الى الله..﴾ وقد عاش النبیﷺ بعد نزول هذه الآية تسع ليال ثم مات ليلة الإثنين في الثالث من ربيع الأول))[1]... وأما قول بعضهم: إن آخر ما نزل من القرآن قوله تعالیٰ ﴿**اليوم أكملت لكم دينكم وأتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا...**﴾(سورة المائدة:٣) الآية فهو رأى غير صحيح لأن هذه الآية الكريمة نزلت على رسول اللهﷺ في حجة الوداع، وهو واقف بعرفة، وقد عاشﷺ بعدها ٨١ واحداً وثمانين يوماً وقبل وفاته بتسع ليال نزلت آية البقرة ﴿ **واتقوا يوما..**﴾ فتكون هي آخر ما نزل، لا آية المائدة، وهذا هو الرأى الصحيح، وبنزول هذه الآية الكريمة انقطع الوحى فكان ذلك آخر اتصال السماء بالأرض، وانتقل الرسولﷺ إلى الرفيق الأعلى بعد نزول ختام القرآن، بعد أن أدى الأمانة، وبلغ الرسالة، وهدى الناس إلى دين الله.

آية المائدة متأخرة في النزول:

ومما يدل على ان آية المائدة نزلت في حجة الوداع ما روى في صحيح البخارى ان يهوديا جاء الى عمر بن الخطاب رضى الله عنه فقال: يا امير المومنين آية في كتابكم لو علينا معشر اليهود نزلت لا تخذنا ذلك اليوم عيداً! فقال عمر: وأى آية تعني؟ قال قول الله تبارك وتعالیٰ ﴿ **اليوم أكملت لكم دينكم، واتممت**

راتیں زندہ رہے پھر ۳ ربیع الاول کو سوموار کی رات وفات پاگئے باقی وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ قرآن میں سے سب سے آخر میں "**اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتى ورضيت لكم الاسلام دينا**" (المائدہ:۳) نازل ہوئی ہے ان کی یہ رائے صحیح نہیں ہے اس لئے کہ یہ آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حجۃ الوداع میں جب کہ آپ عرفہ میں کھڑے تھے نازل ہوئی ہے اور اس کے بعد آپ ۸۱ دن زندہ رہے اور آپ کی وفات سے نو راتیں قبل سورہ البقرہ کی آیت "**واتقوا يوما**...... نازل ہوئی تو یہ نازل ہونے والی آخری آیت ہے نہ کہ مائدہ کی آیت اور یہی صحیح رائے ہے اور اس آیت کے نزول کے ساتھ وحی منقطع ہوگئی اور یہ آسمان کا زمین کے ساتھ آخری اتصال تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کے ختام نزول کے بعد اور امانتوں کی ادائیگی اور تبلیغ رسالت اور دین الٰہی کی طرف لوگوں کی راہنمائی کرنے کے بعد اللہ سے جا ملے۔

مائدہ کی آیت نزول میں متاخر ہے:

اور حجۃ الوداع میں آیت مائدہ کے نزول پر دلالت کرنے والی وہ روایت ہے جو صحیح بخاری میں ہے کہ ایک یہودی حضرت عمر بن الخطاب کے پاس آیا اور کہنے لگا یا امیر المومنین تمہاری کتاب میں ایک ایسی آیت ہے کہ اگر وہ ہم یہودیوں پر اترتی تو ہم اس دن کو یوم عید بناتے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا تیری مراد کون سی آیت ہے؟ اس نے کہا: اللہ کا قول "**اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم**

(١) أنظر: كتاب الاتقان في علوم القرآن للسيوطي.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا﴾
فقال له عمر: والله إني لاعلم المكان الذي نزلت فيه، والساعة التي نزلت فيها، نزلت هذه الآية ورسول اللهﷺ بعرفة، في يوم الجمعة، بعد العصر[1] أي أنها نزلت في يوم هو من أعظم الاعياد الاسلامية، فهو عيد علىٰ عيد..

نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا" حضرت عمرؓ نے اسے کہا قسم بخدا میں اس جگہ کو اور اس وقت کو جانتا ہوں جس میں یہ نازل ہوئی رسول اللہ ﷺ پر یہ آیت عرفہ میں جمعہ کے روز عصر کے بعد نازل ہوئی یعنی یہ اس روز نازل ہوئی جو اسلامی اعیاد کی سب سے بڑی عید ہے اور یہ عید پر عید ہے۔

تنبيه:

أورد العلامة السيوطي في كتابه (الاتقان في علوم القرآن) بعض الاشكالات على أول ما نزل من القرآن، وآخر ما نزل، وأجاب عنها بأجوبة سديدة نلخصها فيما يلي:

تنبیہ:

علامہ سیوطی نے اپنی کتاب **(الاتقان فی علوم القرآن)** میں قرآن کی سب سے پہلی نازل ہونے والی اور سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیات پر **بعض اشکالات** وارد کئے ہیں اور ان کے بارے میں درست **جوابات** دیئے ہیں ہم ذیل میں ان کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

الاشكال الأول:

انه روى في الصحيحن من حديث (جابر بن عبدالله) انه سئل: اى القرآن انزل قبل؟ قال: **﴿يا ايها المدثر﴾**.(سورة المدثر:١) فقيل له: بل **﴿اقرأ باسم ربك﴾**.(سورة العلق:١) فقال أحدثكم ما حدثنا به رسول اللهﷺ قال رسول الله ﷺ: إني جاورت بحراء فلما قضيت جواري نزلت فاستبطنت الوادي، فنظرت أمامي وخلفي، وعن يميني وشمالي، ثم نظرت إلى السماء فإذا (جبريل) فأخذتني رجفة فأتيت خديجة فأمرتهم فدثروني فأنزل الله **﴿يا ايها المدثر﴾** فهذا الحديث يدل على ان سورة المدثر هي أول ما نزل من القرآن، وقد أجاب

اشکال اوّل:

صحیحین میں حضرت جابر بن عبداللہ کی حدیث ہے کہ آپ سے پوچھا گیا قرآن کا کون سا حصہ پہلے نازل ہوا؟ آپ نے فرمایا: "یا ایها المدثر" آپ کو کہا گیا بلکہ "**اقرأ باسم ربك**" آپ نے فرمایا میں تم کو وہ بات بتاتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ نے ہم سے بیان کی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے میں نے حراء میں اعتکاف کیا اور جب میں نے اپنا اعتکاف پورا کر لیا تو میں نیچے اترا اور وادی کے اندر داخل ہوا اور میں نے اپنے آگے پیچھے دائیں بائیں نظر ڈالی پھر میں نے آسمان کی طرف دیکھا کیا دیکھتا ہوں کہ جبریل ہیں، مجھے کپکپی نے آلیا میں حضرت خدیجہؓ کے پاس آیا تو میں نے انہیں حکم دیا انہوں نے مجھے چادر سے ڈھانپ دیا تو اللہ تعالیٰ نے "**یا ایها المدثر**" اتاری یہ حدیث اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ قرآن

(١) أنظر: صحيح البخاري، باب التفسير.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عن ذلك السيوطي بقوله: ويجاب عن هذا الحديث بأجوبة: أحدها: أن السؤال كان عن نزول سورة كاملة فبين أن سورة المدثر نزلت بكمالها قبل نزول تمام سورة (إقرأ) فإنها أول ما نزل منها صدورها يؤيد هذا ما في الصحيحين عن جابر بن عبدالله أنه قال: سمعت رسول الله ﷺ وهو يحدث عن فترة الوحي فقال في حديثه: بينا أنا أمشي سمعت صوتاً من السماء فرفعت رأسي فاذا بالملك الذي جاء ني بحراء جالس على كرسي بين السماء والارض، فرجعت فقلت: زملوني فأنزل الله ﴿**يا ايها المدثر**﴾ فقوله الملك الذي جاء ني بحراء يدل على أن هذه القصة متأخرة عن قصة حراء التي نزل فيها ﴿ **اقرأ باسم ربك**﴾ ثم سرد أجوبة أخرى لا حاجة الى ذكرها.

میں سب سے پہلے نازل ہونے والا یہ کلام ہے اور امام سیوطی نے اس کا جواب یہ دیا ہے: ''اس حدیث کے بارے میں کئی جوابات دیئے گئے ہیں ایک جواب یہ ہے کہ سوال کامل سورت کے نزول کے بارے میں تھا تو آپ نے واضح کیا کہ سورہ اقراء کے مکمل نازل ہونے سے قبل سورہ مدثر مکمل طور پر نازل ہوئی ہے اس میں سے سب سے پہلے اس کا ابتدائی حصہ نازل ہوا اور یہ اس کی تائید کرتا ہے جو حضرت جابر بن عبداللہ سے صحیحین میں مروی ہے کہ آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فترت وحی کے بارے میں فرماتے سنا آپ نے اپنی بات میں بیان کیا۔ ''اس دوران میں کہ میں پیدل چل رہا تھا میں نے آسمان کی جانب سے ایک آواز سنی میں نے اپنا سر اونچا کیا تو وہی فرشتہ جو غارِ حراء میں میرے پاس آیا تھا زمین وآسمان کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہے' پس میں واپس آ گیا اور میں نے کہا مجھے کمبل اوڑھا دو تو اللہ تعالیٰ نے ''یا ایها المدثر'' نازل کی آپ کا یہ کہنا کہ وہ فرشتہ جو حراء میں میرے پاس آیا تھا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ واقعہ حراء کے اس واقعہ سے بعد کا ہے جس میں ''اقرا باسم ربك'' نازل ہوئی پھر امام سیوطی نے دوسرے جوابات بھی بیان کئے ہیں جن کے ذکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

وأما الاشكال الثاني:

وهي ان آية المائدة وهي قوله تعالىٰ ﴿**اليوم اكملت لكم دينكم..**﴾.(سورة المائدة:٣) تدل على أن الدين قد كمل وتم فكيف تنزل بعد ذلك آيات ونقول إنها ختام القرآن؟ والجواب على ذلك: ان الله عزوجل قد أكمل الدين ببيان الفرائض والاحكام، وبيان

دوسرا اشکال:

سورہ مائدہ کی آیت ''اليوم اكملت لكم دينكم'' اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ دین مکمل ہو گیا ہے پس اس کے بعد آیات کیسے نازل ہو سکتی ہیں ہم کہتے ہیں کہ یہ ختامِ قرآن ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرائض واحکام اور حلال وحرام کے بیان سے دین کو مکمل کر دیا ہے اور امت جس چیز کی محتاج ہے اسے اللہ تعالیٰ نے بیان کر دیا ہے اور اپنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحلال و الحرام، فما تحتاج اليه الامة قد بينه الله عزوجل، وفصل احكامه حتى اصبحوا على (المحجّة البيضاء) وهذا لا ينافي ان تنزل بعض الآيات الكريمة التي فيها التذكير و التحذير من عذاب الله، وفيها تذكير الناس بالوقفة الكبرىٰ بين يدى أحكم الحاكمين، في ذلك اليوم الرهيب، الذى لا ينفع فيه مال ولا بنون الا من اتى الله بقلب سليم.. وقد صرح بهذا جماعة من العلماء حتى قال السدى: لم ينزل بعدها حلال و لا حرام.(١)

أول ما نزل في القتال، والخمر، والاطعمة:

أولا. نزلت في القتال آيات عديدة، ولكن هذه الآيات التي نزلت في شأن القتال كلها مدنية، لأن المسلمين - في مكة - كانوا في حالة ضعف، فكان جهادهم للأعداء باللسان لا بالسنان، ولم يسمح لهم بقتال الأعداء الا بعد الهجرة، اى بعد ان تقوى المسلمون و كثروا وأصبح لهم دولة في المدينة المنورة فنزل عند ذلك الاذن بالقتال، واول آية نزلت في القتال هي قول الله تبارك و تعالىٰ في سورة الحج:

﴿ اذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا، وان الله على نصرهم لقدير. الذين اخرجوا من ديارهم بغير حق الا ان يقولوا ربنا الله، ولو لا دفع الله الناس بعضهم ببعض لهدمت صوامع وبيع وصلوات ومساجد يذكر فيها اسم الله

احکام کی تفصیل کر دی ہے حتی کہ وہ واضح راستے پر آ گئے ہیں اور یہ بات اس امر کے منافی نہیں کہ بعض وہ آیات نازل ہوں جن میں عذاب الٰہی سے تذکیر و تحذیر اختیار کرنے کا بیان ہو اور ان میں احکم الحاکمین کے سامنے اس خوفناک دن میں کھڑے ہونے کی لوگوں کو تذکیر ہو جس میں مال اور بیٹے فائدہ نہ دینگے سوائے اس کے جو اللہ تعالیٰ کے پاس قلب سلیم لائے گا۔ علماء کی ایک جماعت نے اس کی تصریح کی ہے حتی کہ امام سدیؒ نے کہا ہے اس کے بعد حلال و حرام کا نزول نہیں ہوا۔

قتال، شراب اور کھانوں کے بارے میں نازل ہونے والا پہلا کلام:

اول: قتال کے بارے میں متعدد آیات نازل ہوئیں لیکن قتال کے بارے نازل ہونے والی سب آیات مدنی ہیں اس لئے کہ مسلمان مکہ میں ضعف کی حالت میں تھے اور دشمنوں کے ساتھ ان کا جہاد زبان سے تھا نہ کہ نیزے کے ساتھ اور انہیں دشمن سے جنگ کرنے کی اجازت ہجرت کے بعد ملی یعنی جب کہ مسلمان طاقتور اور بکثرت ہو گئے اور مدینہ منورہ میں ان کی حکومت قائم ہو گئی اس وقت قتال کی اجازت نازل ہوئی اور قتال کے بارے میں نازل ہونے والی پہلی آیت سورہ حج میں ہے اور وہ یہ ہے۔ "**أذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا وان الله على نصرهم لقدير الذين أخرجوا من ديارهم بغير حق إلا ان يقولوا ربنا الله ولولا دفع الله الناس بعضهم ببعض لهدمت صوامع وبيع وصلوات ومساجد يذكر فيه اسم**

(١) أنظر: الاتقان، ص٢٧ السيوطي.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كثيراً ولينصرن الله من ينصره ان الله لقوى عزيز﴾.(سورة الحج:٣٩-٤٠) فأنت ترى فى هذا النص الكريم ما يوضح الحكمة من مشروعية الإذن بالقتال، فلم يكن القتال إلا دفعاً للظلم، ودفعاً للعدوان، ولم يشرع إلا دفاعاً عن المظلومين وردعاً للمعتدين كما هو صريح النص الكريم.

ثانيا: وأما الخمر فقد نزل فيها آيات عديدة، وكان أول ما نزل فيها قول الله تعالىٰ فى سورة البقرة: ﴿ يسئلونك عن الخمر والميسر، قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس، واثمهما اكبر من نفعهما...﴾.(سورة البقرة: ٢١٩) روى عن ابن عمر رضى الله عنه أنه قال: نزل فى الخمر ثلاث آيات، فأول شيء ﴿يسألونك عن الخمر والميسر..﴾الخ.

ثالثاً. وأما أول ما نزل من الأطعمة فى مكة فقوله تعالىٰ فى سورة الانعام:﴿ قل لا اجد فى ما أوحى الى محرماً على طاعم يطعمه الا ان يكون ميتة او دما مسفوحاً او لحم خنزير فانه رجس او فسقاً اهل لغير الله به، فمن اضطر غير باغ ولا عاد، فان ربك غفور رحيم﴾.(سورة الانعام:١٤٥)

وهذه أوائل مخصوصة ببعض الاحكام التشريعية التى نزلت بها أحكام القرآن وهى مما ينبغى معرفته ليقف الانسان على سر التشريع الاسلامى الدقيق، الذى راعى حاجات الناس

الله كثيرا ولينصرن الله من ينصره ان الله لقوى عزيز. (الحج:۳۹_۴۰)

آپ اس نص کریم میں دیکھتے ہیں جو قتال کے اذن کی مشروعیت کی حکمت کو واضح کرتی ہے اور قتال صرف ظلم و زیادتی کو دور کرنے کیلئے تھا اور وہ مظلومین کے دفاع اور زیادتی کرنے والوں کو روکنے کیلئے مشروع کیا گیا جیسا کہ نص کریم سے واضح ہے۔

دوم: شراب کے بارے میں متعدد آیات نازل ہوئی ہیں سب سے پہلے اس کے بارے میں سورہ بقرہ میں یہ قول الٰہی نازل ہوا "یسئلونك عن الخمر والميسر قل فيهما اثم كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعهما" (البقرہ:۲۱۹) حضرت ابن عمرؓ سے مروی کہ آپ نے فرمایا: کہ شراب کے بارے میں تین آیات نازل ہوئی ہیں پہلی آیت "یسئلونك عن الخمر والميسر" ہے۔

سوم: کھانوں کے بارے میں سب سے پہلے مکہ میں اللہ کا قول سورہ انعام میں نازل ہوا۔ "قل لا أجد فى ما اوحى الى محرما على طاعم يطعمه إلا ان يكون ميتة او دما مسفوحا او لحم خنزير فانه رجس او فسقا احل لغير الله به فمن اضطر غير باغ ولا عاد فان ربك غفور رحيم" (الانعام:۱۴۵) یہ اوائل بعض تشریعی احکام کے ساتھ مخصوص ہیں جن کے متعلق احکام قرآن نازل ہوئے یہ ان باتوں میں سے ہیں جن کی واقفیت ہونی چاہیے تا کہ انسان دقیق اسلامی تشریع کے اس راز سے واقف ہو سکے جو لوگوں کی ضروریات اور مصالح کا خیال رکھتا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ومصالح البشر' والتی هی احد الأسس الحكمية التی سلكها الاسلام فی معالجة الأوضاع الاجتماعية' والأمراض الخلقية التی كان عليها الناس فی الجاهلية كما سنوضح ذلك فی بحث آخر ان شاء الله.

ہےاور یہ ان پر حکمت بنیادوں میں سے ایک بنیاد ہے جن پر اسلام اجتماعی اوضاع اور اخلاقی امراض کے معالجہ کیلئے چلا ہے جن پر جاہلیت میں لوگ قائم تھے جیسا کہ ہم عنقریب کسی دوسری بحث میں اس کی توضیح کریں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی

أسباب النزول

معرفة (أسباب النزول) له أثر كبير فی فهم معنى الآية الكريمة' وهذا اعتنى كثير من العلماء بمعرفة أسباب النزول' حتى أفرد له بالتصنيف جماعة من العلماء كان من أقدمهم (على بن المدينى) شيخ البخاری رحمه الله.. ومن أشهر ما كتب فی هذا الفن كتاب (أسباب النزول) للواحدی' كما ألف فيه شيخ الاسلام (ابن حجر) وألف فيه أيضاً العلامة (السيوطی) كتاباً حافلاً عظيماً سماه (لباب النقول فی اسباب النزول).

ولمعرفة أهمية هذا النوع من علوم القرآن' والتاكد من ضرورته لفهم معانی الآيات الكريمة نستطيع ان نقول: ان بعض الآيات لا يمكن فهمها أو معرفة أحكامها الا على ضوء سبب النزول' فمثلاً قول الله تعالى: ﴿ **ولله المشرق والمغرب فأينما تولوا فثم وجه الله..** ﴾(سورة البقرة:۱۱۵) الآية قد يفهم منها جواز التوجه فی الصلاة الى غير القبلة' وهذا الفهم خاطیء لأن استقبال القبلة شرط لصحة الصلاة' وبمعرفة سبب النزول يتضح فهم الآية' فقد نزلت هذه الآية الكريمة فيمن كان فی (سفر) وأضاع القبلة فلم يعرف جهتها فانه

دوسری فصل

اسباب نزول

آیت کریمہ کا مفہوم سمجھنے میں اسباب نزول کی معرفت کا بڑا اثر ہے اسی لئے بہت سے علماء نے اسباب نزول کی معرفت کا اہتمام کیا ہے حتی کہ علماء کی ایک جماعت نے صرف اسی موضوع میں بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں سب سے مقدم بخاری رحمہ اللہ کے شیخ علی بن المدینی ہیں اور اس فن میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں سب سے مشہور واحدی کی کتاب ''اسباب النزول'' ہے ایسے ہی شیخ الاسلام ابن حجر نے اس کے بارے میں تالیف کی ہے اور علامہ سیوطی نے بھی ایک بھرپور عظیم کتاب تالیف کی ہے اور اس کا نام 'لباب النقول فی اسباب النزول' رکھا ہے۔

علوم قرآن کی اس نوع کی معرفت کی اہمیت اور آیات کے معانی کے فہم کیلئے اس کی شدید ضرورت کیلئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ بعض آیات کا فہم اور ان کے احکام کی معرفت سبب نزول کی روشنی کے بغیر ممکن نہیں۔ مثلا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''**وللہ المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ**'' (البقرہ:۱۱۵) اس سے نماز میں غیر قبلہ کی طرف منہ کرنے کا جواز مفہوم ہوتا ہے اور اور یہ فہم غلط ہے اسلئے کہ نماز کی صحت کیلئے استقبال قبلہ شرط ہے اور سبب نزول کی معرفت سے آیت کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے کیونکہ یہ آیت کریمہ اس شخص کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو سفر میں ہو اور اس نے قبلے کو ضائع کر دیا ہو اور اس کی جہت کو معلوم نہ کر سکا ہو پس وہ کوشش اور تلاش کرے گا پھر نماز پڑھے گا اور جس جہت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يجتهد ويتحرى ثم يصلي فالى أى جهة صلى تصح صلاته، ولا تجب عليه إعادة الصلاة فيما اذا تبين له بعد الانتهاء خطأ توجهه، فالآية اذاً ليست عامة انما هى خاصة فيمن جهل القبلة فلم يعرف جهتها.

ومثال آخر على أهمية سبب النزول فى فهم الآية ان قوله تعالىٰ:

﴿ **ليس على الذين آمنوا وعملوا الصالحات جناح فيما طعموا اذا ما اتقوا وآمنوا وعملوا الصالحات، ثم اتقوا وآمنوا، ثم اتقوا واحسنوا والله يحب المحسنين**﴾.

(سورة المائدة:۹۳)

کی طرف منہ کر کے اس نے نماز پڑھی اس کی نماز درست ہوگی اور جب آخر میں اسے اپنی توجہ کی غلطی معلوم ہوگی تو اس پر نماز کا اعادہ واجب نہ ہوگا پس اس صورت میں آیت عام نہ ہوگی اور ان لوگوں کے لیے خاص ہوگی جو قبلے سے ناآشنا ہوں اور اس کی جہت کو نہ جانتے ہوں اور آیت کے فہم میں سبب نزول کی معرفت کی اہمیت کی دوسری مثال اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے۔"**ليس على الذين . امنوا وعملوا الصالحات جناح فيما طعموا اذا ما اتقوا وآمنوا وعملوا الصالحات ثم اتقوا وآمنوا ثم اتقوا واحسنوا والله يحب المحسنين.**"(المائدہ:۹۳)

انما نزلت فى الخمر، وقد يفهم من هذا النص الكريم اباحة شرب الخمر. كما ظن بعض الجهلة. حيث قالوا: الخمر مباحة واحتجوا بالآية الكريمة، ولو علموا سبب نزولها لم يفتروا ذلك، فقد روى أنه لما نزل تحريم الخمر فى قوله تعالىٰ ﴿ **انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون**﴾.(سورة المائدة:۹۰) قال ناس من أصحاب رسول الله ﷺ: فكيف بمن قتلوا فى سبيل الله وماتوا، وكانوا يشربون الخمر وهى رجس؟ فنزلت الآية الكريمة تبين ان من شربها قبل التحريم فان الله قد عفا عنه وليس عليه ذنب أو اثم لأن الله لا يؤاخذ على ما سبق من

یہ آیت شراب کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اس نص کریم سے شراب نوشی کی اباحت مفہوم ہوتی ہے جیسا کہ بعض جہلاء نے خیال کیا ہے اور کہا ہے شراب مباح ہے اور انہوں نے اسی آیت کریمہ سے حجت پکڑی ہے اگر انہیں اس کا سبب نزول معلوم ہوتا تو وہ یہ افتراء نہ کرے روایت ہے کہ جب تحریم شراب کا حکم نازل ہوا کہ "**انما الخمر والميسر والأنصاب والازلام رجس من عمل الشيطان فاجتبوه لعلكم تفلحون**"(المائدہ:۹۰) تو رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگوں نے کہا کہ ان لوگوں کا کیا ہوگا جو راہ خدا میں مارے گئے اور مر گئے اور وہ شراب نوشی کرتے تھے حالانکہ وہ رجس ہے؟ تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جو واضح کرتی ہے کہ جس نے اسے تحریم سے قبل پی ہے اللہ نے اسے معاف کر دیا ہے اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ بندے سے ان باتوں پر مواخذہ نہیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العبد قبل الاسلام أو قبل التحريم، وبذلك تفهم الآية ويبقى النص القطعي في تحريم شرب الخمر.

فوائد معرفة أسباب النزول:

قد يظن بعض الناس أنه لا طائل تحت هذا الفن، وليس له أثر كبير لجريانه مجرى التاريخ والقصص، فان أسباب النزول. على زعمهم. ليست ضرورية لمن أراد تفسير كتاب الله. وهذا زعم خاطئ، وقول مردود، لا يصدر من عالم بالكتاب، مطلع على أقوال المفسرين. وها نحن ننقل طرفاً من آراء بعض العلماء، ثم نعقبها بذكر فوائد أسباب النزول.

قال (الواحدي) لا يمكن معرفة تفسير الآية دون الوقوف على قصتها، وبيان نزولها. وقال (ابن دقيق العيد): بيان سبب النزول طريق قوي في فهم معاني القرآن. وقال (ابن تيمية) معرفة سبب النزول يعين على فهم الآية، فان العلم بالسبب يورث العلم بالسبب. وهكذا تظهر أهمية هذا الفن من علوم القرآن. وأما فوائده فيمكن تلخيصها فيما يلي:

أ. معرفة وجه الحكمة الباعثة على تشريع الحكم.

ب. تخصيص الحكم بالسبب (عند من يرى أن العبرة بخصوص السبب)

ج. دفع توهم الحصر، فيما ظاهره الحصر.

د. معرفة اسم من نزلت فيه الآية، وتعيين

کرے گا جو اس سے قبل از اسلام یا قبل از تحریم سرزد ہو چکی ہیں اس سے آیت کو سمجھا جاتا ہے اور شراب نوشی کی تحریم پر نص قطعی باقی رہتی ہے۔

اسباب نزول کی معرفت کے فوائد:

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس فن کا کوئی فائدہ نہیں اور تاریخ وقصص کے طریق پر اس کے چلنے کا کوئی بڑا اثر نہیں ہے ان کے خیال میں کتاب اللہ کی تفسیر میں اسباب نزول کی معرفت ضروری نہیں ہے اور یہ غلط خیال اور مردود قول ہے اور یہ کتاب کے عالم اور مفسرین کے اقوال کے جاننے والے سے صادر نہیں ہو سکتا ہم یہاں بعض علماء کی کچھ آراء نقل کرتے ہیں پھر ان کے بعد اسباب نزول کے فوائد بیان کرینگے۔

واحدی نے کہا ہے کہ: آیت کی تفسیر اس کے واقعہ اور بیان نزول کے جانے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اور ابن دقیق العید نے کہا ہے کہ سبب نزول کا بیان قرآن کے معانی کو سمجھنے کا قوی طریق ہے۔ اور ابن تیمیہؒ نے کہا ہے کہ سبب نزول کی معرفت آیت کے فہم میں مددگار ہے بلاشبہ سبب کا جاننا سبب کا علم دیتا ہے اس طرح علوم قرآن میں اس فن کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے اور اس کے فوائد کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

الف) حکم کی قانون سازی پر آمادہ کرنے والی حکمت کی وجہ کی معرفت

ب) حکم کا سبب سے مخصوص کرنا (ان لوگوں کے نزدیک جن کی رائے میں عبرت، سبب کے خصوص سے ہوتی ہے۔)

ج) حصر کے توہم کا دور کرنا ان امور میں جن کا ظاہر حصر ہو۔

د) اس واقعہ کی معرفت جس کے بارے آیت نازل ہوئی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المبهم فيها. الى غير ما هنالك من فوائد أخرى جليلة.

أمثلة على فوائد النزول:

أولاً: أشكل على (مروان بن الحكم) معنى قوله تعالىٰ: ﴿ **لا تحسبن الذين يفرحون بما أتوا، ويحبون ان يحمدوا بما لم يفعلوا، فلا تحسبنهم بمفازة من العذاب..** ﴾الآية.(سورة آل عمران:١٨٨) فقال لخادمه: اذهب الى ابن عباس فقل له: (لئن كان كل امرى فرح بما أوتى، وأحب أن يحمد بما لم يفعل معذباً لنعذبن أجمعون). فبين له (ابن عباس) رضى الله عنهما ما أزال عنه الاشكال وقال له: ان الآية نزلت فى أهل الكتاب. اليهود. حين سألهم النبىﷺ عن شى ء فكتموه اياه، وأخبروه بغيره، أروه أنهم أخبروه بما سألهم عنه، واستحمدوا بذلك اليه فنزلت الآية. (رواه الشيخان).

ثانياً: كما أشكل على(عروة بن الزبير) رضى الله عنه معنى قوله تعالىٰ ﴿ **ان الصفا والمروة من شعائر الله فمن حج البيت أو اعتمر، فلا جناح عليه ان يطوف بهما...** ﴾.(سورة البقرة:١٥٨) الآية. فان ظاهر الآية الكريمة يشير الى عدم وجوب السعى بين (الصفا والمروة) حتى قال (عروة بن الزبير)

ہے اور اس میں مبہم کی تعیین وغیرہ دیگر جلیل القدر فوائد بھی ہیں۔

فوائد نزول کی مثالیں:

مروان بن الحکم پر قول الٰہی "**لا تحسبن الذين يفرحون بما اتوا ويحبون ان يحمدوا بما لم يفعلوا فلا تحسبنهم بمفازة من العذاب**"(آل عمران:۱۸۸) کا مفہوم مشتبہ ہوگیا تو اس نے اپنے خادم سے کہا: ابن عباس کے پاس جا اور اسے کہہ کہ اگر ہر شخص اس سے خوش ہے جو اسے دیا گیا ہے اس نے پسند کیا ہے کہ جو کام اس نے نہیں کیا اس پر اس کی تعریف کی جائے تو اس کو عذاب ہوگا اس صورت میں تو ہم سب کو عذاب ہوگا۔ تو حضرت ابن عباس نے اس پر واضح کیا جس سے اس کا اشکال دور ہوگیا اور آپ نے اسے کہا کہ یہ آیت اہل کتاب یہود کے بارے میں نازل ہوئی ہے جب حضرت نبی کریم ﷺ نے ان سے کسی چیز کے متعلق پوچھا تو انہوں نے اسے آپ سے چھپایا اور آپ کو کوئی اور بات بتادی انہوں نے خیال کیا کہ انہوں نے آپ کو وہ بات بتادی ہے جس کے متعلق آپ نے ان سے پوچھا ہے اور انہوں نے اس کی وجہ سے آپ سے تعریف کی خواہش کی تو یہ آیت نازل ہوئی (اسے شیخین نے روایت کیا ہے)

ونصح الأمة، وهدى الناس إلى دين الله القويم، وتولى الخلافة بعده (أبو الصديق) رضى الله عنه وأرضاه، وقد واجهته. في خلافته. خطوب جسيمة، وشدائد عظيمة، ومشاكل صعاب، منها حروب الردة التي وقعت بين المسلمين، وبين أتباع (مسيلمة الكذاب) وكانت معركة (اليمامة) معركة حامية الوطيس، وقد استشهد فيها كثير من قراء الصحابة، ومن حفظه القرآن يزيد عددهم على (٧٠) سبعين من كبار الحفاظ، وقد هال ذلك المسلمين، وعز الأمر على (عمر) فدخل على (أبى بكر) فوجده في حزن والم، فأشار عليه أن يجمع القرآن خشية الضياع بموت الحفاظ، فتردد (أبو بكر) أول الأمر، ثم رأى أن يأخذ باشارة (عمر) بعد أن تبين له وجه المصلحة، وشرح الله صدره لذلك العمل الجليل، فأرسل الى (زيد بن ثابت) وعرض عليه الأمر، وطلب منه أن يقوم بجمع القرآن في مصحف واحد، ولكن (زيداً) تردد في بادىء الأمر، ثم شرح الله صدره للذى شرح له صدر أبى بكر وعمر.. وقد روى البخارى في صحيحه قصة هذا الجمع ننقلها بنصها لأهميتها.

آپ نے اللہ کے دین قویم کی طرف لوگوں کی راہنمائی کی اور آپ کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے خلافت سنبھالی اور آپ کو خلافت میں جو عظیم شدائد و مصائب اور سخت مشکلات پیش آئیں ان میں مرتدین سے جنگیں بھی ہیں اور مسلمانوں اور مسیلمہ کذاب کے پیروکاروں کے درمیان ہونے والی جنگیں بھی ہیں اور یمامہ کا معرکہ جو تنور گرم کرنے والا معرکہ تھا اس میں بہت سے کبار قراء اور حفاظ صحابہ نے جام شہادت نوش کیا جن کی تعداد ۷۰ سے زیادہ ہے اور اس بات نے مسلمانوں کو خوفزدہ کر دیا اور حضرت عمرؓ کو یہ بات گراں گذری اور آپ حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے آپ نے انہیں غم والم کی حالت میں پایا آپ نے انہیں حفاظ کی موت سے ضیاع کے خوف سے قرآن کے جمع کرنے کا مشورہ دیا شروع میں تو حضرت ابوبکرؓ متردد ہوئے پھر وجہ مصلحت واضح ہو جانے کے بعد آپ نے حضرت عمرؓ کے مشورہ کو اختیار کرنا مناسب خیال کیا اور اس عظیم کام کے لیے اللہ نے آپ کا شرح صدر کر دیا سو آپ نے حضرت زید بن ثابتؓ کو پیغام بھیجا اور بات کو ان کے سامنے پیش کیا اور ان سے خواہش کی کہ اس کام کو وہ سرانجام دیں اور ایک مصحف میں قرآن جمع کرنے کے لیے ذمہ داری قبول کریں لیکن حضرت زید بھی شروع میں متردد ہوئے پھر اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لیے جس طرح حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا آپ کا بھی شرح صدر کر دیا اور بخاری نے اپنی صحیح میں اس جمع کا واقعہ بیان کیا ہے جسے اس کی اہمیت کی وجہ سے ہم اس کی عبارت سمیت نقل کرتے ہیں۔

رواية البخارى:

عن (زيد بن ثابت) رضى الله عنه أنه قال: (أرسل الىّ أبوبكر رضى الله عنه مقتل أهل

بخاری کی روایت:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت ابوبکرؓ نے اہل یمامہ کی جنگ (معرکہ یمامہ) میں ستر حفاظ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اليمامة (أي عقب استشهاد الحفاظ السبعين في معركة اليمامه) فاذا عمر جالس عنده' فقال أبو بكر: ان عمر جاء ني فقال: (ان القتل قد استحر (أي كثر واشتد) يوم اليمامة بقراء القرآن' واني أخشى أن يستمر القتل بالقراء في كل المواطن فيذهب من القرآن كثير' واني أرى أن تامر بجمع القرآن' فقلت: و كيف أفعل ما لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم؟ فقال: عمر رضى الله عنه: هو والله خير' فلم يزل يراجعني في ذلك حتى شرح الله تعالىٰ صدري للذي شرح الله له صدر عمر' ورأيت في ذلك الذي رأى.. قال زيد: فقال أبو بكر انك رجل شاب عاقل' لا نتهمك' كنت تكتب الوحي لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتتبع القرآن وأجمعه.. قال زيد: فوالله لو كلفني نقل جبل من الجبال ما كان أثقل علي مما أمرني به.. فقلت: كيف تفعلان شيئاً لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقال أبو بكر: هو والله خير' فلم يزل يراجعني حتى شرح الله صدري للذي شرح له صدر أبي بكر و عمر.. فتتبعت القرآن أجمعه من اللخاف' والعسب' وصدور الرجال' حتىٰ وجدت آخر سورة التوبة مع (أبي خزيمة الأنصاري) لم أجدها عند أحد غيره ﴿ **لقد جاء كم رسول من انفسكم..** ﴾ الى ﴿ **وهو رب العرش العظيم** ﴾(سورة التوبة:١٢٨-١٢٩) أي: الى آخر السورة..

شہادت کے بعد مجھے بلایا' جب میں پہنچا تو ان کے پاس حضرت عمرؓ بھی تشریف فرما تھے۔ حضرت ابوبکرؓ نے اہل یمامہ کے قتل (یعنی معرکہ یمامہ میں قرآن کے حفاظ کا بڑی تعداد میں قتل ہوا تھا) کا ذکر کیا اور فرمایا مجھے خدشہ ہے کہ اگر تمام موقعوں میں قرآن کے حفاظ مسلسل قتل ہوتے رہے تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو جائے گا میرا خیال ہے کہ آپ جمع قرآن کا حکم دیں' میں نے کہا میں وہ کام کیسے کروں جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمرؓ نے کہا خدا کی قسم یہ بہتر کام ہے اور وہ اس بارے میں مسلسل مجھ سے گفتگو کرتے رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لیے میرا شرح صدر کر دیا جس کیلئے اللہ نے حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا اور میں بھی ان کا ہم خیال ہو گیا۔ حضرت زیدؓ کہتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا آپ نوجوان دانشمند آدمی ہیں ہم آپ پر تہمت نہیں لگاتے آپ رسول اللہ ﷺ کے لیے وحی لکھتے رہے ہیں پس آپ قرآن کی جستجو کیجیے اور اسے جمع کر دیجئے حضرت زیدؓ کہتے ہیں۔ خدا کی قسم اگر حضرت ابوبکرؓ مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانے کا حکم دیتے تو وہ مجھے اس بات سے بوجھل معلوم نہ ہوتا جس کا آپ نے مجھے حکم دیا میں نے کہا آپ دونوں وہ کام کیسے کریں گے جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا خدا کی قسم یہ بہتر کام ہے اور آپ مسلسل مجھ سے گفتگو کرتے رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لئے میرا شرح صدر کر دیا جس کیلئے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا سو میں نے قرآن کی جستجو کی پھر میں اسے نرم پتھروں' شاخوں اور مردوں کے سینوں سے جمع کرنے لگا حتیٰ کہ میں نے سورۂ توبہ کے آخر کو ابوخزیمہ انصاری کے پاس پایا۔ ان کے سوا میں نے کسی کے پاس اسے نہ پایا تھا **لقد جاء کم رسول من انفسکم** سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فكانت الصحف عند (أبي بكر) حتى توفاه الله تعالىٰ، ثم عند (عمر) حتى توفاه الله تعالىٰ، ثم عند (حفصه بنت عمر) رضى الله عنهم أجمعين. فهذه الرواية دلت على (سبب جمع القرآن) . رواه البخاري.

لیکر وھورب العرش العظیم تک (التوبۃ: ۱۲۸-۱۲۹) یعنی سورت کے آخر تک اور مصحف حضرت ابوبکرؓ کے پاس تھا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی پھر وہ حضرت عمرؓ کے پاس آ گیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دیدی پھر وہ حضرت حفصہؓ بنت عمر کے پاس آ گیا رضی اللہ عنہم یہ روایت جمع قرآن کے سبب پر دلالت کرتی ہے اسے بخاری نے روایت کی ہے۔

تساؤلات حول جمع القرآن:

وهنا أسئلة ينبغي الإجابة عليها بشيء من التفصيل ونحن نوجزها فيما يلي:

أولاً: لماذا تردد (أبو بكر) عن جمع القرآن مع أنه شيء حسن وأمر يوجبه الاسلام؟

والجواب عن ذلك: أن (أبا بكر) رضي الله عنه خشي أن يتساهل الناس في استظهار القرآن و حفظه غيباً ويعتمدوا على وجوده في المصاحف فتضعف نفوسهم عن الحفظ، وتصبح رغبتهم ضعيفة في حفظه واستظهاره اعتماداً على أنه مسطر و موجود في مصاحف مطبوعة يمكنهم قراءة القرآن بها، أما قبل أن توجد المصاحف فقد كان الجميع يسعون جهدهم لحفظ القرآن هذا من ناحية، ومن أخرى: فان أبا بكر الصديق كان رجلاً وقافاً عند حدود الشرع، مقتضياً لآثار الرسول ﷺ فقد خشي أن يكون بعمله هذا مبتدعاً شيئاً لا يحبه رسول الله، ولهذا قال لعمر: (كيف أفعل شيئاً لم يفعله رسول الله)؟ ولعله كان يخاف أن يسوقه

جمع القران کے بارے میں کچھ سوالات:

یہاں کچھ سوالات ہیں جن کا جواب تفصیلا ہونا چاہیئے ہم ذیل میں انہیں اختصار سے بیان کرینگے۔

اول: حضرت ابوبکرؓ قران کے جمع کرنے کے بارے میں کیوں متردد ہوئے جب کہ وہ ایک اچھی بات ہے اور اسلام اسے واجب کرتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کو خدشہ ہوا کہ عدم تحریر ہونے کی صورت میں لوگوں کو حفظ و استظہارِ قرآن میں آسانی ہوگی اور مصاحف میں اس کی موجودگی پر اعتماد کرنے میں ان کے نفوس حفظ میں کمزور ہو جائیں گے اور اس کے حفظ و استظہار میں اس اعتماد کی وجہ سے کہ وہ مطبوعہ مصاحف میں لکھا ہوا موجود ہے ان کی رغبت کم ہو جائے گی اور ان سے وہ قرأت کرلیں گے اور مصاحف کی موجودگی سے قبل ایک جانب تو سب لوگ حفظ قرآن کیلئے سعی وکوشش کرتے تھے اور دوسری جانب حضرت ابوبکر صدیقؓ حدود شریعت کا بہت پاس کرنے والے اور رسول اللہ ﷺ کے آثار کی پیروی کرنے والے تھے اس لیے آپ ڈرے کہ آپ اپنے اس عمل سے ایسی چیز کے مبتدع نہ بن جائیں جسے رسول اللہ ﷺ پسند نہ کرتے ہوں اسی لئے آپ نے حضرت عمرؓ سے کہا میں وہ کام کیسے کروں؟ جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا اور شاید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الإنشاء والاختراع إلى الوقوع في المخالفة والابتداع. ولكنه لما رأى الأمر خطيراً والفكرة. في حد ذاتها. وسيلة من أعظم الوسائل لحفظ الكتاب الشريف والمحافظة عليه من الضياع والتحريف، وأيقن أنها ليست من الأمور الخارجة ولا من البدع المستحدثة عزم على جمع القرآن، وظل يقنع زيداً بذلك حتى شرح الله صدره فقام بتنفيذ ذلك الأمر الخطير والله اعلم.

آپ ڈرتے تھے کہ انشاء واختراع آپ کو مخالفت وابتداع تک لے جائے گی لیکن جب آپ نے دیکھا کہ یہ بات بڑی قدروالی اور یہ خیال فی حدذاتہ کتاب شریعت کے حفظ کیلئے اور تحریف وضیاع سے اسے بچانے کیلئے عظیم وسیلہ ہے اور آپ کو یقین ہوگیا کہ یہ بات امورِ خارجہ میں سے نہیں ہے اور نہ مستحدث بدعتوں میں سے ہے تو آپ نے قرآن کے جمع کرنے کا عزم کرلیا اور آپ حضرت زیدؓ کو اس سے راضی کرنے لگے حتی کہ اللہ تعالی نے ان کا شرح صدر کردیا اور انھوں نے اس عظیم کام کی تنفیذ کی ذمہ داری لے لی۔

ثانيا: لماذا اختار أبو بكر (زيد بن ثابت) من بين الصحابة الكرام لهذا العمل الجليل؟

دوم: حضرت ابوبکرؓ نے اس جلیل القدر کام کیلئے صحابہ کرام میں سے حضرت زید بن ثابتؓ کو کیوں منتخب کیا؟

والجواب عن ذلك: أن زيداً رضى الله عنه قد اجتمع فيه من المواهب العظيمة التي تؤهله لجمع القرآن مالم يجتمع في غيره من الرجال، اذ كان من حفاظ القرآن، ومن كتاب الوحي لرسول الله، وشهد (العرضة الأخيرة) للقرآن في ختام حياته صلى الله عليه وسلم.. وكان فوق ذلك معروفاً بشدة ورعه، وعظم أمانته، وكمال خلقه، واستقامة دينه، وكان معروفاً بالنبوغ والذكاء، وهذا ما أشار اليه كلام أبي بكر في رواية البخاري حين استدعاه وقال له: (إنك رجل شاب عاقل لا نتهمك، كنت تكتب الوحي لرسول الله)..

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ میں وہ عظیم خوبیاں جمع تھیں جو آپ کو قرآن کے جمع کرنے کا اہل قرار دیتی تھیں اور وہ کسی دوسرے آدمی میں موجود نہ تھیں۔ آپ حفاظ قرآن میں سے تھے آپ رسول اللہ ﷺ کے کاتب وحی تھے اور آپ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے آخر میں قرآن کے عرضہ اخیرہ (آخری پیشکش) میں موجود تھے اور اس سے بڑھ کر آپ اپنے شدید تقویٰ، عظیم امانت، کمالِ خلق اور دینی استقامت میں مشہور تھے نیز آپ خوش بیانی اور تیز فہمی میں بھی مشہور تھے اور اس کی طرف بخاری کی روایت میں حضرت ابوبکرؓ کے کلام میں جب آپ نے انہیں بلایا اشارہ پایا جاتا ہے آپ نے انہیں کہا آپ نوجوان دانشمند ہیں ہم آپ پر تہمت نہیں لگاتے آپ رسول اللہ ﷺ کی وحی لکھتے رہے ہیں۔

فلهذه الخصال والمزايا الحميدة اختاره أبو بكر الصديق لجمع القرآن.. ومما يدل على

ان خصائل حمیدہ کی وجہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ کو جمع قرآن کیلئے منتخب کیا اور حضرت زید بن ثابتؓ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شدة ورع زيد بن ثابت أنه قال: (فوالله لو كلفني نقل جبل من الجبال ما كان أثقل علي مما أمرني به) الحديث.

ثالثاً: ما هو المقصود من قول زيد في رواية البخاري (حتى وجدت آخر سورة التوبة مع أبي خزيمة لم أجدها عند غيره)؟.

والجواب عن ذلك: أن زيداً رضي الله عنه لم يجد هذه الآيات مكتوبة عند أحد من الصحابة إلا عند أبي خزيمة الأنصاري، وليس المراد أنها لم تكن محفوظة، إذ أن زيداً نفسه كان يحفظها، وكان كثير من الصحابة يحفظونها، ولكنه أراد أن يجمع بين (الحفظ والكتابة) كما سنبينه إن شاء الله زيادة في التوثق ومبالغة في الاحتياط، وعلى ذلك النهج الرشيد تم جمع القرآن.

شدتِ تقویٰ پر یہ بات دلالت کرتی ہے کہ آپ نے فرمایا خدا کی قسم! اگر آپ مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانے کا مکلف کرتے تو وہ مجھ پر اس سے بوجھل نہ ہوتا جس کا آپ نے مجھے حکم دیا ہے۔

سوم: حضرت زید کے قول کا جو بخاری کی روایت میں ہے کیا مقصود ہے فرماتے ہیں حتیٰ کہ میں نے سورہ توبہ کے آخر کو ابوخزیمہ کے پاس پایا میں نے اسے کسی اور کے پاس نہیں پایا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے ان آیات کو ابو خزیمہ انصاریؓ کے سوا کسی صحابی کے پاس لکھا ہوا نہیں پایا اس کا یہ مقصد نہیں کہ وہ محفوظ نہ تھیں بلکہ حضرت زیدؓ خود ان کے حافظ تھے جیسا کہ ہم عنقریب اسے احتیاط میں مبالغہ اور اعتماد کے باب میں بیان کرینگے اور اس درست نہج پر جمع قرآن کی تکمیل ہوئی۔

الخطة الرشيدة في جمع القرآن:

وقد انتهج (زيد بن ثابت) في جمع القرآن خطة رشيدة في غاية الدقة والإحكام، فيها ضمان لحياطة هذه الكتاب المجيد، بما يليق به من تثبت بالغ، وحذر دقيق، فلم يكتف بما حفظ في قلبه ولا بما كتب بيده، ولا بما سمع بأذنه، بل جعل يتتبع ويستقصي آخذاً على نفسه أن يعتمد في جمع القرآن على مصدرين اثنين:

أ- ما كان محفوظاً في صدور الرجال.

ب- ما كتب بين يدي رسول الله ﷺ.

جمع قرآن کے بارے میں بہترین طرز:

حضرت زید بن ثابتؓ جمعِ قرآن کے بارے میں نہایت دقیق اور پختہ طرز پر چلے اس میں اس کتاب مجید کی حفاظت کی ضمانت تھی جو بڑی چھان بین اور دقیق احتیاط کے مناسب حال تھی اور آپ نے اپنے دل میں جو حفظ کیا تھا اور جو اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اور جو اپنے کانوں سے سنا تھا اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اپنے نفس کو نا قابل اعتماد قرار دیتے ہوئے جستجو کرتے ہوئے انتہاء کو پہنچے کہ وہ جمعِ قرآن کے بارے میں دو سرچشموں پر اعتماد کریں۔

الف۔ جو صدورِ رجال میں محفوظ تھا۔

ب۔ جو رسول اللہ ﷺ کے سامنے لکھا گیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلا بد أن يتضافر الأمران (الحفظ والكتابة) وبلغ من شدة حرصه واحتياطه أنه كان لا يقبل شيئاً من المكتوب حتى يشهد شاهدان عدلان أنه كتب بين يدي رسول الله ﷺ. يدل عليه الحديث الذي رواه (أبو داود) في سننه قال: (قدم عمر فقال: من كان تلقى من رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئاً من القرآن فليأت به، وكانوا يكتبون ذلك في الصحف والألواح والعسب وكان لا يقبل من أحد شيئاً حتى شهد شاهدان) ويدل عليه كذلك ما رواه أبو داود أيضاً أن أبا بكر رضي الله عنه قال لعمر، ولزيد: (اقعدا على باب المسجد فمن جاء كما بشاهدين على شيء من كتاب الله فاكتباه) قال ابن حجر: المراد بالشاهدين: الحفظ، والكتابة.. وقال البخاري المراد (أنهما يشهدان على أن ذلك المكتوب كتب بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم) وذلك غاية في التثبت والدقة والاحكام من الصديق رسمه منهجاً لزيد بن ثابت رضي الله عنهم أجمعين.

مزايا مصحف أبي بكر الصديق:

امتازت الصحف التي جمعت في عهد أبي بكر الصديق في (مصحف واحد) بعدة مزايا أهمها:

أولاً: التحري الدقيق التام، والتثبت الكامل.

ثانيا: لم يسجل في المصحف إلا ما ثبت

پس ضروری ہے کہ دونوں باتیں (حفظ و کتابت) ایک دوسرے کی مدد کریں اور آپ اپنی شدت حرص و احتیاط میں یہاں تک پہنچے کہ آپ کسی لکھی ہوئی چیز کو قبول نہ کرے حتی کہ دو عادل گواہ گواہی دیتے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے لکھا گیا ہے اس پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جسے ابوداؤد نے سنن میں روایت کیا ہے آپ نے بیان کیا کہ: حضرت عمرؓ آئے اور فرمایا: جس نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ قرآن حاصل کیا ہے وہ اسے لے آئے اور وہ اس وقت صحابہؓ اسے صحف والواح اور کھجور کی شاخوں پر لکھا کرتے تھے اور آپ کسی سے کوئی چیز قبول نہ کرتے تھے حتی کہ دو گواہ گواہی دیتے اور ایسے ہی وہ روایت بھی اس پر دلالت کرتی ہے جسے ابو داؤد نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابو بکرؓ نے حضرت عمرؓ اور حضرت زیدؓ سے کہا تم دونوں مسجد کے دروازے پر بیٹھ جاؤ اور جو کتاب اللہ کی کسی چیز پر دو گواہ لائے اسے لکھ لو ابن حجر کہتے ہیں: کہ دو گواہوں سے مراد حفظ اور کتابت ہے اور سخاوی نے بیان کیا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ دونوں گواہی دیں کہ یہ لکھی ہوئی چیز حضرت نبی کریم ﷺ کے سامنے لکھی گئی ہے اور یہ حضرت صدیق کی جانب سے حد درجہ کی چھان بین باریکی اور مضبوطی ہے آپ نے اسے حضرت زید بن ثابتؓ کیلئے بطور منہج ترتیب دیا۔

حضرت ابوبکر صدیق کے مصحف کی خوبیاں:

حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جو صحف ایک مصحف میں جمع کئے گئے وہ کئی خوبیوں میں ممتاز ہیں ان میں سے اہم یہ ہیں:

اول: مکمل دقیق تلاش اور کامل چھان بین۔

دوم: مصحف میں وہی ضبط کیا گیا جس کی تلاوت کا منسوخ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عدم نسخ تلاوته.

ثالثاً: إجماع الأمة عليه، وتواتر ما سجل فيه من الآيات القرآنية.

رابعاً: شمول المصحف للقراء ات السبع التي نقلت بالنقل الثابت الصحيح.

وهذه المزايا جعلت الصحابة يلهجون بالثناء العاطر على أبي بكر الصديق حيث القرآن الكريم من الضياع، وذلك بتوفيق من الله عزوجل ومدد من عنده، وقد قال (علي بن أبي طالب) كرم الله وجهه: (أعظم الناس في المصاحف أجراً أبو بكر، رحمة الله على أبي بكر، هو أول من جمع كتاب الله). ولقد أصبح جمع القرآن منقبة خالدة لا يزال التاريخ يذكرها بالجميل والثناء العاطر لأبي بكر في التوجيه والاشراف، ولزيد بن ثابت في التنفيذ والعمل رضوان الله عليهم أجمعين. وجمع القرآن في مصحف واحد في عهد أبي بكر لا يعني أن الصحابة رضوان الله عليهم لم يكن لديهم مصاحف كتبوا فيها القرآن من قبل، فإن ذلك لا ينافي أن يكون لبعض الصحابة مصحف خاص، ولكن هذه المصاحف لم تظفر بما ظفر به مصحف أبي بكر من دقة البحث والتحري، والاقتصار على ما لم تنسخ تلاوته، ومن بلوغه حد التواتر، ومن اجماع الأمة عليه، ومن شموله للأحرف السبعة (القراء ات السبع) كما تقدم، فهذا (علي)

ثابت نہیں ہوا۔

سوم: اس پر امت کا اجماع ہے اور اس میں جو آیات قرآنیہ ضبط کی گئی ہیں وہ تواتر سے ثابت ہیں۔

چہارم: مصحف ان قراءات سبع پر مشتمل ہے جو صحیح ثابت نقل سے منقول ہے۔

ان خوبیوں نے صحابہ کو ایسا بنا دیا کہ وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی تعریف وثناء کے شیفتہ ہوگئے تھے اس لحاظ سے کہ قرآن کریم ضیاع سے بچ گیا ہے اور یہ اللہ کی توفیق و مدد سے ہوا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بیان کیا ہے کہ: مصاحف کے بارے میں سب لوگوں سے بڑھ کر اجر پانے والے حضرت ابوبکرؓ ہیں۔ اللہ ابوبکرؓ پر رحمت کرے، آپ کتاب اللہ کے پہلے جامع ہیں اور جمع قرآن ان کی ایک دائمی منقبت ہو گئی ہے اور تاریخ ہمیشہ ہی اس کا جو ابوبکرؓ کی راہنمائی و نگرانی اور زید بن ثابتؓ کی تنفیذ وعمل میں آئی اچھی تعریف سے اس کا ذکر کرتی رہے گی اور حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں قرآن کے ایک مصحف میں جمع ہونے سے یہ مراد نہیں کہ صحابہ کے پاس وہ مصاحف نہ تھے جن میں انہوں نے پہلے قرآن لکھا تھا یہ بات اس امر کے منافی نہیں کہ بعض صحابہؓ کے پاس خاص مصحف ہوں لیکن یہ مصاحف اتنے کامیاب نہیں ہوئے جس طرح حضرت ابوبکرؓ کا مصحف دقیق تلاش اور اور اس کی تلاوت کے عدم نسخ پر اکتفاء اور اس کے حد تواتر تک بلوغ اور اس پر امت کا اجماع اور قراءات سبعہ پر مشتمل ہونے کے باعث کامیاب ہوا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے حضرت علیؓ کا ایک خاص مصحف تھا جسے آپ نے حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کے شروع میں لکھا تھا اور آپ نے عزم کیا کہ جب تک آپ اس کی کتابت کو ختم نہ کر لیں گے سوائے نماز

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضي الله عنه كان له مصحف خاص كتبه في بدء خلافة أبي بكر، وعزم الأ يخرج إلا للصلاة حتى ينتهي من كتابته...

کے باہر نہ نکلیں گے۔

روى السيوطي عن (محمد بن سيرين) عن (عكرمة) انه قال: لما كان بدء خلافة أبي بكر، قعد علي بن أبي طالب في بيته، فقيل لأبي بكر: قد كره بيعتك، فأرسل إليه فقال: أكرهت بيعتي؟ فقال: رأيت كتاب الله يزاد فيه فحدثت نفسي ألا ألبس ردائي إلا لصلاة حتى أجمعه، قال له أبو بكر: فانك نعم ما رأيت[1] فقد كان له مصحف ولكنه كما يروى عن ابن سيرين كان فيه الناسخ والمنسوخ فلم يكن مثل مصحف أبي بكر.

سیوطی نے محمد بن سیرین سے بحوالہ عکرمہ روایت کی ہے کہ جب حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کا آغاز ہوا تو حضرت علیؓ بن ابی طالب اپنے گھر میں بیٹھ گئے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا گیا حضرت علیؓ نے آپ کی بیعت کو پسند نہیں کیا، آپ نے ان کی طرف پیغام بھیجا اور پوچھا کیا آپ نے میری بیعت کو ناپسند کیا ہے؟ حضرت علیؓ نے جواب دیا میں نے دیکھا کہ کتاب اللہ میں اضافہ کیا جا رہا ہے تو میرے دل نے کہا کہ میں نماز کے سوا اپنی چادر زیب تن نہیں کروں گا حتی کہ قرآن کو جمع کر دوں حضرت ابوبکرؓ نے آپ سے کہا آپ کی رائے بہت اچھی ہے آپ کا ایک مصحف تھا لیکن جیسا کہ ابن سیرین سے بیان کیا جاتا ہے اس میں ناسخ و منسوخ تھا اور وہ مصحف ابوبکرؓ جیسا نہ تھا۔

لماذا لم يجمع القرآن في مصحف واحد؟

ونتساءل هنا: لماذا لم يجمع القرآن الكريم في مصحف واحد في زمن النبي ﷺ؟ والجواب عن ذلك:

أولا: إن القرآن لم ينزل مرة واحدة وإنما نزل مفرقاً، ولا يمكن جمعه قبل أن يتكامل النزول.

ثانيا: إن بعض الآيات كانت تنسخ، وإذا كان القرآن عرضة للنسخ فكيف يمكن أن تجمع في مصحف واحد.

ثالثا: إن ترتيب الآيات والسور لم يكن

قرآن ایک مصحف میں کیوں جمع نہیں کیا گیا؟

ہم یہاں سوال کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ایک مصحف میں قرآن کریم کیوں جمع نہیں کیا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ:

اول: قرآن ایک ہی دفعہ نازل نہیں ہوا وہ مفرق طور پر نازل ہوا ہے اور نزول کے مکمل ہونے سے قبل اس کا جمع کرنا ممکن نہ تھا۔

دوم: بعض آیات منسوخ ہوجاتی تھیں اور جب قرآن نسخ کا محتمل ہو تو ایک مصحف میں اس کا جمع ہونا کیسے ممکن ہے؟

سوم: آیات وسور کی ترتیب، نزول کے مطابق نہ تھی

(۱) انظر: كتاب الاتقان للسيوطي.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على حساب النزول فقد تنزل بعض الآيات في أواخر الوحي بينما يكون ترتيبها في أوائل السور الكريمة وهذا يقتضي تغيير المكتوب.

رابعاً: كانت المدة بين نزول آخر ما نزل وبين وفاته ﷺ قصيرة جداً، وقد تقدم في الفصل الأول أن آخر ما نزل من القرآن قوله تعالىٰ ﴿ **واتقوا يوماً ترجعون فيه الى الله..** ﴾(سورة البقره:۲۸۱)الآية. وقد انتقل رسول الله إلى جوار ربه بعد نزولها بتسع ليال، فالمدة إذاً قصيرة، ولا يمكن جمعه قبل تكامل النزول.

خامساً: لم يوجد من دواعي الجمع في مصحف واحد مثل ما وجد في عهد أبي بكر، فقد كان المسلمون بخير، والقرآء كثيرون، والفتنة مأمونة، بخلاف ما حصل في عهد أبي بكر من مقتل الحفاظ حتى خاف على ضياع القرآن.

والخلاصة: إن القرآن لو جمع في مصحف واحد والحال على ما ذكرنا لكان القرآن عرضة للتغيير والتبديل كلما وقع نسخ، أو حدث سبب، مع أن أدوات الكتابة لم تكن ميسورة. والظروف لا تساعد على ترك المصحف القديم، والاعتماد على المصحف الجديد، لأنه لا يمكن أن يكون في كل شهر أو يوم مصحف يجمع كل ما نزل من القرآن ولكن لما استقر الأمر بختام التنزيل، ووفاة الرسول، وامن النسخ، وعرف الترتيب أمكن جمعه في مصحف واحد، وهذا ما

بعض آیات وحی کے آخر میں نازل ہوئیں جب کہ ان کی ترتیب سورتوں کے اوائل میں ہوئی تھی کہ بات لکھی ہوئی چیز کی تبدیلی کا تقاضا کرتی ہے۔

چہارم: آخری نزول کے درمیان اور آپ کی وفات کے درمیان بہت تھوڑی مدت پائی جاتی ہے اور پہلی فصل میں بیان ہو چکا ہے کہ قرآن میں سے جو آخر میں نازل ہوا وہ قول الٰہی ''**واتقوا یوما ترجعون فیه الی الله** (البقرہ: ۲۸۱) ہے اور اس کے نزول کی نو راتوں کے بعد رسول اللہ ﷺ اپنے رب کے جوار میں منتقل ہو گئے' پس مدت بہت تھوڑی تھی اور نزول کے تکامل سے قبل اس کا جمع کرنا ممکن نہ تھا۔

پنجم: ایک مصحف میں جمع کرنے کے جو اسباب عہد ابوبکرؓ میں پائے گئے ویسے اسباب پہلے نہیں پائے گئے پہلے مسلمان' بھلائی اور اچھائی کے ساتھ تھے اور قراء بہت تھے اور فتنہ کا خوف بھی نہ تھا اور حضرت ابوبکر کے عہد میں حفاظ کا جو قتل ہوا اس سے وہ ضیاع قرآن سے خوفزدہ ہو گئے۔

خلاصہ کلام یہ کہ اگر قرآن ایک مصحف میں جمع کیا جاتا اور حالت وہ ہوتی جو ہم نے بیان کی ہے تو قرآن کریم تبدیلی کا نشانہ بن جاتا جب کبھی نسخ ہوتا یا سبب پیدا ہوتا باوجود یہ کہ سامان کتابت کا حصول آسان نہ تھا اور حالات مصحف قدیم کے ترک کرنے اور جدید مصحف پر اعتماد کرنے میں معاون نہ تھے اس لئے ممکن نہ تھا کہ ہر ماہ یا ہر دن مصحف ہوتا جو نازل ہونے والے قرآن کو جمع کرتا لیکن جب تنزیل کے ختم ہونے اور رسول اللہ ﷺ کی وفات اور نسخ سے امن میں آ جانے سے یہ معاملہ ٹک گیا اور ترتیب معلوم ہوگئی تو ایک مصحف میں اس کا جمع کرنا ممکن ہو گیا اور یہ کام خلیفہ راشد حضرت ابوبکر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعله الخليفة الراشد أبو بكر الصديق رضى الله عنه وجزاه عن القرآن والمسلمين خير الجزاء.

صدیقؓ نے کیا اللہ آپ کو قرآن اور مسلمانوں کی طرف سے بہتر جزا دے۔

جمع القرآن في عهد عثمان.

أما جمع القرآن في عهد عثمان فقد كان له سبب آخر غير السبب الذى حدث فى عهد ابى بكر. فقد اتسعت الفتوحات الاسلامية في عهد عثمان، وتفرق المسلمون فى الأقطار والأمصار، واشتهر فى كل بلدان من البلاد الاسلامية قراءة الصحابى الذى علمهم القرآن، فأهل الشام كانوا يقرأون بقراءة (ابى بن كعب) واهل الكوفة كانوا يقرأون بقراءة (عبدالله بن مسعود) وغيرهم كان يقرأ بقراءة (أبى موسى الأشعرى)، فكان بينهم اختلاف فى حروف الأداء، ووجوه القراءات، حتى كان الأمر يصل الى النزاع والشقاق، بينهم، وكاد بعضهم يكفر بعضاً بسبب (اختلاف القراءة).

حضرت عثمان کے عہد خلافت میں جمع قرآن:

حضرت عثمانؓ کے زمانے میں قرآن کے جمع کرنے کا جو سبب پیدا ہوا وہ اس سبب کا غیر تھا جو حضرت ابو بکرؓ کے عہد میں ہوا حضرت عثمانؓ کے عہد میں اسلامی فتوحات وسیع ہوگئیں اور مسلمان اقطار و امصار میں پھیل گئے اور بلاد اسلامیہ کے ہر شہر میں اس صحابی کی قرأت پھیل گئی جس نے انہیں قرآن لکھایا تھا۔ اہل شام ابی بن کعبؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور اہل کوفہ عبداللہ بن مسعودؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور دوسرے لوگ ابو موسیٰ اشعریؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور ان کے درمیان حروفِ ادا اور وجوہِ قراءات میں اختلاف پایا جاتا تھا حتی کہ قریب تھا کہ معاملہ نزاع و خلاف تک پہنچ جاتا اور قریب تھا کہ اختلاف قرأت کے باعث لوگ ایکدوسرے کی تکفیر کریں۔

روى عن أبى قلابة أنه قال: (لما كانت خلافة عثمان، جعل المعلم (المقرى) يعلم قراءة الرجل، والمعلم يعلم قراءة الرجل، فجعل الغلمان يلتقون فيختلفون، حتى ارتفع الى المعلمين، حتى كفر بعضهم بعضاً، فبلغ ذلك عثمان فخطب فقال: أنتم عندى تختلفون، فمن نأى (أى بعد) عنى من الأمصار فهم أشد اختلافاً)؟ لهذه الأسباب والأحداث رأى عثمان بثاقب رأيه، وصادق نظره، ان يتدارك الخرق قبل أن يتسع على الراقع، وأن يستأصل الداء قبل أن

ابو قلابہ سے روایت کہ: جب حضرت عثمان کی خلافت کا زمانہ تھا تو ایک معلم ایک شخص کی قرأت لکھاتا اور دوسرا معلم دوسرے شخص کی قرأت لکھاتا تو نوجوان ایک دوسرے سے ملتے تو اختلاف کرتے حتی کہ یہ اختلاف معلمین تک چلا گیا حتی کہ بعض نے بعض کی تکفیر کی۔ حضرت عثمانؓ کو یہ خبر پہنچی تو آپ نے خطبہ دیا اور فرمایا: تم میرے پاس اختلاف کرتے ہو اور جو شہروں میں مجھ سے دور ہیں وہ سخت اختلاف کرنے والے ہوں گے ان اسباب و واقعات کے باعث حضرت عثمانؓ نے اپنی تہ تک پہنچنے والی رائے اور اپنی پکی نظر سے دیکھا کہ وہ پھٹن کو سی دیں قبل اس کے کہ وہ پیوند لگانے والے پر وسیع

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يصعب الدواء، فجمع أعلام الصحابة، ورجال الرأى والبصر فيهم، واستشارهم فى علاج تلك الفتنة، وعلاج ذلك الاختلاف، فأجمعوا أمرهم على أن يستنسخ أمير المومنين مصاحف عديدة، ويبعث الى كل بلد او مصر بمصحف منها، وان يأمر الناس باحراق كل ما عداها، حتى لا يبقى ثمة طريق للنزاع والاختلاف فى وجوه القراءة، فشرع. رضى الله عنه. بتنفيذ هذا القرار الحكيم، فعهد الى أربعة من خيرة الصحابة، وثقات الحفاظ وهم (زيد بن ثابت) و (عبدالله بن الزبير) و (سعيد بن العاص) و (عبدالرحمن بن هشام) وقد كانوا جميعاً من قريش من المهاجرين الا (زيد بن ثابت) فقد كان من الأنصار، وكان هذا العمل الجليل سنة ٢٤ هجرية، وقال لهؤلاء اذا اختلفتم فى شيء من وجوه القراءة فاكتبوه بلغة قريش، فان القرآن نزل بلغتهم. وطلب عثمان من (حفصه بنت عمر) أن تعطيه المصحف الذى كان عندها، والذى جمعه أبو بكر لينسخ منه عدة نسخ ثم يعيده إليها، ففعلت.

ہو جائے اور بیماری کہ قبل اس کے کہ اس کا علاج مشکل ہو جائے جڑ سے اکھیڑ دیں آپ نے بڑے بڑے صحابہؓ اور اصحاب فہم و بصیرت کو جمع کیا اور اس فتنہ و اختلاف کے علاج کے متعلق ان سے مشورہ طلب کیا اور ان کا اس امر پر اتفاق ہوا کہ امیر المومنین متعدد مصاحف لکھوائیں۔ اور ان میں سے ہر شہر کی طرف ایک مصحف بھیج دیں اور ان کے سوا جو مصحف ہیں ان کے جلانے کا لوگوں کو حکم دیدیں حتی کہ وجوہ قرأت کے بارے میں وہاں اختلاف و نزاع باقی نہ رہے آپ نے اس حکیمانہ قرارداد کی تنفیذ شروع کر دی آپ نے چار بہترین صحابہ اور ثقات حفاظ کو ذمہ دار بنایا اور وہ حضرت زید بن ثابت، حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت سعید بن العاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن ہشام رضی اللہ عنہم تھے اور یہ سب حضرت زید بن ثابتؓ کے سوا جو انصار میں سے تھے مہاجرین قریش میں سے تھے اور یہ عمل جلیل ۲۴ھ میں ہوا اور آپ نے ان سے فرمایا کہ جب تم وجوہ قرأت میں سے کسی چیز میں اختلاف کرو تو اسے قریش کی لغت میں لکھو بلاشبہ قرآن انہی کی لغت میں نازل ہوا ہے اور حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ بنت عمر سے خواہش کی کہ وہ اس مصحف کو انہیں دیدیں جو ان کے پاس ہے جسے حضرت ابوبکرؓ نے جمع کیا ہے تاکہ وہ اس سے متعدد نسخے لکھ لیں پھر وہ اسے ان کو لوٹا دینگے تو حضرت حفصہؓ نے وہ نسخہ آپ کو دیدیا۔

سبب جمع عثمان للقرآن الكريم:

روى البخارى عن أنس بن مالك أنه قال: (أن (حذيفة بن اليمان) قدم على عثمان، وكان يغازى أهل الشام فى فتح أرمينية وأذربيجان مع أهل العراق، فأفزع حذيفة

حضرت عثمانؓ کے قرآن کو جمع کرنے کا سبب:

بخاری نے حضرت انس بن مالکؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ حضرت عثمانؓ کے پاس آئے اور وہ آرمینیا اور آذربائیجان کی فتح میں اہل شام کو اہل عراق کے ساتھ لڑائی کیلئے روانہ کیا کرتے تھے۔ حضرت حذیفہؓ کو ان کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختلافهم في القراءة، فقال حذيفة لعثمان: يا أمير المؤمنين أدرك هذه الأمة قبل ان يختلفوا في الكتاب اختلاف اليهود والنصارى، فأرسل عثمان الى حفصة ان أرسلي الينا بالصحف ننسخها في المصاحف ثم نردها اليك، فأرسلت بها حفصة الى عثمان فأمر زيد بن ثابت، وعبدالله بن الزبير، وسعيد بن العاص، وعبدالرحمن بن الحارث بن هشام فنسخوها في المصاحف، وقال عثمان للرهط القرشيين الثلاثة: اذا اختلفتم أنتم وزيد بن ثابت في شيء من القرآن فاكتبوه بلسان قريش، فانما نزل بلسانهم، ففعلوا حتى اذا نسخوا المصحف في المصاحف رد عثمان الصحف الى حفصه وأرسل الى كل أفق بمصحف مما نسخوا، وأمر بما سواه من القرآن في كل صحيفة أو مصحف أن يحرق)[1] ((رواه البخاري)).

اختلاف قراءت نے خوفزدہ کر دیا' حضرت حذیفہؓ نے حضرت عثمانؓ سے کہا: اے امیر المومنین! اس امت نے قبل اس کے وہ کتاب کے بارے میں اختلاف کریں' یہود و نصاریٰ کے اختلاف کو پالیا ہے سو حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ کو پیغام بھیجا کہ مصحف کو ہماری طرف بھیج دیجئے۔ ہم انہیں مصاحف میں لکھیں گے پھر آپ کو واپس کر دیں گے۔ حضرت حفصہؓ نے انہیں حضرت عثمانؓ کے پاس بھیج دیا تو آپ نے حضرت زید بن ثابت' حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت سعید بن العاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا اور انہوں نے ان کو مصاحف میں لکھ دیا اور حضرت عثمان نے تینوں قریشیوں کی جماعت سے کہا جب تم اور زید بن ثابت قرآن کی کسی بات پر اختلاف کرو تو اسے قریش کی زبان میں لکھنا وہ ان کی زبان میں نازل ہوا ہے تو انہوں نے ایسے ہی کیا حتیٰ کہ جب انہوں نے ایک مصحف کو مختلف مصاحف میں لکھ لیا تو حضرت عثمانؓ نے مصحف حضرت حفصہؓ کو واپس کر دیا اور جو مصاحف انہوں نے لکھے ان میں سے ایک مصحف ہر افق کی طرف بھیج دیا اور حکم دیا کہ اس کے سوا جو قرآن کسی صحیفہ یا مصحف میں ہو اسے جلا دیا جائے اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان:

الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان:

ونستطيع مما سبق أن نعرف الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان، وهو أن الجمع في عهد أبي بكر كان عبارة عن نقل القرآن وكتابته في مصحف واحد مرتب الآيات، جمعه اللخاف والعسب والرقاع، وكان سبب الجمع (موت

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے میں فرق:

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے میں فرق پایا جاتا ہے اور جو کچھ پہلے بیان ہو چکا ہے اس سے ہم حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے کے درمیان جو فرق پایا جاتا ہے اسے معلوم کر سکتے ہیں حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جمع کرنے سے مراد قرآن اور اس کی کتابت کو ایک مرتب الآیات مصحف میں نقل کرنا تھا۔ آپ نے اسے کھجور کی

(۱) انظر: صحيح البخاري، باب جمع القرآن.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحفاظ) وأما جمع عثمان فقد كان عبارة عن نسخ عدة نسخ من المصحف الذى جمع فى عهد أبى بكر لترسل الى الآفاق الاسلامية. وكان سبب الجمع انما هو (اختلاف القرآء) فى قراء ة القرآن' والله اعلم وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم.

شاخوں' پرزوں اور نرم پتھروں سے جمع کیا اور جمع کرنے کا باعث حفاظ کی موت تھی اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے سے مراد اس مصحف سے جو حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جمع کیا گیا تھا متعدد مصاحف میں لکھنا تھا تا کہ انہیں آفاق اسلامیہ کی طرف بھیجا جائے اور جمع کا سبب قرأت قرآن میں قراء کا اختلاف تھا۔ واللہ اعلم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الخامس

التفسير والمفسرون

أنزل الله كتابه العظيم' ليكون دستوراً للمسلمين' ومنهاجاً يسيرون عليه في حياتهم' فيستضيئون بضيائه' ويهتدون بهديه' ويقبسون من تعاليمه الرشيدة' ونُظمه الحكيمة ما يجعلهم في أَوج السعادة والعزة' ويرفع بهم الى ذرى المجد والكمال' ويؤهلهم الى قيادة ركب الانسانية' ويجعلهم السادة والقادة في هذه الحياة' يسيرون بالأمم الى حياة العزة والكرامة' ويوصلونهم الى شاطئ الأمين والاستقرار والسلام.

ولا ريب أن البشرية تتخبط اليوم في ظلمات الشقاوة والجاهلية' وتغرق في بحار التحلل وعبادة المال' وليس لها من منقذ الا الاسلام' عن طريق الاسترشاد بتعاليم القرآن ونظمه الحكيمة' التي روعيت فيها جميع عناصر السعادة للنوع البشري' على ما أحاط به علم الخالق الحكيم' ومن البدهي أن العمل بهذه التعاليم لا يكون الا بعد فهم القرآن وتدبره' والوقوف على ما حوى من نصح وارشاد' وهذه لا يتحقق الا عن طريق الكشف والبيان' لما تدل عليه آيات القرآن' وهو ما نسميه ب(علم التفسير) خصوصاً في هذه العصور الأخيرة التي فسدت فيها ملكة البيان العربي' وضاعت فيها

پانچویں فصل

تفسیر اور مفسرین

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو نازل کیا تا کہ وہ مسلمانوں کیلئے دستور و منہاج ہو اور وہ اپنی زندگی میں اس پر چلیں اور اس کی روشنی سے ضیاء حاصل کریں اور انہیں مجد و کمال کی چوٹی تک پہنچائیں اور انہیں انسانی قافلہ کی قیادت کا اہل بنادیں اور اس زندگی میں انہیں قائد و سردار بنادیں اور وہ قوموں کے ساتھ' عزت و کرامت کی زندگی کی طرف چلیں اور انہیں امن و استقرار اور سلامتی کے کنارے تک پہنچا دیں۔

اس میں کچھ شبہ نہیں کہ آج بشریت شقاوت و جاہلیت کی تاریکیوں میں ٹامک ٹوئیاں مار رہی ہے اور تحلل اور مال کی پرستش کے سمندروں میں غرق ہو رہی ہے اور اسلام کے سوا اسے کوئی بچانے والا نہیں وہ یوں کہ وہ قرآن کی تعلیمات اور اس کے نظم حکیمہ سے راہنمائی حاصل کرے جن میں نوع بشر کی سعادت کے تمام عناصر کو محفوظ کر دیا گیا ہے اور خالق و حکیم کے علم نے ان کا احاطہ کیا ہوا ہے اور یہ واضح بات ہے کہ ان تعلیمات پر عملدرآمد قرآن کے فہم و تدبر اور جو بھلائی اور راہنمائی وہ اپنے اندر لئے ہوئے ہے اس سے آگاہی کے بعد ہی ہو سکتا ہے اور اس کا تحقق کشف و بیان کے طریق سے ہی ہو سکتا ہے جس پر قرآن کی آیات دلالت کرتی ہیں اور اسے ہم علم تفسیر کا نام دیتے ہیں خصوصا ان آخری ادوار میں جن میں عربی بیان کا ملکہ خراب ہو گیا ہے اور خصائص

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خصائص العروبة' حتى من سلائل العرب أنفسهم. فالتفسير هو المفتاح لهذه الكنوز والذخائر' التي احتواها هذا الكتاب المجيد' وبدونه لا يمكن الوصول الى هذه الكنوز والذخائر' واللآلىء والجواهر' مهما بالغ الناس في ترديد ألفاظ القرآن' وقرء وا آياته في كل صباح ومساء.

عروبہ ضائع ہو گئے ہیں حتیٰ کہ خود عربوں کی اولاد سے بھی ضائع ہو گئے ہیں پس تفسیر ان خزائن و ذخائر کی چابی ہے جن کو اس کتاب مجید نے جمع کیا ہے اور علم تفسیر کے بغیر ان خزائن و ذخائر اور جواہرات تک پہنچنا ناممکن ہے خواہ لوگ قرآن کے الفاظ دہرانے اور ہر صبح و شام اس کی آیات کے پڑھنے میں کس قدر مبالغہ کریں۔

وانه لمن المؤسف أن يكتفي المسلمون من القرآن بألفاظ يرد دونها' وأنغام يلحّنونها' في المآتم والمقابر' وعند الا حتفالات الرسمية' ثم لا يكون للقرآن نصيب منهم الا الطرب بالسماع أو التبرك بالتلاوة. وهذا ما عناه الرسول ﷺ بقول ((يتخذون القرآن مزامير)) وقد نسي المسلمون أو تناسوا أن بركة القرآن العظمى انما هي في تدبره وتفهمه' وفي الاهتداء بهديه' والاستفادة من تعاليمه وتوجيهاته' ثم الوقوف عند أوامره ومراضيه' والبعد عن مساخطه ونواهيه' والله تعالىٰ يقول: ﴿ **كتاب انزلناه إليك مبارك ليتدبروا آياته وليتذكر اولو الالباب**﴾(سورة ص:٢٩) ويقول سبحانه ﴿**افلا يتدبرون القرآن؟ ام على قلوب اقفالها**﴾(سورة محمد:٢٤) ويقول جل ذكره ﴿**ولقد يسرنا القرآن للذكر' فهل من مدكر**﴾.(سورة القمر:١٧-٢٢-٣٢)

اور یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ مسلمان ماتم و مقابر اور رواجی محافل میں قرآن کے الفاظ کو ترنم سے پڑھنے اور دہرانے پر اکتفا کریں پھر قرآن کو ان سے صرف طرب و سماع اور تلاوت کے تبرک کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور رسول کریم ﷺ نے اپنے قول (وہ قرآن کو مزامیر بنائیں گے) سے بھی یہی مراد لیا ہے اور مسلمان بھول گئے ہیں یا انہیں بھلا دیا گیا ہے کہ قرآن کریم کی برکت تو صرف اس کے فہم و تدبر اس کی ہدایت سے راستہ حاصل کرنے اور اس کی تعلیمات و توجیہات سے استفادہ کرنے اور اس کے اوامر و پسندیدہ کاموں سے آگاہ ہونے اور اس کے نواہی اور اس کی ناپسندیدہ باتوں سے دوری اختیار کرنے میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**كتاب انزلناه اليك مبارك ليتدبروا آياته وليتذكر اولوا الباب**"(ص ٢٩) پھر فرمایا ہے:"**افلا يتدبرون القرآن ام على قلوب اقفالها**"(محمد:٢٤) نیز فرماتا ہے:"**ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر**"(القمر:١٧)

فما أشبه المسلمين اليوم بالرجل العطشان يموت من الظمأ والماء بين يديه' أو

آج مسلمان' اس پیاسے شخص سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں جو پیاسا مر رہا ہے اور پانی اس کے سامنے پڑا ہے یا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالحيوان يهلك من الجوع والعطش والزاد والماء على ظهره، وما أجمل قول القائل:

كالعيس في البيداء يقتلها الظما
والماء فوق ظهورها محمول

ولقد صدق رسول الله ﷺ حين قال:

((لقد تركت فيكم أمرين، لن تضلوا ما تمسكتم بهما بعدي أبداً، كتاب الله، وسنتي).[1]

اس حیوان سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں جو بھوک اور پیاس سے مر رہا ہے اور زاد اور پانی اس کی پشت پر ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے:

(ترجمہ) "وہ ویرانے میں اونٹ کی مانند ہے جسے
پیاس مار رہی ہے اور پانی اس کی پشت پر لدا ہوا ہے۔"

اور رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا ہے:

"میں نے تم میں دو باتیں چھوڑتی ہیں میرے بعد تم ان دونوں میں جب تک منہمک رہو گے کبھی گمراہ نہ ہو گے اللہ کی کتاب اور میری سنت۔"

لماذا نفسر القرآن؟

أسئلة تخطر ببال كل إنسان.. وتجول في كل فكر ((لماذا نفسر القرآن))؟ النجيد قراء ته ونتقن تلاوته؟

أم لنزيل الستار عن غامض معانيه؟

أم لنجلو أسراره، ونبرز محاسنه؟

لا.. لا.. ليس لهذا، ولا لذاك فقط، بل لنتحرر من عبادة العباد، وتبعية البشر، الى عبادة رب العابد جل وعلا.. ونربط الفرد والجماعة بخالق العوالم، ومدبر الكون، رب السموات العلى، ورب العرش العظيم!!

فالقرآن الكريم دستور الأمة، وهداية الخالق، وشريعة الله لأهل الأرض، وهو النور الرباني، والهدى السماوى، والتشريع العالم الخالد، الذى تكفل بكل ما يحتاج اليه البشر في أمور دينهم و دنياهم. ولا عجب فهو كتاب

ہم قرآن کی تفسیر کیوں کرتے ہیں؟

ہر انسان کے دل اور سوچ میں کچھ سوالات گزرتے ہیں کہ "ہم قرآن کی تفسیر کیا اس کی قرأت وتلاوت کو عمدہ اور پختہ بنانے کیلئے؟ یا اس کے معانی کی پیچیدگی سے پردہ ہٹانے کیلئے؟ یا اس کے اسرار ومحاسن کو واضح کرنے کیلئے؟ نہیں نہیں، نہ یہ اس کے لئے ہے اور نہ اس کیلئے کرتے ہیں؟ بلکہ اس لئے کہ ہم بندوں کی بندگی اور پیروی سے آزاد ہو کر رب العباد کی عبادت کی طرف آ جائیں اور انفرادی اور اجتماعی طور پر خالق عوالم اور مدبر کائنات سے جو رب عرش عظیم ہے، رابطہ کریں۔

پس قرآن کریم امت کا دستور ہے خالق کی ہدایت ہے، اہل ارض کیلئے اللہ کی شریعت ہے اور وہ نورِ ربانی ہدایت آسمانی اور ہمہ گیر دائمی قانون ہے جو ان تمام امور کا جن کا انسان اپنے دینی اور دنیاوی امور میں محتاج ہے کفیل ہے اور یہ عجیب بات نہیں ہے وہ کتاب کامل اور نظام شامل ہے جو

(١) الحديث رواه أصحاب السنن.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كامل، ونظام شامل، يشمل جوانب الحياة بأجمعها، في العقائد. والعبادات. والاخلاق. والمعاملات. وفي السياسة والحكم وفي السلم والحرب. وفي الشئون الاقتصادية والعلاقات الدولية. فهو كتاب جامع أنزله الله تبياناً لكل شيء وهدى ورحمة لقوم يؤمنون، وهو في ذلك كله حكيم كل الحكمة، لا يعتريه خلل ولا اختلاف، فلا عجب أن كانت السعادة لا تنال الا بهديه، والتزام ما جاء به، فهو شفاء لما في الصدور، وعلاج لما حل أول يحل بالمجتمع من شرور ﴿**وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين، ولا يزيد الظالمين الا خساراً**﴾.(سورة الاسراء:۸۲)

زندگی کے تمام پہلوؤں یعنی عقائد و عبادات اخلاق و معاملات، سیاست وحکم، صلح و جنگ، اقتصادی معاملات اور بین الاقوامی تعلقات پر حاوی ہے پس وہ ایک جامع کتاب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے بیان کرنے کیلئے نازل کیا ہے اور وہ مومنین کیلئے ہدایت و رحمت ہے اور وہ ان تمام باتوں میں پوری حکمت والا ہے اسے خلل و اختلاف لاحق نہیں ہوسکتا یہ عجیب بات نہیں کہ سعادت اسی کی ہدایت سے اور جو وہ لایا ہے اس کے التزام سے حاصل ہو وہ سینوں کی بیماریوں کی شفا ہے اور معاشرے میں جو شرور پیش آئے ہیں یا آئیں گے ان کا علاج ہے۔ "**وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الاخسارا**" (اسراء:۸۲)

الفرق بين التفسير والتاويل:

التفسير في اللغة هو: الايضاح والتبيين. قال تعالىٰ ﴿**ولا يأتونك بمثل الا جئناك بالحق وأحسن تفسيرا**﴾(سورة الفرقان:۳۳) فقولنا: فسر بمعنى بيّن ووضّح، وكلام مفسَّر: أي واضح ظاهر. وأما التفسير في الاصطلاح فهو: علم يعرف به فهم كتاب الله المنزل على نبيه محمدصلى الله عليه وآله وسلم وبيان معانيه، وإستخراج أحكامه وحكمه[۱]. وعرفه غيره بأنه (علم يبحث فيه عن القرآن الكريم من حيث دلالته على مراد الله تعالىٰ بقدر الطاقة البشرية)[۲]

تفسیر وتاویل کے درمیان فرق:

لغت میں تفسیر ایضاح وتبیین کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**ولا یاتونك بمثل الا جئناك بالحق واحسن تفسيرا**" (الفرقان ۳۳) اور ہمارے قول فَسَّرَ کا معنی ہے: اس نے واضح اور ظاہر کیا اور کلام مفسر سے مراد ہے۔ واضح اور ظاہر کلام اور اصطلاح میں تفسیر وہ علم ہے جس سے حضرت نبی کریم ﷺ پر نازل شدہ کتاب کا فہم اور اس کے معانی کا بیان اور اس کے احکام وحکم کا استخراج معلوم ہوتا ہے اور بعض دوسرے علماء نے اس کی تعریف یہ کی ہے کہ یہ وہ علم ہے جس میں انسانی طاقت کے بقدر قرآن کریم کے بارے میں بحث کی جاتی ہے کہ وہ کسی طرح اللہ تعالیٰ کی مراد پر دلالت کرتا ہے۔

---

(۱) التعريف للزركشي من كتاب البرهان ص۱۳.

(۲) انظر: مناهل العرفان للزرقاني۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنى التأويل:

وأما التأويل فهو لغة من الأول بمعنى الرجوع، فكأن المفسر أرجع الآية إلى ما يحتمله من المعاني. ويرى بعض العلماء أن التأويل مرادف للتفسير حتى قال صاحب القاموس: أول الكلام تأويلاً وتأوله بمعنى: دبره وقدره وفسره، ومنه قوله تعالىٰ ﴿ابتغاء الفتنة وابتغاء تأويله﴾(سورة آل عمران:۷) أما في الاصطلاح فهو عند المتقدمين بمعنى التفسير، فيقال تفسير القرآن، ويقال تأويل القرآن، بمعنى واحد. قال (ابن جرير الطبري) في تفسيره: (القول في تأويل قوله تعالىٰ كذا.. واختلف أهل التأويل في هذه الآية..) يريد بذلك أهل التفسير.

وقال (مجاهد): ان العلماء يعملون تأويله (يعني القرآن) ويريد تفسير معناه وذهب فريق من العلماء الى أن بين (التفسير والتأويل) فرقاً جليلاً وقد اشتهر هذا عند المتأخرين.

التفسير: هو المعنى الظاهر من الآية الكريمة. وأما التأويل: فهو ترجيح بعض المعاني المحتملة من الآية الكريمة التى تحتمل عدة معان. وقد أفاض العلامة (السيوطى) فى كتابه (الاتقان فى علوم القرآن) فى هذا البحث ونقل نقولاً كثيرة عن العلماء نكتفي بأجمعها وأقربها الى الصواب وهو أن نقول (بأن التفسير هو كشف معانى القرآن الظاهرة، والتأويل ما استنبطه العارفون من المعانى الخفية والاسرار

تاویل کامفہوم:

تاویل لغتاً اول سے مشتق ہے جس کے معنے رجوع کے ہیں گویا مفسر آیت کو ان معانی کی طرف لوٹاتا ہے جن کی وہ متحمل ہوتی ہے اور بعض علماء کا خیال ہے کہ تاویل تفسیر کا مرادف ہے حتی کہ صاحب قاموس نے بیان کیا ہے کہ اوّل الکلام تاویلا و تاوله کامعنی ہے کہ اس نے غور کیا اس کا اندازہ کیا اور اس کو واضح کیا اور اسی سے اللہ کا قول "ابتعاء الفتنة وابتعاء تاويله" (آل عمران ۷) ہے اور اصطلاح میں متقدمین کے نزدیک تفسیر کے معنی میں ہے اور تفسیر القرآن اور تاویل القرآن کا ایک ہی معنی ہے ابن جریر طبری نے اپنی تفسیر میں "القول فی تاویل قوله تعالی...... واختلف اھل التاویل فی ھذہ الآیۃ......" بیان کیا ہے کہ اس سے مراد اہل تفسیر ہیں اور مجاہد نے بیان کیا ہے کہ علماء قرآن کی تاویل کا کام کرتے ہیں اس سے مراد اس کے معنوں کی تفسیر کرتے ہیں اور علماء کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ تفسیر تاویل کے درمیان واضح فرق پایا جاتا ہے اور متاخرین کے ہاں یہ مشہور بات ہے۔

تفسیر آیت کریمہ کے ظاہری معنی کو کہتے ہیں اور تاویل یہ ہے کہ آیت کریمہ جو متعدد معانی کا احتمال رکھتی ہو اس کے ایک معانی کو ترجیح دینا اور علامہ سیوطی نے اپنی کتاب (الاتقان فی علوم القران) میں اس بارے میں کافی بحث کی ہے اور علماء کی بہت سی نقول نقل کی ہیں ہم ان سب کی جامع اور صواب سے اقرب پر اکتفا کریں گے اور وہ یہ ہے کہ ہم کہیں کہ تفسیر قرآن کے ظاہری معنی کا واضح کرنا ہے اور تاویل وہ ہے جسے عارفین نے معانی خفیہ اور اسرار ربانیہ لطیفہ سے جن کی آیت قرآنیہ متحمل ہے مستنبط کیا ہے یہ وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الربانية اللطيفة التي تحملها الآية الكريمة).

وهذا الذين اخترناه هو الذی ذهب اليه (الألوسی) رحمة الله حيث قال:

(قد تعورف عن المؤلفين من غير نكير أن التأويل معان قدسية، ومعارف ربانية تنهل من سحب الغيب على قلوب العارفين، والتفسير غير ذلك..)

والخلاصة: أن التفسير هو المعانی الظاهرة من القرآن الكريم التی هی واضحة الدلالة على المعنى المراد لله عزوجل. والتأويل، هو المعانی الخفية التی تستنبط من الآيات الكريمة والتی تحتاج الى تأمل وتفكر واستنباط والتی تحتمل عدة معان فيرجح المفسر منها ما كان أقوى عن طريق النظر والاستدلال، وليس هذا الترجيح بقطعی بل هو ترجيح للأظهر والأقوى اذ الحكم بأنه المراد القطعی تحكم فی كتاب الله، والله تعالى يقول ﴿ **وما يعلم تأويله الا الله..** ﴾(سورة آل عمران:٧)الاية والله اعلم.

اقسام التفسير:

يقسم التفسير حسب الاصطلاح العلمی الدقيق الى ثلاثة اقسام:

اولاً: (التفسير بالرواية) وهذا الذی يسمى التفسير بالنقل أو التفسير بالمأثور.

ثانياً: (التفسير بالدارية) وهذا الذی يسمى التفسير بالرأی.

ثالثاً: (التفسير بالإشارة) وهو الذی يسميه

بات ہے جسے ہم نے پسند کیا ہے اور یہی الوسی رحمہ اللہ کا خیال ہے وہ کہتے ہیں:

”مؤلفین سے کسی اعتراض کے بغیر یہ بات مشہور ہے کہ تاویل وہ معانی قدسیہ اور معارف ربانیہ ہیں جو غیب کے بادلوں سے عارفین کے قلوب پر جاری ہوتے ہیں اور تفسیر اس کے سوا ہے۔“

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تفسیر وہ ظاہری معنی ہیں جو اللہ کی مراد پر واضح الدلالۃ ہیں اور تاویل وہ معانی خفیہ ہیں جو آیت کریمہ سے مستنبط کئے جاتے ہیں اور تامل وتفکر اور استنباط کے محتاج ہوتے ہیں اور متعدد معانی کے متحمل ہوتے ہیں اور مفسر ان میں سے نظر واستدلال کے طریق سے اقوی معنے کو ترجیح دیتا ہے اور یہ ترجیح قطعی نہیں ہوتی بلکہ وہ اظہر اور اقرب کے معنوں کی ترجیح ہوتی ہے جبکہ حکم یہ ہے کہ قطعی مراد کا فیصلہ کتاب اللہ میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”**وما يعلم تاويله الا الله**“ (آل عمران ۷) واللہ اعلم۔

تفسیر کی اقسام:

دقیق علمی اصطلاح کے مطابق تفسیر کی تین اقسام ہیں۔

اول: تفسیر بالروایۃ: اسے تفسیر بالنقل یا تفسیر بالماثور کا نام دیا گیا ہے۔

دوم: تفسیر بالدرایۃ: اسے تفسیر بالرائے کہتے ہیں۔

سوم: تفسیر بالاشارۃ: علماء اسے تفسیر اشاری کا نام دیتے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العلماء (التفسير الاشاری)

وسنتحدث عن كل قسم من هذه الأقسام بالتفصيل ان شاء الله ونوضح السليم من.

ہیں۔

ہم ابھی ان اقسام میں سے ہر قسم پر تفصیل سے گفتگو کریں گے اور صحیح کو واضح کریں گے۔

القسم الاول

قسم اول

التفسير بالروايه

هو ما جاء في القرآن، أو السنة، أو كلام الصحابة، بياناً لمراد الله تعالىٰ تفسير القرآن بالسنة النبوية، فالتفسير المأثور إما أن يكون تفسير القرآن بالقرآن، أو تفسير القرآن بالسنة النبوية أو تفسير القرآن بالمأثور عن الصحابة.

أ. مثال ما جاء تفسيره في القرآن الكريم قوله تعالىٰ: ﴿ **أحلت لكم بهيمة الأنعام الا ما يتلى عليكم..** ﴾ (سورة المائدة:١) فقد جاء تفسير قوله ﴿ **الا ما يتلى عليكم** ﴾ في آية كريمة أخرى هي قوله تعالىٰ ﴿ **حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به..** ﴾ (سورة المائدة:٣) الآية. وكذلك قوله تعالىٰ: ﴿ **والسماء والطارق** ﴾ (سورة الطارق:١) جاء تفسير الطارق في نفس السورة ﴿ **النجم الثاقب** ﴾ (سورة الطارق:٣) وكذلك قوله تعالىٰ ﴿ **فتلقى آدم من ربه كلمات فتاب عليه** ﴾ (سورة البقرة:٣٧) الآية. جاء تفسير الكلمات التي تلقاها آدم في موطن آخر من القرآن، وهي قوله تعالىٰ ﴿ **قالا ربنا ظلمنا انفسنا وان لم**

تفصیل بالروایۃ

یہ وہ تفسیر ہے جو قرآن یا سنت یا صحابہ کے کلام میں اللہ تعالیٰ کی مراد کی وضاحت کیلئے آئی ہے یہ سنت نبویہ سے قرآن کی تفسیر ہے اور تفسیر بالماثور یا تو قرآن کی قرآن سے تفسیر ہوگی یا سنت نبویہ سے قرآن کی تفسیر ہوگی یا صحابہ سے منقول روایات سے تفسیر قرآن ہوگی۔

ا۔ قرآن کریم میں جس کی تفسیر آئی ہے اس کی مثال اللہ کا قول: "**احلت لكم بهيمة الانعام الا ما يتلى عليكم**" (سورۃ المائدہ:۱) اور "**مايتلى عليكم**" کی تفسیر ایک دوسری آیت میں آئی ہے اور وہ یہ ہے: "**حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما اهل لغير الله به**" (سورۃ المائدہ:۳) اور اسی طرح "**والسماء والطارق**" (سورۃ الطارق:۱) کی تفسیر اسی سورت میں "**النجم الثاقب**" آئی ہے اور اسی طرح "**فتلقى آدم من ربه كلمات فتاب عليه**" (سورۃ البقرہ:۳۷) قرآن کریم میں ایک دوسری جگہ ان کلمات کی تفسیر آئی ہے جو حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے سیکھے اور وہ یہ ہے: "**قالا ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين**" (سورۃ الاعراف:۲۳) اسی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

16114

تغفرلنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين﴾(سورة الأعراف:٢٣)ومن الأمثلة أيضا على تفسير القرآن بالقرآن قوله تعالیٰ ﴿انا نزلناه في ليلة مباركة﴾ (سورة الدخان:٣) جاء تفسير الليلة المباركة بأنها ليلة القدر في قوله جل ذكره ﴿انا انزلناه في ليلة القدر﴾ (سورة القدر:١)إلى آخر ما هنالك.

طرح تفسیر القرآن بالقرآن کی مثال ''انا انزلناه فی لیلة مباركة'' ہے لیلہ مبارکہ کی تفسیر لیلۃ القدر سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:''انا انزلناه فی لیلة القدر''الخ

ب. ومثال ما جاء في السنة المطهرة تفسيراً وشرحاً للقرآن أنه ﷺ فسر الظلم بالشرك في قوله سبحانه ﴿الذين آمنوا ولم يلبسوا ايمانهم بظلم أولئك لهم الأمن وهم مهتدون﴾(سورة الأنعام:٨٢) وأيد تفسيره هذا بقوله تعالى ﴿ان الشرك لظلم عظيم﴾(سورة لقمان:١٣).

ب۔ اور سنت مطہرہ میں قرآن کی جو تفسیر وتشریح آئی ہے اس کی مثال یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظلم کی تفسیر شرک سے کی ہے اللہ فرماتا ہے:''الذین امنوا ولم یلبسوا ایمانھم بظلم اولئك لھم الأمن وھم مھتدون''(الانعام۸۲) اور اللہ تعالیٰ کے قول:''ان الشرك لظلم عظيم'' نے آپ کی تفسیر کی تائید کی ہے۔

وفسر ﷺ الحساب اليسير ب (العرض) أى عرض الأعمال على المؤمنين وتذكيره بها فقط وذلك حين قال: ((من نوقش الحساب عذب)) فقالت السيدة عائشه له : يا رسول الله أو ليس قد قال الله تعالى ﴿فأما من أوتى كتابه بيمينه فسوف يحاسب حساباً يسيراً وينقلب الى أهله مسرورا﴾(سورة الانشقاق:٧-٩) فقال ﷺ ((ذلك العرض)) (بياناً للحساب اليسير) وأما من نوقش الحساب عذب. وكتفسيره ﷺ الصلاة الوسطى في قوله تعالیٰ ﴿حافظوا على الصلوات والصلاة الوسطى﴾ (سورة البقرة:٢٣٨) بأنها صلاة العصر.. وتفسير المغضوب عليهم' والضالين في سورة

اور آپ نے حساب یسیر کی تفسیر (العرض) سے کی ہے یعنی مومن پر اعمال کا پیش ہونا اور اس کے ذریعہ ان کو نصیحت کرنا ہے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب آپ نے فرمایا: جس کا کرید کرید کر حساب ہوا اسے عذاب ہوگا تو حضرت عائشہؓ آپ سے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں کہا:''اما من اوتی كتاب بيمينه فسوف يحاسب حسابا يسيرا وينقلب الى اهله مسرورا''(الانشقاق ۷۔۹) آپ نے فرمایا: یہ عرض ہے (حساب یسیر کی وضاحت کیلئے) اور جس کا کرید کرید کر حساب ہوا وہ معذب ہوگا اور ایسے ہی حضور علیہ السلام نے ''حافظوا على الصلوات والصلوٰة الوسطیٰ '' کی تفسیر کی ہے کہ وہ نمازِ عصر ہے اور سورہ فاتحہ میں ''المغضوب عليهم اور ولا الضالين کی تفسیر یہود ونصاریٰ سے کی ہے ایسے ہی حضور علیہ السلام نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاتحة باليهود والنصارى، ومن الأمثلة أيضاً على تفسير النبی ﷺ للآيات الكريمة تفسيره الزيادة فی قوله تعالىٰ ﴿ **للذين أحسنوا الحسنى وزيادة..** ﴾(سورة يونس:٢٦) الآية. فقد فسرها بأنها النظر الی وجه الله الكريم، وكتفسيره ﷺ القوة (بالرمی) فی قوله تعالىٰ: ﴿**واعدوا لهم ما استطعتم من قوة**﴾(سورة الأنفال:٦٠) فقد قال ﷺ ألا ان القوة الرمی، الا ان القوة الرمی. وكتفسير قوله تعالىٰ ﴿**يومئذ تحدث اخبارها**﴾(سورة الزلزلة:٤) قال ﷺ: ((أتدرون ما أخبارها؟ قالوا: الله ورسوله أعلم. قال: ((أن تشهد علی كل عبد أو أمة بما عمل علی ظهرها))، تقول: عملت يوم كذا وكذا، وأمثال هذه التفاسير كثير، وقد جمع (السيوطی) فی كتابه (الاتقان فی علوم القرآن) طائفة كبيرة من التفاسير النبوية فليرجع إليه.

آیات کریمہ کی جو تفسیر کی ہے "**الناس للذين احسنوا الحسنى وزيادہ**" (یونس۳۶) میں زیادہ کی تفسیر اللہ کے چہرہ کا دیدار کرنا ہے اور آپ نے "**واعدوا لهم مااستطعتم من قوة**"(الانفال۶۰) میں قوت کی تفسیر رمی سے کی ہے اور فرمایا ہے: آگاہ رہو قوت سے مراد رمی ہے آگاہ رہو قوت سے مراد رمی ہے، ایسے ہی آپ نے "**يومئذ تحدث اخبارها**" کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ تم جانتے ہو اخبارھا سے کیا مراد ہے؟ صحابہ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا کہ وہ یعنی زمین پر آدمی اور عورت کے متعلق جو کچھ اس نے زمین کی پشت پر کیا شہادت دے گی وہ کہے گی تو نے فلاں دن یوں یوں کیا اور ان تفاسیر کی مثالیں بہت ہیں اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں ان تفاسیر نبویہ کا بہت بڑا حصہ جمع کیا ہے اس کی طرف رجوع کیجئے۔

وكلا هذين القسمين (تفسير القرآن بالقرآن) وتفسير (القرآن بالسنة) لا شك فی أنه أعلى أنواع التفسير، ولا شك فی قبوله، أما الأول فلأن الله تعالىٰ اعلم بمراد نفسه من غيره، وكتاب الله تعالىٰ أصدق الحديث لأنه لا يأتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه. وأما الثانی. فلأن الرسول ﷺ قد بين مهمته القرآن، وذكر أنها مهمة التوضيح والبيان ﴿**وأنزلنا اليك الذكر لتبين للناس ما نزل اليهم**﴾(سورة النحل:٤٤) الآية. فما جاء عن رسول الله ﷺ

اور یہ دونوں تفسیریں (تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القرآن بالسنۃ) بلا شبہ تفسیر کی اعلیٰ انواع میں سے ہیں اور اسکے قبول کرنے میں کوئی شبہ نہیں ہے پہلی تفسیر کے قبول کرنے میں اس لئے شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ دوسروں کی نسبت اپنی مراد کو بہتر سمجھتا ہے اور کتاب اللہ، اصدق الحدیث ہے اس لئے کہ باطل اس کے آگے اور پیچھے راہ نہیں پا سکتا اور دوسری تفسیر کے قبول کرنے میں اس لئے کوئی شک نہیں پایا جاتا کہ رسول اللہ ﷺ کے اہم کاموں کو قرآن کے واضح کر دیا ہے اور بیان کیا ہے کہ آپ کا اہم کام توضیح و بیان ہے۔ "**وانزلنا اليك الذكر لتبين للناس مانزل**

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من شرح أو بيان بسند صحيح ثابت فانه مما لا شك في أنه حق يجب اعتماده.

ج. تفسير الصحابة:

بقى القسم الثالث من اقسام التفسير المأثور ألا وهو (تفسير الصحابة) فانه أيضاً من التفسير المعتمد المقبول، لأن الصحابة رضوان الله عليهم قد اجتمعوا بالرسول ﷺ ونهلوا من معينه الصافي، وشاهدوا الوحي والتنزيل، وعرفوا أسباب النزول، ولهم من صفاء نفوسهم، وسلامة فطرتهم، وعلو منزلتهم في الفصاحة والبيان، ما يؤهلهم من الفهم الصحيح السليم لكلام الله، وما يجعلهم يدركون أسرار هذا القرآن أكثر من أي انسان.

قال الحاكم: (ان تفسير الصحابي الذى شهد الوحي والتنزيل له حكم المرفوع) ومعنى هذا ان تفسير الصحابي له حكم الحديث النبوي الذى رفع الى النبي ﷺ فهو اذاً من المأثور.

وأما التابعي: فقد اختلف في تفسيره، فذهب بعض العلماء الى أنه من المأثور لأنه تلقاه من الصحابة غالباً، ومنهم من قال انه من التفسير بالرأي، أي له حكم بقية المفسرين فسروا حسب قواعد اللغة العربية دون التزام للمأثور.

ملاحظة: التفسير بالمأثور من أجود أنواع

الیھم"۔ (النمل ۴۴) پس جو شرح و بیان ثابت صحیح سند کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی جانب سے آیا ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ حق ہے اس پر اعتماد واجب ہے۔

ج۔ تفسیر صحابہ:

تفسیر ماثور کی اقسام میں سے تیسری قسم باقی رہ گئی اور وہ تفسیر صحابہ ہے یہ بھی اسی طرح معتمد و مقبول تفسیر ہے اس لئے کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم نے رسول اللہ ﷺ پر اتفاق کیا اور آپ کے شفاف چشمہ سے سیراب ہوئے اور انہوں نے وحی و تنزیل کا مشاہدہ کیا اسباب نزول کی معرفت حاصل کی اور انہیں اپنے نفوس کی صفائی فطرت کی سلامتی اور وضاحت و بیان میں علو منزلت کے باعث وہ کچھ حاصل تھا جو انہیں اللہ تعالیٰ کے کلام کے صحیح و سلیم فہم کا اہل بناتا تھا ورانہیں کسی انسان سے بھی زیادہ اس قرآن کے اسرار کا پانے والا بناتا تھا۔

حاکم نے بیان کیا ہے کہ اس صحابی کی تفسیر جس نے وحی وتنزیل کو دیکھا ہے مرفوع کے حکم میں ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ صحابی کی تفسیر کو اس حدیث نبوی کا حکم حاصل ہے جو حضرت نبی کریم ﷺ تک مرفوع ہے اس صورت میں وہ ماثور ہوگی۔

اور تابعی کی تفسیر میں اختلاف کیا گیا ہے بعض علماء کا خیال ہے کہ وہ بھی ماثور میں سے ہے اس لئے اس نے اسے غالباً صحابہؓ سے حاصل کیا ہے اور ان میں سے کچھ لوگوں نے کہا ہے کہ وہ تفسیر بالرائے میں سے ہے یعنی اسے بقیہ مفسرین کا حکم حاصل ہے انہوں نے ماثور کا التزام کئے بغیر لغت عربیہ کے قواعد کے مطابق تفسیر کی ہے۔

نوٹ: تفسیر بالماثور تفسیر کی بہترین انواع میں سے ہے جب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التفسير اذا صح سنده الى الرسول ﷺ أو الى الصحابة. وينبغى التثبت من الرواية عند ذكر التفسير بالمأثور.. قال الحافظ (ابن كثير) رحمه الله: ان اكثر التفسير المأثور قد سرى الى الرواة من زنادقة اليهود والفرس، ومسلمة أهل الكتاب، وجل ذلك فى قصص الرسل مع أقوامهم، وما يتعلق بكتبهم ومعجزاتهم، وفى تاريخ غيرهم كأصحاب الكهف.. الخ. فينبغى اذا التثبت من الرواية.

أسباب ضعف الرواية بالمأثور:

ذكرنا فيما تقدم أن تفسير بعض القرآن ببعض، وتفسير القرآن بالسنة الصحيحة المرفوعة الى النبىﷺ لا شك فى قبوله ولا خلاف فى أنه من أعلى مراتب التفسير، وأما تفسير القرآن بالماثور عن الصحابة والتابعين فانه يتطرق اليه الضعف من وجوه:

أولاً: اختلاط الصحيح بغير الصحيح، ونقل كثير من الأقوال المنسوبة الى الصحابة أو التابعين من غير اسناد ولا تثبت، مما ادى الى التباس الحق بالباطل.

ثانياً: أن تلك الروايات مليئة (بالاسرائيليات) ومنها كثير من الخرافات التى تصادم العقيدة الاسلامية، والتى قام الدليل على بطلانها، وهى مما دخل على المسلمين من أهل الكتاب.

ثالثاً: أن بعض أصحاب المذاهب المتطرفة لفقوا أقوالاً، صنعوا أباطيل نسبوها الى بعض

اس کی سند رسول اللہ ﷺ یا صحابہ کی طرف صحیح ہو تفسیر بالماثور کے ذکر کے وقت روایت کی چھان بین کرنا چاہئے حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ تفسیر ماثور کا اکثر حصہ یہودیوں، ایرانیوں اور مسلمہ اہل کتاب کی طرف چلا گیا ہے اور اس کا بڑا حصہ رسولوں کے اپنی اقوام کے ساتھ واقعات اور ان کی کتابوں اور ان کے معجزات کے بارے میں ہے۔ اور ان کے غیر کی تاریخ جیسے اصحاب کہف کے بارے میں ہے اس صورت میں روایت کی چھان کرنی چاہئے۔

روایت بالماثور کے اسبابِ ضعف:

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القران بالسنۃ الصحیحۃ المرفوعۃ کے قبول کرنے میں کوئی شک نہیں اور نہ ہی اس بارے میں کوئی اختلاف ہے کہ وہ تفسیر کے اعلیٰ مراتب میں سے ہے اور باقی صحابہ اور تابعین سے منقول روایات سے تفسیر تو اس میں کئی وجوہ سے ضعف آ جاتا ہے۔

اول: صحیح کا غیر صحیح سے اختلاط ہونا اور بغیر اسناد اور چھان بین کے صحابہ اور تابعین کی طرف منسوب اقوال کا نقل ہونا حق کے ساتھ باطل کے التباس تک پہنچاتا ہے۔

دوم: یہ روایات اسرائیلیات سے ملی ہوئی ہیں اور ان میں بہت سے خرافات پائی جاتی ہیں جو اسلامی عقیدے سے ٹکراتی ہیں اور ان کے بطلان پر دلیل قائم ہے اور وہ یہ کہ یہ روایات اہل کتاب کی طرف سے مسلمانوں میں داخل کی گئی ہیں۔

سوم: مذاہب کے بعض بے اعتدال لوگوں نے جھوٹے اور باطل اقوال گھڑے اور بعض صحابہ کی طرف منسوب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصحابة مثل (الشيعة) شيعة على المتطرفين نسبوا اليه ما هو منه برىء، ومثل أولئك المتزلفين للعباسيين نسبوا الى (ابن عباس) مالم يصح نسبته اليه، تملقاً للحكام.

کر دیئے جیسے شیعہ۔ حضرت علیؓ کے بے اعتدال پیروکاروں نے آپ کی طرف وہ باتیں منسوب کی ہیں جن سے آپ بری ہیں ایسے ہی عباسیوں کا قرب حاصل کرنے والوں نے حکام کی چاپلوسی کیلئے حضرت ابن عباسؓ کی طرف وہ باتیں منسوب کر دی ہیں جن کی نسبت آپ کی طرف صحیح نہیں ہے۔

رابعاً: أن بعض الزنادقة من أعداء الاسلام دسوا على الصحابة والتابعين كما دسوا على رسول الله ﷺ في الأحاديث النبوية: وذلك بفرض هدم الدين عن طريق (الدس والوضع) فمن هذه الناحية ينبغي الاحتياط والتثبيت والحذر من الأقوال التي تنسب الى الصحابة الكرام أو التابعين.(١)

چہارم: دشمنانِ اسلام میں سے بعض زنادقہ نے صحابہ اور تابعین کے خلاف ایسے ہی سازش کی ہے جیسے انہوں نے احادیث نبویہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کیں اور یہ سازش بناوٹ کے طریق سے دین کو تباہ کرنا تھا اس پہلو سے ان اقوال میں سے جو صحابہ کرام اور تابعین کی طرف منسوب ہیں احتیاط کرنی چاہئے اور ان کی چھان بین کرنی چاہئے۔

رأى الزرقاني في مناهل العرفان:

مناھل العرفان میں زرقانی کی رائے:

وقد ذكر الأستاذ (الزرقاني) في كتابه مناهل العرفان كلاماً حسناً حول التفسير بالمأثور بعد أن ذكر نقولاً عن الامام أحمد رحمه الله، وعن ابن تيمية رحمه الله فقال: (وكلمة الانصاف في هذا الموضوع أن التفسير بالمأثور نوعان:

استاذ زرقانی نے اپنی کتاب مناھل العرفان میں امام احمد رحمہ اللہ اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی نقول کے ذکر کے بعد تفسیر بالماثور کے بارے میں بہت اچھی گفتگو کی ہے۔ (اور اس موضوع کے متعلق انصاف کی بات یہ ہے کہ تفسیر بالماثور کی دو قسمیں ہیں:

www.KitaboSunnat.com

أحدهما: ما توافرت الادلة على صحته وقبوله، وهذا لا يليق بأحد رده، ولا يجوز اهماله واغفاله، ولا يجمل ان نعتبره من الصوارف عن هدى القرآن، بل هو على العكس عامل من أقوى العوامل على الاهتداء بالقرآن.

ایک یہ کہ جس کی صحت وقبول پر وافر دلائل ہوں اور اس کا رد کرنا کسی کو مناسب نہیں اور نہ اس سے اہمال واغفال جائز ہے اور نہ ہی یہ اچھی بات ہے کہ ہم اسے قرآنی ہدایت سے پھیر دینے والی چیز خیال کریں بلکہ یہ اس کے الٹ قرآن سے ہدایت پانے کا قوی ترین عامل ہے۔

ثانيهما: مالم يصح لسبب من الأسباب

دوسرے یہ کہ جب تک وہ اسباب آنفہ یا دیگر اسباب

(١) أنظر كتاب (مناهل العرفان) للزرقاني ص ٤٩١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الآنفة أو غيرها، وهذا يجب رده ولا يجوز قبوله ولا الاشتغال به، ولا يزال كثير من أيقاظ المفسرين كابن كثير يتحرون الصحة فيما ينقلون، ويزيفون ما هو باطل أو ضعيف).

میں سے کسی سبب سے صحیح ثابت نہ ہو تو اس کا رد کرنا واجب ہے اور اس کا قبول کرنا اور اس میں مشغول ہونا جائز نہیں اور ہمیشہ ہی محتاط مفسرین جیسے ابن کثیر وغیرہ۔ جسے وہ نقل کرتے ہیں اس کی صحت کی جستجو کرتے تھے اور جو باطل یا ضعیف ہوتا اس کو باطل وضعیف قرار دیتے ہیں۔

أشهر المفسرين من الصحابه:

قال السيوطي في (الاتقان): (اشتهر بالتفسير من الصحابة عشرة: الخلفاء الأربعة، وابن مسعود، وابن عباس، وأبي بن كعب، وزيد بن ثابت، وأبو موسى الأشعري، وعبدالله بن الزبير... أما الخلفاء فأكثر من روى عنه فهم: (علي بن ابي طالب) كرم الله وجه، والرواية عن الثلاثة قليلة جداً، وكان السبب في ذلك تقدم وفاتهم) انتهى:

وأما السبب في قلة الرواية عن الثلاثة (أبي بكر و عمر وعثمان) فإنما يرجع كما نبه اليه السيوطي الى قصر مدة خلافتهم وتقدم وفاتهم، ومن ناحية أخرى فانهم قد عاشوا في وسط اغلب اهله كانوا علماء بكتاب الله، لأنهم صاحبوا الرسول ﷺ، فكانوا واقفين على أسرار التنزيل عارفين بمعانيه وأحكامه، أما (علي) رضي الله عنه فقد عاش بعد الخلفاء الثلاثه في وقت اتسعت فيه رقعة الاسلام، ودخل كثير من العجم في الدين الجديد، ونشأ جيل من أبناء الصحابة كانوا بحاجة الى دراسة القرآن، وتفهم أسراره وحكمه، ولذلك اشتهرت الرواية عنه أكثر

مشہور مفسر صحابہؓ:

سیوطی نے اتقان میں بیان کیا ہے کہ صحابہ میں سے دس صحابہ نے تفسیر میں شہرت پائی ہے۔ خلفاء اربعہ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابن عباسؓ، حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم...... خلفاء میں سے سب سے زیادہ روایات حضرت علیؓ بن ابی طالب کی ہیں اور باقی خلفائے ثلاثہ کی بہت کم روایات ہیں اور اس کا سبب ان کا پہلے وفات پا جانا ہے اور خلفائے ثلاثہ سے قلت روایت کا سبب یہ ہے کہ جیسا کہ سیوطی نے بیان کیا ہے ان کی مدت خلافت کا کم ہونا اور ان کی وفات کا پہلے ہونا ہے اور دوسرے پہلو سے ان کا ان لوگوں کے درمیان زندگی گزارنا ہے جن میں سے اکثر لوگ کتاب اللہ کے عالم تھے اس لئے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی مصاحبت کی تھی اور وہ اسرار تنزل کے واقف اور اس کے احکام ومعانی کے عارف تھے اور حضرت علیؓ خلفائے ثلاثہ کے بعد ایسے وقت میں زندہ رہے جس میں اسلام کا علاقہ وسیع ہو گیا اور بہت سے عجمی، دین مدید میں داخل ہو گئے اور صحابہ کے بیٹوں میں سے ایک نسل پروان چڑھی جسے قرآن کے پڑھنے اور اس کے اسرار وحکم کی تفہیم کی ضرورت تھی اس لئے بقیہ خلفائے راشدین کی نسبت ان کی روایت زیادہ شہرت پا گئی اور ہم اب بعض ان صحابہ کی تفصیل بیان کریں گے جنہوں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من بقية الخلفاء الراشدين. وسنتكلم بشيء من التفصيل عن بعض هؤلاء الصحابة الذين اشتهروا بتفسير القرآن.

١– عبدالله بن عباسؓ:

عبدالله بن العباس رضي الله عنهما حبر هذه الأمة، وهو ابن عم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الذي دعا له الرسول الكريم بقوله: ((اللهم فقهه في الدين وعلمه التأويل)) وهو المسمى ب (ترجمان القرآن). قال عبدالله بن مسعود: (نعم ترجمان القرآن عبدالله بن عباس). كان أعلم الصحابة بتفسير القرآن الكريم، وقد شهد له بالفضل. وهو شاب في عنفوان الصبا. كبار الصحابة حتى كان ينافسهم وينتزع اعجابهم مع حداثة سنه، وكان عمر رضي الله عنه يدخله الى مجلس الشورى مع كبار الصحابة الأجلاء يستشيرهم، وربما عرض الأمر عليه، وكان تقدير عمر لابن عباس مثار جدل عند بعض الصحابة، حتى قال بعضهم: لم يدخل هذا الشاب معنا وعندنا من الأولاد من هو أكبر منه سناً.. وله قصة رواها البخاري في صحيحه تدل على غزارة علمه، وعلو شأنه في الغوص على دقائق أسرار القرآن.

رواية البخاري:

روى البخاري من طريق (سعيد بن جبير)

نے تفسیر قرآن میں شہرت پائی۔

١–حضرت عبداللہ بن عباسؓ:

آپ اس امت کے عالم اور رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا زاد ہیں جن کے لئے رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی۔ اللھم فقھہ فی الدین وعلمہ التاویل۔ ترجمہ: اے اللہ اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور اسے تاویل سکھا۔ آپ کو ترجمان القرآن کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا (عبداللہ بن عباسؓ کیا ہی اچھا ترجمان القرآن ہے) آپ صحابہ میں سے قرآن کریم کی تفسیر کے بڑے عالم تھے اور کبار صحابہ نے آپ کی فضیلت کی گواہی دی ہے۔ حالانکہ آپ نوعمر جوان تھے۔ حتیٰ کہ آپ نوعمری کے باوجود ان سے مقابلہ کرتے اور ان کی خود پسندی کو دور کر دیتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جلیل القدر کبار صحابہ کے ساتھ آپ کو مجلس شوریٰ میں شامل کرتے تھے اور ان سے مشورہ لیتے تھے اور بسا اوقات آپ ان پر معاملے کو پیش کرتے اور حضرت عمرؓ کا حضرت ابن عباسؓ کی قدر دانی کرنا بعض صحابہ کے نزدیک جھگڑا پیدا کرنے کا موجب بن جاتا حتیٰ کہ بعض صحابہ نے آپ سے کہا اس نوجوان کو ہمارے ساتھ شامل نہ کیجئے ہمارے بیٹے اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور بخاری نے آپ کے ایک واقعہ کو اپنی صحیح میں بیان کیا ہے جو آپ کی غزارت علم اور اسرار قرآن کے دقائق میں آپ کی غوطہ زنی کی علوشان پر دلالت کرتا ہے بیان کیا ہے۔

بخاری کی روایت:

بخاری نے سعید بن جبیرؒ کے طریق سے بحوالہ ابن

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: كان عمر يدخلنی مع أشياخ بدر، فكان بعضهم وجد فی نفسه، فقالوا: لم يدخل هذا معنا وان لنا أبناء مثله؟ فقال عمر: انه ممن علمتم (يعنی انه من عرفتم ذكاء وعلمه) فدعاهم ذات يوم فأدخلنی معهم، فما رأيت أنه دعانی فيهم يومئذ الا ليريهم.! فقال: ما تقولون فی قول الله تعالیٰ ﴿اذا جاء نصر الله والفتح ﴾ (سورة النصر:١)... فقال بعضهم: أمرنا أن نحمد الله ونستغفره اذا نصرنا وفتح علينا، وسكت بعضهم فلم يقل شيئاً، فقال لی: أكذلك تقول: ابن عباس؟ فقلت: لا، فقال: ما تقول؟ فقلت: هو أجل رسول الله صلی الله عليه وسلم أعلمه له، قال: اذا جاء نصر الله والفتح، فذلك علامة أجلك، فسبح بحمد ربك واستغفره انه كان تواباً، فقال عمر. والله لا اعلم منها الا ما تقول[١]. فهذه القصة تدل علی مدی قوة فهمه، ودقة رأيه فی استنباط الارشادات القرآنية التی لا يدركها الا الراسخون فی العلم.. ولا عجب أنه ينال ابن عباس تلك الرتبة الرفيعة فی فهم أسرار القرآن، فقد دعا له الرسول صلی الله عليه وسلم بالفهم والفقة فی الدين كما روی الشيخان عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: ضمنی رسول الله الی صدره وقال: ((اللهمّ فقهه فی الدين وعلمه التأويل))، وفی رواية ((اللهمّ علمه

عباسؓ روایت کی ہے کہ حضرت عمرؓ مجھے اشیاخ بدر میں شامل کیا کرتے تھے اور بعض نے گویا اس سے دکھ محسوس کیا اور انہوں نے کہا اسے ہمارے ساتھ شامل نہ کیا جائے کیونکہ اس جیسے ہمارے بیٹے بھی ہیں؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ ان لوگوں میں سے ہے جس کے علم و ذکاء کو تم جانتے ہو' سو ایک روز آپ نے ان کو بلایا اور مجھے بھی ان کے ساتھ داخل کیا اور اس روز آپ نے ان کو دکھانے کے لیے مجھے بلایا آپ نے پوچھا آپ لوگ اللہ تعالیٰ کے قول **اذا جاء نصر الله والفتح** کے بارے میں کیا کہتے ہیں بعض نے کہا ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ جب وہ ہماری مدد کرے اور فتح دے تو ہم اس کی حمد کریں اور اس سے بخشش طلب کریں اور بعض خاموش رہے اور انہوں نے کچھ نہ کہا آپ نے مجھے فرمایا اے ابن عباسؓ کیا تم بھی یہی کہتے ہو میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو کیا کہتا ہے میں نے کہا اس سے رسول اللہ ﷺ کی موت مراد ہے جسے اللہ نے آپ کو بتایا اور فرمایا جب اللہ کی مدد اور فتح آئے تو یہ آپ کی اجل کی علامت ہوگی پس تو اپنے رب کی حمد کر اور اس سے بخشش طلب کر بلاشبہ وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا قسم بخدا میں بھی اس بارے میں وہی بات سمجھتا ہوں جو تو نے کہی ہے یہ واقعہ آپ کی قوت فہم کی غایت اور ان ارشادات قرآنیہ کے استنباط (جنہیں راسخون فی العلم ہی پاسکتے ہیں) میں آپ کی دقت رائے پر دلالت کرتا ہے اور اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ حضرت ابن عباسؓ اسرار قرآن کے فہم میں اس رتبہ عالیہ کو حاصل کرلیں۔ رسول اللہ ﷺ نے دین میں ان کے فہم و تفقہ کی دعا کی ہے جیسا کہ شیخین نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی

(١) أنظر: صحيح البخاری، باب فضائل الصحابة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحكمة)).. وكان (ابن عباس) يسمى البحر لكثرة علمه.

ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنے سینے کے ساتھ لگایا اور فرمایا: اے اللہ اسے دین کی سمجھ عطا کر اور اسے تاویل سکھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اے اللہ اسے حکمت سکھا دے۔ اور حضرت ابن عباسؓ کو آپ کے کثرت علم کی وجہ سے علم کا سمندر کہا جاتا تھا۔

روى أن رجلاً أتى (عبدالله بن عمر) يسأله عن السموات والأرض (كانتا رتقاً ففتقناهما) فقال: اذهب الى ابن عباس فاسأله ثم تعال فأخبرني! فذهب فسأله فقال: كانت السموات رتقاً لا تمطر، وكانت الأرض رتقاً لا تنبت، ففتق هذه بالمطر، وهذه بالنبات، فرجع الى ابن عمر فأخبره فقال: قد كنت أقول ما يعجبني جراءة ابن عباس على تفسير القرآن، فالآن، فالآن قد علمت أنه أوتي علماً.

روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس آسمانوں اور زمین کے متعلق پوچھتے ہے کہ وہ (**كانتا رتقاً ففتقناهما**) دونوں جڑے ہوئے تھے ہم نے انہیں کھول دیا حضرت عبداللہؓ نے کہا حضرت ابن عباس کے پاس جا اور ان سے پوچھ پھر آ کر مجھے بتا۔ وہ آدمی گیا اور اس نے آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا: آسمان جڑے ہوئے تھے بارش نہیں برساتے تھے اور زمین بھی جڑی ہوئی تھی۔ اگاتی نہیں تھی پس (آسمان) بارش سے پھٹ گیا اور یہ (زمین) نباتات سے پھٹ گئی اس شخص نے حضرت ابن عمرؓ کے پاس واپس آ کر آپ کو بتایا تو آپ نے کہا میں کہا کرتا تھا کہ تفسیر قرآن پر ابن عباس کی جرأت مجھے حیرت میں ڈالتی ہے اب مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ اسے علم دیا گیا ہے۔

وروى أن عمر بن الخطاب قال يوماً لأصحاب النبى ﷺ فيمن ترون هذه الآية نزلت ﴿**أيود أحدكم أن تكون له جنة من نخيل واعناب..**﴾(سورة البقرة:٢٦٦) الآية. قالوا: الله أعلم فغضب عمر، فقال: قولوا: نعلم أولا نعلم، فقال ابن عباس: فى نفسى منها شيء فقال: يا ابن أخى قل ولا تحقر نفسك!! قال ابن عباس، ضربت مثلاً لعمل، فقال عمر: أى عمل؟ قال ابن عباس: لرجل غنى يعمل بطاعة الله ثم

روایت ہے کہ ایک روز حضرت عمر بن الخطابؓ نے حضرت نبی کریم ﷺ کے صحابہ سے فرمایا آپ لوگوں کے خیال میں یہ آیت **أيود أحدكم أن تكون له جنة من نخيل واعناب..** (سورۃ البقرہ:۲۶۶) کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے انہوں نے کہا اللہ ہی بہتر جانتا ہے تو حضرت عمر غضبناک ہو گئے اور فرمایا کہو ہم جانتے ہیں یا نہیں جانتے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میرے دل میں اس کے متعلق کچھ بات تھی حضرت عمرؓ نے فرمایا اے میرے بھتیجے کہہ اور اپنے آپ کو حقیر خیال نہ کر۔ حضرت ابن عباسؓ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعث له الشيطان فعمل بالمعاصي حتى أغرق أعماله. ((رواه البخاري)).

نے کہا۔عمل کے لیے مثال بیان کی گئی ہے حضرت عمرؓ نے پوچھا کون سا عمل؟ حضرت ابن عباسؓ نے کہا مالدار شخص کے لیے جو اللہ کی اطاعت کے لیے کام کرتا ہے پھر شیطان اسے برانگیختہ کرتا ہے تو وہ گناہ کرنے لگتا ہے حتیٰ کہ اپنے اعمال کو غرق کر دیتا ہے اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

كل هذه وأمثاله كثير يدل على مبلغ علم ابن عِباس وفهمه الثاقب منذ حداثة سنه، ولهذا أصبح في مصاف كبار شيوخ الصحابة، وأصبح يدعى حبر الأمة بشهادة الصحابة أنفسهم.

یہ سب اور اس کی بہت سی مثالیں حضرت ابن عباس کی نوعمری سے ہی آپ کے مبلغ علم اور فہم ثاقب پر دلالت کرتی ہیں اس لئے آپ کبار شیوخ صحابہ کے میدان میں ہو گئے ہیں اور خود صحابہ کی شہادت سے آپ کو حبر الأمة یعنی امت کا سب سے بڑا عالم کہا جانے لگا ہے۔

شيوخ ابن عباس:

ومن شيوخ ابن عباس الذين استقى منهم علومه بعد رسول الله ﷺ، وكان لهم أبرز الأثر في توجيهه وثقافته (عمر بن الخطاب، وأبي بن كعب، وعلي بن أبي طالب، وزيد بن ثابت) وهؤلاء الخمسة هم أهم شيوخه الذين أخذ عنهم أكثر علمه وتلقى منهم معظم ثقافته، وكان لهم أثر في توجيهه تلك الوجهة العلمية الدقيقة.

حضرت ابن عباسؓ کے شیوخ:

رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابن عباسؓ نے جن شیوخ سے اپنے علوم حاصل کئے اور آپ کی تعلیم و تربیت میں ان کا نمایاں اثر تھا وہ حضرت عمر بن الخطاب، حضرت ابی بن کعب، حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم تھے اور یہی پانچوں آپ کے اہم شیوخ ہیں جن سے آپ نے اپنا اکثر علم حاصل کیا اور اپنی تعلیم کا بڑا حصہ ان سے حاصل کیا اور اس دقیق علمی جانب کی اصلاح میں ان کا اثر تھا۔

تلامذة ابن عباس:

تلقى العلم عن ابن عباس عدد كبير من التابعين كان من أشهرهم تلامذته المشهورون الذين نقلوا تفسيره وعلمه الغزيه وهم: (سعيد بن جبير، ومجاهد بن جبر الخزرمي، وطاووس بن كيسان اليماني، وعكرمة مولى ابن عباس، وعطاء بن أبي رباح) وهؤلاء هم أظهر تلامذة الذين نقلوا مدرسة ابن عباس في التفسير إلينا

حضرت ابن عباسؓ کے تلامذہ:

تابعین کی ایک بڑی تعداد نے حضرت ابن عباس سے علم حاصل کیا ہے آپ کے مشہور تلامذہ میں سے جنہوں نے آپ کی تفسیر اور آپ کے علم کثیر کو نقل کیا وہ سعید بن جبیر، مجاہد بن جبیر الخزرمی، طاؤس بن کیسان یمانی، عکرمہ مولیٰ ابن عباس، عطاء بن ابی رباح رحمہم اللہ تعالیٰ ہیں اور یہ وہ نمایاں تلامذہ ہیں جنہوں نے تفسیر کے بارے میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کے دروس کو ہماری طرف منتقل کیا ہے۔اللہ سب سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضی الله عنه جمیعاً.

٢- عبدالله بن مسعود:

ومن أعلام الصحابة الذین اشتهروا بالتفسیر. ونقلوا لنا آثار الرسول وأقواله (عبدالله بن مسعود) رضی الله عنه، فقد کان من السابقین الی الاسلام، وکان سادس ستة ما علی وجه الأرض مسلم سواهم، وکان خادم رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یلبسه نعلیه، ویمشی معه وأمامه، فکان له من هذه الصلة النبویة خیر مثقف ومؤدب، لذلك عدّوه من أعلم الصحابة بکتاب الله، ومعرفة محکمه ومتشابهه، وحلاله وحرامه، قال السیوطی. قد روی عن ابن مسعود فی التفسیر أکثر مما روی عن علی کرم الله وجهه. روی الشیخان عنه أنه قال: (والذی لا إله غیره ما نزلت سورة من کتاب الله تعالیٰ إلا وأنا أعلم أین أنزلت، ولا أنزلت آیة من کتاب الله تعالیٰ إلا وأنا أعلم فیم أنزلت، ولو أعلم أحداً أعلم منی بکتاب الله تبلغه الابل لرکبت إلیه..) روی عنه کثیر من التابعین.

راضی ہو۔

٢-حضرت عبداللہ بن مسعودؓ:

آپ ان سردار صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے تفسیر میں شہرت پائی اور ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ کے اقوال وآثار کو نقل کیا آپ اسلام کی طرف سبقت لے جانے والوں میں سے ہیں آپ چھ سال کے تھے اور سطح زمین پر ان کے سوا کوئی مسلمان نہ تھا آپ رسول ﷺ کے خادم تھے آپ حضور علیہ السلام کو آپ کے جوتے پہناتے تھے اور کبھی آپ کے ساتھ اور کبھی آپ کے آگے آگے چلتے تھے اور اس نبوی تعلق سے آپ بہترین مہذب ومودب تھے اسی لئے انہوں نے آپ کو کتاب اللہ اور اس کے محکم ومتشابہ اور اس کے حلال وحرام کی معرفت میں اعلم صحابہ میں شمار کیا گیا ہے سیوطی نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ سے تفسیر میں حضرت علی بن ابی طالب سے بھی زیادہ روایت کی گئی ہے۔ شیخین نے آپ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کتاب اللہ میں جو سورت بھی نازل ہوئی ہے جانتا ہوں کہ وہ کہاں نازل ہوئی ہے اور کتاب اللہ میں جو آیت بھی نازل ہوئی ہے میں جانتا ہوں کہ وہ کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اگر میں کسی کو جانتا کہ وہ مجھ سے کتاب اللہ کا زیادہ عالم ہے اور اونٹ اس تک مجھے پہنچا سکتے ہیں تو میں سوار ہو کر اس کے پاس جاتا۔ آپ سے بہت سے تابعین نے روایت کی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل السادس

المفسرون من التابعين

اذا ذكر المفسرون من التابعين فانهم يعتبرون كثرة كثيرة' ويعدون في العدد أكثر من الصحابة' ذلك لأن الذين اشتهروا بالتفسير من الصحابة لا يزيدون على عشرة. كما ذكر ذلك السيوطي في كتابه الاتقان. وقد تقدم معنا أسماؤهم' وذكرنا نبذة عن ترجمة مشاهيرهم' أما التابعون فقد كثرفيهم المفسرون' واشتهروا شهرة واسعة' ونبغ فيهم رجال أفذاذ' اعتنوا عناية كبيرة بتفسير كتاب الله تعالى وعنهم نقل المفسرون معظم الآراء' وقد انقسموا إلى طبقات ثلاث:

١- طبقة أهل مكة.

٢- طبقة أهل المدينة.

٣- طبقة أهل العراق.

ا- أما الطبقة الأولى:

وهي طبقة اهل مكة' فقد أخذوا علومهم' من شيخ المفسرين' وترجمان القرآن' سيدنا عبدالله بن عباس رضى الله عنه وأرضاه' وقد نقل السيوطي عن ابن تيمية رحمه الله أنه قال: (أعلم الناس بالتفسير أهل مكة' لأنهم أصحاب عبدالله بن عباس) . وقد اشتهر فيهم عدد كبير' وظهر فيهم رجال أفذاذ' على رأسهم (مجاهد' وعطاء'

چھٹی فصل

مفسر تابعین

جب تابعین میں سے مفسرین کا ذکر کیا جائے گا تو وہ بہت سے ہوں گے اور صحابہ سے بھی زیادہ تعداد میں ہوں گے اس لئے کہ صحابہ میں سے جن لوگوں نے تفسیر میں شہرت پائی وہ دس سے زیادہ نہ ہوں گے جیسا کہ سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں بیان کیا ہے اور قبل ازیں ان کے نام بیان ہو چکے ہیں اور ہم نے ان کے مشاہیر کے مختصر سوانح کا ذکر کیا ہے اور تابعین میں بہت مفسر ہوئے ہیں اور انہوں نے بڑی شہرت پائی ہے اور ان میں یگانہ فائق لوگ ہوئے ہیں جنہوں نے کتاب اللہ کی تفسیر کا بڑا اہتمام کیا ہے اور مفسرین نے ان سے آراء کا بڑا حصہ روایت کیا ہے اور وہ تین طبقات میں تقسیم ہوئے ہیں۔

ا۔ اہل مکہ کا طبقہ

۲۔ اہل مدینہ کا طبقہ

۳۔ اہل عراق کا طبقہ

ا۔ پہلا طبقہ:

اہل مکہ کا طبقہ ہے انہوں نے اپنے علوم شیخ المفسرین ترجمان القرآن سیدنا حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حاصل کئے ہیں اور سیوطی نے ابن تیمیہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اہل مکہ سب لوگوں سے زیادہ تفسیر کو جانتے ہیں اس لئے کہ وہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے اصحاب ہیں اور ان میں سے بڑی تعداد نے شہرت پائی ہے اور ان میں یگانہ لوگ ہوئے ہیں ان کے سرکردہ مجاہد' عطاء' عکرمہ' طاؤس اور سعید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وعكرمة، وطاووس وسعيد بن جبير) وسنعرض بترجمة موجزة لحياة هؤلاء العلماء الاعلام.

بن جبیر ہیں اور ہم ان بڑے علماء کی زندگی کے مختصر سوانح بیان کریں گے۔

(مجاهد بن جبر):

حضرت مجاہد بن جبرؒ:

أما مجاهد: فقد ولد سنة ٢١ وتوفى سنة ١٠٣ هجرية، وهو مجاهد بن جبر، وكنيته (أبو الحجاج) المكى كان من أشهر العلماء فى التفسير، قال عنه الذهبى: ((شيخ القراء والمفسرين بلا مراء، أخذ التفسير عن ابن عباس)).(١)

آپ ۲۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۳ھ میں وفات پائی آپ مجاہد بن جبر ہیں اور آپ کی کنیت ابوالحجاج مکی ہے آپ تفسیر کے مشہور علماء میں سے ہیں ذہبی نے آپ کے متعلق بیان کیا ہے کہ آپ بلا نزاع شیخ القراء والمفسرین ہیں اور آپ نے حضرت ابن عباس سے تفسیر سیکھی ہے۔

وكان من أخص تلامذته، ومن أوثق من روى عنه، ولهذا يعتمد البخارى كثيراً على تفسيره كما يعتمد كثير من المفسرين على روايته، تنقل فى الأسفار، واستقر فى الكوفة، وكان لا يسمع بأعجوبة إلا ذهب فنظر إليها.

اور آپ ابن عباسؓ کے خاص تلامذہ میں سے تھے اور جن لوگوں نے ان سے روایت کی ہے ان میں سے زیادہ ثقہ تھے اسی لئے امام بخاری آپ کی تفسیر پر بڑا اعتماد کرتے ہیں ایسے ہی بہت سے مفسرین بھی آپ کی روایت پر اعتماد کرتے ہیں آپ اسفار میں نقل مکانی کرتے رہے اور کوفہ میں ٹک گئے اور آپ جس عجیب چیز کے متعلق سنتے اسے جا کر دیکھتے۔

تلقى مجاهد تفسير كتاب الله عن شيخه الجليل (ابن عباس) وقرأه عليه قراءة تفهم وتدبر، ووقوف عند كل آية من آيات القرآن، يسأله عن معناها، ويستفسره عن أسرارها، روى الفضيل بن ميمون عن مجاهد أنه قال:

((عرضت القرآن على ابن عباس ثلاث عرضت، أقف عند كل آية منه أسأله عنها: فيما أنزلت؟ وكيف أنزلت))؟.

وهذا العرض من (مجاهد) رضى الله عنه على شيخه الجليل انما كان طلباً لتفسير ومعرفة

مجاہد نے کتاب اللہ کی تفسیر اپنے شیخ ابن عباسؓ سے سیکھی اور اسے آپ کو سنایا اور فہم و تدبر کیا اور قرآن کی ہر آیت پر واقفیت حاصل کی آپ حضرت ابن عباسؓ سے آیت کے معنی پوچھتے اور اس کے اسرار کے متعلق آپ سے استفسار کرتے، فضیل بن میمون نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ: میں نے قرآن کریم کو حضرت ابن عباسؓ پر تین بار پیش کیا میں اس کی ہر آیت پر ٹھہرتا اور اس کے بارے میں آپ سے پوچھتا کہ وہ کس بارے میں نازل ہوئی ہے اور کیسے نازل ہوئی ہے اور مجاہد کی طرف سے اپنے جلیل القدر شیخ پر یہ پیشی آپ کی تفسیر کی طلب اور آپ کے اسرار و دقائق کی

(١) أنظر الأعلام، ج٦، ص١٦١

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أسراره ودقائقه، وتفهم حكمه وأحكامه، ولهذا قال الامام النووی رحمه الله :

((اذا جاء ك التفسير عن مجاهد فحسبك به)) أى يكفى هذا التفسير ويغنى عن غيره من التفاسير اذا كان روايه الإمام مجاهد.

معرفت اور آپ کے حکم واحکام کے تفہم کیلئے تھی اسی لئے امام نووی نے کہا ہے کہ: جب مجاہد کی طرف سے تیرے پاس تفسیر آئے تو وہ تجھے کافی ہوگی اور تجھے دوسری تفاسیر سے بے نیاز کردے گی جب اس کا راوی مجاہد ہو۔

(عطاء بن أبي رباحؒ):

وأما عطاء بن أبي رباح: فقد ولد سنة ٢٧ هجرية وتوفي سنة ١١٤ هجرية نشأ بمكة وكان مفتى أهلها ومحدثهم، وهو تابعى من أجلاء الفقهاء، وكان ثبتاً ثقةً فى الرواية عن ابن عباس.[1] قال عنه الإمام الأعظم أبو حنيفة النعمان: ما لقيت أحداً أفضل من عطاء بن أبي رباح.وقال قتادة: أعلم التابعين أربعة: عطاء بن أبي رباح أعلمهم بالمناسك، وسعيد بن جبير أعلمهم بالتفسير.. الخ.توفي رضى الله عنه بمكة ودفن فيها عن (٨٧) سبع وثمانين سنة.

حضرت عطاء بن ابی رباحؒ:

آپ ۲۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۴ھ میں وفات پائی۔ آپ مکہ میں پروان چڑھے آپ اہل مکہ کے مفتی اور محدث تھے آپ تابعی ہیں اور جلیل القدر فقہاء میں سے ہیں اور آپ حضرت ابن عباسؓ سے روایت میں ثبت اور ثقہ ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ نے آپ کے متعلق فرمایا کہ میں عطاء بن ابی رباح سے افضل کسی آدمی کو نہیں ملا اور قتادہ نے بیان کیا ہے کہ اعلم التابعین چار ہیں۔ عطاء بن ابی رباح ان سب سے بڑھ کر مناسک کو جاننے والے ہیں اور سعید بن جبیر ان سب سے بڑھ کر تفسیر کا علم رکھتے ہیں آپ نے مکہ میں وفات پائی اور ۸۷ سال کی عمر میں وہاں دفن ہوئے۔

(عكرمة مولى ابن عباس):

وأما عكرمة: فقد ولد سنة ٢٥ هجرية وتوفي سنة ١٠٥ هجرية قال عنه الامام الشافعي رحمه الله: ما بقي أحد أعلم بكتاب الله من عكرمة. وهو مولى ابن عباس رضى الله عنه، تلقى علمه على ابن عباس، وأخذ عنه القرآن والسنة، وكان رضى الله عنه يقول: لقد فسرت ما بين اللوحين[2] وكل شيء أحدثكم فى القرآن

حضرت عکرمہ مولی ابن عباسؓ:

آپ ۲۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۵ھ میں وفات پائی امام شافعیؒ نے آپ کے بارے میں فرمایا ہے کہ عکرمہ سے بڑھ کر کتاب اللہ کا علم رکھنے والا باقی نہیں رہا آپ حضرت ابن عباسؓ کے غلام تھے آپ نے حضرت ابن عباسؓ سے اپنا علم پایا اور آپ سے قرآن وسنت کو سیکھا اور آپ فرمایا کرتے تھے جو کچھ دو جلدوں کے درمیان ہے میں نے اس کی تفسیر کر دی ہے اور قرآن کے بارے میں جو کچھ میں تم سے بیان

(١) الأعلام للزركلي، ج٥، ص٢٩.

(٢) يريد باللحوين: ما بين دفتي المصحف.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فهو عن ابن عباس.

جاء في تعريفة في كتاب الأعلام ما يلي:

((عكرمة بن عبدالله البريرى المدنى' أبو عبدالله' مولى عبدالله بن عباس' تابعى' كان من أعلم الناس بالتفسير والمغازى' طاف البلدان' وروى عنه زهاء ثلاثمائة رجل' منهم أكثر من سبعين تابعياً' وخرج إلى بلاد المغرب' فأخذ عن أهلها ثم عاد الى المدينة المنورة' فطلبه أميرها فتغيّب عنه حتى مات' وكانت وفاته بالمدينة هو والشاعر المشهور (كثيّر عزة) في يوم واحد فقيل: مات أعلم الناس' وأشعر الناس(۱).

(طاووس بن كيسان اليمانيؒ):

وأما طاووس: فقد ولد سنة ۳۳ هجرية وتوفى سنة ۱۰۶ هجرية: وهو (طاووس بن كيسان اليمانى) اشتهر بتفسير كتاب الله تعالى' وكان آية فى الحفظ والنبوغ والذكاء' وآية فى الورع والتقشف والصلاح' ادرك من الصحابة نحو (۵۰) خمسين صحابياً' وتلقى العلم عنه خلق كثير' وقد كان عابداً زاهداً' ورد أنه حج بيت الله الحرام أربعين مرة' وكان مستجاب الدعوة' قال فيه ابن عباس: انى لأظن طاووسا من أهل الجنة.

جاء فى تعريفه فى كتاب الأعلام ما يلى:

((طاووس بن كيسان الخولانى الهمدانى'

کروں وہ حضرت ابن عباسؓ کی طرف سے ہوگا' کتاب الاعلام میں آپ کی تعریف میں درج ذیل بیان آیا ہے۔

عکرمہ بن عبداللہ بریری مدنی ابوعبداللہ مولی عبداللہ بن عباس' تابعی تفسیر و مغازی کو سب لوگوں سے زیادہ جانتے تھے آپ شہروں میں گھومے اور آپ سے تقریبا تین سو آدمیوں نے روایت کی ہے ان میں سے ستر سے زیادہ تابعی ہیں آپ بلاد مغرب کی طرف گئے اور وہاں کے باشندوں سے آپ نے علم حاصل کیا پھر مدینہ منورہ واپس آ گئے مدینہ کے امیر نے آپ کو طلب کیا تو آپ اس سے پوشیدہ ہو گئے حتی کہ فوت ہو گئے آپ کی وفات مدینہ میں ہوئی آپ اور مشہور شاعر کثیر عزۃ ایک ہی دن میں فوت ہوئے لوگوں نے کہا ''اعلم الناس اور اشعر الناس فوت ہو گئے۔

حضرت طاووس بن کیسان یمانیؒ:

آپ ۳۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۶ھ میں وفات پائی آپ نے کتاب اللہ کی تفسیر میں شہرت پائی آپ حفظ و ذکاء اور فصاحت میں ایک نشان تھے اور تقویٰ اور خوف خدا اور صلاح میں بھی ایک علامت تھے آپ نے پچاس کے قریب صحابہ کو پایا اور خلق کثیر نے آپ سے علم حاصل کیا آپ زاہد و عابد تھے آپ نے بیت اللہ کے چالیس حج کئے آپ مستجاب الدعوۃ تھے حضرت ابن عباسؓ نے آپ کے متعلق فرمایا ہے کہ میرا یقین ہے کہ طاووس اہل جنت میں سے ہیں۔

کتاب الاعلام میں آپ کی تعریف میں درج ذیل عبارت آئی ہے۔''طاووس بن کیسان الخولانی ہمدانی' ابو

(۱) الأعلام للزركلي ج۵' ص۴۳.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أبو عبدالرحمن، من أكابر التابعين تفقها في الدين، ورواية للحديث، وتقشفاً في العيش، وجرأة على وعظ الخلفاء والملوك، أصله من الفرس، ومولده ومنشأه باليمن توفي حاجاً بالمزدلفة، وكان (هشام بن عبدالملك) حاجاً تلك السنة فصلى عليه وكان يأبى القرب من الملوك والأمراء، قال ابن عيينة: متجنبوا السلطان ثلاثة: أبو ذر، وطاووس، والثوري))[1].

عبدالرحمٰن، آپ روایت حدیث تفقہ فی الدین تنگدستی اور خلفاء وملوک کو وعظ کی جرأت کرنے میں اکابر تابعین میں سے تھے۔ اصلاً ایرانی تھے اور آپ کا مولد ومقام تربیت منشاء یمن ہے مزدلفہ میں حج کرتے ہوئے فوت ہوئے، ہشام بن عبدالملک بھی اس سال حج کر رہا تھا اس نے آپ کا جنازہ پڑھایا آپ ملوک و أمراء۔ کے قرب کو ناپسند کرتے تھے ابن عیینہ نے بیان کیا ہے کہ بادشاہ سے اجتناب کرنے والے تین ہیں۔ ابوذر، طاؤس اور ثوری۔

(سعيد بن جبير):

وأما سعيد بن جبير: فقد ولد سنة ٤٥ هجرية وتوفي سنة ٩٤ هجرية، وهو من أكابر التابعين علماً وورعاً، وقد اشتهر بتفسير كتاب الله عزوجل وكان طوداً شامخاً، وعلماً لامعاً، تناقل علمه الرجال، وسرت بذكره الركبان وقد قال (سفيان الثوري): خذوا التفسير عن أربعة: عن سعيد بن جبير، ومجاهد، وعكرمة، والضحاك، وقال (قتادة): كان سعيد بن جبير أعلمهم بالتفسير[2].

كان آية في الحفظ، يحفظ ما يسمع، وقد شهد له ابن عباس بالحفظ حتى قال له: ((انظر كيف تحدث عني فإنك قد حفظت عني حديثاً كثيراً)).

وكان ابن عباس بعد أن فقد بصره اذا أتاه أهل الكوفة يسألونه قال: تسألوني وفيكم ابن ام

حضرت سعید بن جبیرؒ:

سعید بن جبیر ۴۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۹۴ھ میں وفات پائی، آپ علم وورع میں اکابر تابعین میں سے تھے اور کتاب اللہ کی تفسیر میں شہرت پائی آپ بلند پہاڑ اور چمکدار جھنڈے تھے آپ کے علم کو بہت سے لوگوں نے روایت کیا اور بہت سے سوار آپ کے ذکر کو لے کر چلے، سفیان ثوری نے بیان کیا ہے کہ چار آدمیوں سے تفسیر سیکھو سعید بن جبیر، مجاہد، عکرمہ اور ضحاک سے...... اور قتادہ نے بیان کیا ہے کہ سعید بن جبیر، علم تفسیر میں ان سب سے زیادہ عالم تھے آپ حفظ میں ایک نشان تھے جو سنتے تھے حفظ کر لیتے تھے حضرت ابن عباسؓ نے آپ کے حفظ کی شہادت دی ہے حتی کہ آپ نے ان سے فرمایا میں دیکھتا ہوں آپ مجھ سے کیسے روایت کرتے ہیں آپ نے مجھ سے بہت سی احادیث حفظ کی ہیں اور حضرت ابن عباسؓ کے نابینا ہونے کے بعد جب اہل کوفہ آپ سے پوچھنے آتے تو آپ فرماتے تم مجھ سے پوچھتے ہو اور تم میں ابن ام دھماء (یعنی سعید بن جبیر) موجود ہے۔

(١) الأعلام: ج٣، ص٣٢٢.

(٢) أنظر: الاتقان: ص١٨٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دهماء، يعني (سعيد بن جبير) رضى الله عنه.

وقد كان عابداً زاهداً، يختم القرآن فى كل ليلتين، وقد قرأ ذات مرة القرآن كله فى ركعة واحدة فى الكعبة.

وجاء فى ترجمته فى الأعلام ما يلي:

((سعيد بن جبير الأسدي الكوفي، أبو عبدالله تابعي، كان أعلمهم على الاطلاق، وهو حبشي الأصل، أخذ العلم عن ابن عباس وابن عمر، ولما خرج عبدالرحمن بن الأشعث على عبدالملك بن مروان، كان سعيد بن جبير معه، فلما قتل عبدالرحمن ذهب سعيد الى مكة، فقبض عليه واليها (خالد القسرى) وأرسله الى الحجاج فقتله، وكان الحجاج يخاطبه (بشقى بن كسير بدل سعيد بن جبير.

قال أحمد بن حنبل: ((قتل الحجاج سعيداً، وما على وجه الأرض أحد الا وهو مفتقر الى عمله)).

وروى أن الحجاج لما أراد قتله أمر الجلاد أن ينطلق به فيضرب عنقه، فقال له سعيد: دعنى أصلى ركعتين، قال الحجاج ماذا يقول؟ قال: يريد الصلاة، فأبى إلا أن يصلى الى المشرق. قبلة النصارى. ثم امر أن تضرب عنقه ووجهه موجه الى غير القبلة، فأدا روا وجهه فقال سعيد عندئذ: ﴿ **فأينما تولوا فثم وجه الله** ﴾ ثم ضربت عنقه وهو يردد: لا إله إلا الله محمد رسول الله، وذهبت نفسه البريئة الطاهرة الى

آپ عابد وزاہد تھے اور ہر دو راتوں میں قرآن ختم کرتے تھے ایک دفعہ آپ نے کعبہ میں ایک رات میں قرآن پڑھا۔ آپ کے سوانح میں کتاب الاعلام میں درج ذیل عبارت آئی ہے۔

سعید بن جبیر اسدی کوفی، ابوعبداللہ، تابعی، آپ علی الاطلاق ان کے بڑے عالم تھے اور حبشی الاصل تھے، آپ نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ سے علم حاصل کیا اور جب عبدالرحمٰن بن اشعث نے عبدالملک بن مروان کے خلاف بغاوت کی تو سعید بن جبیر ان کے ساتھ تھے اور جب عبدالرحمٰن قتل ہو گیا تو سعیدؒ مکہ چلے گئے اور اس کے والی خالد القسری نے آپ کو گرفتار کر لیا اور حجاج کے پاس بھیج دیا اس نے آپ کو قتل کر دیا اور حجاج آپ کو سعید بن جبیر کی بجائے شقی بن کسیر کہہ کر مخاطب کیا کرتا تھا۔ احمد بن حنبلؒ نے فرمایا ہے کہ حجاج نے سعید کو قتل کیا تو روئے زمین کا ہر شخص آپ کے عمل کا محتاج تھا روایت ہے کہ جب حجاج نے آپ کے قتل کا ارادہ کیا تو جلاد کو حکم دیا کہ انہیں لے جا کر قتل کر دو۔ سعید نے اسے کہا مجھے دو رکعت نماز پڑھ لینے دو حجاج نے پوچھا وہ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: نماز پڑھنا چاہتے ہیں اس نے انکار کیا اور کہا اگر وہ مشرق کی طرف یعنی نصاریٰ کے قبلہ۔ نماز پڑھنا چاہیں تو پڑھ لیں پھر اس نے حکم دیا کہ آپ کی گردن اور چہرے کو غیر قبلہ کی طرف کر کے مارا جائے تو اس آپ کے چہرے کو پھیر دیا اس وقت سعید نے کہا: ”فاينما تولوا فثم وجه الله“ (البقرہ ۱۱۵) پھر آپ کو قتل کر دیا گیا اور آپ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ دہرا رہے تھے اور آپ کی پاکیزہ جان اپنے رب کے پاس حجاج کے ظلم کی شکایت کرتے ہوئے چلی گئی اور آپ نے اپنے عقیدے اور دین کی خاطر اپنی جان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ربها تشكو اليه ظلم الحجاج، وجاد بأنفاسه في سبيل عقيدته ودينه، رحمه الله وأسكنه فسيح جناته)) (۱).

دے دی رحمہ اللہ واسکنہ فسیح جنانہ۔

٢-طبقة أهل المدينة:

وقد أشتهر منهم عدد، على رأسهم (محمد بن كعب القرظي، وأبو العالية الرياحي، وزيد بن أسلم) رضي الله عنهم جميعاً. ونحن نتحدث عن هؤلاء الثلاثة الذين اشتهروا بالتفسير من أهل المدينة المنورة والذين كان لهم أثر عظيم في نقل علوم الصحابة، سواءً كان ذلك في الفقه او الحديث أو التفسير، وان كان هناك غيرهم ممن اشتهروا من التابعين ولكن شهرة هؤلاء كانت أوسع، وأثرهم كان أظهر.

٢۔ اہل مدینہ کا طبقہ:

ان حضرات سے ایک بڑی تعداد نے شہرت پائی جن کے سرکردہ، محمد بن کعب قرظی، ابو العالیہ ریاحی اور زید بن اسلم رضی اللہ عنہم ہیں ہم ان تین کے متعلق جنہوں نے اہل مدینہ میں سے تفسیر میں شہرت پائی، گفتگو کریں گے اور علوم صحابہ کی نقل میں ان کا بڑا ہاتھ ہے خواہ وہ روایات فقہ یا حدیث یا تفسیر میں ہو، ان کے علاوہ دیگر تابعین نے بھی شہرت پائی ہے لیکن ان کی شہرت، زیادہ وسیع تھی اور ان کا اثر نمایاں تھا۔

(محمد بن كعب القرظي):

جاء في تهذيب التهذيب للعسقلاني في ترجمته ما يلي:

((هو محمد بن كعب القرظي، أبو حمزة المدني، من حلفاء الأوس، سكن الكوفة ثم المدينة، روى عن جمع غفير من الصحابة وخاصة عن علي بن أبي طالب، وعبدالله بن مسعود:

قال ابن سعد: كان ثقة عالماً كثير الحديث، ورعاً صالحاً.

قال عون بن عبدالله: ما رأيت أحداً أعلم بتأويل القرآن منه.

حضرت محمد بن کعب قرظیؒ:

عسقلانی کی تہذیب التہذیب میں آپ کے سوانح میں درج ذیل عبارت آئی ہے:

محمد بن کعب القرظی، ابوحمزہ المدنی، اوس کے حلفاء میں سے تھے آپ نے کوفہ میں سکونت اختیار کی پھر مدینہ میں صحابہ کی بڑی جماعت سے آپ نے روایت کی ہے خصوصا حضرت علی بن ابی طالبؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے، ابن سعد نے بیان کیا ہے کہ آپ ثقہ، عالم، کثیر الحدیث، متقی اور صالح تھے، عون بن عبداللہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے کسی کو آپ سے بڑھ کر تاویل قرآن کا عالم نہیں پایا۔ اور امام بخاری نے آپ کے نام قرظی کے سبب کے بارے میں بیان کیا ہے کہ آپ کے والدان لوگوں میں

(۱) انظر الطبقات الكبرى لابن سعد ج٦ ص٢٥٧.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ويذكر البخاري في سبب تسمية ب (القرظي) أن أباه كان ممن لم ينبت يوم قريظة فترك، وذلك أن النبيﷺ قتل الرجال من بني قريظة حينما خانوا العهود وغدروا بالرسول، فأمر بقتل مقاتلتهم وترك الأطفال والصبيان والنساء. وقد كان من أفاضل أهل المدينة علماً وفقهاً، وكان يحدث في المسجد فسقط عليه السقف وعلى أصحابه، فمات تحت الهدم، وكان ذلك سنة ١١٧ هجرية رضي الله عنه وأرضاه[1].

(أبو العالية الرياحي):

اسمه رفيع بن مهران، وكنيته أبو العالية، وهو مولى امرأة من بني رياح وهو تابعي ثقة من أهل البصرة، اشتهر بالفقة والتفسير، رأى أبا بكر وقرأ القرآن على (أبي بن كعب) وغيره، وسمع من عمر، وابن مسعود، وعلي وعائشة، وغيرهم.

روى عنه أنه قال: قرأت القرآن بعد وفاة نبيكم بعشر سنين. وكان منذ حداثة سنه راغباً في العلم، مكبا على طلبه، حتى نبغ فيه وفاق الأقران وخاصة في التفسير، وقد كان ابن عباس رضي الله عنهما يرفعه على سريره وقريش أسفل منه، ويقول: هكذا العلم يزيد الشريف شرفاً، ويجلس المملوك على الأسرة، مات سنة ٩٣ هجرية عن عمر يناهز الثمانين رضي الله عنه وأرضاه.

سے تھے جو یوم قریظہ میں نہ تھے اور اسے چھوڑ دیا تھا اور یہ بات یوں ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے بنی قریظہ کے مردوں کو جب انہوں نے عہد شکنی کی اور رسول اللہ ﷺ سے خیانت کی قتل کیا تو آپ نے ان کے جانبازوں کے قتل کا حکم دیا اور بچوں اور عورتوں کو چھوڑ دیا آپ علم وفقہ میں اہل مدینہ کے افاضل میں سے تھے آپ مسجد میں حدیث بیان کیا کرتے تھے' ایک مرتبہ چھت آپ اور آپ کے اصحاب پر گر پڑی اور آپ دیوار کے نیچے آ کر شہید ہو گئے یہ ۱۱۷ھ کا واقعہ ہے۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ

حضرت ابوالعالیہ ریاحیؒ:

آپ کا نام رفیع بن مہران اور کنیت ابوالعالیہ ہے' آپ بنی ریاح کی ایک عورت کے غلام تھے آپ اہل بصرہ کے ثقہ تابعی ہیں آپ نے فقہ وتفسیر میں شہرت پائی ہے آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو دیکھا ہے اور حضرت ابی بن کعبؓ وغیرہ کو قرآن سنایا ہے اور آپ نے حضرت عمرؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت علیؓ، حضرت عائشہؓ وغیرہ سے سماع کیا ہے۔ آپ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے تمہارے نبی کی وفات کے دس سال بعد قرآن پڑھا ہے اور آپ نوعمری ہی سے علم میں رغبت رکھنے والے اور اس کی طلب میں پورا انہماک رکھنے والے تھے حتی کہ آپ اس میں فائق ہو گئے اور اپنے ساتھیوں سے فوقیت لے گئے خصوصاً تفسیر میں اور حضرت ابن عباسؓ آپ کو اپنے تخت پر بٹھاتے تھے اور قریش آپ سے نیچے ہوتے تھے اور فرماتے تھے: علم اس طرح شریف کو شرف میں زیادہ کرتا ہے اور غلاموں کو تختوں پر بٹھاتا ہے آپ نے ۸۰ سال سے زیادہ عمر پا کر ۹۳ھ میں وفات پائی۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ

(١) أنظر: تهذيب التهذيب. ج٥، ص ٤٢١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(زيد بن أسلم):

هو زيد بن أسلم العدوى العمرى، يكنى (أبا أسامة) وهو فقيه محدث من أهل المدينة، كان مع عمر بن عبدالعزيز أيام خلافته، واستقدمه الوليد بن يزيد فى جماعة من فقهاء المدينة الى دمشق مستفتياً فى أمر، وكان ثقة كثير الحديث له حلقة فى المسجد النبوى، وله كتاب فى التفسير رواه عنده ولده (عبدالرحمن) وقد كان رجلاً مهيباً، قال ابن عجلان: ((ما هبت أحداً قط هيبتى لزيد بن أسلم)). وحدث ذات يوم بحديث ولم يسنده، فسأله رجل يا أبا أسامة عمن هذا؟ فقال: يا ابن أخى ما كنا نجالس السفهاء. وكان له حلقة كبيرة فى المسجد النبوى الشريف، وكان (على بن الحسين) يجلس اليه فيستمع له ويترك مجالس قومه، فقيل له فى ذلك: تترك مجالس قومك الى عبد عمر بن الخطاب (حيث كان مولى لعمر) فقال علي: انما يجلس الرجل الى من ينفعه فى دينه، توفى رضى الله عنه بالمدينة المنورة سنة ١٣٦ هجرية.[١]

حضرت زید بن اسلمؒ:

زید بن اسلم العدوی العمری آپ کی کنیت ابواسامہ ہے آپ اہل مدینہ کے محدث ہیں اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خلافت میں ان کے ساتھ تھے ولید بن یزید نے فقہائے مدینہ کی ایک جماعت کے ساتھ کسی امر میں فتویٰ حاصل کرنے کیلئے آپ کو دمشق بلایا آپ ثقہ اور کثیر الحدیث تھے' مسجد نبوی میں آپ کا ایک حلقہ تھا اور تفسیر کے بارے میں آپ کی ایک کتاب بھی ہے آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن نے اسے آپ سے روایت کیا ہے آپ رعب دار آدمی تھے ابن عجلان نے کہا ہے: میں جیسے زید بن اسلم سے ڈرا کبھی کسی سے نہیں ڈرا۔ ایک روز آپ نے حدیث بیان کی اور اس کی سند بیان نہ کی ایک شخص نے آپ سے کہا: اے ابواسامہ! یہ کس شخص کی ہے؟ آپ نے کہا: اے میرے بھتیجے! ہم بے وقوفوں سے ہم نشینی نہیں کیا کرتے۔ مسجد نبوی میں ان کا ایک بڑا حلقہ تھا اور علی بن حسین بھی اس میں شریک ہوا کرتے اور ان کو سنا کرتے تھے اور انھوں نے ان کی خاطر اپنی قوم کی مجلسوں کو چھوڑ دیا اس بارے میں کسی نے علی بن حسین سے کہا: تم نے حضرت عمرؓ کے غلام کے لیے اپنی قوم کی مجلسوں کو کیوں چھوڑ دیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: آدمی کو اس کی ہمنشینی اختیار کرنی چاہئے جس سے اس کو دینی فائدہ ہو۔ حضرت زید بن اسلمؒ ۱۳۶ ہجری میں مدینہ منورہ میں فوت ہوئے۔

٣- طبقة أهل العراق:

وقد أشتهر منهم عدد وعلى رأسهم (الحسن البصرى، ومسروق بن الأجدع، وقتادة ابن دعامة، وعطاء بن أبى مسلم الخراسانى، ومرة الهمذانى).

۳۔ اہل عراق کا طبقہ:

ان میں سے ایک تعداد نے شہرت پائی ہے اور ان کے سرکردہ حسن بصری' مسروق بن اجدع' قتادہ ابن دعامہ' عطاء بن ابومسلم خراسانی اور مرۃ ہمذانی ہیں۔ ہم ان شیوخ کے مختصر سوانح ابھی بیان کریں گے اور ہم اللہ سے مدد کے

(١) أنظر: تذكرة الحفاظ للذهبى، ج ١ ص ٦٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ونحن نتحدث عن ترجمة هؤلاء الأعلام بشيء من الايجاز فنقول ومن الله نستمد العون.

(الحسن البصري):

هو الحسن بن يسار البصري، إمام أهل البصرة، وحبر الأمة في زمانه، يكنى (أبا سعيد) وهو أحد العلماء، والفصحاء، والشجعان، والنساك، ولد بالمدينة المنورة، وشب في كنف (علي بن أبي طالب) واستكتبه الربيع بن زياد والي خراسان في عهد معاوية فسكن البصرة، وعظمت هيبته في القلوب، فكان يدخل على الولاة فيأمرهم وينهاهم، لا يخاف في الحق لومة لائم، رأى مائة وعشرين صحابياً وكان من أفصح أهل البصرة وأعبدهم وأفقهم.

قال الغزالي: كان الحسن البصري أشبه الناس كلاماً بكلام الأنبياء، وأقربهم هدياً من الصحابة، وكان في غاية من الفصاحة، تتصبب الحكمة من فيه(١).

قال أيوف: ما رأت عيناي رجلاً قط كان أفقه من الحسن البصري، كان يعي الحكمة وينطق بها، وكان اذا وعظ أبكى الحاضرين، كأنما كان في الآخرة ثم جاء منها فهو يخبر عما رأى وعاين، ولهذا فقد اشتهر بالوعظ، وكان رقيق القلب، فصيح اللسان. وكان يحدث بالأحاديث النبوية فإذا حدث عن (علي بن أبي طالب) لم يذكره خشية من بطش

خواہاں ہیں۔

حضرت حسن بصریؒ:

حسن بن یسار بصری، امام اہل بصرہ، اپنے زمانے میں امت کے بڑے عالم، کنیت ابوسعید آپ ایک عالم، فصیح، بہادر اور عبادت گذار آدمی تھے، مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور حضرت علی بن ابی طالب کے سائے میں جوان ہوئے حضرت معاویہ کے عہد میں خراسان کے والی ربیع بن زیاد نے آپ کو کاتب مقرر کیا اور آپ نے بصرہ میں سکونت اختیار کی اور دلوں میں آپ کی ہیبت بڑھ گئی آپ اہل عہدہ حضرات سے ملاقات کرتے اور انہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے اور حق کے بارے میں کسی ملامت گر کی ملامت سے خوف نہ کھاتے تھے آپ نے ایک سوبیس صحابہ کو دیکھا اور آپ اہل بصرہ کے بڑے فصیح، بڑے عبادت گذار اور بڑے فقیہ تھے غزالی نے بیان کیا ہے کہ حسن بصری کی گفتگو انبیاء کی گفتگو کے بہت مشابہ تھی اور ہدایت کے لحاظ سے صحابہ سے اقرب تھی آپ غایت درجہ کے فصیح تھے آپ کے منہ سے حکمت ٹپکتی تھی۔

ایوف نے کہا ہے کہ میری دونوں آنکھوں نے حسن بصری سے بڑا فقیہ کبھی نہیں دیکھا آپ حکمت پر غور کرتے تھے اور اس کے ساتھ گفتگو کرتے تھے اور آپ جب وعظ کرتے تو لوگوں کو رلا دیتے تھے گویا آپ آخرت میں تھے پھر آپ اس سے آئے ہیں اور جو کچھ آپ نے دیکھا اس کی خبر دے رہے ہیں اس لئے آپ وعظ میں مشہور ہو گئے آپ رقیق القلب اور فصیح اللسان تھے اور آپ احادیث نبویہ کو بیان کیا کرتے تھے اور جب حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت بیان کرتے تو

(١) فيه: أي فمه.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحجاج' قال يونس بن عبيد: سألت الحسن قلت: يا أبا سعيد' إنك تقول قال رسول الله وانك لم تدركه؟ قال يا ابن أخي: لقد سألتني عن شيء ما سألني عنه احد قبلك' ولو لا منزلتك مني ما أخبرتك' اني في زمان كما ترى. وكان في عمل الحجاج. كل شيء سمعتني أقول قال رسول الله فهو عن علي بن أبي طالب' غير أبي في زمان لا أستطيع أن أذكر علياً(۱).

ولما ولي عمر بن عبدالعزيز الخلافة كتب اليه: اني قد ابتليت بهذا الأمر' فانظر لي اعواناً يعينوني عليه' فأجابه الحسن: أما أبناء الدنيا فلا تريدهم' وأما أبناء الآخرة فلا يريدونك فاستعن بالله عن أمرك(۲).

توفي بالبصرة سنة ۱۱۰ هجرية و دفن فيها رحمه الله رحمة واسعة.

حجاج کی گرفت کے خوف کا نام کا ذکر نہ کرتے' یونس بن عبیدؒ نے بیان کیا ہے میں نے حسن سے پوچھا اے ابوسعید! آپ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حالانکہ آپ نے انہیں نہیں پایا؟ آپ نے کہا: اے میرے بھتیجے تو نے مجھ سے وہ بات پوچھی ہے جو تجھ سے پہلے کسی نے مجھ سے نہیں پوچھی اور اگر میرے ہاں تیرا مقام نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بتاتا میں جیسے کہ تو دیکھ رہا ہے ایک زمانے میں ہوں اور آپ حجاج کی عملداری میں تھے ہر بات جو تو نے مجھ سے سنی ہے میں کہتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: وہ حضرت علی بن ابی طالب سے ہے مگر میں ایسے زمانے میں ہوں کہ میں حضرت علیؓ کا نام ذکر نہیں کر سکتا۔ اور جب حضرت عمر بن عبدالعزیز نے خلافت سنبھالی تو آپ کو لکھا میں اس امر میں مبتلا ہو گیا ہوں میرے لئے مددگار تلاش کیجئے جو اس امر میں میری مدد کریں حضرت حسن نے آپ کو جواب دیا دنیا کے فرزندوں کو آپ نہیں چاہتے فرزندانِ آخرت آپ کو نہیں چاہتے اپنے معاملے کے بارے میں اللہ سے مدد طلب کیجئے آپ نے ۱۱۰ھ میں بصرہ میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ

(مسروق بن الأجدع):

مسروق بن الأجدع الهمذاني' كوفي تابعي ثقة' من أصحاب ابن مسعود الذين نقلوا لنا هدى الرسول ﷺ.

وهو عابد فقيه يكنى (أبا عائشة) وقد اشتهر بالتفسير' ورواية الحديث كان أبوه أطرس فارس باليمن' وكان خاله (عمر بن

حضرت مسروق بن الأجدعؒ:

آپ کوفی' تابعی' ثقہ ہیں اور حضرت ابن مسعودؓ کے ان شاگردوں میں سے ہیں جنہوں نے ہمارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت کو نقل کیا ہے آپ عابد اور فقیہ تھے' کنیت ابو عائشہ تھی' آپ نے تفسیر اور روایت حدیث میں شہرت پائی آپ کے والد ایران کے سب سے بڑے شہسوار تھے' عمر بن معدیکرب آپ کے ماموں تھے جب آپ قاضی

(۱) انظر: تهذيب التهذيب' ج۲' ص۳۹٦.
(۲) انظر الاعلام للزركلي ج۲ ص۲٤۲.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معديكرب) وقد تولى القضاء، فلم يكن يأخذ على القضاء رزقاً، وكان قانعاً زاهداً راضياً بما قسم الله، مع أنه كان صاحب عيال. جاءته امرأته يوماً فقالت: يا أبا عائشة! إنه ما أصبح اليوم لعيالك رزق، فتبسم ثم قال: والله ليأتينهم الله برزق، فرزقه الله رزقاً واسعاً.

روى عنه أنه لقي (عمر بن الخطاب) فسأله ما اسمك؟ قال: مسروق بن الأجدع، فقال له عمر: الأجدع شيطان، أنت مسروق بن عبدالرحمن. فكان بعد ذلك يقول: أنا مسروق بن عبدالرحمن.

قال علي بن المديني شيخ البخاري: ما أقدم على مسروق من أصحاب عبدالله بن مسعود أحداً، صلى خلف أبي بكر، ولقي عمر وعثمان.

شهد القادسية مع أخوته الثلاثة، فقتلوا يومئذ بالقادسية، وجرح مسروق فشلت يده.

وله طريقة لطيفة في النصح والوعظ، خرج يوماً ومعه بعض تلامذته فارتقى بهم على كناسة في الكوفة، فقال: ألا أريكم الدنيا؟ هذه هي الدنيا، أكلوها فأفنوها، لبسوها فأبلوها، ركبوها فأنضوها، سفكوا فيها دماءهم، واستحلوا فيها محارمهم، وقطعوا فيها أرحامهم(1).

سئل يوماً عن بيت شعر فقال: أكره أن أرى

بنے اور قضاء پر آپ روزینہ نہ لیتے تھے قانع، زاہد اور خدا کی تقسیم پر راضی تھے، حالانکہ آپ عیالدار تھے ایک روز آپ کی بیوی آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی اے ابو عائشہ! آج آپ کے عیال کیلئے رزق نہیں ہے تو آپ مسکرا دئے پھر فرمایا: خدا کی قسم اللہ ضرور رزق دے گا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو رزق واسع عطا فرمایا۔

آپ سے روایت ہے کہ آپ حضرت عمر بن الخطابؓ سے ملے تو حضرت عمرؓ نے آپ سے پوچھا: آپ کا نام کیا ہے؟ آپ نے کہا: مسروق بن الاجدع، حضرت عمرؓ نے آپ سے کہا: اجدع شیطان ہے تو مسروق بن عبدالرحمن ہے اس کے بعد آپ کہا کرتے تھے میں مسروق بن عبدالرحمن ہوں۔ شیخ البخاری علی بن المدینی نے کہا ہے: میں عبداللہ بن مسعودؓ کے اصحاب میں سے کسی کو مسروق پر مقدم نہیں کرتا آپ نے حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی ہے اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ سے ملاقات کی ہے۔

آپ اپنے تینوں بھائیوں کے ساتھ قادسیہ میں حاضر ہوئے وہ اس روز قادسیہ میں قتل ہو گئے اور مسروق زخمی ہو گئے آپ کا ہاتھ شل ہو گیا اور وعظ و نصیحت آپ کا لطیف انداز تھا ایک روز آپ اپنے بعض تلامذہ کے ساتھ باہر نکلے اور کوفہ میں ان کے ساتھ کوڑا کرکٹ پر چڑھ گئے اور فرمایا: ارے کیا میں تم کو دنیا دکھاؤں؟ یہی دنیا ہے انہوں نے اسے کھایا اور اسے فنا کر دیا، انہوں نے اسے پہنا اور اسے بوسیدہ کر دیا انہوں نے اس پر سواری کی اور اسے لاغر کر دیا، انہوں نے اس میں ان کے خون بہائے اور اس میں اس کے محرمات کو حلال کر لیا اور اس میں ان کے ارحام کو قطع کیا۔

ایک روز آپ سے شعر کے متعلق پوچھا گیا آپ نے فرمایا: میں

(١) تهذيب التهذيب ج٦ ص٨٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

في صحيفتي شعراً.

(قتادة بن دعامة):

وأما قتادة: فهو أبو الخطاب الدوسي البصري، ولد في البصرة، سنة ٦١ وتوفي سنة١١٧ هجرية ومات وعمره ٥٥ سنة. روى عن أنس بن مالك وسعيد بن المسيب، وجمع من الصحابة، وكان قوي الحفظ، شديد الذكاء، يروى عنه أنه قال: ((ما قلت لمحدث قط اعد علي، وما سمعت أذناي شيئاً الا وعاه قلبي)).

ويروى أنه دخل على (سعيد بن المسيب) فجعل يسأله أياماً، وأكثر عليه من السؤال، فقال له سعيد: أكلّ ما سألتني عنه تحفظه؟ قال: نعم فتعجب منه، فقال له قتادة: سألتك عن كذا، فقلت فيه كذا، وسألتك عن كذا، فقلت فيه كذا، حتى أورد عليه جميع ما سمعه منه، فقال له سعيد: ما كنت أظن أن الله خلق مثلك، وقال عنه مرة: ما أتاني عراقي أحسن من قتادة، وقرئت عليه مرة صحيفة جابر فحفظها[1].

وقد كان ضريراً فاقد البصر، حيث ولد وهو أعمى: ولكنه كان آية في الحفظ والنبوغ والذكاء، وكان أحمد بن حنبل يطنب في ذكره والثناء عليه، وينشر من علمه وفقهه، وكان إماماً في التفسير والفقة، ولكنه أخذ عليه أنه كان يأخذ عن كل أحد، حتى قال فيه الشعبي: قتادة حاطب ليل.

اپنے اعمال نامہ میں شعر کو دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

حضرت قتادہ بن دعامہؒ:

ابوالخطاب الدوسی البصری ۶۱ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۷ھ میں ۵۵ سال کی عمر میں وفات پائی آپ نے انس بن مالکؓ، سعید بن المسیبؒ اور صحابہ کی ایک جماعت سے روایت کی ہے آپ قوی الحفظ اور بڑے ذہین تھے آپ سے روایت کی جاتی ہے کہ آپ نے فرمایا: میں نے کبھی کسی محدث سے یہ نہیں کہا کہ مجھ پر دہراؤ یعنی دہرا کر مجھے بتاؤ اور جو کچھ میرے کانوں نے سنا میرے دل نے اسے یاد کر لیا روایت ہے کہ آپ سعید بن المسیبؒ کی ملاقات کو آئے اور کئی روز آپ سے سوال کرتے رہے اور آپ سے بہت سوالات کئے تو سعید نے آپ سے کہا: کیا وہ سب باتیں جو آپ نے مجھ سے پوچھی ہیں آپ انہیں یاد رکھتے ہیں؟ آپ نے کہا: ہاں تو آپ اس سے متعجب ہوئے اور قتادہؒ نے آپ سے کہا میں نے آپ سے یوں سوال کیا اور آپ نے اس کے بارے میں یوں کہا اور میں نے آپ سے یوں سوال کیا اور آپ نے اس کے بارے میں یوں کہا۔ حتی کہ آپ نے جو کچھ اس سے سنتا تھا سارے کا سارا ان سے بیان کر دیا تو سعید نے آپ سے کہا: میں خیال نہیں کرتا تھا کہ اللہ تعالی نے تیرے جیسا آدمی پیدا کیا ہے اور ایک بار آپ کے متعلق انہوں نے کہا میرے پاس قتادہ سے بہتر عراقی نہیں آیا میں نے اسے ایک بار جابر کا صحیفہ سنایا تو اس نے اسے حفظ کر لیا۔ آپ نابینا تھے یعنی پیدائشی نابینا تھے لیکن حفظ و ذکاء اور فصاحت میں ایک نشان تھے اور امام احمد بن حنبل آپ کے ذکر و ثنا کو طول دیا کرتے تھے اور آپ کے علم و فقہ کی نشر و اشاعت کرتے تھے آپ فقہ و تفسیر میں امام تھے لیکن آپ پر گرفت کی گئی ہے آپ ہر ایک سے نقل کرتے

(۱) تهذيب التهذيب ج٨ ص ٣٥١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توفي رضي الله عنه بالبصرة و دفن بها، وعمره خمس وخمسون سنة، ولما مات بكى عليه أهل البصرة.

تھے حتی کہ شعبی نے آپ کے بارے میں کہا ہے کہ قتادہ حاطب لیل ہیں یعنی رطب یابس کو ملانے والے ہیں۔ آپ نے بصرہ میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے آپ کی عمر ۵۵ سال تھی جب آپ فوت ہوئے تو اہل بصرہ نے آپ پر خوب گریہ کیا۔

(عطاء الخراساني):

قال الحافظ الأصبهاني: كان مولده سنة ٥٠ ووفاته سنة ١٣٥ هجرية. وهو عطاء ابن أبي مسلم الخراساني، يكنى (أبا عثمان) وكان ثقة صدوقاً، عابداً زاهداً، كثير العبادة والتبتل، كان يحيي الليل تهجداً وصلاة.

روى عبدالرحمن بن يزيد أنه كان يحيي الليل صلاة، فاذا ذهب من الليل ثلثه، أو نصفه نادانا يا فلان ويا فلان، قوموا فتوضأوا وصلوا، فإن قيام الليل وصيام النهار أيسر من شراب الصديد(١).

وكان يحب نشر العلم، فاذا لم يجد احداً من تلامذة يحدثه ذهب الى المساكين فحدثهم، خوفاً من الوعيد لكاتم العلم. وقد اشتهر بالفقه والحديث والتفسير، وكان على غاية من الزهد والورع، رحمه الله تعالى.

حضرت عطاء خراسانیؒ:

حافظ اصبہانی نے بیان کیا ہے: کہ آپ کی پیدائش ۵۰ھ میں اور وفات ۱۳۵ھ میں ہوئی آپ عطاء ابن ابی مسلم خراسانی ہیں آپ کی کنیت ابو عثمان ہے آپ ثقہ، صدوق، عابد، زاہد، کثیر العبادت والتبتل تھے اور نماز اور تہجد سے شب زندہ داری کرتے تھے عبدالرحمٰن بن یزید نے روایت کی ہے کہ آپ نماز سے شب زندہ داری کرتے تھے اور جب رات کا تہائی یا نصف حصہ گزر جاتا تو یہی آواز دیتے اے فلاں! اے فلاں! اٹھو اور وضو کرو اور نماز پڑھو، بلاشبہ قیام اللیل اور صیام النہار پیپ کے پینے سے زیادہ آسان ہیں آپ نشر علم کو پسند کرتے تھے اور جب آپ اپنے کسی طالب علم کو نہ پاتے کہ اس سے حدیث بیان کریں تو آپ مساکین کے پاس چلے جاتے اور ان سے اس وعید کے ڈر سے جو علم چھپانے والے کیلئے آئی ہے حدیث بیان کرتے، آپ نے فقہ، حدیث اور تفسیر میں شہرت پائی اور آپ حد درجہ زاہد اور متقی تھے۔ رحمہ اللہ۔

(مرة الهمداني):

هو مرة بن شراحيل الهمداني، أدرك عدداً من الصحابة غير قليل، ويكنى (أبا اسماعيل) وهو المعروف بمرة الطيب، ومرة الخير، لقب بذلك لعبادته، كان عابداً ورعاً، وزاهداً صالحاً،

حضرت مرۃ الھمدانیؒ:

مرۃ بن شراحیل الھمدانی آپ نے صحابہ کی بڑی تعداد کو پایا آپ کی کنیت ابو اسماعیل تھی اور آپ مرۃ الطیب اور مرۃ الخیر کے نام سے مشہور ہیں آپ کو یہ لقب آپ کی عبادت کی وجہ سے دیا گیا ہے آپ عابد، متقی، زاہد اور صالح تھے، عجلی

(١) أنظر: تهذيب الكمال للمزي. ج٤ ص٤٦٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال العجلي: كان يصلي في اليوم والليلة خمسمائة ركعة، وهو تابعي ثقة توفي سنة ٨٦ هجرية رحمه الله تعالى رحمة واسعة وأسكنه فسيح جناته.(١)

نے بیان کیا ہے کہ آپ رات دن میں پانچ سو رکعت نماز پڑھتے تھے آپ ثقہ تابعی ہیں آپ نے ۸۶ھ میں وفات پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ واسعۃ واسکنہ فسیح جناتہ۔

هؤلاء هم اعلام المفسرين من التابعين، استمدوا علومهم وقبسوا معارفهم من الصحابة الكرام رضوان الله عليهم أجمعين.

یہ سارے کے سارے تابعین میں سے بڑے مفسرین ہیں انہوں نے اپنے علوم و معارف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے حاصل کیے۔

ثم عنهم أخذ تابعو التابعين، ومن بعدهم من العلماء العالمين، وهكذا حفظ دين الله، وكتابه، وشريعته، وعلومه، ومعارفه، سليمة، كاملة عن طريق التلقي والتلقين، جيلاً عن جيل، مصداقاً لقول الله سبحانه وتعالى: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾ (سورة الحجر:٩).

اور ان سے تبع تابعین اور ان کے بعد آنے والے علماء عاملین نے حاصل کیے اس طرح تلقی و تلقین کے طریق سے اللہ کا دین اس کی کتاب اس کے علوم و معارف نسل در نسل محفوظ ہوگئے جیسے وہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون" (الحجر:۹)۔

ولقد صدق الرسول الكريم فيما نبأ عنه وأخبر حيث قال: ((يحمل هذا العلم من كل خلف عدوله، ينفون عنه تحريف الغالين، وانتحال المبطلين، وتأويل الجاهلين)).

اور رسول اللہ ﷺ نے بھی اس کے بارے میں سچی خبر دیتے ہوئے فرمایا ہے

کہ ہر نسل کے عادل لوگ اس علم کو اٹھائیں گے اور غالیوں کی تحریف اور مبطلین کی منسوب کردہ باتوں اور جاہلوں کی تاویل کو اس سے دور کریں گے۔

وهكذا حفظ الله كتابه بحفظ هؤلاء الرجال الأعلام، والثقات الأفاضل الذين كرسوا جهودهم في خدمة العلم والدين، فجزاهم الله عن الإسلام والمسلمين خير الجزاء، وأسكنهم فسيح جناته آمين.

یوں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کو ان بڑے آدمیوں اور ثقات افاضل کی نگرانی کے ذریعہ سے اپنی کتاب کی حفاظت کی جنہوں نے اپنی کوششوں کو علم و دین کی خدمت کیلئے وقف کر دیا، اللہ انہیں اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے بہتر جزا دے اور انہیں اپنی وسیع جنات میں آباد کرے۔ آمین

تنبيه: يلاحظ على تفسير التابعين رضوان الله

تنبیہ: تابعین کی تفسیر میں دیکھا جاتا ہے کہ ان کے اقوال

(١) انظر تهذيب التهذيب، ج ١٠، ص٨٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عليهم. أنه قد دخلت الى اقوالهم بعض الروايات الإسرائيلية واختلط الصحيح بالعليل، ونقل على لسانهم بعض الروايات التى لم تثبت، فينبغى التنبه عند نقل أقوالهم الي الصحيح منها، وأن يرجع الانسان الى المراجع الموثوقة من كتب التفسير كتفسير ابن جرير وغيره من التفاسير الموثوقة.

میں بعض اسرائیلی روایات داخل ہوگئی ہیں اور صحیح کا علیل کے ساتھ اختلاط ہوگیا ہے اور ان کی زبانوں سے بعض ایسی روایات بھی نقل کی گئی ہیں جو ثابت نہیں ہیں پس ان کے اقوال کو نقل کرتے وقت ان میں سے صحیح سے آگاہ ہونا چاہئے اور کتب تفسیر میں سے انسان کو موثوق مراجع کی طرف رجوع کرنا چاہئے جیسے تفسیر ابن جریر اور دوسری قابل اعتماد تفاسیر ہیں۔

قال (السيوطى) فى كتابه الاتقان بعد أن ذكر أشهر المفسرين من التابعين ما نصه:

سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں تابعین کے مشہور ترین مفسرین کا ذکر کرنے کے بعد کہا ہے:

((فهؤلاء قدماء المفسرين، وغالب أقوالهم تلقوها من الصحابة. ثم بعد هذه الطبقة ألفت تفاسير تجمع أقوال الصحابة والتابعين، كتفسير (سفيان بن عيينة) و(وكيع بن الجراح) و(شعبة بن الحجاج) و(يزيد بن هارون) وآخرين. ثم جاء بعدهم (ابن جرير الطبرى) وكتابه أجل التفاسير وأعظمها))[1].

یہ قدیم مفسرین ہیں اور ان کے اقوال کا اکثر حصہ انہوں نے صحابہ سے حاصل کیا ہے پھر اس طبقے کے بعد تفاسیر تالیف کی گئیں جو صحابہ اور تابعین کے اقوال کی جامع ہیں جیسے تفسیر سفیان بن عیینہ اور وکیع بن الجراح اور شعبہ بن الحجاج اور یزید بن ہارون اور دیگر لوگوں کی تفاسیر پھر ان کے بعد ابن جریر طبری آئے اور آپ کی تفسیر اجل و اعظم ہے۔

❁ ❁ ❁

(١) الإتقان للسيوطى ج٢ ص ١٩٠.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل السابع

اعجاز القرآن

العناية بدراسة القرآن العظيم:

لم يحدث في تاريخ البشرية أن امة من الأمم اعتنت بكتابها السماوى كما اعتنت هذه الأمة المحمدية، ولم نسمع عن كتاب مقدس نال من الحفظ والرعاية. والإجلال والاكبار. كما ناله هذا الكتاب المجيد، معجزة محمد الخالدة، وحجته البالغة، ودعوته الى الناس أجمعين. ولا عجب أن ينال القرآن العظيم هذه المنزلة الرفيعة، ويحتل من نفوس المسلمين تلك المكانة الجليلة، ذلك لأن الأحداث التى رافقت نزول هذا الكتاب المقدس، تجعله يتبوأ مكان الصدارة بين جميع الكتب السماوية، ويفوق كل ما جاء به الأنبياء والمرسلون صلوات الله وسلامه عليهم أجمعين من هداية وإصلاح. وتربية وتعليم، وسمو وتشريع، ولقد أحسن وأبدع من قال:

الله اكبر ان دين محمد
وكتابه اهدى واقوم قيلا
لا تذكروا الكتب السوالف عنده
طلع الصباح فأطفئ القنديلا

القرآن معجزة محمد الخالدة:

وقد جرت حكمة الله الأزلية، أن يؤيد

ساتویں فصل

اعجاز القرآن

قرآن کریم کی تعلیم کا اہتمام:

تاریخ بشری میں یہ واقعہ نہیں ہوا کہ امتوں میں سے کسی امت نے اپنی آسمانی کتاب کا ایسے اہتمام کیا ہو جیسے اس وقت امت محمدیہ نے کیا ہے اور نہ ہم نے کسی کتاب مقدس کے متعلق سنا ہے کہ اس نے حفظ ورعایت اور اجلال واکبار کا وہ مقام حاصل کیا ہے جو اس کتاب مجید کو حاصل ہوا ہے یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا معجزہ خالدہ اور آپ کی حجت بالغہ ہے اور اس کی دعوت سب لوگوں کو ہے اور یہ کوئی عجیب بات نہیں کہ قرآن عظیم اس بلند مقام کو حاصل کرے اور مسلمانوں کے دلوں میں اس جلیل مرتبہ پر اترے یہ اس لئے کہ وہ واقعات جو اس کتاب مقدس کے نزول کے ساتھ تھے وہ اسے تمام کتب ساویہ کے درمیان صدارت کے مقام پر جگہ دیتے ہیں اور جو کچھ انبیاء اور مرسلین ہدایت واصلاح، تربیت وتعلیم اور بلندی اور قانون لائے ان سب پر فوقیت رکھتا ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے:

اللہ اکبر! بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین اور آپ کی کتاب، زیادہ ہدایت دینے والی اور پختہ کلام والی ہے گذشتہ کتابوں کا اس کے پاس ذکر نہ کرو۔ صبح طلوع ہوگئی ہے اور اس نے قندیلوں کو بجھا دیا۔

قرآن مجید حضرت محمد ﷺ کا دائمی معجزہ ہے:

اللہ تعالیٰ کی ازلی حکمت یوں جاری ہے کہ وہ اپنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أنبياء ه ورسله بالمعجزات الباهرات والدلائل الواضحات. والحجج والبراهين الدامغة، التي تدل على صدقهم، وعلى انهم أنبياء مرسلون من عند الله العزيز القدير، وقد خص الله تبارك وتعالى نبيناﷺ بالمعجزة العظمى (القرآن الكريم) ذلك النور الرباني، والوحي السماوي، الذي القاهُ على قلب نبيه قرآناً عربياً غير ذي عوج، يتلوه آناء الليل وأطراف النهار، والذي أحيا به أجيالاً من العدم، كانت في عداد الموتى فأحياها الله بنور هذا القرآن، وهداها أقوم طريق وانتشلها من الحضيض فجعلها خير أمة أخرجت للناس، وصدق الله حيث يقول: ﴿ **اومن كان ميتاً فأحييناه وجعلنا له نوراً يمشي به في الناس كمن مثله في الظلمات ليس بخارج منها؟ كذلك زين للكافرين ما كانوا يعملون**﴾ (سورة الأنعام:١٢٢)۔

لقد أحيا القرآن امما، وأوجد مجتمعاً، وألف جيلاً لم يعرف له التاريخ مثيلاً، فأخرج من العرب الذين كانوا رعاة الابل والغنم، سادةً الشعوب والأمم، فملكهم الدنيا حتى حكموا أقاصي المعمورة وكل ذلك بفضل هذا القرآن، معجزة خاتم الأنبياء والمرسلين. وفي ذلك يقول أمير الشعراء:

أخوك عيسى دعا ميتاً فقام له
وأنت احييت أجيالاً من العدم.

انبیاء و رسل کی ان واضح معجزات و دلائل اور مضبوط براہین سے تائید کرتا ہے جو ان کے صدق پر دلالت کرتے ہیں اور اس بات پر بھی کہ وہ عزیز و قدیر خدا کی طرف سے انبیاء و مرسلین ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کو معجزہ عظمیٰ (قرآن کریم) سے خاص کیا ہے یہ وہ نور ربانی اور وحی آسمانی ہے جسے اس نے ہمارے نبی کے دل پر کسی کجی کے بغیر قرآن عربی کی صورت ڈالا' آپ اسے رات دن کے اوقات میں پڑھتے جس سے آپ نے عدم سے ان قوموں کو زندہ کیا جو مردوں کے شمار میں تھے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں اس قرآن کے نور سے زندہ کیا اور ان کی سیدھے راستے کی طرف راہنمائی کی اور انہیں پستی سے نکالا اور انہیں خیر امت بنا دیا جو لوگوں کے فائدے کیلئے پیدا کی گئی ہے اور اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے:"أو من كان ميتا فأحييناه وجعلنا له نورا يمشي به في الناس كمن مثله في الظلمات ليس بخارج منها كذلك زين للكافرين ماكانوا يعملون"(سورۃ الانعام:۱۲۲)

قرآن کریم نے قوموں کو زندہ کر دیا ہے اور ایک معاشرہ بنایا ہے اور ایسی قوم کو اکٹھا کیا ہے جس کی تاریخ میں نظیر نہیں پائی جاتی اس نے عربوں سے ان لوگوں کو جو اونٹوں اور بکریوں کے چرواہے تھے شعوب و امم کا سردار بنا دیا اور ان کو دنیا کا بادشاہ بنا دیا حتی کہ انہوں نے معمور عالم کے متعدد علاقوں پر حکومت کی اور یہ سب کچھ قرآن کی مہربانی سے ہوا اور یہ خاتم النبین والمرسلین کا معجزہ ہے اور اس بارے میں امیر الشعراء کہتا ہے:

''تیرے بھائی عیسیٰ نے مردے کو آواز دی تو وہ اٹھ کھڑا ہوا اور تو نے عدم سے قوموں کو زندہ کر دیا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولئن كانت معجزة الأنبياء السابقين معجزات (حسية) تتناسب مع العصر والزمان الذي بعثوا فيه كمعجزة (موسى) عليه السلام حيث كانت (اليد والعصا) لأنه بعث في زمن كثر فيه السحرة واشتهر فيه السحر، وكذلك معجزة (عيسى) عليه السلام حيث كانت بإحياء الموتى وإبراء الأكمه(1) والأبرص والإخبار عن بعض المغيبات، لأنه بعث في عصر كثر فيه الطب والحكمة، وظهر فيه الأطباء البارعون، فأتاهم عيسى بن مريم بما أدهشهم وأعجزهم من شفاء المرضى، وإحياء الموتى، وإبراء الأعمى الأكمه الأصم.

اگرچہ سابق انبیاء کے معجزات حسی تھے جو اس زمانے کے مناسب حال تھے جس میں وہ مبعوث ہوئے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور ید بیضاء کا معجزہ ہے اس طرح کہ آپ اس زمانے میں مبعوث ہوئے جس میں بکثرت جادوگر تھے اور جادو اس میں شہرت پا چکا تھا ایسے ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مردوں کے زندہ کرنے اور اندھوں اور کوڑیوں کے ٹھیک کرنے اور بعض امور غیبیہ کی خبر دینے کا معجزہ ہے اس لئے کہ آپ اس زمانے میں مبعوث ہوئے جس میں طب و حکمت کا بہت زور تھا اور اس میں ماہر اطباء ظاہر ہوئے پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے پاس مریضوں کو شفا دینے مردوں کو زندہ کرنے اور اندھوں بہروں اور گونگوں کو ٹھیک کرنے کا وہ معجزہ لائے جس نے انہیں ششدر اور عاجز کر دیا۔

أقول: إذا كانت معجزات الأنبياء السابقين معجزات (مادية حسية) فإن معجزة محمد بن عبدالله معجزة (روحية عقلية) وقد خصه الله بالقرآن معجزة العقل الباقي على الزمان ليراها ذووا القلوب والبصائر فيستنيروا بضيائها ويتنعموا بهديها في المستقبل والحاضر، فقد ورد عن سيد المرسلين أنه قال:

میں کہتا ہوں کہ جب سابق انبیاء و مرسلین کے معجزات مادی حسی تھے تو بلاشبہ محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ روحی عقلی ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو قرآن سے خاص کیا ہے جو عقلی معجزہ ہے جو ہمیشہ قائم رہے گا تاکہ اسے قلوب و نگاہیں دیکھیں اور اس کی ضیاء سے نور حاصل کریں اور حاضر و مستقبل میں اس کی ہدایت سے فائدہ اٹھائیں حضرت نبی کریم ﷺ سے روایت آئی ہے کہ:

((ما من نبي من الأنبياء إلا أعطي من الآيات ما مثله آمن عليه البشر، وإنما كان الذي أوتيته وحياً أوحاه الله إلي، فأرجو أن أكون أكثرهم تابعاً)) رواه البخاري.

"انبیاء میں سے جو بھی آیا ہے اسے کچھ معجزات دیئے گئے ہیں اس کی مثل پر بشر ایمان بھی لایا اور مجھے جو دیا گیا ہے وہ وحی ہے اللہ نے اسے میری طرف وحی کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ میں ان سے زیادہ پیروکاروں والا ہوں گا"

اسے بخاری نے روایت کیا۔

أجل: إنه هذا الوحي السماوي الذي ألقاه

بیشک یہ وہ آسمانی وحی ہے جسے اللہ نے اپنے امین نبی

(1) الأكمه: الأعمى. قال تعالى: ﴿ وأبرئ الأكمه والأبرص وأحي الموتى بإذن الله ﴾.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الله على قلب نبيه الأمين ليكون ضياء ونور رحمة للعالمين، هو معجزة الاسلام الخالدة، وحجته الباقية، تقوم على أمم الدنيا شاهدة بصدق الرسول، ناطقة بعظمة الاسلام وخلود هذا الدين، بينما ذهبت المعجزات الحسية ومضت مع أحداثها الكونية وتلاشت من الوجود بعد وفاة الأنبياء الكرام الذين أتوا بها، فلم يعد لها وجود وبيان الا في هذا القرآن الذي أخبر عنها، فكان له الفضل الأعظم عليها سابقاً ولاحقاً، ولله در القائل حيث يقول:

(... ... ...)

... ... بكتاب ... ... منظوم

... آياته كلما طال المدى جدد ...

يزينهن جمال العتق والقدم

الآيات: المراد بها المعجزات جمع آية بمعنى المعجزة ... ذهبت بذهابهم ...

قال العلامة الزرقاني: (وهنا نلفت النظر الى أن القرآن بما اشتمل عليه من المعجزات الكثيرة قد كتب له الخلود فلم ينقض بانقضاء الأيام ولم يمت بموت الرسول عليه الصلاة والسلام بل هو قائم على فم الدنيا يحاج كل مكذب ويتحدى كل منكر ويدعو أمم العالم جميعاً الى ما فيه من هداية الاسلام وسعادة بني الانسان.

ومن هذا يظهر الفرق جلياً بين معجزات نبي الاسلام ﷺ و معجزات اخوانه الانبياء عليهم

کے دل پر القاء کیا ہے تاکہ وہ عالمین کے لیے ضیاء اور رحمت ہو اور یہ اسلام کا معجزہ خالدہ اور حجت باقیہ ہے جو دنیا کے منہ پر صدق رسول کی شاہد بن کر قائم رہے گی اور عظمت اسلام اور اس دین کے خلود کی حجت ناطقہ ہو گی جبکہ حسی معجزات ختم ہو گئے ہیں اور اپنے وقوع پذیر ہونے کے بعد گزر گئے ہیں اور ان انبیاء کرام کی وفات کے بعد جو انہیں لائے تھے ان کا وجود معدوم ہو گیا ہے اور ان کا وجود اور بیان صرف اس قرآن میں دوبارہ آیا ہے جس نے ان کے بارے میں خبر دی ہے اور اسے ان کے سابق و لاحق پر فضیلت حاصل ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے ...

... انبیاء معجزات کے ساتھ آئے ... اور ان کے معجزات ختم ہو گئے اور آپ ہمارے پاس نہ ختم ہونے والی کتاب لائے ... جوں جوں زمانہ طویل ہوتا جاتا ہے قرآن کی آیات میں جدت پیدا ہوتی جاتی ہے جبکہ سابقہ انبیاء کے معجزات کو کہنگی اور قدامت کا جمال زینت بخشتا ہے ...

علامہ زرقانی نے بیان کیا ہے کہ یہاں ہم اس پر نظر ڈالتے ہیں کہ قرآن بہت سے معجزات پر مشتمل ہے لہذا اس کے لیے ہمیشگی خلود لکھ دیا گیا ہے اور زمانے کے گزرنے کے ساتھ ختم نہیں ہوا اور نہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کی وجہ سے معدوم ہوا ہے بلکہ وہ دنیا کے منہ پر ہر مکذب سے جھگڑنے اور ہر منکر کو للکارنے کے لیے کھڑا ہے اور وہ تمام اقوام عالم کو اپنے میں پائی جانے والی ہدایت اسلام اور سعادت بنی نوع انسان کی طرف دعوت دیتا ہے اس سے نبی اور اسلام ﷺ کے معجزات اور دوسرے انبیاء کے معجزات کے درمیان واضح

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اذكى الصلاة وأتم التسليم فمعجزات محمد في القرآن وحده آلاف مؤلفة، وهي متمتعة بالبقاء الى اليوم والى ما بعد اليوم حتى يرث الله الارض ومن عليها، أما معجزات سائر الرسل فمحدودة العدد، قصيرة الأمد، ذهبت بذهاب زمانهم وماتت بموتهم، ومن يطلبها الآن لا يجدها الا في خبر كان، ولا يسلم شاهد له بها الا هذا القرآن؟ وتلك نعمة يمنها القرآن على سائر الكتب والرسل، وما صح من الأديان كافة، قال تعالى: ﴿ **وانزلنا اليك الكتاب بالحق مصدقاً لما بين يديه من الكتاب ومهيمنا عليه..** ﴾ (سورة المائدة:٤٨) الآية. وقال عزاسمه: ﴿ **آمن الرسول بما انزل اليه من ربه والمومنون كل آمن بالله وملائكته وكتبه ورسله لا نفرق بين احد من رسله..** ﴾[1] الآية.

لهذا لم تكن معجزة سيد الانبياء معجزة حسية، تقرع الحسّ وتستولى على النفوس، فلم تكن عصا تنقلب حية كعصا موسى، أو ناراً تصير برداً وسلاماً كالنار التى ألقى فيها الخليل، أو ناقة تخرج من صخر أصم ولها رغاء كناقة صالح، أو مريضاً يشفى، أو أعمى يبرأ كما فعل عيسى عليه السلام، وانما كانت معجزة ((عقلية خالدة)) لأنها خاتمة الرسالات، فهي خالدة خلود الدهر، باقية بقاء الانسان.

فرق نمایاں ہوتا ہے پس قرآن میں محمد ﷺ کے ہزاروں معجزات ہیں جو آج تک اور آج کے بعد تک بقاء سے شاد کام رہیں گے حتیٰ کہ قیامت آ جائے اب رہے دیگر انبیاء کے معجزات تو ان کی تعداد محدود ہے اور ان کا زمانہ بھی چھوٹا ہے وہ ان کے زمانے کے گذرنے کے ساتھ ختم ہو گئے ہیں اور ان کے مرنے کے ساتھ مر گئے ہیں اور اب جو ان کو تلاش کرے گا وہ انہیں کان کی خبر میں پائے گا اور صرف یہ قرآن ہی ان کا شاہد باقی رہ گیا ہے اور یہ وہ احسان ہے جو قرآن دیگر کتب و رسل پر اور سارے صحیح ادیان پر کرتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **وانزلنا اليك الكتاب بالحق مصدقاً لما بين يديه من الكتاب ومهيمنا عليه** ۔ (المائدہ:۴۸) پھر فرماتا ہے **امن الرسول بما انزل اليه من ربه والمومنون كل آمن بالله وملائكته وكتبه ورسله لا نفرق بين احد من رسله** ۔ (البقرۃ:۲۸۵)

اس لئے سید الانبیاء کا معجزہ حسی معجزہ نہیں جو حس پر دستک ہے اور نفوس پر غالب آ جائے اور نہ یہ عصا ہے جو منقلب ہو کر سانپ بن جاتا ہے جیسے عصائے موسیٰ اور نہ یہ آگ ہے جو ٹھنڈک اور سلامتی کا باعث بن جاتی ہے جیسے وہ آگ جس میں خلیل اللہ کو ڈالا گیا اور نہ یہ اونٹنی ہے جو ٹھوس چٹان سے نکلتی ہے اور بلبلاتی ہے جیسا کہ حضرت صالحؑ کی اونٹنی ہے اور نہ یہ مریض ہے جو شفا پاتا ہے اور نہ یہ اندھا ہے جو ٹھیک ہو جاتا ہے جیسے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کیا یہ صرف ہمیشہ رہنے والا عقلی معجزہ ہے کیونکہ یہ خاتمۃ الرسالات ہے پس یہ زمانے کے خلود کی طرح خالدہ (ہمیشہ رہنے والا)

(١) سورة البقرة: الآية: ٢٨٥. أنظر مناهل العرفان، ج٢، ص ٢٣٢

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یقول الشیخ (محمد البنا) ما نصه: وإذا كان قد جرت خوارق المعادات علی ید النبی ﷺ غیر القرآن کما ورد فی صحاح السنة فان النبی ﷺ لم یتحد بها؛ بل کان التحدی بالقرآن وحده؛ ولهذا كان القرآن معجزة الرسول التی تؤید رسالته؛ وتشرق فی قلوب الذین اتبعوه من المؤمنین..

ورسالة النبی ﷺ شاملة خالدة لأنها خاتمة الرسالات فکانت الحکمة أن تتفق معجزته من نوع رسالته؛ اذ کل نبی سبق کان یأتی برسالة لقوم بأعیانهم وتنتهی بما یأتی بعدها من الرسالات؛ ولم یکن من الممکن ان تکون معجزة خاتم الأنبیاء أمراً حسیاً یراه جماعة حین یقع؛ فاذا لحق الرسول بالرفیق الأعلی انقضی ذلك الأمر المحسوس ولا یراه أحد من بعده؛ لأن الأمور المحسوسة لا تتفق مع نوع هذه الرسالة ولا مع خلودها؛ لقد کان؛ القرآن معجزة للناس جمیعاً؛ ولذلك جاء من نوع آخر غیر نوع المعجزات السابقة؛ وقد جاء للدنیا بعد أن اکتملت المدارك البشریة؛ وارتقی الفکر الانسانی؛ لأن رسالة سیدنا محمد ﷺ ؛ وافت البشریة بعد أن أدرکت رشدها وتکامل النمو العقلی فی مجموعها؛ فکانت معجزته تدرك (بالعقل) ولا تحتاج الی أی نوع من الحس؛ فهی معان خالدة؛ یدرك سموها الانسانی فی

ہے اور انسان کی بقا تک باقی رہنے والا ہے۔

شیخ محمد البنا کہتے ہیں اس کی عبارت یہ ہے۔ حضرت نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر قرآن کے علاوہ خارق عادت واقعات ظاہر ہوئے جیسا کہ صحاح السنۃ میں آیا ہے حضرت نبی کریم ﷺ نے ان کی تحدی نہیں کی بلکہ آپ نے صرف اکیلے قرآن کی تحدی کی اس لئے قرآن رسول کریم ﷺ کا وہ معجزہ ہے جو آپ کی رسالت کی تائید کرتا ہے اور جن مومنین نے آپ کی اتباع کی ہے ان کے دلوں میں چمکتا ہے۔

اور حضرت نبی کریم ﷺ کی رسالت، دائمی اور ہمہ گیر ہے اس لئے کہ وہ خاتمۃ الرسالات ہے پس حکمت یہ ہے کہ آپ کا معجزہ آپ کی رسالت کی نوع سے متفق ہو جبکہ ہر پہلا نبی قوم کے لیے رسالت لاتا تھا اور جو رسالات اس کے بعد آتیں وہ اسے ختم کر دیتیں اور یہ ممکن نہ تھا کہ خاتم الانبیاء کا معجزہ حسی ہو اور جب وہ وقوع پذیر ہو تو اسے لوگوں کی ایک جماعت دیکھے پس جب رسول اللہ ﷺ رفیق اعلیٰ سے جا ملتے تو یہ امر محسوس بھی ختم ہو جاتا اور اس کے بعد اسے کوئی نہ دیکھ سکتا اس لئے کہ امور محسوسہ اس نوع کی رسالت کے ساتھ اور نہ اس کے خلود کے ساتھ اتفاق کرتے ہیں قرآن سب لوگوں کے لیے معجزہ ہے اس لئے یہ دوسری نوع سے آیا ہے جو سابقہ معجزات کی نوع سے الگ ہے اور یہ مدارک بشریہ کے مکمل ہونے اور فکر انسانی کے ارتقاء کے بعد دنیا کے لیے آیا اس کے لیے سیدنا محمد ﷺ کی رسالت، بشریت کے پاس اس وقت آئی جب اس کا رشد پختہ ہو گیا تھا اور اس کا نمو عقلی مکمل ہو گیا تھا سو آپ کا معجزہ عقل سے معلوم کیا جاتا ہے اور وہ حس کی کسی نوع کا محتاج نہیں ہے پس یہ ہمیشہ رہنے والے معانی ہیں جن کی انسانی بلندی تمام قوموں میں پائی جاتی ہے اور یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كل الأجيال وهي معجزة يخاطب بها الناس جميعا(١).

معنى اعجاز القرآن:

الاعجاز في اللغة العربية هو نسبة العجز الى الغير قال تعالى: ﴿أعجزت أن أكون مثل هذا الغراب فأواري سوأة أخي﴾ (سورة المائدة:٣١) وتسمى المعجزة (معجزة) لأن البشر يعجزون عن الاتيان بمثلها لأنه أمر خارق للعادة خارج عن حدود الأسباب المعروفة واعجاز القرآن معناه: اثبات عجز البشر متفرقين ومجتمعين عن الاتيان بمثله وليس المقصود من (اعجاز القرآن) هو تعجيز البشر لذات التعجيز أي تعريفهم بعجزهم عن الاتيان بمثل القرآن فإن ذلك معلوم لدى كل عاقل، وانما الغرض اظهار أن هذا الكتاب حق وأن الرسول الذي جاء به رسول صادق وهكذا سائر معجزات الأنبياء الكرام التي يعجز البشر عنها ليس الغرض منها إلا إظهار صدقهم وإثبات أن ما جاء وانه انما هو بوحي من الحكيم العليم وتنزيل من الإله القادر وأنهم إنما يبلغون رسالات الله وليس لهم إلا الاخبار والتبليغ فالمعجزات اذا براهين من الله سبحانه الى عباده لصدق رسله وأنبيائه فكأن الله تعالى بواسطة هذه المعجزة يقول: صدق عبدي فيما بلغ عني وأنا أرسلته ليبلغكم ذلك والدليل على

وہ معجزہ ہے جس سے سب انسانوں کو مخاطب کیا جاتا ہے۔

اعجاز القرآن کا مفہوم:

عربی زبان میں اعجاز دوسرے کی طرف عجز کی نسبت کرنا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے أعجزت أن أكون مثل هذا الغراب فأواري سوأة أخي.. (المائدہ: ۳۱) اور معجزہ کو معجزہ اس لیے کہتے ہیں کہ تمام انسان اس کی مثل لانے سے عاجز آ جاتے ہیں کیونکہ وہ خارق عادت امر ہوتا ہے اور معروف اسباب کی حدود سے خارج ہوتا ہے اور اعجاز القرآن کے معنی ہیں کہ اس کی مثل لانے سے تمام انسان کے عجز کا اثبات کرنا ہے (خواہ وہ الگ الگ ہوں یا اکٹھے) اور اعجاز القرآن کا مقصد ذات تعجیز کے لیے بشر کا عاجز کرنا نہیں ہے یعنی انہیں بتانا کہ وہ قرآن کی مثل لانے سے عاجز ہیں اور یہ بات ہر عاقل کو معلوم ہے بلکہ مقصد اس بات کا اظہار ہے کہ یہ کتاب حق ہے اور جو رسول اسے لایا ہے وہ سچا رسول ہے ایسے ہی بقیہ انبیاء کرام کے معجزات ہیں جن سے بشر عاجز ہیں اور ان کا مقصد صرف ان کے صدق کا اظہار کرنا ہے اور اس بات کا اثبات کرنا ہے کہ جو وہ لائے ہیں وہ علیم و حکیم کی وحی ہے اور خدائے قادر کی تنزیل ہے اور وہ صرف اللہ پیغامات کو پہنچاتے ہیں۔ ان کا کام صرف اخبار و تبلیغ ہے پس اس صورت میں معجزات بندوں کی طرف اللہ کی براہین ہیں اور اس کے انبیاء و رسل کے صدق کی دلیل ہیں۔ گویا اللہ تعالیٰ اس معجزے کے واسطے سے کہتا ہے میرے بندے نے میری طرف سے جو پہنچایا ہے اس میں وہ سچا ہے اور میں نے اسے بھیجا ہے تا کہ وہ میرے پیغامات تمہیں پہنچا دے اور اس کی

(١) انظر الكتاب والسنة ص ٢٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صدقه أن أجرى على يديه خوارق العادات مما لا يستطيع احد منكم ان ياتي بمثله' ومما ليس بمقدور أحد من الناس أن يجاريه في مثل هذا الأمر العجيب ذالك هو معنى الإعجاز" وذلك هو مفهوم المعجزة.

سچائی کی دلیل یہ ہے کہ میں اس کے ہاتھ پر خارق عادت واقعات جاری کروں گا کہ لوگوں میں سے کسی کے بس میں نہیں ہوگا کہ وہ اس امر عجیب میں اس کا مقابلہ کرے۔ یہی معنی ہے اعجاز کا اور یہ مفہوم ہے معجزہ کا۔

متى يتحقق الاعجاز:

اعجاز کب ثابت ہوتا ہے:

والاعجاز لا يتحقق الا اذا توافرت أمور ثلاثة نجملها فيما يلي:

جب تین امور پورے ہو جائیں تو اعجاز ثابت ہو جاتا ہے ہم ذیل میں انہیں اختصاراً بیان کرتے ہیں۔

أ- الأول: التحدى' أى (طلب المباراة والمعارضة)

اول: تحدی' للکار، چیلنج یعنی مقابلہ اور معارضہ کی پیش کش کرنا۔

ب- الثانى: أن يكون الدافع إلى رد التحدى قائماً.

دوم: یہ کہ چیلنج کے رد کا محرک قائم ہو۔

ج- الثالث: أن يكون المانع منتفياً.

سوم: یہ کہ مانع' موجود نہ ہو۔

ولنوضح هذه الأمور الثلاثة ببعض الأمثلة فنقول:

ہم ان تینوں امور کی بعض مثالوں سے وضاحت کرتے ہیں۔

١- هذا القرآن العظيم (معجزة محمد الكبرى) الذى تحدى الله به العرب خاصة' والناس أجمعين' يأتى به نبي امي' لا يعرف القرائة والكتابة' ولم يدرس في مدرسة' أو يتلق علومه في جامعة من الجامعات الكبيرة' ولم يثبت عنه انه كان تلقى شيئاً من العلوم والمعارف عن بعض النابغين من العلماء' أو المبرزين في صنوف الثقافة والعرفان' ولم يتصل بأحد من علماء أهل الكتاب (اليهود والنصارى) حتى يطلع على أنباء الأمم السابقين' وأخبار الأنبياء المتقدمين' جاء هم بهذا الكتاب المجيد'

ا- یہ قرآن عظیم (محمد ﷺ کا بڑا معجزہ) جس سے اللہ تعالیٰ نے عربوں اور سب لوگوں کو چیلنج کیا کہ اسے امی نبی لاتا ہے جو قرأت و کتابت کو نہیں جانتا نہ اس نے کسی مدرسہ میں پڑھا ہے اور نہ اپنے علوم کو بڑی بڑی یونیورسٹیوں سے حاصل کیا ہے اور نہ یہ ثابت ہے کہ اس نے بعض نابغہ روزگار علماء یا تعلیم و معرفت کی اقسام میں نمایاں لوگوں سے علوم و معارف کا کچھ حصہ حاصل کیا ہے اور نہ ہی اس نے اہل کتاب کے علماء سے ملاقات کی ہے کہ وہ سابقہ اقوام اور متقدمین انبیاء کے حالات سے آگاہ ہوتا وہ ان کے پاس یہ کتاب لایا، انہیں چیلنج کرتا ہوا۔ ان لوگوں کے پاس جو فصاحت کے ائمہ اور بلاغت کے شہسوار تھے اور اس نے قوی عبارات اور عمدہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متحدياً لهم. وهم أئمة الفصاحة وفرسان البلاغة. وطلب منهم معارضة القرآن، بعبارات قوية، ولهجات واخزة تستفز العزيمة وتدفع إلى المباراة، وتنزل معهم من التحدي بجميع القرآن، إلى التحدي بعشر سور مثله، ثم إلى التحدي بسورة واحدة من مثله، وهم في كل هذا واجمون، لا ينبسون ببنت شفة، وهم رغم هذا التحدي ينتقلون من عجز إلى عجز، ومن هزيمة إلى هزيمة، أفليس في هذا أكبر شاهد وبرهان على إعجاز القرآن؟!.

لہجات کے ساتھ جو عزیمت کو برانگیختہ کرتے ہیں اور مقابلے کی طرف دھکیلتے ہیں۔ ان سے قرآن کے مقابلے کا مطالبہ کیا اور وہ تمام قرآن کے مقابلہ کے چیلنج کو چھوڑ کر دس سورتوں کی مثل لانے کے چیلنج پر آ گیا پھر ایک سورت کی مثل کے چیلنج پر آیا اور وہ ان تمام باتوں میں سر جھکائے رہے اور انھوں نے ہونٹ بھی نہ ہلائے۔ اور اس چیلنج کے مقابلہ میں وہ عجز سے عجز کی طرف اور شکست سے شکست کی طرف منتقل ہوتے رہے کیا یہ بات اعجاز قرآن پر سب سے بڑی گواہ اور برہان نہیں ہے؟

أسلوب القرآن في التحدي:

جاء التحدي في القرآن الكريم بصور متعددة، وأساليب متنوعة، تهز كيان العرب هزاً، وتجرهم إلى الميدان جراً، في أسلوب ممتع أخاذ، يملك عليهم شعورهم، ويستحوذ على افئدتهم، بسحره وجماله ورونقه.

فتنزل معهم إلى (عشر سور) من مثله مفتريات، فانقطعوا واندحروا وعجزوا عن الاتيان بتلك السور العشر.

فتنزل معهم إلى ما هو أسهل وأيسر، إلى الإتيان بمثل (سورة واحدة) فقط من سور القرآن، فلم يتقدم واحد منهم إلى حلبة الميدان.. وبذلك سجل عليهم القرآن العجز والهزيمة، وثبتت معجزة محمد، النبي الأمي، على أن هذا القرآن تنزيل من رب العالمين ﴿وإنه لتنزيل رب العالمين نزل به الروح

چیلنج کرنے میں قرآن کا اسلوب:

قرآن کریم میں متعدد سورتوں اور متنوع اسالیب میں مقابلہ کی للکار اور چیلنج آیا ہے جس نے عربوں کے وجود کو ہلا دیا اور انہیں میدان کی طرف گھسیٹا...... یہ للکار فائدہ بخش گرفت میں لے لینے والے اسلوب میں آئی ہے جو ان کے شعور پر قابو پا لیتا ہے اور اپنے سحر و جمال اور چمک دمک سے ان کے دلوں پر غلبہ پا لیتا ہے اس نے انہیں چیلنج کیا کہ قرآن کی مثل لائیں تو وہ عاجز آ گئے اور پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے حالانکہ وہ فصاحت کے شہسوار اور بیان کے بادشاہ تھے پھر اس سے اتر کر وہ اس جیسی دس خود ساختہ اور من گھڑت سورتوں تک آیا پس وہ ان سورتوں کی مثل لانے سے عاجز آ گئے اور خاموش ہو گئے۔ اس سے اتر کر وہ آسان تر بات کی طرف آیا کہ وہ قرآن کی سورتوں میں سے فقط ایک سورت کی مثل لائیں پس ان میں سے کوئی ایک بھی میدان کی دوڑ میں آگے نہ بڑھا اس سے قرآن نے ان کے عجز و ہزیمت کا [illegible] دے دیا اور محمد ﷺ نبی امی کا معجزہ ثابت ہو گیا کہ یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأمين على قلبك لتكون من المنذرين بلسان عربي مبين﴾.(سورة الشعراء: ١٩٢-١٩٥)

وصدق الله حيث يقول:

﴿ قل نزله روح القدس من ربك بالحق ليثبت الذين آمنوا وهدى وبشرى للمسلمين.﴾(سورة النحل:١٠٢)

انواع التحدی:

والتحدى الذى جاء فى القرآن الكريم كان على نوعين:

١ - التحدى العام.

٢ - التحدى الخاص.

أما الأول: فقد ورد لجميع الخلائق بما فيهم الفلاسفة' والعباقرة' والعلماء' والحكماء' وجاء لجميع البشر بدون استثناء' عربهم وعجمهم' أبيضهم وأسودهم' مؤمنهم وكافرهم' استمع الى هذا التحدى الصارخ فى سورة الإسراء:

﴿ قل لئن اجتمعت الانس والجن على أن يأتوا بمثل هذا القرآن' لا يأتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا﴾.(١)

وأما الثاني: (التحدى الخاص) فقد جاء للعرب خاصة' وعلى الأخص منهم لكفار قريش' وقد ورد هذا التحدى على نوعين أيضاً:

١-تحدى كلي: وهو التحدى بجميع القرآن' فى أحكامه' وروعته وبلاغته' وبيانه.

قرآن رب العالمین کی تنزیل ہے' وانه لتنزيل رب العالمين نزل به الروح الأمين على قلبك لتكون من المنذرين بلسان عربي مبين-(سورة الشعراء: ١٩٢-١٩٥) اور اس نے سچ فرمایا ہے قل نزله روح القدس من ربك بالحق ليثبت الذين آمنوا وهدى وبشرى للمسلمين. (سورۃ النحل:١٠٢)

چیلنج کی انواع:

قرآن کریم میں آنے والے چیلنج کی دو قسمیں ہیں۔

١-عام چیلنج۔

٢-خاص چیلنج۔

قسم اوّل تمام مخلوق کے لیے آئی ہے جس میں فلاسفہ' دانشور' علماء اور حکماء شامل ہیں اور بلا استثناء تمام انسانوں کے لیے ہے عرب ہوں عجم ہوں۔ سفید ہوں' سیاہ ہوں' مومن ہوں' کافر ہوں' اس گونجدار چیلنج کو سورہ اسراء میں سنئے۔

قل لئن اجتمعت الانس والجن على أن يأتوا بمثل هذا القرآن' لا يأتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيراً۔(سورۃ الاسراء:٨٨)

قسم ثانی: خاص عربوں کے لیے آئی ہے اور ان میں سے اخص طور پر کفار قریش کے لیے آئی ہے یہ للکار بھی دو قسموں میں آئی ہے۔

١-کلی:- یہ تمام قرآن کے لانے کا چیلنج ہے۔ اس کے احکام میں اس کے حسن و جمال میں اور اس کی بلاغت میں اور

(١) ظهيراً: أى معيناً وناصراً۔ سورة الأسراء: ٨٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب) [illegible]

٢- التحدي الجزئي: وهو التحدي بمثل سورة من سور القرآن الكريم، ولو من أقصر سورة كسورة الكوثر.

فالأول مثل قوله تعالى: ﴿فليأتوا بحديث مثله ان كانوا صادقين﴾ (سورة الطور: ٣٤) والمراد بالحديث في هذه الآيات الكريمة (قرآن مثله) أي يأتوا بقرآن يشبه هذا الذي جاءهم به محمد رسول الله، والذي زعموا أنه افتراء وتقوله على الله، كما ورد التحدي بالقرآن كله في سورة القصص في قوله تعالى: ﴿قل فاتوا بكتاب من عند الله هو اهدى منهما اتبعه ان كنتم صادقين﴾ (سورة القصص: ٤٩) فقد طلب منهم أن يأتوا بكتاب كامل غير هذا الكتاب الكريم، فإذا لم يستجيبوا لدعوته فانما هم أناس متعنتون، يعبدون الهوى، ويسيرون على غير هدى الله.

أما التحدي الجزئي فقد ورد في سورة (هود) في قوله تعالى: ﴿ام يقولون افتراه؟ قل فاتوا بعشر سور مثله مفتريات، وادعوا من استطعتم من دون الله ان كنتم صادقين فان لم يستجيبوا لكم فاعلموا انما انزل بعلم الله، وان لا اله الا هو فهل انتم مسلمون﴾ (سورة هود: ١٣-١٤)

كما ورد التحدي بأقل من ذلك تحداهم (بسورة) واحدة من أقصر سور القرآن، وجاء

اس کے بیان میں [illegible]

۲- جزئی: یہ قرآن کریم کی سورتوں میں سے کسی سورت کے مثل کا چیلنج ہے خواہ وہ سب سے چھوٹی سورت ہو، جیسے سورۃ کوثر۔

پہلی کی مثال اللہ کا یہ قول ہے: فلیاتوا بحدیث مثلہ ان کانوا صادقین (سورۃ الطور: ۳۴) ان آیات کریمہ میں حدیث سے مراد اس جیسا قرآن ہے یعنی وہ قرآن لائیں جو اس کی مثل ہو جو محمد رسول اللہ ﷺ لائے ہیں۔ اور جن لوگوں کا خیال ہے کہ یہ افتراء اور خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھنا ہے جیسا کہ سورۃ قصص میں پورے قرآن کی تحدی آئی ہے۔ قل فاتوا بکتاب من عند اللہ ھو اھدی منھما اتبعہ ان کنتم صادقین (سورۃ قصص: ۴۹) اس نے ان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس کتاب کریم کے سوا کامل کتاب لائیں اور جب وہ اس کی دعوت کو قبول نہ کریں تو وہ ہلاک ہونے والے لوگ ہیں، خواہشات کی پوجا کرتے ہیں اور اللہ کی ہدایت پر نہیں چلتے۔

جزئی چیلنج سورۃ ہود میں آیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ام یقولون افتراہ قل فاتوا بعشر سور مثلہ مفتریات، وادعوا من استطعتم من دون اللہ ان کنتم صادقین فان لم یستجیبوا لکم فاعلموا انما انزل بعلم اللہ، وان لا الہ الا ھو فھل انتم مسلمون (سورۃ ہود: ۱۳-۱۴)

ایسے ہی اس سے بھی کم قرآن لانے کا چیلنج بھی کیا گیا ہے اس نے انہیں قرآن کی ایک چھوٹی سی سورت لانے کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هذا التحدی مقروناً بالتعجیز الفاضح' فی الحاضر والمستقبل' مسجلاً علیهم ذلك العجز' بما یثیر حمیتهم ویغریهم بتکلف المعارضة' لا سیما بعد قولتهم القبیحة ودعواهم الکاذبة حین قالوا: ﴿ **لو نشاء لقلنا مثل هذا' ان هذا الا اساطیر الأولین**﴾.(سورة الأنفال:٣١)

جاء هم التحدی فی سورة البقرة فی قوله تعالیٰ:﴿ **وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورة من مثله وادعوا شهداء کم من دون الله ان کنتم صادقین فان لم تفعلوا. ولن تفعلوا. فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارة اعدت للکافرین**﴾. (سورة البقرة:٢٣-٢٤)

قال العلامة (القرطبی) فی تفسیره (الجامع لأحکام القرآن): قوله ﴿ **فان لم تفعلوا**﴾ یعنی فیما مضی' ﴿ **ولن تفعلوا** ﴾ أی تطیقوا ذلك فیما یأتی' وفیه اثارة لهممهم' وتحریك لنفوسهم' لیکون عجزهم بعد ذلك أبدع' وهذا من الغیوب التی أخبر بها القرآن قبل وقوعها[1].

أما الأمر الثانی وهو: (قیام المقتضی للمباراة والمعارضة) عند العرب فقد کان حاصلاً وقائماً' فان النبی علیه الصلاة والسلام جاء هم بدین جدید' أبطل فیه دینهم' وسفه

چیلنج بھی کیا ہے اور یہ چیلنج ان کے متعلق عجز کا فیصلہ دیتے ہوئے اور حاضر و مستقبل میں رسوا کن تعجیز کے ساتھ ملے ہوئے آئی ہے جوان کی حمیت کو بھڑکاتی ہے اور انہیں معارضہ کے تکلف پر اکساتی ہے خصوصا ان کے قبیح قول اور جھوٹے دعویٰ کے بعد جب انہوں نے کہا **لو نشاء لقلنا مثل هذا' ان هذا الا اساطیر الأولین** (سورۃ الانفال:۳۱)

سورۂ بقرہ میں ان کو چیلنج ہوا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورة من مثله وادعوا شهداء کم من دون الله ان کنتم صادقین فان لم تفعلوا. ولن تفعلوا. فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارة اعدت للکافرین (سورۂ بقرہ:۲۳-۲۴)

علامہ قرطبی نے اپنی تفسیر الجامع لأحکام القرآن میں بیان کیا ہے کہ ﴿ **فان لم تفعلوا**﴾ اگر تم نے نہیں کیا یعنی تم گذشتہ میں نہ کر سکے اور ﴿ **ولن تفعلوا** ﴾ یعنی آئندہ آنے والے زمانہ میں بھی تم اس کی طاقت ہرگز نہ پاؤ گے اس میں ان کی ہمتوں کے لیے اکساہٹ اور ان کے نفوس کے لیے تحریک پائی جاتی ہے تاکہ اس کے بعد ان کا عجز انوکھا ہو اور یہ بھی ثابت ہو کہ وہ غیب کی خبر ہے جس کی قرآن نے اس کے وقوع سے قبل خبر دی ہے۔

اور دوسری بات عربوں کے نزدیک مقابلے اور معارضے کے لیے مقتضی کا قیام ہے اور وہ حاصل اور قائم تھا حضرت نبی کریم ﷺ ان کے پاس نیا دین لائے آپ نے ان کے دین کو باطل قرار دیا اور ان کے عقلمندوں کو بے وقوف

(١) تفسیر القرطبی: ج ١' ص ٢٣٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احلامهم، وسخر من آلتهم وأصنامهم، وجعلهم اضحوكة بين الناس، ثم دعاهم الى اتباعه والى اعتقاد انه رسول من عند الله، وقال لهم: ان الحجة على صدقى هذا الكتاب الذى أوحاه الى، فإذا لم تصدقونى فى ذلك فأنا اتحداكم ان تأتوا بمثله، او بمثل سورة منه، واذا عجزتم فذلك آية صدقى، وبرهان رسالتى اليكم.. فما كان احوجهم الى ان يأتوا بمثله خاصة بعد هذا التحدى السافر، والتهكم الشديد اللاذع، بعقولهم وآلهتهم وأصنامهم، أقول ما كان أحوجهم الى دحض ما ادعاه، وإبطال أنه من عند الله، وذلك بسلوك ايسر الطرق، وولوج اقرب الابواب لرد دعواه وذلك عن طريق ما برعوا فيه، واشتهروا بجودته واتقانه الا وهو (البيان) فى النطق و (الفصاحة) فى اللسان، وكان ذلك انفع لهم من الحرب التى ذاقوا ويلاتها، وخاضوا غمارها، حتى شربوا كؤوس الأسى وتجرعوا الموت الذؤام، ولكنهم اختاروا طعن الرماح، ووقع النبال، ولم يدخلوا فى المباراة.

قرار دیا اور ان کے معبودوں اور اصنام سے مذاق کیا اور انہیں لوگوں کے درمیان قابل ہنسی چیز بنا دیا پھر انہیں اپنی اتباع اور اعتقاد کی دعوت دی کہ آپ اللہ کی جانب سے رسول ہیں اور آپ نے ان سے فرمایا کہ میرے صدق پر یہ کتاب حجت ہے جسے اللہ نے میری طرف وحی کیا ہے پس جب تم اس بارے میں میری تصدیق نہیں کرو گے تو میں تمہیں چیلنج کروں گا کہ تم اس کی مثل لاؤ یا اس کی سورت کی مثل لاؤ اور جب تم عاجز آ جاؤ گے تو یہ میرے صدق کی دلیل اور میری رسالت کی برہان ہوگی پس انہیں کس قدر ضرورت تھی کہ اس کھلے چیلنج اور اپنے دانشمندوں، معبودوں اور اصنام کے بارے میں شدید استہزاء اور تمسخر کے بعد اس کی مثل لائیں میں کہتا ہوں انہیں آپ کے دعوے کو باطل کرنے اور یہ کہ آپ اللہ کی طرف سے رسول اسے جھوٹا ثابت کرنے کی کس قدر ضرورت تھی اور آسان تر طریق اور آپ کے دعویٰ کے رد کے لیے قریب تر دروازے سے داخل ہونے سے ہوسکتا تھا اور یہ اس طریق سے ہوسکتا تھا جس میں وہ ماہر تھے اور اس کی عمدگی و پختگی میں مشہور تھے اور وہ چیز کلام میں وضاحت اور زبان میں فصاحت کا جوہر تھا اور یہ ان کے لیے اس جنگ سے زیادہ فائدہ بخش تھا جس کی ہلاکتوں کا مزہ وہ چکھ چکے تھے اور اس کی گہرائیوں میں گھس چکے تھے حتیٰ کہ انہوں نے غم کے پیالے پئے اور رسوا کن موت کو گھونٹ گھونٹ پیا لیکن انہوں نے نیزوں کی چبھن اور تیروں کی چوٹ کو پسند کیا اور مقابلے میں نہ آئے۔

يقول القاضى (الباقلانى) رحمه الله:

(كيف يجوز أن يقدروا على معارضة القرآن، السهلة عليهم، وذلك يد حض حجته، ويفسد دلالته، ويبطل أمره، فيعدلون عن ذلك الى سائر

قاضی باقلانی فرماتے کیسے ممکن ہے کہ وہ قرآن کے مقابلے کی قوت پائیں جوان پر آسان تھا یا اس کی حجت کو باطل کرنے اور اس کی دلالت کو خراب کرنے اور اس کے امر کو باطل کرنے سے ہوسکتا تھا وہ اس سے اعراض کر کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ما صاروا اليه من الأمور التي ليس عليها مزيد في المنابذة والمعاداة' ويتركون الأمر الخفيف؟ هذا ما يمتنع وقوعه في العادات ولا يجوز اتفاقه من العقلاء).

وأما الأمر الثالث: وهو (انتقاء ما يمنعهم من معارضة القرآن) فلأنه نزل بلسان عربي' هو لسانهم' وألفاظه من أحرف العرب' وعباراته على اسلوب العرب' وهم أهل البيان واللسن' وأمراء الفصاحة والبلاغة' وقد دلت أشعارهم ونطقت خطبهم وحكمهم على براعتهم في ذلك' وعلى انهم حازوا قصب السبق في مضمار الفصاحة والبيان' كما أثبتت الأيام أنهم من ذوي القدرة والاستطاعة على ان يبرزوا في الشعر والنثر' وان يحلقوا في سماء الفصحى ألا وهي لغتهم الأساسية (لغة القرآن) التي بها يتفاخرون ويتبارون' ويعقدون المنتديات' ويجتمعون في المحافل' ليستمعوا أروع القصائد والخطب' ويصوغوا اجمل الالفاظ والعبارات' ولم يكونوا في عجز من قدرتهم' او نقص في عقولهم' بل كانت قدرتهم موفورة' واستطاعتهم مشهورة' وهم أولو النهى والألباب' ومع ذلك فالقرآن دعاهم أن يستعينوا بمن شاء وا' ويكملوا ما ينقصهم بأهل الأديان' ويستحضروا عدتهم بالاتصال بالسحرة والكهان' وبمن شاء وا من طوائف الانس والجان' فليس أمامهم ثمة مانع' والنبي ﷺ لم

دوسرے امور کی طرف جاتے ہیں جن پر دشمنی اور عداوت میں مزید اضافہ نہیں ہوسکتا اور وہ خفیف امر کو چھوڑ دیتے ہیں؟ معمولات میں اس کا وقوع ممتنع ہے اور دانشمندوں سے اس کا وقوع ممکن نہیں۔

تیسری بات اس چیز کا کفار کے لیے ممتنع ہونا جو انھیں مقابلے سے روک دے۔ اس لئے کہ یہ عربی زبان میں نازل ہوا ہے وہ ان کی زبان ہے اور اس کے الفاظ عربوں کے حروف سے ہیں اور اس کی عبارات عربوں کے اسلوب پر ہیں اور وہ اہل زبان و بیان ہیں اور امرائے فصاحت و بلاغت ہیں اور ان کے اشعار و خطبات اور ان کی حکیمانہ باتیں اس بارے میں ان کی مہارت پر دلالت کرتی ہیں اور یہ کہ وہ فصاحت و بیان کے میدان میں سبقت لے گئے ہیں ایسے ہی زمانے نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ شعر و نثر میں سبقت کی قدرت رکھتے ہیں اور یہ کہ وہ فصاحت کے آسمان میں چکر لگائیں اور ان کی بنیادی لغت 'لغت قرآن ہے جس پر وہ فخر کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے ہیں اور مجالس منعقد کرتے ہیں اور محافل میں اکٹھے ہوتے ہیں تاکہ شاندار قصائد اور خطبات سنیں اور خوبصورت ترین الفاظ اور عبارات بنائیں اور ان کی قدرت میں عجز اور ان کی عقلوں میں نقص نہیں ہے بلکہ ان کی قدرت مکمل ہے اور ان کی استطاعت مشہور ہے اور وہ دانشمند ہیں اس کے باوجود قرآن نے انہیں دعوت دی کہ وہ جس سے چاہیں مدد لیں اور اہل ادیان نے انہیں جو نقصان پہنچایا ہے اسے پورا کر لیں اور ساحروں اور کاہنوں سے تعلق پیدا کر کے اپنی تیاری کر لیں اور انس و جان کی جماعتوں میں سے جن سے چاہیں مدد لیں وہاں ان کے آگے کوئی مانع نہ ہوگا اور حضرت نبی کریم ﷺ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يضرب لهم أجلا للمعارضة، ولم يحدد زمناً للمناقضة، حتى يقول قائل منهم: ان الزمن لا يكفي وليس فيه سعة، كما ان القرآن لم ينزل جملة واحدة حتى يحتجوا بذلك، بل نزل مفرقاً فى ثلاث وعشرين سنة، بين كل مجموعة واخرى زمن متسع للمعارضة وللاتيان بمثله لو كان فى مقدورهم ذلك، فلما عجزوا دل على انه تنزيل رب العباد، وكفى بذلك دليلاً وبرهاناً.

نے مقابلہ کے لیے ان سے کوئی مدت بیان نہیں کی اور نہ مناظرہ کے لیے کوئی زمانہ مقرر کیا ہے کہ ان میں کوئی کہنے لگے کہ زمانہ کافی نہیں کیونکہ اس میں وسعت ہے ایسے ہی قرآن یکبارگی نازل نہیں ہوا کہ وہ اس سے حجت پکڑیں بلکہ ۲۳ سال میں متفرق صورت میں نازل ہوا ہے اور ہر ایک مجموعہ اور دوسرے مجموعہ کے درمیان مقابلے اور اس کی مثل لانے کے لیے وسیع زمانہ ہے کاش یہ بات ان کے بس میں ہوتی پس جب وہ عاجز آ گئے تو یہ اس بات کی دلیل ہوئی کہ وہ رب العباد کی تنزیل ہے اور یہی دلیل و برہان کافی ہے۔

مثل على إعجاز القرآن:

وقد ذكر المرحوم (الشيخ الزرقانى) كلاماً نفيساً فى كتابه (مناهل العرفان) ننقله بنصه. قال رحمه الله فى بحث تعريف (المعجزة) ما يلي:

(المعجزة: هى أمر خارج للعادة، خارق عن حدود الأسباب المعروفة، يخلقه الله تعالىٰ على يد مدعى النبوة، عند دعواه إياها: شاهداً على صدقه... فإذا قام إنسان ما ، وادعى أنه مبعوث من الله تعالىٰ الى خلقه، ورسوله الى عباده، وقال: ان آية صدقى فيما أدعيه، أن يغير الله الذى ارسلنى عادة من عاداته على يدى، وأن يخرج الآن عن سنة من سننه العامة فى وجوده ثم قال: وسيأتيكم الله بهذا الأمر العجاب، من باب ترون انكم فيه نابغون وعليه قادرون، وانى أتحداكم زرافات ووحداناً أن تأتوا بمثل هذا الآية، وأمامكم الباب مفتوحاً كما تعتقدون، وفيكم النبوغ موفوراً كما تدعون، ثم أنتم مجتمعون

اعجاز قرآن کی مثال:

شیخ زرقانی مرحوم نے اپنی کتاب مناھل العرفان میں بڑی نفیس گفتگو کی ہے ہم اس کی عبارت کو نقل کرتے ہیں معجزہ کی تعریف کی بحث میں مرحوم نے درج ذیل بیان فرمایا ہے۔

معجزہ: ایک خارق عادت امر ہے، جو معروف اسباب کی مدد سے بھی خارج ہے اللہ تعالیٰ اسے مدعی نبوت کے ہاتھ پر اس کے دعویٰ کے وقت پیدا کرتا ہے جسے اس کے صدق پر گواہ بنا کر پیدا کرتا ہے اور جب کوئی انسان کھڑا ہو اور دعویٰ کرے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی مخلوق کی طرف مبعوث ہے اور اس کے بندوں کی طرف اس کا رسول ہے اور کہے کہ میں جو دعویٰ کرتا ہوں اس کی سچائی کی علامت یہ ہے کہ جس خدا نے مجھے بھیجا ہے وہ اپنی عادات میں سے ایک عادت کو میرے ہاتھ پر بدل دے گا اور یہ کہ اب وہ اپنی عام سنتوں میں سے ایک سنت (جو اس کے وجود میں پائی جاتی ہے) سے باہر نکل جائے گا پھر کہے کہ عنقریب اللہ اس امر عجیب کو ایک دروازے سے لائے گا جس میں تم اپنے آپ کو بڑی شان والے اور قدرت والے خیال کرتے ہو اور میں تم کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأنا وحدی، قال ذلك بلغة الواثق، وتحدانا هذا التحدی الظاهر، فی وقت یثور فیه علی عقائدنا وعاداتنا وأخلاقنا، ویسفه فیه أحلامنا وأحلام أمثالنا من آبائنا، ونحن أحرص ما نکون علی تعجیزه وتبهیته والغلبة علیه والظفر به، دفاعاً عن کرامتنا وانتصاراً لأعز شیء لدینا، ثم لم یلبث أن قام وقمنا، وأجمع امره وأجمعنا، واذا نحن جمعیاً بعد محاولات ومصاولات لم نستطع أن نأتی بمثل ما أتی به، فضلاً عن أعظم منه، مع أننا أمة وهو فرد، ومع انه قد دخل الینا من أیسر الطرق فی نظرنا، ومن أشهر فن فی زماننا، ومع أنه قد أعطانا الفرصة الکافیة لمناظرته، وأنصفنا کل إنصاف من نفسه!!

انفرادی اور اجتماعی طور پر چیلنج کرتا ہوں کہ تم اس آیت کی مثل لاؤ اور جیسا کہ تم اعتقاد رکھتے ہو تمہارے آگے دروازے کھلا ہوا ہے اور تمہارے دعوے کے مطابق تم میں مکمل شان پائی جاتی ہے پھر تم اکٹھے ہو اور میں اکیلا ہوں آپ نے یہ بات پر اعتماد شخص کی زبان میں کہی اور اس نے ہمیں یہ کھلا چیلنج اس وقت دیا جس میں وہ ہمارے عقائد و عادات اور اخلاق پر حملہ آور ہے اور ہمارے عقلمندوں کو اور ہمارے آباء کے دانشوروں کو بے وقوف قرار دیتا ہے اور ہم اپنی عزت کے دفاع اور ہمارے ہاں جو سب سے عزیز چیز ہے اس کا بدلہ لینے کے لیے اس کو عاجز کرنے اور اس پر غلبہ پانے اور اس پر کامیاب ہونے کے بڑے شوقین ہیں پھر جلد ہی وہ اٹھ کھڑا ہوا اور ہم بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور اس نے اپنے معاملے کو سمیٹا اور ہم نے بھی اور ہم سب اس سے بڑی چیز لانا تو کجا کوششوں اور مقابلوں کے بعد بھی اس کی مثل بھی لا سکے جو وہ لایا ہے حالانکہ ہم ایک قوم ہیں اور وہ ایک فرد ہے اور ہماری نظر میں وہ سب کے آسان طریق سے اور ہمارے زمانے کے مشہور ترین فن سے ہمارے پاس آیا ہے اس کے باوجود اس نے ہمیں اپنے ساتھ مناظرہ کرنے کے لیے کافی مدت دی ہے اور اس نے اپنی طرف سے ہم سے پورا انصاف کیا ہے۔

هل یشك کل ذی مسکة من عقل، فی أن هذا الانسان المتفوق الممتاز صادق فی رسالة ومحق فی دعوته، خصوصاً اذا عرفنا فوق ذلك کله انه نشأ فینا علی الصدق والأمانة ومکارم الاخلاق، من لدن صباه وطفولته الی یوم مبعثه ورسالته!

کیا تمام بھلی عقل والے اس ممتاز انسان کے بارے میں جو اپنی رسالت میں صادق اور اپنی دعوت میں حق پر ہے شک کر سکتے ہیں خصوصاً جب اس سے بڑھ کر ہمیں یہ بھی معلوم ہو کہ وہ اپنے بچپن اور طفولت سے لے کر اپنے مبعوث ہونے کے دن تک ہم میں ہی صدق و امانت اور مکارم اخلاق پر پروان چڑھا ہے۔

لو أنه جاء بالمعجزة من باب لا نعرفه، لقلنا: رجل حذق فناً من الفنون التی لا علم لنا

اگر وہ معجزے کو اس طریقہ سے لاتا جس سے ہم ناواقف ہوتے تو ہم کہتے کہ ایک شخص ان فنون میں سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بها' او تعلم صناعة من الصناعات التي لم تحط بخبرها' أما وقد جاء نا من الناحية التي تشهد لأنفسنا فيها بالتفوق والسبق' فلا يسعنا إلا الاذعان له' والايمان بما جاء به ما دمنا منصفين. ولنضرب لك مثلاً: جاء موسىٰ عليه السلام بمعجزته عصاً من الخشب' لا روح فيها ولا حركة' ولا لين ولا رطوبة' ثم ألقاها باسم الذي أرسله' فإذا هي حية تسعى' بينما الأمة التي تحداها بذلك كانت قد تفوقت في السحر وحذقته وضربت فيه بأوفر سهم وأوفى نصيب' خصوصاً انهم امة وهو فرد' وهم نابغون في السحر وهو مع نشأته فيهم لم يعرف يوماً من الأيام بمعالجة السحر' فهل يبقى للشك ظل بعد ان القى موسى عصاء ﴿**فاذا هي تلقف ما يأفكون**﴾(سورة الأعراف:١١٧)؟ ﴿ **فوقع الحق وبطل ما كانوا يعملون**﴾.(سورة الاعراف:١١٨) .﴿**والقى السحرة ساجدين. قالوا آمنا برب العالمين رب موسىٰ وهرون**﴾(سورة الاعراف:١٢٠-١٢٢)؟؟ الحق أبلج' ولذلك كان أول من آمن به هم السحرة أنفسهم لأنهم أعرف بالسحر ومقدماته ونتائجه' وقد رأوا رأى العين أن ذلك الإعجاز ليس من نوع السحر الذي عرفوه.

قل مثل ذلك في معجزة كل رسول أرسله الله' قله في عيسى بن مريم عليه السلام' وإبرائه الأكمه والأبرص' وإحيائه الموتى' وخلقه من

جنہیں ہم نہیں جانتے ایک فن کا ماہر ہو گیا ہے یا اس نے ان ہنروں میں سے ایک ہنر سیکھ لیا ہے جس کی حقیقت کا ہم احاطہ نہیں کر سکے یہ بات نہیں بلکہ وہ ہمارے پاس اس جہت سے آیا ہے جس میں ہم اپنے متعلق' سبقت وتفوق کی گواہی دیتے ہیں پس ہمیں جب تک ہم انصاف پسند ہیں اس کی مطیع ہونے اور جو وہ لایا ہے اس پر ایمان لانے کے سوا چارا نہیں ہے ہم آپ کے لیے ایک مثال بیان کرتے ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام لکڑی کے عصا کا معجزہ لائے اس میں نہ روح تھی نہ حرکت نہ نرمی اور نہ رطوبت پھر آپ نے اسے اس کے نام سے جس نے آپ کو بھیجا تھا پھینکا تو وہ دوڑتا ہوا سانپ بن گیا جبکہ وہ امت جسے آپ نے چیلنج کیا تھا۔ جادو میں فوقیت اور مہارت رکھتی تھی اور اس میں اس کا بڑا حصہ تھا۔ بالخصوص وہ ایک قوم تھے اور آپ ایک فرد اور وہ سحر میں بڑی شان کے مالک تھے اور آپ نے باوجود ان میں پرورش پانے کے ایک دن بھی سحر کی مشق نہیں کی کیا حضرت موسیٰ کے عصا پھینکنے کے بعد کوئی شک رہ گیا ہے فاذا هي تلقف ما يأفكون (سورۃ الاعراف:۱۱۸) والقى السحرة ساجدين. قالوا آمنا برب العالمين رب موسىٰ وهرون (سورۃ اعراف: ۱۲۰-۱۲۲) حق ظاہر ہو گیا اس لئے آپ پر سب سے پہلے ایمان لانے والے خود جادوگر تھے اس لئے کہ وہ سحر کے مقدمات اور اس کے نتائج کو زیادہ جاننے والے تھے اور انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ یہ اعجاز اس سحر کی نوع میں سے نہیں ہے جسے وہ جانتے ہیں۔

ہر رسول جسے اللہ نے بھیجا ہے اس کے معجزے میں اس کی ہم مثل کم ہی ہوگی۔ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اور آپ کے اندھوں اور کوڑیوں کے ٹھیک کرنے مردوں کے زندہ کرنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الطين كهيئة الطير بإذن الله، أمام قوم نبغوا في الطب أيما نبوغ، ومهروا فيه أيما مهارة!..

وقل مثل ذلك وأكثر من ذلك في خاتم الأنبياء سيدنا محمد ﷺ وما جاء به من آيات بينات ومعجزات واضحات، وحسبك القرآن وحده برهاناً ساطعاً، بل براهين ساطعات، كل مقدار ثلاث آيات منه حجة قاطعة تقوم في فم الدنيا الى يوم الساعة، تتحدى العالم بما يكون فيها من أسرار الفصاحة والبيان، والعلوم والمعارف، وأنباء الغيب وشواهد الحق[1].

شروط المعجزة الإلهية:

وللمعجزة شرائط خمسة نبه عليها العلماء، فإن اختل منها شرط لا تكون معجزة:

١- الشرط الأول: أن تكون مما لا يقدر عليه إلا الله رب العالمين.

٢- الشرط الثاني: أن تخرق العادة وتكون مخالفة للسنن الكونية.

٣- الشرط الثالث: أن يستشهد بها مدعى الرسالة على صدق دعواه.

٤- الشرط الرابع: أن تقع على وفق دعوى النبى المتحدى بتلك المعجزة.

٥- الشرط الخامس: ألا يأتى أحد بمثل تلك المعجزة على وجه المعارضة.

فهذه الشروط الخمسة إن تحققت كان

اور حکم الٰہی سے پرندوں کی مانند مٹی سے پیدا کرنے میں بھی کم ہی ہوں گے آپ نے یہ معجزات اس قوم کے سامنے پیش کئے جو طب میں بڑی مہارت اور شان رکھتے تھے۔

اس کی مثال کم ہے اور خاتم الانبیاء سیدنا محمد ﷺ ہیں اور آپ جو آیات بینات اور واضح معجزات لائے ان میں اس کی بہت مثالیں ہیں۔ تیرے لئے قرآن اکیلا ہی ایک برہان ساطع ہے بلکہ براہین ساطعات ہیں اس کی تین آیات کی ہر مقدار قیامت کے دن تک دنیا کے منہ میں حجت قاطعہ بن کر قائم رہے گی اس میں جو اسرار فصاحت اور علوم و معارف اور جو غیب کی خبریں اور حق کے شواہد پائے جاتے ہیں وہ ان کے بارے میں دنیا کو چیلنج کرتا ہے۔

معجزہ الٰہیہ کی شروط:

معجزہ کی پانچ شرائط ہیں جن سے علماء نے آگاہ کیا ہے اگر ان میں سے ایک شرط خراب ہو جائے تو وہ معجزہ نہ ہوگا۔

۱- پہلی شرط یہ ہے کہ وہ ایسا ہو جس پر اللہ رب العالمین کے سوا کوئی قدرت نہ رکھتا ہو۔

۲- دوسری شرط یہ ہے کہ وہ خلاف عادات اور سنن کونیہ کے مخالف ہو۔

۳- تیسری شرط یہ ہے کہ مدعی رسالت اپنے دعویٰ کے صدق پر اسے گواہ بنائے۔

۴- چوتھی شرط یہ ہے کہ چیلنج کرنے والے نبی کے دعویٰ کے مطابق واقع ہو۔

۵- پانچویں شرط یہ ہے کہ مقابلے میں کوئی شخص اس معجزے کی مثل نہ لا سکے۔

اگر یہ پانچوں شروط متحقق ہو جائیں تو یہ خارق عادت

(١) مناهل العرفان ج١ ص٦٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذلك الأمر الخارق للعادة معجزة دالة على نبوة صاحب الدعوى، التي ظهرت المعجزة على يده، وان لم تتحقق خرجت عن كونها معجزة، ولم تدل على صدق صاحب الدعوى.

امر معجزہ ہوگا اور صاحب دعویٰ کی نبوت کی دلیل ہوگا جس کے ہاتھ پر معجزہ ظاہر ہوا ہے اور اگر یہ متحقق نہ ہوں تو وہ معجزہ ہونے سے خارج ہو جائے گا اور صاحب دعویٰ کے صدق پر دلیل نہ ہوگا۔

أما الشرط الأول: فانه لو أتى آت. في زمن يصح فيه مجيء الرسل. وادعى الرسالة وجعل معجزته أن يقوم ويقعد، ويأكل ويشرب، ويتحرك من مكان الى مكان لم يكن هذا الذى إدعاه معجزة، ولا دالاً على صدقه لقدرة الخلق على مثله، وانما يجب أن تكون المعجزات مما لا يقدر عليها البشر كفلق البحر، وانشقاق القمر، وإحياء الموتى.. الخ.

شرط اول: اگر ایک آنے والا اس زمانے میں آئے جس میں رسولوں کا آنا درست ہو اور وہ رسالت کا دعویٰ کرے اور وہ اپنے کھڑے ہونے اور بیٹھنے اور کھانے اور پینے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ تک حرکت کرنے کو اپنا معجزہ قرار دے تو اس کا یہ دعویٰ کرنا معجزہ نہ ہوگا اور نہ اس کے صدق پر دلیل ہوگا اس لئے کہ مخلوق ان جیسی باتوں پر قدرت رکھتی ہے اور ضروری ہے کہ معجزات وہ ہوں جن پر انسان قدرت نہ رکھتا ہو جیسے سمندر کا راستہ دینا، چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا اور مردوں کو زندہ کرنا۔

وأما الثاني: وهو خرق العادة فلو قال المدعي للنبوة معجزتي أن تطلع الشمس من المشرق وتغرب من المغرب، وأن يأتي النهار بعد الليل، لم يكن فيما ادعاه معجزة، لأن هذه الأمور وإن كان لا يقدر عليها إلا الله، لكنها لم تفعل من أجله، وقد كانت من قبله، فليس فيها دلالة على صدقه.

دوسری شرط یہ ہے کہ وہ خارق عادت ہو اگر مدعی نبوت یہ کہے کہ میرا معجزہ یہ ہے کہ آفتاب مشرق سے طلوع ہوگا اور مغرب میں غروب ہوگا اور رات کے بعد دن آ جائے گا تو اس کا یہ ادعا معجزہ نہ ہوگا ان امور پر اگر چہ اللہ کے سواء کوئی قدرت نہیں رکھتا، لیکن اس نے یہ کام اس کی وجہ سے نہیں کئے یہ اس سے پہلے ہی تھے اور ان میں اس کے صدق پر کوئی دلالت نہیں پائی جاتی۔

وأما الثالث: وهو أن يستشهد بها مدعي للنبوة وتحصل عند طلبها تصديقاً لدعواه، فلو ادعى انسان أن معجزته ان ينقلب الجماد الى حيوان أو انسان، ولم ينقلب لا يدل على صدق دعواه.

تیسری شرط یہ کہ مدعی نبوت ان معجزات کو گواہ بنائے اور وہ اس کے دعویٰ کی تصدیق کے لیے اس کے مطالبہ پر ظہور پذیر ہوں۔ اگر کوئی انسان دعویٰ کرے کہ اس کا معجزہ یہ ہے کہ جماد منقلب ہو کر انسان یا حیوان بن جائے گا اور وہ منقلب نہ ہو تو وہ اس کے دعویٰ کے صدق پر دلالت نہیں کرے گا۔

وأما الرابع: وهو أن تقع المعجزة على وفق الدعوى لا على خلافه لأنها حينذاك تكون

چوتھی شرط: یہ ہے کہ معجزہ دعویٰ کے موافق واقع ہو اس کے خلاف نہ ہو اس لئے کہ اس صورت میں وہ اس کی تکذیب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تكذيباً له. روى أن (مسيلمة الكذاب) لعنه الله طلب منه أصحابه أن يتفل فى بئر ليكثر فيها الماء فغارت البئر فدل على كذبه[1].

کے لیے ہوگا روایت ہے کہ مسیلمہ کذاب سے اس کے اصحاب نے مطالبہ کیا کہ وہ کنوئیں میں تھوکے تاکہ اس میں پانی زیادہ ہو جائے لیکن جب اس نے تھوکا تو کنوئیں کا پانی نیچے چلا گیا اور اس کے کذب کی دلیل بن گیا۔

خامساً: ألا تعارض المعجزة فإن عورضت بطل كونها معجزة، ولم تدل على صدق صاحبها، فلو استطاع أحد فلق البحر أو شق القمر لم تعد معجزة ولهذا قال تعالىٰ فى خطاب المشركين ﴿ **فليأتوا بحديث مثله ان كانوا صادقين** ﴾(سورة الطور:٣٤).

پانچویں شرط یہ ہے کہ معجزہ کا معارضہ نہ ہو سکے اور اگر اس کا معاوضہ کیا جائے تو اس کا معجزہ ہونا باطل ہو جائے گا اور وہ صاحب معجزہ کے صدق پر دلالت نہیں کرے گا پس اگر کوئی شخص مدعی کے مقابلہ میں سمندر کو پھاڑنے اور چاند کو ٹکڑے کرنے کی طاقت رکھتا ہوتا ہو تو مدعی کا یہ عمل معجزہ شمار نہ ہوگا اس لئے اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے خطاب میں فرمایا ہے۔ (**فليأتوا بحديث مثله ان كانوا صادقين**) (سورۃ الطور:۳۴)

بم كان إعجاز القرآن؟

القرآن العظيم كلام الله المعجزة للخلق، فى أسلوبه ونظمه، وفى روعته وبيانه. وفى علومه وحكمه، وفى تأثير هدايته، وفى كشفه الحجب عن الغيوب الماضية والمستقبلة، ولقد جاء العلماء فى كشف أسرار البيان، عن وجوه إعجاز القرآن، بعد أن ثبتت عندهم بالوجدان والبرهان، وقد أجمع أهل العربية قاطبة، وأهل اللسن منهم والبيان، على أن القرآن (معجز بذاته) أى أن إعجازه إنما كان بفصاحة ألفاظه، وروعة بيانه، وأسلوبه الفريد، الذى لا يشابه فى أسلوب، لا من نثر، ولا من شعر، ومسحته اللفظية الخلابة، التى تتجلى فى نظامه الصوتى، وجماله اللغوى، وبراعته الفنية.

اعجاز قرآن کس وجہ سے ہے:

قرآن عظیم اپنے نظم و اسلوب، حسن و بیان، علوم و حکمت، تاثیر ہدایت اور غیوب ماضیہ و مستقبلہ سے پردے ہٹانے کی وجہ سے معجز ہے۔ مخلوق کو عاجز کرنے والا کلام الٰہی ہے علماء نے وجوہ اعجاز قرآن کے بیان کے اسرار کو نمایاں کرنے کی بڑی کوشش کی ہے حالانکہ وہ قبل ازیں ان کے ہاں وجدان و برہان سے ثابت ہو چکے ہیں اور ان میں سے تمام اہل عربیت اور اہل زبان و بیان اس امر پر اتفاق کر چکے ہیں کہ قرآن بذاتہ معجز ہے یعنی اس کا اعجاز اس کے الفاظ کی فصاحت اس کے بیان کے جمال اور اس کے یکتا اسلوب کی وجہ سے ہے جس میں کوئی اسلوب اس کی مشابہت نہیں کر سکتا نہ نثر کا نہ شعر کا اور نہ اس کی دلکش لفظی شان کا جو اس کے صوتی نظام لغوی جمال اور فنی مہارت میں جگمگا رہا ہے۔

(١) أنظر تفسير القرطبى ج ١ ص ٧٠.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذهب أهل الصرفة:

وقد ذهب بعض المعتزلة منهم (أبو اسحق النظام) إلى أن إعجاز القرآن إنما كان ب (الصرفة) بمعنى أن الله عزوجل صرف البشر عن معارضة القرآن مع قدرتهم عليها وخلق فيهم العجز عن محاكاته فى أنفسهم وألسنتهم، ولو لا أن الله صرفهم عن ذلك لاستطاعوا أن يأتوا بمثله.. ولعمرى هذا قول من لم يذوق طعم العربية، ولا عرف أسرارها، بل قول من لم يدرك من العلوم إلا قشوراً لا تسمن ولا تغنى من جوع، وهو قول ساقط مرذول، مخالف لما أجمع عليه العلماء والفصحاء والبلغاء فى القديم والحديث.

اہل صرفہ کا مذہب:

بعض معتزلہ جن میں ابواسحاق نظام بھی شامل ہے اس طرف گئے ہیں کہ اعجاز قرآن فقط صرفہ کی وجہ سے ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو قرآن کے معارضہ سے روک دیا ہے باوجودیکہ وہ اس کے معارضہ کی قدرت رکھتا ہے اور اس نے ان کے نفوس اور زبانوں میں اس کی مشابہت کرنے سے عجز پیدا کردیا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ انہیں اس سے نہ روکتا تو وہ اس کی مثل لانے کی طاقت پالیتے اور بلاشبہ یہ اس شخص کا قول ہے جس نے عربی زبان کا مزا نہیں چکھا اور نہ اس کے اسرار کو معلوم کیا ہے بلکہ یہ اس کا قول ہے جس نے علوم کے صرف چھلکے ہی پائے ہیں۔ جو نہ موٹا کرتے ہیں اور نہ بھوک مٹاتے ہیں او یہ ردّی اور گھٹیا قول ہے اور قدیم و جدید زمانے کے علماء فصحاء اور بلغاء نے جس امر پر اجماع کیا ہے اس کے مخالف ہے۔

يقول حجة الأدب العربى (مصطفى الرافعى) رحمه الله: (وقد اختلفت آراء المعتزلة فى وجه إعجاز القرآن، فذهب شيطان المتكلمين (أبو اسحق النظام) إلى أن الإعجاز كان بالصرفة، وهى أن الله صرف العرب عن معارضة القرآن مع قدرتهم عليها، فكان هذا الصرف خارقاً للعادة وقال (المرتضى من الشيعة): بل معنى الصرفة أن الله سلبهم العلوم التى يحتاج إليها فى المعارضة ليجيئوا بمثل القرآن.. فكأنه يقول: إنهم بلغاء يقدرون على مثل النظم والأسلوب ولا يستطيعون ما وراء ذلك مما لبسته ألفاظ القرآن من المعانى، اذ لم

ادب عربی کی حجت مصطفیٰ الرافعی مرحوم فرماتے ہیں اعجاز قرآن کی وجہ کے بارے میں معتزلہ کی آراء میں اختلاف پایا جاتا ہے اور شیطان المتکلمین ابواسحاق نظام کا خیال ہے کہ اعجاز قرآن صرفہ سے ہے اور وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے عربوں کو قرآن کے معارضہ سے روک دیا ہے باوجودیکہ وہ اس کی قدرت رکھتے ہیں اور یہ صرف خارق عادت ہے اور شیعوں میں سے مرتضیٰ نے کہا ہے کہ صرفہ کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ نے ان سے وہ علوم سلب کر لئے ہیں جن کی معارضہ میں ضرورت ہوئی ہے تاکہ وہ قرآن کی مثل نہ لا سکیں گویا وہ کہتا ہے کہ وہ بلغاء تھے اور وہ نظم و اسلوب قرآن کی مثل پر قدرت رکھتے تھے اور اس سے ماوراء کی طاقت نہیں رکھتے جس سے الفاظ قرآن نے معانی کا فائدہ اٹھایا ہے۔ جبکہ وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يكونوا أهل علم، ولا كان العلم في زمنهم.. وهذا رأى بيّن الخلط كما ترى!

ثم قال: وعلى الجملة فإن القول بالصرفة لا يختلف عن قول العرب فيه ﴿ **ان هذا الاّ سحر يؤثر** ﴾(سورة المدثر:٢٤) وهذا زعم رده الله على أهله، وأكذبهم فيه، وجعل القول به ضرباً من العمى ﴿ **افسحر هذا أم أنتم لا تبصرون** ﴾.(١)

وعلى ذلك المذهب الفاسد يمكن أن يقال: ان المعجز ليس هو القرآن الكريم على حد زعمهم انما هو (الصرفة) التي بسببها عجزوا عن الاتيان بمثله ﴿ **صرف الله قلوبهم بأنهم قوم لا يفقهون** ﴾(سورة التوبة:١٢٧).

وقد أسف (ابن حزم) الظاهري حين سلك ذلك المسلك الملتوي، وذهب الى ما ذهب اليه سلفه (النظام) من سخف الكلام، ولكن بأسلوب رشيق رقيق حيث يقول في كتابه (الفصل) في سبب الإعجاز ما نصه:

(لم يقل أحد ان كلام الله تعالىٰ غير معجز، ولكن لما قاله الله تعالىٰ، وجعله كلاماً له أصاره معجزاً، ومنع من مماثلته، وهذا برهان كافٍ لا يحتاج الى غيره)

فأنت ترى صاحب هذا الرأي يجعل القرآن الكريم معجزاً بمنع الله عزوجل من

اہل علم نہ تھے اور نہ ہی علم ان کے زمانے میں تھا اور یہ رائے جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں واضح بکواس ہے۔

پھر اس نے بیان کیا ہے' مختصر یہ کہ صرفہ کا قول' عربوں کے قول سے مختلف نہیں ہے جو انہوں نے قرآن کے بارے میں کہا ہے کہ ﴿ **ان هذا ان سحر يؤثر** ﴾(سورۃ المدثر:۲۴) یہ ایک زعم ہے اسے اللہ نے اس کے اہل کی طرف لوٹا دیا ہے اور اس میں ان کو جھٹلایا ہے اور اس قول کو اندھے پن کی ایک قسم قرار دیا ہے۔ ﴿ **افسحر هذا أم أنتم لا تبصرون** ﴾(الطور:۱۵)

اور اس خراب مذہب کے مطابق یہ کہنا ممکن ہے کہ ان کے زعم کی حد تک قرآن کریم معجز نہیں ہے بلکہ وہ ''صرفہ'' ہے جس کے باعث وہ اس کی مثل لانے سے عاجز آ گئے ہیں ﴿ **صرف الله قلوبهم بانهم قوم لا يفقهون** ﴾ (سورۃ التوبۃ:۱۲۷) اور ابن حزم ظاہری بھی ادنیٰ باتوں کے پیچھے پڑ گیا ہے جب وہ اس پیچ دار مسلک پر چلا ہے اور اسی طرف گیا ہے جس کی طرف اس کا سلف نظام کمزور کلام کے باعث گیا ہے لیکن خوبصورت اور شیریں اسلوب کے ساتھ' وہ اپنی کتاب ''الفصل'' میں اعجاز کے سبب کے بارے میں کہتا ہے۔

''کسی نے یہ بات نہیں کہی کہ کلام اللہ غیر معجز ہے لیکن جب اللہ نے اسے کہا ہے اور اسے اپنا کلام بنایا ہے تو اسے معجز بنایا ہے اور اس کی مماثلت سے روک دیا ہے اور یہ کافی دلیل ہے کسی دوسری دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔''

آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس رائے کا صاحب قرآن کو اس وجہ سے معجز بناتا ہے کہ اللہ نے اس کی مماثلت سے روک

(١) سورة الطور:١٥ - انظر: إعجاز القرآن للرافعي ص ١٦٤

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مماثلته وهذا عين رأى النظام الذى يقول بالصرفة، وهو رأى باطل كما أسلفنا، والقوم محجوبون عن ضياء الحق الساطع، وما أجمل قول القائل:

قد تنكر العين ضوء الشمس من رمد
وينكر الفسم طعم الماء من سقم

دیا ہے اور یہ عین نظام کی رائے ہے جسے وہ "صرفہ" کہتا ہے اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں یہ باطل رائے ہے اور یہ جاہل لوگ حق کی پھیلنے والی روشنی سے حجاب میں ہیں اور کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ (ترجمہ)

آنکھ آشوب چشم کے باعث آفتاب کی روشنی کا انکار کرتی ہے اور منہ بیماری کے باعث پانی کے مزے کا انکار کرتا ہے۔

آراء العلماء فى الاعجاز:

بعد أن أجمع العلماء على إعجاز القرآن بذاته، وعلى عدم استطاعة أحد من البشر الاتيان بمثله، اختلفت آراؤهم فى وجه إعجاز القرآن على آراء:

اعجاز قرآنی کے متعلق علماء کی آراء:

اور اس اتفاق کے بعد کہ کوئی بشر قرآن کی مثل لانے کی استطاعت نہیں رکھتا، علماء کی آراء اعجاز قرآن کی وجہ کے بارے میں مختلف ہو گئی ہیں۔

أ- يرى بعضهم: أن وجه الإعجاز فى القرآن هو ما اشتمل عليه من النظم الغريب المخالف لنظم العرب ونثرهم، فى مطالعه، ومقاطعه، وفواصله.

ا- بعض کی رائے ہے کہ قرآن میں اعجاز کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے مطالع، مقاطع اور فواصل میں عربوں کی نظم ونثر کے مخالف نظم غریب پر مشتمل ہے۔

ب- ويرى البعض الآخر: أن وجه الإعجاز إنما يكمن فى فصاحة ألفاظه، وبلاغه عباراته، وجودة سبكه، اذ هو فى الدرجة العليا من البلاغة التى لم يعهد مثلها.

ب- بعض دوسرے حضرات کی رائے یہ ہے کہ وجہ اعجاز اس کے الفاظ کی فصاحت اس کی عبارات کی بلاغت اور اس کے ڈھالنے کی عمدگی میں پوشیدہ ہے جبکہ وہ بلاغت کے اس اعلیٰ درجہ میں ہے جس کی مثل نہیں دیکھی گئی۔

ج- ويرى آخرون أن الإعجاز فى خلوه من التناقض، واشتماله، على المعانى الدقيقة والأمور الغيبية التى ليست بمقدور البشر، ولا فى استطاعتهم معرفتها، وما أنه سليم من التناقض والتعارض.

ج- بعض اور لوگوں کی رائے یہ ہے کہ اعجاز اس کے تناقض سے خالی ہونے اور دقیق معانی پر مشتمل ہونے اور ان پوشیدہ امور پر مشتمل ہونے میں ہے جو بشر کے بس میں نہیں اور نہ ہی ان کی معرفت حاصل کرنا ان کی استطاعت میں ہے۔ اسی طرح وہ تناقض وتعارض سے بھی محفوظ ہے۔

د- وهناك من يقول: إن وجه الإعجاز هو ما تضمنه القرآن من المزايا الظاهرة والبدائع

د- کچھ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ وجہ اعجاز فواتح، مقاصد اور تمام سورتوں کے خواتیم میں پائی جانے والی ظاہری

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرائقة' في الفواتح' والمقاصد' والخواتيم في كل سورة' والمعول عليه عندهم ما يلي:

١-الفصاحة في الألفاظ.

٢-البلاغة في المعاني.

٣-صور النظم البديع.

وهذه الأقوال كلها لا تخرج عن دائرة واحدة هي (الدائرة البيانية) التي امتاز بها القرآن' وهي وان كانت حقاً إلا أن إعجاز القرآن ليس في (الفصاحة والبلاغة) فحسب' بل هناك وجوه أخرى لإعجاز القرآن' وقد أجاد العلامة (القرطبي) رحمه الله في تفسيره القيم المسمى (الجامع لأحكام القرآن) فعد عشرة وجوه لإعجاز القرآن' كما ذكر فضيلة الشيخ (الزرقاني) في كتابه (مناهل العرفان) أربعة عشر وجهاً من وجوه الإعجاز' منها ما ذكره القرطبي ومنها ما لم يذكره' ونحن نذكر هذه الوجوه بالإيجاز ثم نعقبها بشيء من التفصيل' فنقول ومن الله نستمد العون:

خوبیاں اور شاندار بدائع ہیں جن کا قرآن حامل ہے اور ان کے نزدیک درج ذیل باتوں پر اعتماد کیا جاتا ہے۔

۱-الفاظ میں فصاحت۔

۲-معانی میں بلاغت۔

۳-نظم بدیع کی صورت۔

یہ تمام اقوال ایک دائرہ سے باہر نہیں جاتے اور وہ دائرہ بیانیہ ہے جس سے قرآن ممتاز ہے اگرچہ یہ بات حق ہے مگر اعجاز قرآن' فصاحت و بلاغت میں نہیں ہے بلکہ اعجاز قرآن کی کچھ اور وجوہ بھی ہیں علامہ قرطبیؒ نے اپنی شاندار تفسیر الجامع لأحکام القرآن میں خوب بیان کیا ہے آپ نے اعجاز قرآن کی دس وجوہ کو شمار کیا ہے ایسے ہی فضیلۃ الشیخ زرقانی نے اپنی کتاب مناهل العرفان میں چودہ وجوہ اعجاز بیان کی ہیں ان میں سے کچھ وجوہ کا ذکر قرطبی نے کیا ہے اور کچھ وجوہ کا ذکر نہیں کیا ہم ان وجوہ کو اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں پھر ان کے بعد کچھ تفصیل بیان کریں گے ہم اللہ سے مدد طلب کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں۔

وجوه إعجاز القرآن الكريم:

أولاً: النظم البديع المخالف لكل نظم معهود في لسان العرب.

ثانياً: الأسلوب العجيب المخالف لجميع الأساليب العربية.

ثالثاً: الجزالة التي لا يمكن لمخلوق أن يأتي بمثلها.

رابعاً: التشريع الدقيق الكامل' الذي يبز كل

قرآن کریم کے اعجاز کی وجوہ:

۱-نظم بدیع' جو عربوں کی زبان کے تمام رائج نظموں کے مخالف ہے۔

۲-عجیب اسلوب' جو عربی زبان کے تمام اسالیب کے مخالف ہے۔

۳-وہ جزالت (فصاحت) جس کی مثل لانا مخلوق کے لیے ممکن نہیں ہے۔

۴-کامل و دقیق قانون سازی جو ہر وضعی قانون سازی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشريع وضعي.

خامساً: الإخبار عن المغيبات التي لا تعرف إلا بالوحي.

سادساً: عدم التعارض مع العلوم الكونية المقطوع بصحتها.

سابعاً: بالوفاء بكل ما اخبر عنه القرآن الكريم من وعد ووعيد.

ثامناً: العلوم والمعارف التي اشتعل عليها (العلوم الشرعية والعلوم الكونية)

تاسعاً: وفاؤه بحاجات البشر.

عاشراً: تأثيره في قلوب الأتباع والأعداء.

أما الوجه الأول: من وجوه إعجازه فهو (النظم البديع) المخالف لكل نظم معهود في لسان العرب، فالقرآن الكريم لا يشبهه شيء في نظمه، لا من شعر ولا من نثر، وذلك بشهادة أساطين البلاغة، وأئمة الفصاحة والبيان، (الوليد بن المغيرة) و (عتبة بن ربيعة) وغيرهما من فصيحاء العرب ومشاهيرهم.

أمثلة من التاريخ:

١ – يروى أن الوليد بن المغيرة جاء الى النبي ﷺ فقرأ عليه القرآن، فكأنه رق له، فبلغ ذلك أبا جهل فأتاه فقال: يا عم، ان قومك يريدون أن يجمعوا لك مالاً ليعطوه لك، فإنك أتيت محمداً لتعرض لما قبله (أي لتنال من فضله) فقال الوليد: لقد علمت قريش أني من أكثرها مالاً، فقال له أبو جهل: فيه قولاً يبلغ

پر غالب آ جاتی ہے۔

۵-غیب کی خبریں دینا جو صرف وحی سے ہی معلوم ہو سکتی ہیں۔

۶-علوم کونیہ (جن کی صحت قطعی ہے) پر مشتمل ہونے کے باوجود اس کا عدم متعارض ہونا۔

۷-قرآن کریم نے جو تمام وعدے اور وعید کہئے ہیں ان کو پورا کرنا۔

۸-وہ علوم و معارف، جن پر علوم شرعیہ اور علوم کونیہ مشتمل ہیں۔

۹-انسان کی ضروریات کو پورا کرنا۔

۱۰-متبعین اور دشمنوں کے قلوب میں اس کی تاثیر۔

پہلی وجہ: وجوہ اعجاز میں سے پہلی وجہ نظم بدیع ہے جو عربوں کی زبان کی تمام رائج نظموں کے مخالف ہے پس قرآن کریم سے اس کے نظم میں کوئی چیز مشابہت نہیں رکھتی نہ نظم سے نہ نثر سے اور یہ اساطین بلاغت اور ائمہ فصاحت ولید بن مغیرہ اور عتبہ بن ربیعہ اور دیگر فصحائے عرب اور مشاہیر کی شہادت سے ثابت ہے۔

تاریخ سے مثالیں:

۱-روایت ہے کہ ولید بن مغیرہ حضرت نبی کریم ﷺ کے پاس آیا آپ نے اسے قرآن سنایا گویا وہ اس کے لئے نرم ہو گیا ابوجہل کو اس کی اطلاع ملی تو وہ اس کے پاس آیا اور کہنے لگا اے چچا تیری قوم کے لوگ چاہتے ہیں کہ تیرے لئے مال جمع کر کے تجھے دیں جبکہ تو محمد ﷺ کے پاس آیا ہے کہ اس کے فضل کو حاصل کرے ولید نے کہا قریش کو معلوم ہے کہ میں ان سے بڑا مالدار ہوں تو ابوجہل نے اسے کہا اس کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قومك أنك منكر له، قال: وماذا أقول؟ فوالله ما فيكم رجل أعلم بالشعر منى، لا برجزه، ولا بقصيده، ولا بأشعار الجن، والله ما يشبه هذا الذى يقول شيئاً من هذا، ووالله ان لقوله لحلاوة وان عليه لطلاوة، وان اعلاه لمثمر، وان أسفله لمغدق، وانه ليعلو وما يعلى عليه.. فقال أبو جهل اللعين: والله ما يرضى قومك حتى تقول فيه، قال: فدعنى حتى أفكر، فلما فكر قال: ﴿ ان هذا الا سحر يؤثر﴾ فنزل فيه قول الله تعالى ﴿ذرنى ومن خلقت وحيداً وجعلت له مالاً ممدوداً..﴾ الى قوله :﴿ انه فكر وقدر. فقتل كيف قدر. ثم قتل كيف قدر. ثم نظر. ثم عبس وبسر. ثم ادبر واستكبر. فقال ان هذا الا سحر يؤثر. ان هذا الا قول البشر﴾(1).

بارے میں ایسی بات کیجئے جو تیری قوم کو پہنچے کہ تو اس کا منکر ہے اس نے کہا میں کیا کہوں؟ قسم بخدا تم میں کوئی ایسا شخص نہیں جو مجھ سے زیادہ شعر کو جانتا ہو خواہ وہ اس کے جز میں سے ہو یا اس کے قصیدہ میں سے اور نہ ہی اشعار جن کو قسم بخدا جو وہ کہتا ہے وہ اس سے کچھ مشابہت نہیں رکھتا اور قسم بخدا اس کے قول کے لیے حلاوت اور خوبصورتی ہے اور اس کا بالائی حصہ پھلدار ہے اور اس کے نیچے کا حصہ سرسبز ہے اور وہ ضرور غالب آئے گا اور اس پر غلبہ نہیں پایا جائے گا ابوجہل لعین نے کہا خدا کی قسم تیری قوم راضی نہیں ہوگی حتی کہ تو اس کے بارے میں کہے اس نے کہا چھوڑ مجھے سوچنے دے پس جب اس نے سوچا تو اس نے کہا ان هذا الا سحر يؤثر تو اس کے بارے میں قول الٰہی نازل ہوا﴿ انه فكر وقدر. فقتل كيف قدر. ثم قتل كيف قدر. ثم نظر. ثم عبس وبسر. ثم ادبر واستكبر. فقال ان هذا الا سحر يؤثر. ان هذا الا قول البشر﴾۔ (سورۃ المدثر:۱۱-۲۵)

۲ - ويروى أن (الوليد) لما سمع القرآن من النبى ﷺ تأثر تأثراً بالغاً فجاء لقومه (بنى مخزوم) وقال لهم: والله لقد سمعت من محمد آنفاً (أى سابقاً) كلاماً ما هو من كلام الإنس، ولا من كلام الجن، والله إن له لحلاوة، ان عليه لطلاوة... الخ. فقالت قريش: صبأ والله الوليد، لتصبأن قريش كلها، فقال أبو جهل: أنا أكفيكموه، فقعد إليه حزيناً وكلمه بما أغاظه، فقام الوليد وقام معه أبو جهل، فلما أتى قومه قال: تزعمون أن محمداً

۲- روایت ہے کہ جب ولید نے حضرت نبی کریم ﷺ سے قرآن کو سنا تو بہت متاثر ہوا اور اپنی قوم بنی مخزوم کے پاس آ کر انہیں کہنے لگا خدا کی قسم میں نے محمد ﷺ سے ابھی کچھ کلام سنا ہے وہ نہ انسانوں کے کلام میں سے ہے اور نہ جنوں کے کلام میں سے ہے خدا کی قسم اس کے لئے حلاوت اور خوبصورتی ہے قریش نے کہا خدا کی قسم ولید بددین ہو گیا ہے اور سب قریش بددین ہو جائیں گے۔ ابوجہل نے کہا میں اس سے تمہیں کفایت کروں گا وہ اس کے پاس غمگین ہو کر بیٹھ گیا اور اس سے وہ بات کی جس نے اسے غصہ دلایا۔ پس ولید اٹھ کھڑا ہوا اور ابوجہل بھی اس کے ساتھ اٹھ کھڑا ہوا اور جب وہ

(۱) سورة المدثر: ۱۱-۲۵. رواه البيهقى فى دلائل النبوة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجنون فهل رأيتموه يخنق؟ وتقولون إنه كاهن فهل رأيتموه يتكهن؟ وتزعمون أنه شاعر، فهل رأيتموه يتعاطى شعراً قط؟ و تزعمون أنه كذاب فهل جربتم عليه شيئاً من الكذب؟ فقالوا في كل ذلك. اللهم لا... ثم قالوا: فما هو ؟ ففكر، فقال: ما هو إلا ساحر، اما رايتموه يفرق بين الرجل وأهله، وبين الوالد وولده، وما الذى يقوله إلا سحر يأثره (أى ينقله) عن أهل بابل، فارتج النادى فرحاً وتفرقوا معجبين بقوله، متعجبين منه فنزلت الآيات الكريمة.(۱)

اپنی قوم کے پاس آیا تو اس نے کہا کیا تم محمد ﷺ کو مجنون خیال کرتے ہو کیا تم نے اسے گلا گھونٹتے دیکھا ہے؟ تم کہتے ہو وہ کاہن ہے کیا تم نے اسے کہانت کرتے دیکھا ہے؟ تمہارا خیال ہے کہ وہ شاعر ہے کیا تم نے کبھی اسے شعر میں مشغول دیکھا ہے؟ تمہارا خیال ہے کہ وہ کذاب ہے کیا تم نے اس کے کذب کا کچھ تجربہ کیا ہے؟ ان سب باتوں کے متعلق انہوں نے کہا ہرگز نہیں...... پھر انہوں نے پوچھا وہ کیا ہے؟ اس نے غور و فکر کر کے کہا وہ صرف جادوگر ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ وہ مرد اور اس کی بیوی میں اور والد اور اس کے بیٹے میں جدائی ڈال دیتا ہے اور جو وہ کہتا ہے وہ صرف جادو ہے اور وہ اسے اہل بابل سے نقل کرتا ہے تو پکارنے والا خوشی سے جھوم گیا اور وہ اس کی بات سے خوش ہوتے ہوئے اور اسے پسند کرتے ہوئے منتشر ہو گئے تو آیات کریمہ نازل ہوئیں۔

۳- وفى صحيح مسلم أن (أنيساً الغفارى) أخا أبى ذر، قال لأبى ذر: لقيت رجلاً بمكة على دينك، يزعم أن الله أرسله، قلت: فما يقول الناس: قال يقولون: شاعر، ساحر، كاهن، وكان (أنيس) أحد الشعراء قال أنيس: لقد سمعت قول الكهنة، فما هو بقولهم، ولقد وضعت قوله عن اقراء الشعر (يريد أنواعه وبحوره) فلم يلتئم على لسان أحد منهم أنه شعر، والله إنهم لكاذبون وإنه لصادق(۲).

۳- صحیح مسلم میں ہے کہ ابوذر کے بھائی انیس غفاری نے ابوذر سے کہا کہ میں مکہ میں ایک آدمی سے ملا جو تیرے دین پر تھا اس کا خیال ہے کہ اللہ نے اسے بھیجا ہے میں نے پوچھا لوگ کیا کہتے ہیں اس نے کہا وہ اسے شاعر جادوگر اور کاہن کہتے ہیں۔ انیس بھی ایک شاعر تھا۔ انیس نے کہا میں نے کاہنوں کا قول سنا ہے وہ ان کا قول نہیں ہے اور میں نے اس کے قول کو شعر کی انواع و بحور پر پرکھا ہے تو وہ ان میں سے کسی کی زبان کے موافق نہیں ہوا، قسم بخدا لوگ جھوٹے ہیں اور وہ سچا ہے۔

٤- وأخرج ابن إسحق فى السيرة (أن أبا جهل قال فى ملاء من قريش: لقد التبس

ابن اسحاق نے السیرۃ میں بیان کیا ہے کہ ابوجہل نے قریش کی ایک جماعت سے کہا کہ محمد ﷺ کا معاملہ ہم پر مشکوک

(۱) أنظر الكشاف ج٤ ص٦٤٩.

(۲) أنظر تفسير القرطبى ج١ ص٧٣.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علينا أمر محمد، فلو التمستم لنا رجلاً عالماً بالشعر، والكهانة، والسحر، فكلمه ثم أتانا ببيان عن أمره؟ فقال (عتبة بن ربيعة). ومن من أشراف القوم وسادتهم. أنا أقوم إليه وأكلمه! فأتاه فقال يا محمد: أنت خير أم هاشم؟ أنت خير أم عبدالمطلب؟ انت خير ام عبدالله؟ فبم نشتم آلهتنا وتضللنا؟ فإن كنت تريد الرياسة، عقد لك اللواء فكنت رئيسنا، وإن كنت تريد النساء زوجناك ما تشاء منهن، تختار من ایّ بنات قریش ما شئت، وان كنت تريد المال جمعنا لك من أموالنا حتى تكون أغنانا وأكثرنا مالاً، والنبی صلى الله عليه وسلم ساكت لا يجيبه، فلما فرغ من عرضه، قال له النبی ﷺ: افرغت؟ قال: نعم، قال فاسمع اذاً فتلا عليه سورة فصلت ﴿ **حم. تنزيل من الرحمن الرحيم. كتاب فصلت آياته قرآناً عربياً لقوم يعلمون. بشيراً ونذيراً فاعرض اكثرهم فهم لا يسمعون..** ﴾ الخ حتى بلغ قوله تعالىٰ ﴿**فان اعرضوا فقل أنذرتكم صاعقة..**﴾ (سورة فصلت:١-١٣) الآية فأمسك عتبة على فيه وناشده بالرحم أن يكف، ورجع الى أهله ولم يخرج الى قريش، فلما احتبس عنهم قالوا: ما نرى عتبة إلا قد صبأ! فانطلقوا إليه وقالوا يا عتبة: ما حبسك عنا إلا أنك قد صبأت، فغضب ثم قال لهم: والله لقد كلمته فأجابني بشيء والله ما هو

ہو گیا ہے اگر تم ہمارے لئے شعر کہانت اور سحر کا کوئی عالم شخص تلاش کر لوں اور وہ اس سے بات کرتا پھر وہ اس کے معاملے میں ہمارے پاس ایک واضح بیان لائے تو اچھا؟ عتبہ بن ربیعہ نے جو قوم کے اشراف وسادات میں سے تھا کہا: میں اس کے پاس جاؤں گا اور اس سے بات کروں گا وہ حضورؐ کے پاس آیا اور کہنے لگا اے محمد آپ بہتر ہیں یا ہاشم؟ آپ بہتر ہیں یا عبدالمطلب؟ آپ بہتر ہیں یا عبداللہ؟ آپ ہمارے معبودوں کو کیوں گالیاں دیتے ہیں اور ہمیں گمراہ قرار دیتے ہیں؟ اگر آپ سرداری چاہتے ہیں ہم آپ کے لیے جھنڈا باندھتے ہیں اور آپ ہمارے سردار ہوں گے اور اگر آپ عورتیں چاہتے ہیں تو آپ ان میں سے جسے چاہیں گے ہم آپ سے اس کی شادی کرا دیں گے آپ قریش کی بیٹیوں میں سے جنہیں چاہیں پسند کر لیں اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو ہم اپنے اموال سے آپ کے لیے مال جمع کر دیتے ہیں حتیٰ کہ آپ ہم سے زیادہ مالدار ہو جائیں گے۔ حضرت نبی کریم ﷺ خاموش رہے اور اسے جواب نہ دیا۔ جب وہ اپنی پیشکش سے فارغ ہوا تو حضرت نبی کریم ﷺ نے اسے فرمایا کیا تو فارغ ہو گیا ہے؟ اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا پھر سن اور آپ نے اسے سورت فصلت سنائی۔ **حم. تنزيل من الرحمن الرحيم. كتاب فصلت آياته قرآناً عربياً لقوم يعلمون. بشيراً ونذيراً فاعرض اكثرهم فهم لا يسمعون..** جب آپؐ (**فان اعرضوا فقل انذرتكم صاعقة**) (سورة فصلت:١-١٣) تک پہنچے تو عتبہ نے آپ کے منہ کو بند کر دیا اور آپ سے رحم کی اپیل کی کہ آپ رک جائیں اور اپنے اہل کے پاس واپس آ گیا اور قریش کے پاس نہ گیا جب وہ ان سے چھپا رہا تو لوگوں نے کہا ہم عتبہ کو نہیں دیکھتے شاید وہ بے دین ہو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بشعر، ولا بسحر، ولا بكهانة، وقد ناشدته بالرجم أن يكف خشية أن ينزل بكم العذاب، وقد علمتم أن محمداً اذا قال شيئاً لم يكذب..)[١].

گیا ہے سو وہ اس کے پاس گئے اور کہنے لگے اے عتبہ تجھے صرف اس بات نے ہم سے روکا ہے کہ تو بے دین ہو گیا ہے تو اس نے غصے میں آ کر ان سے کہا خدا کی قسم میں نے آپ سے بات کی ہے اور آپ نے مجھے جواب بھی دیا ہے۔ خدا کی قسم وہ نہ شعر ہے نہ سحر ہے اور نہ کہانت ہے اور میں نے آپ سے رحم کی اپیل کی ہے کہ آپ رک جائیں اس خوف سے کہ تم پر عذاب نازل ہوگا اور تمہیں معلوم ہی ہے کہ محمد ﷺ جب کوئی بات کرتے ہیں تو جھوٹ نہیں بولتے۔

قال العلامة (القرطبى) رحمه الله.

(و اذا اعترف عتبة على موضعه من اللسان، وموضعه من الفصاحة والبلاغة، بأنه ما سمع مثل القرآن قط، كان فى هذا القول، مقراً باعجاز القرآن له ولضربائه من المتحققين بالفصاحة والقدرة على التكلم بجميع أجناس القول وأنواعه)

علامہ قرطبیؒ نے بیان کیا ہے کہ جب عتبہ نے لغت اور فصاحت و بلاغت میں اپنے مقام کے باوجود اعتراف کیا کہ اس نے کبھی قرآن کی مانند کلام نہیں سنا تو اس قول میں وہ اعجاز قرآن کا مقر ہے اس کے لئے اور اس کے ہم مثلوں کے لیے جو فصاحت پر یقین رکھتے ہیں اور قول کی تمام اجناس وانواع پر گفتگو کرنے کی قدرت رکھتے ہیں ان کا بھی اقرار پایا جاتا ہے۔

أما الوجه الثانى لإعجاز القرآن: فهو (الأسلوب العجيب) المخالف لجميع الأساليب العربية. فقد جاء القرآن بذلك الأسلوب الرائع الخلاب، الذى بهر العرب برونقه وجماله، وعذوبته وحلاوته، وقد كانت فيه من الخصائص العليا مالم توجد فى كلام بشر على نحو ما وجدت فى القرآن، خصوصاً وأن النبى ﷺ تحدى به فأعجز أساطين الفصحاء و أعيا مقاويل البلغاء وأخرس ألسنة فحول البيان وذلك فى عصر كانت القوى فى

اعجاز قرآن کی دوسری وجہ: وہ اسلوب عجیب ہے جو عربی زبان کے تمام اسالیب کے مخالف ہے۔ قرآن اس شاندار اور دلکش اسلوب کو لایا ہے جس نے عربوں کو اپنے حسن و جمال اور عذوبت اور حلاوت سے مغلوب کر لیا او اس میں خصائص عالیہ ہیں جو کلام بشر میں اس طرح نہیں پائے جاتے جیسے قرآن میں پائے جاتے ہیں۔ خاص طور پر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا چیلنج کیا ہے اور اس نے اساطین فصحاء کو عاجز کر دیا ہے اور شیریں بیان بلغاء کو درماندہ کر دیا ہے اور بیان کے فضلاء کی زبانوں کو گونگا کر دیا ہے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب اس

(١) أنظر الكشاف، ج٤، ص١٩٧.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قد توافرت على الإجادة والتبريز في هذا الميدان، وفي أمة كانت مواهبها محشودة للتفوق في هذه الناحية.

يقول (الزرقاني) رحمه الله: (وها قد مرت على اللغة العربية، من عهد نزول القرآن الى عصرنا هذا، أدوار مختلفة بين علو ونزول، واتساع وانقباض، وحركة وجمود، وحضارة وبداوة، والقرآن في كل هذه الأدوار، واقف في عليائه، يطل على الجميع من سمائه وهو يشع نوراً وهداية، ويفيض عذوبة وجلالة، ويسيل رقةً وجزالة، ويرف جدة وطلاوة، ولا يزال كما كان غضاً طرياً، يحمل راية الاعجاز، ويتحدى أمم العالم في يقين وثقة، قائلاً في صراحة الحق وقوته، وسلطان الاعجاز وصولته ﴿قل لئن اجتمعت الانس والجن على ان ياتوا بمثل هذا القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيراً﴾.(1)

خصائص أسلوب القرآن:

وللقرآن الكريم في أسلوبه العجيب المخالف لجميع الأساليب البشرية خصائص عديدة نجملها فيما يلي:

الخاصة الأولى: مسحة القرآن اللفظية، التي تتجلى في نظامه الصوتي، وجماله اللغوي.

الخاصة الثانية: إرضاؤه العامة والخاصة، بمعنى أن الجميع يحسون بجلاله ويشعرون

میدان میں عمدگی کے قوی مکمل تھے اور یہ معاملہ اس قوم میں ہوا جس کے مواہب اس جہت میں فوقیت کے لیے اکھٹے ہو چکے تھے۔

زرقانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ نزول قرآن کے زمانے سے لے کر ہمارے اس زمانے تک عربی زبان پر علو و نزول، اتساع و انقباض، حرکت و جمود اور حضارت و بداوت کے مختلف ادوار گذر چکے ہیں اور قرآن ان سب ادوار میں اپنی بلندیوں پر کھڑا ہے اور وہ اپنے آسمان سے سب کو دیکھ رہا ہے اور وہ نور ہدایت کو پھیلا رہا ہے اور عذوبت و حلاوت کا اضافہ کر رہا ہے اور رقت و جزالت سے رواں ہے اور جدت و خوبصورتی سے لہلہا رہا ہے اور جیسے وہ تر و تازہ ہے اسی طرح ہمیشہ رہے گا وہ اعجاز کا جھنڈا اٹھائے ہوئے ہے اور یقین و اعتماد سے اقوام عالم کو چیلنج کر رہا ہے اور حق کی صراحت و قوت اور اعجاز کے اقتدار و سطوت سے کہہ رہا ہے۔ ﴿قل لئن اجتمعت الانس والجن على ان ياتوا بمثل هذا القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا﴾. (سورۃ الاسراء: ۸۸)

اسلوب قرآن کے خصائص:

قرآن کریم جو اپنے اسلوب عجیب میں تمام اسالیب بشریہ کے مخالف ہے بہت سے خصائص پر مشتمل ہے ہم ذیل میں انہیں اختصار سے بیان کرتے ہیں۔

پہلی خصوصیت: قرآن کا لفظی نشان جو اس کے صوتی نظام اور لغوی جمال میں جلوہ گر ہے۔

دوسری خصوصیت: عوام اور خواص کو اس کا راضی کرنا ہے اس مفہوم میں کہ سب اس کے جلال اور اس کے حسن کو محسوس

(1) سورة الاسراء: ٨٨. أنظر مناهل العرفان ج ٢، ص ٢٢٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بروعته.

الخاصة الثالثة: إرضاوه العقل والعاطفة معاً فالقرآن يخاطب العقل والقلب، ويجمع الحق والجمال معاً.

الخاصة الرابعة: جودة سبك القرآن وإحكام سرده، فكأنه سبيكة واحدة تلعب بالعقول وتأخذ بالأبصار.

الخاصة الخامسة: براعته في تصريف القول، وتفننه في ضروب الكلام، بمعنى أنه يورد المعنى الواحد بألفاظ شتى، وطرق مختلفة، وكلها رائعة فائقة.

الخاصة السادسة: جمع القرآن بين الإجمال والبيان.

الخاصة السابعة: الوفاء بالمعنى مع القصد في اللفظ.(۱)

أمثلة توضيحية على خصائص أسلوب القرآن:

يقول حجة الأدب العربي الفقيد(مصطفى الرافعي) رحمه الله :

۱-(لو تدبرت ألفاظ القرآن في نظمها، لرأيت حركاتها الصرفية واللغوية، تجري في الوضع والتركيب مجرى الحروف أنفسها فيما هي له من أمر الفصاحة، ولن تجدها الا مؤتلفة مع اصوات الحروف مساوقة لها في النظم الموسيقي، حتى ان الحركة ربما كانت ثقيلة، فلا تعذب ولا تساغ فاذا هي استعملت في القرآن

کرتے ہیں۔

تیسری خصوصیت: اس کا عقل اور جذبے کو معاً راضی کرنا ہے۔پس قرآن، عقل اور دل کو مخاطب کرتا ہے اور حق اور جمال کو معاً اکٹھا کر دیتا ہے۔

چوتھی خصوصیت: قرآن کے الفاظ کی بناوٹی عمدگی اور اس کے بیان کی مضبوطی ہے گویا وہ ایک ایسی عمدہ چیز ہے جو عقلوں سے کھیلتی ہے اور آنکھوں کو پکڑ لیتی ہے۔

پانچویں خصوصیت: قول کی تصریف میں اس مہارت اور ضروب کلام میں اس کا تفنن ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک معنیٰ کو مختلف الفاظ اور مختلف طرق سے بیان کرنا ہے اور وہ سب کے سب خوشنما اور فائق ہوتے ہیں۔

چھٹی خصوصیت: قرآن کا اجمال و وضاحت کے درمیان اتفاق کرنا ہے۔

ساتویں خصوصیت: لفظ میں اعتدال کے ساتھ مفہوم کا پورا کرنا۔

خصائص اسلوب قرآن کے متعلق توضیحی مثالیں:

حجت ادب عربی مصطفیٰ رافعیؒ فرماتے ہیں:

۱- اگر تو قرآن کے الفاظ کے نظم میں تدبر کرتا ہے تو تو اس کی حرکات صرفیہ اور لغویہ کو دیکھے گا جو وضع و ترکیب میں خود حروف کی جگہ چلتی ہیں اور یہ بھی اس کی فصاحت کے بیان میں سے ہے اور تو انہیں اصوات حروف کے ساتھ موافق پائے گا اور نظم موسیقی میں ان کے ساتھ ساتھ چلتا پائے گا حتی کہ بعض اوقات حرکت ثقیل ہوتی ہے اور وہ شیریں اور خوشگوار نہیں ہوتی لیکن جب وہ قرآن میں استعمال ہوتی ہے

(۱) أنظر: مناهل العرفان للزرقاني۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رأيت لها شأناً عجيباً... من ذلك لفظة (النذر) جمع نذير، فان الضمة ثقيلة فيها لتواليها على النون والذال معاً، فضلاً عن جساة هذا الحرف، ونبوه في اللسان، ولكنه جاء في القرآن على العكس في قوله تعالىٰ ﴿ **ولقد أنذرهم بطشتنا فتماروا بالنذر**﴾ (سورة القمر:٣٦) فتأمل هذا التركيب، وأنعم ثم أنعم على تأمله، وتذوق مواقع الحروف، وأجر حركاتها في حسّ السمع، وتأمل مواضع القلقلة في دال (لقد) وفي الطاء من (بطشتنا) وفي الفتحات المتوالية فيما وراء الطاء الى الواو من قوله (بطشتنا فتماروا) مع الفصل بالمد، ليكون ثقل الضمة عليه مستخفاً بعد، ولتكون هذه الضمة قد أصابت موضعها كما تكون الاحماض في الأطعمة.

٢- وفي القرآن لفظة غريبة هي من اغرب ما فيه، وما حسنت في كلام قط الا في موقعها فيه، وهي كلمة (ضيزى) من قوله تعالى ﴿**تلك اذاً قسمة ضيزى**﴾ ومع ذلك فان حسنها في نظم الكلام من أغرب الحسن ومن أعجبه، ولو أردت اللغة العربية ما صلح لهذا الموضع غيرها، فإن السورة التي هي منها وهي سورة (النجم) مفصلة كلها على الباء، فجاء ت الكلمة فاصلة من الفواصل، ثم هي في معرض الانكار على العرب، اذ وردت في ذكر الاصنام، وزعمهم في قسمة الاولاد، فانهم جعلوا الملائكة والأصنام بنات الله، مع وأدهم

تو تو اس کی عجیب شان پائے گا ان میں سے لفظ ''النذر'' ہے جو نذیر کی جمع ہے بلاشبہ اس میں ضمہ ثقیل ہے۔ چونکہ وہ معاً نون اور ذال پر مسلسل آیا ہے اس کے علاوہ اس حرف کا سخت ہونا اور زبان میں اس کا کرخت ہونا بھی ہے لیکن وہ قرآن میں اس کے الٹ آیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ﴿**ولقد أنذرهم بطشتنا فتماروا بالنذور**﴾ (سورة القمر:٣٦) اس ترکیب پر غور کر اور پھر گہرا غور وفکر کر اور مواقع الحروف کا مزا چکھ اور کان کے باغ میں اس کی حرکات کو جاری کر اور (لقد) کی دال میں قلقلہ کی جگہوں پر تامل کر اور (**بطشتنا**) کی طاء میں غور کر اور فتحات متوالیہ پر جو طاء سے پیچھے واؤ تک ہیں اس کے قول **بطشتنا فتماروا** سے لے کر مد سے فصل کے ساتھ غور کرتا کہ بعد میں ضمہ کا ثقل ہلکا ہو جائے اور یہ ضمہ اپنی جگہ پر ٹھیک ہو جائے جیسے کھانوں میں کھٹائی ہوتی ہے۔

٢-قرآن کریم میں ایک عجیب لفظ ہے اور جو الفاظ اس میں آتے ہیں یہ ان میں سے سب سے زیادہ عجیب ہے اور یہ کبھی کسی کلام میں اچھا معلوم نہیں ہوا مگر قرآن میں اپنی جگہ پر واقع ہونے میں اچھا ہے اور یہ ''ضیزی'' کا لفظ ہے اللہ فرماتا ہے ''**تلك اذاً قسمة ضيزى**'' اس کے ساتھ نظم کلام میں اس کا حسن، بہت عجیب وغریب خوبصورتی کا حامل ہے اور اگر تو لغت عربی کا ارادہ کرتا تو اس جگہ کے لیے دوسرا لفظ مناسب نہ ہوتا اور یہ جس سورت میں ہے وہ سورت نجم ہے جو ساری کی ساری یاء پر مفصل ہے پس فواصل میں سے فصل کرنے والا لفظ آیا پھر یہ عربوں پر عیب لگانے کے نشانہ میں ہے اور یہ اصنام کے ذکر میں آیا ہے اور اولاد کی تقسیم میں ان کے زعم کے مطابق آیا ہے۔ انہوں نے فرشتوں اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

للبنات فقال تعالى ﴿ **الكم الذكر وله الأنثى. تلك اذاً قسمةٌ ضيزى**﴾ (سورة النجم: ٢١-٢٢) فكانت غرابة اللفظة أشد الاشياء ملائمة لغرابة هذه القسمة التي انكرها، وكانت الجملة كلها كأنها تصور في هيئة النطق بها الانكار في الأولى، والتهكم في الاخرى، وكان هذا التصوير أبلغ ما في البلاغة، وخاصة في اللفظة الغريبة التي تمكنت في موضعها من الفصل..

٣- ومما لا يسعه طوق انسان في نظم الكلام البليغ، ثم مما يدل على ان نظم القرآن مادة فوق الصنعة، ومن وراء الفكر، وكأنها صبت على الجملة صباً، انك ترى بعض الالفاظ لم يأت فيه لا مجموعاً، ولم يستعمل منه صيغة المفرد، فاذا احتاج الى هذه الصيغة استعمل مرادفها، كلفظة (اللب) فانها لم ترد الا مجموعة كقولة تعالىٰ ﴿ **ان في ذلك لذكرى لأولي الألباب**﴾(سورة الزمر:٢١) وقوله ﴿**وليذكر اولو الالباب**﴾(سورة ابراهيم:٥٢) ونحوهما ولم ترد فيه مفردة، بل جاء مكانها (القلب) في قوله تعالىٰ ﴿**ان في ذلك لذكرى لمن كان له قلب أو القى السمع وهو شهيد**﴾(سورة ق:٣٧) وذلك لان لفظ (الباء) شديد مجتمع ولا يفضي الى هذه الشدة الا من اللام الشديدة المسترخية، فلما لم تحسن اللفظة اسقطها من نظمه بتة..

اصنام کواللہ کی بیٹیاں بنایا ہے حالانکہ وہ بیٹیوں کو زندہ درگور کرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿ **الكم الذكر وله الأنثى. تلك اذاً قسمةٌ ضيزى**﴾(سورۃ النجم:۲۱-۲۲) پس لفظ کی غرابت اس تقسیم کی غرابت سے جس کا اس نے انکار کیا ہے سب چیزوں سے بڑھ کر موافقت کرنے والی ہے اور سارا جملہ گویا نطق کی ہیئت میں تصور کیا گیا ہے پہلے جملے میں انکار اور دوسرے میں ٹھٹھا ہے اور یہ صورت اس سے ابلغ ہے جو بلاغت میں ہے اور بالخصوص اس عجیب لفظ میں جو فصل میں اپنی جگہ ٹک گیا ہے۔

۳- اور جس بات سے کوئی چارا نہیں وہ یہ کہ انسان کو بلیغ کلام کی تکلیف دی گئی ہے پھر یہ بات بھی دلالت کرتی ہے کہ نظم قرآن ہنر سے اوپر کا مادہ ہے اور فکر سے ماوراء ہے گویا وہ جملہ پر گرایا گیا ہے آپ دیکھیں گے کہ اس میں بعض الفاظ جمع نہیں آئے۔ لیکن ان میں مفرد کا صیغہ مستعمل نہیں ہوا اور جب اس صیغہ کی ضرورت ہوئی تو اس کا مرادف لفظ استعمال کیا گیا جیسے "اللب" کا لفظ ہے یہ جمع کی صورت میں آیا ہے جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:﴿ **ان في ذلك لذكرى لأولي الألباب**﴾(سورۃ الزمر:۲۱) اور فرمایا ہے ﴿**وليذكر اولو الالباب**﴾ (سورۃ ابراہیم:۵۲) اور اس قسم کے الفاظ اس میں مفرد نہیں آئے بلکہ اس جگہ "قلب" کا لفظ آیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿**ان في ذلك لذكرى لمن كان له قلب أو القى السمع وهو شهيد**﴾(سورۃ ق:۳۷) اس لئے لفظ "باء" شدید مجتمع ہے اور وہ اس شدت تک عدم شدیدہ مسترخیہ کے بغیر نہیں پہنچا جا سکتا۔ پس جب لفظ خوبصورت نہ ہو تو اس نے اسے اپنے نظم سے قطعاً ساقط کر دیا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وكذلك لفظ (الكوب) استعملت في مجموعه ولم يات بها مفردة لانه لا يتهيأ فيها ما يجعلها في النطق من الظهور والرقة والانكشاف وحسن التناسب كلفظ (اكواب) الذي هو الجمع و(الأرجاء) لم يستعمل القران لفظها الا مجموعاً وترك المفرد وهو الرجا اى الجانب لعلة لفظه انه لا يسوغ في نظمه كما ترى وعكس ذلك لفظة (الأرض) فانها لم ترد فيه الا مفردة' ولم يرد في القرآن صيغة الجمع (أرضين) ولما احتاج الى جمعها اخرجها على هذه الصورة التي ذهبت بسر الفصاحة' وذهب بها حتى خرجت من الروعة بحيث يسجد لها كل فكر سجدة طويلة' وذلك في قوله تعالىٰ : ﴿ **الله الذي خلق سبع سموات ومن الأرض مثلهن' يتنزل الأمر بينهن**﴾(سورة الطلاق:١٢) ولم يقل (وسبع أرضين) لهذه الجسأة التي تدخل للفظ' ويختل بها النظم اختلالاً...

٤ – وتأمل قوله تعالىٰ ﴿ **فأرسلنا عليهم الطوفان' والجراد والقمل' والضفادع' والدم' آيات مفصلات**﴾ (سورة الأعراف:١٣٣) فإنها خمسة اسماء' أخفها في اللفظ (الطوفان' والجراد' والدم) وأثقلها (القمل والضفادع) فقدم (الطوفان) لمكان المدين فيها' حتى يأنس اللسان بخفتها' ثم (الجراد) وفيها كذلك مد' ثم جاء باللفظين الشديدين مبتدئاً باخفهما في اللسان'

ایسے ہی لفظ ''الکوب'' ہے اس میں جمع استعمال ہوا ہے اور اسے مفرد نہیں لایا گیا اس لئے کہ اس میں وہ چیز مہیا نہیں ہوتی جو اسے نطق میں ظہور' رقت' انکشاف اور حسن تناسب والا بنا دے جیسے لفظ ''اکواب'' ہے جو جمع ہے اور ''الارجاء'' کا لفظ قرآن میں جمع استعمال ہوا ہے اور اس میں مفرد کو چھوڑ دیا گیا ہے اور وہ ''الرجاء'' ہے یعنی جانب۔ ایسا کرنا اس کے لفظ کی علت کی وجہ سے ہے وہ قرآن کی نظم میں خوشگوار نہیں ہے۔ اور اس کے الٹ ''الارض'' کا لفظ ہے یہ قرآن میں مفرد ہی آیا ہے اور قرآن میں جمع کے صیغہ ''ارضین'' کو استعمال نہیں کیا اور جب اس کی جمع کی ضرورت ہوئی تو اسے اس صورت میں لایا گیا جو فصاحت کے راز پر مشتمل ہے حتیٰ کہ وہ اس خوبصورتی سے ادا ہوا کہ اسے ہر فکر طویل سجدہ کرے گی اور یہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہے ﴿ **الله الذي خلق سبع سموات ومن الأرض مثلهن' يتنزل الأمر بينهن**﴾ (سورۃ الطلاق:۱۲) اللہ تعالیٰ اس سختی کی وجہ سے جو لفظ میں داخل ہو جاتی ہے اور اس سے نظم میں اختلال واقع ہو جاتا ہے سبع ارضین نہیں کہا۔

۴- اور اللہ تعالیٰ کے قول ﴿ **فأرسلنا عليهم الطوفان' والجراد والقمل' والضفادع' والدم' آيات مفصلات**﴾ (سورۃ الأعراف:۱۳۳) یہ پانچ نام ہیں ان میں لفظ میں سب سے خفیف' طوفان' جراد اور دم ہیں اور سب سے ثقیل' قمل اور ضفادع ہیں سو اس نے طوفان مقدم کیا اس لئے کہ اس میں دو مدیں ہیں تاکہ زبان اس کی خفت سے مانوس ہو جائے پھر اس نے جراد کا ذکر کیا ہے اس میں بھی اسی طرح ایک مد ہے پھر وہ دو شدید لفظ لایا ہے اور دونوں میں سے جو زبان میں زیادہ خفیف ہے اس سے ابتداء کرتے ہوئے اور صورت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وابعدهما فی الصوت لمكان تلك الغنّة فیه، ثم جئ بلفظة (والدم) آخراً، وهی اخف الخمسة واقلها حروفاً، لیسرع اللسان فیها، ویستقیم لها ذوق النظم، ویتم بها هذا الاعجاز فی التركیب، وانت فمهما قلبت هذه الاسماء الخمسة، فانك لا ترى لها فصاحة الا فی هذه الوضع، فلو قدمت او أخرت لبادرك التهافت والتعثر، ولأعنتك ان تجیء منها بلفظ او نظم فصیح..

من ذلك یخلص لنا أن القرآن الكریم انما ینفرد بأسلوبه، لأنه لیس وضعاً انسانیاً البتة، ولو كان من وضع انسان لجاء على طبقة تشبه أسلوبا من أسالیب العرب، او من جاء بعدهم الى هذا العهد ﴿ **ولو كان من عند غیر الله لوجدوا فیه اختلافاً كثیراً** ﴾(سورة النساء:٨٢) ولقد احس العرب بهذا المعنى، واستیقنه بلغاؤهم، ولو لاه ما افحموا، ولا انقطعوا من دونه، لأنهم رأوا جنسا من الكلام غیر ما تودیه طباعهم، وكیف لهم فی معارضته بطبیعة غیر مخلوقة[1] ؟!..

ویقول المرحوم فضیلة الشیخ (الزرقانی) فی موضوع خصائص أسلوب القرآن:

للقرآن مسحة خلابة عجیبة، تتجلى فی نظامه الصوتی، وجماله اللغوی.. ونرید بنظام القرآ الصوتی: اتساق القرآن وائتلافه فی حركاته

میں (اس میں غنہ ہونے کی وجہ سے) آواز میں دونوں کے دور ہونے کی وجہ سے پھر آخر میں لفظ دم لایا گیا ہے اور یہ پانچوں سے زیادہ خفیف اور کم تر حروف والا ہے تاکہ اس میں زبان جلدی چلے اور اس کے لئے ذوق نظم مستقیم رہے اور ترکیب میں یہ اعجاز اس سے مکمل ہو جانے اور ان پانچوں اسماء میں تو جو کچھ بھی الٹ پلٹ کرے تو اس وضع کے سوا ان میں فصاحت نہیں پائے گا اگر تو آگے یا پیچھے کرے تو اوچھے پن اور گراوٹ کا شکار ہو گا اور ان کے بدلے تجھے کسی لفظ یا نظم فصیح کا لانا مشقت میں ڈال دے گا۔

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن کریم اپنے اسلوب میں منفرد ہے اس لئے کہ وہ قطعاً انسانی بناوٹ نہیں ہے اور اگر وہ انسانی بناوٹ ہوتا تو وہ اسالیب عرب کے کسی اسلوب کے مشابہ ہوتا یا جو لوگ ان کے بعد میں اس عہد تک ہوئے ہیں ان کے مشابہ ہوتا ﴿ ولو كان من عند غیر الله لوجدوا فیه اختلافاً كثیراً ﴾(سورۃ النساء:٨٢) عربوں نے اس مفہوم کو محسوس کیا اور ان کے بلغاء کو اس کا یقین تھا اور اگر وہ نہ ہوتا تو وہ خاموش نہ رہتے اور نہ اس کے مقابلے میں باز آتے کیونکہ انہوں نے کلام کی وہ جنس دیکھی جو ان کے فطرتی کلام کے خلاف تھی پس وہ غیر مخلوق طبیعت معارضہ کیسے کر سکتے تھے۔

شیخ زرقانی مرحوم خصائص اسلوب قرآن کے موضوع کے متعلق فرماتے ہیں۔ قرآن کے لیے ایک عجیب دلفریب نشان ہے جو اس کے صوتی نظام اور اس کے لغوی جمال میں جلوہ گر ہے اور صوتی نظام سے ہماری مراد قرآن کا اپنی حرکات و سکنات، مدات وغنات اور

(١) إعجاز القرآن للرافعی، ص ٢٦١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسكناته، ومداته وغناته، واتصلالاته، وسكتاته، اتساقاً عجيباً، وائتلافاً رائعاً، يسترعى الاسماع ويستهوى النفوس، بطريقة لا يمكن أن يصل اليها أى كلام آخر من منظوم ومنثور..

ونريد بجمال القرآن اللغوى، تلك الظاهرة العجيبة التي امتاز بها القرآن فى وصف حروفه وترتيب كلماته، ترتيباً دونه كل ترتيب تعاطاه الناس فى كلامهم، ولقد وصل هذا الجمال اللغوى الى قمة الاعجاز، بحيث لو دخل فى القرآن شيء من كلام الناس، لاعتل مذاقه فى افواه قارئيه، واختل نظامه فى آذان سامعيه، ومن عجيب أمر هذا الجمال اللغوى، وذلك النظام الصوتى، انهما كما كانا دليل اعجاز من ناحية، كانا سوراً منيعاً لحفظ القرآن من ناحية اخرى، وذلك ان من شأن الجمال اللغوى، والنظام الصوتى، ان يسترعى الاسماع، ويثير الانتباه، ويحرك داعية الاقبال فى كل انسان، الى هذا القرآن الكريم، وبذلك يبقى أبد الدهر سائداً على السنة الخلق وفى آذانهم، ويعرف بذاته ومزاياه بينهم فلا يجرؤ احد على تغييره وتبديله، مصداقاً لقوله سبحانه: ﴿ **انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحافظون** ﴾.(۱)

اتصالات و سکنات میں عجیب اتفاق اور خوبصورت اختلاف ہے جو کانوں سے توجہ چاہتا ہے اور نفوس کو ایسے طریقے سے مدہوش کر دیتا ہے کہ کسی طریقہ سے منظوم و منثور کلام کا اس تک پہنچنا ممکن نہیں ہے۔

اور قرآن کے جمال لغوی سے ہماری مراد وہ عجیب بلندی ہے جس سے قرآن اپنے حروف کے وصف اور اپنے کلمات کی ایسی ترتیب سے ممتاز ہے کہ ہر وہ ترتیب جسے لوگ اپنے کلام میں استعمال کرتے ہیں اس سے زیادہ بیچ ہے اور یہ جمال لغوی اعجاز کی چوٹی تک پہنچ گیا ہے وہ یوں کہ اگر قرآن میں لوگوں کا کلام داخل کر دیا جائے تو اس کے قارئین کے مونہوں کا مزا بگڑ جائے اور اس کے سامعین کے کانوں میں اس کا نظام خراب ہو جائے اور اس جمال لغوی اور نظام صوتی کی یہ ایک عجیب بات ہے کہ یہ دونوں ایک جہت سے اعجاز کی دلیل ہیں اور دوسری جہت سے حفظ قرآن کے لیے مضبوط دیوار ہیں اور وہ یوں کہ جمال لغوی اور نظام صوتی کا یہ کام ہے کہ وہ کانوں کو متوجہ کرے اور انتباہ (آگاہی) کو برانگیختہ کرے اور ہر انسان میں اس قرآن کریم کی طرف متوجہ کرنے والے اسباب کو حرکت دے اس سے وہ ہمیشہ مخلوق کی زبانوں اور کانوں پر غالب ہو کر باقی رہے گا اور اس کی ذات اور اس کی خوبیاں ان کے درمیان مشہور رہیں گی اور کوئی شخص اس کو تبدیل کرنے کی جرأت نہیں کرے گا جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ﴿ **انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحافظون** ﴾۔ (سورۃ الحجر:۹)

ومن خصائص اسلوب القرآن العظيم انه يخاطب العقل والقلب معاً، ويجمع الحق

اور قرآن عظیم کے اسلوب کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ وہ عقل اور دل کو معاً مخاطب کرتا ہے اور حق اور جمال کو

(۱) سورة الحجر: ۹. أنظر: مناهل العرفان، ج۲ ص۲۰۸.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والجمال معاً، انظر الیه وهو فی معمعان اقامة الدلیل العقلی علی البعث والنشور فی مواجهة المنکرین المکذبین، کیف یسوق استدلاله سوقاً یهز القلوب هزاً، ویمتع العاطفة امتاعاً، بما جاء فی طی هذه الادلة المسکتة المقنعة، اذ قال سبحانه فی سورة (فصلت).

﴿ **ومن آیاته انك تری الارض خاشعة فاذا انزلنا علیها الماء اهتزت وربت، ان الذی أحیاها لمحی الموتی انه علی کل شیء قدیر**﴾(سورة فصلت:٣٩) واستمع الیه فی سورة (ق) اذ یقول:

﴿ **ونزلنا من السماء ماء مبارکاً فانبتنا به جنات وحب الحصید. والنخل باسقات لها طلع نضید. رزقاً للعباد وأحیینا به بلدة میتاً کذلك الخروج**﴾.(سورة ق:٩-١١)

تأمل هذا الاسلوب البارع، الذی اقنع العقل، وامتع العاطفة فی آن واحد، حتی فی الجملة التی هی بمثابة النتیجة من مقدمات الدلیل، اذ قال فی الآیة الأولی ﴿ **ان الذی احیاها لمحی الموتی**﴾ وفی الآیات الأخیرة قال ﴿**کذلك الخروج**﴾ أی الخروج من القبور، والبعث والنشور..

یا للجمال الساحر، ویا للإعجاز الباهر، الذی یستقبل عقل الانسان وقلبه معاً، بأنصع الأدلة، واجمل البیان، فی هذه الکلمات المعدودات!!.

معاً اکٹھے کر دیتا ہے اس کی طرف دیکھئے اور وہ مکذبین اور منکرین کے مقابلے میں بعث ونشور پر عقلی دلیل قائم کرنے میں سرگرم ہے وہ اپنے استدلال کو کیسے بیان کرتا ہے جو دلوں کو ہلا دیتا ہے اور جذبات کو فائدہ بخشتا ہے کیونکہ وہ سر بلند مسکت دلائل کے ضمن میں آیا ہے اللہ تعالیٰ سورۂ فصلت میں فرماتا ہے۔

﴿ ومن آیاته انك تری الارض خاشعة فاذا انزلنا علیها الماء اهتزت وربت، ان الذی أحیاها لمحی الموتی انه علی کل شیء قدیر﴾(سورۃ فصلت:٣٩) اور سورۂ ق میں اسے سنئے جب وہ فرماتا ہے:

﴿ ونزلنا من السماء ماء مبارکاً فانبتنا به جنات وحب الحصید. والنخل باسقات لها طلع نضید. رزقاً للعباد وأحیینا به بلدة میتاً کذلك الخروج﴾.(سورۃ ق:٩-١١)

اس شاندار اسلوب پر غور کیجئے جو بیک وقت عقل کو متوجہ کرتا اور جذبات کو فائدہ بخشتا ہے حتی کہ اس جملہ میں جو دلیل کے مقامات میں سے نتیجہ کے قائم مقام ہے اس میں غور کیجئے فرماتا ہے **ان الذی احیاها لمحی الموتی** اور دوسری آیت میں فرماتا ہے **کذلك الخروج** یعنی قبروں سے خروج اور بعث ونشور ہوگا۔

اس ساحرانہ جمال اور حیران کن اعجاز کا کیا کہنا جو ان چند کلمات میں واضح دلائل اور خوبصورت بیان کے ساتھ انسان کے قلب اور عقل کی طرف معاً متوجہ ہوتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثم أنظر الى القرآن وهو يسوق قصة (يوسف) مثلاً' كيف يأتي في خلالها بالعظات البالغة' ويطلع من خلالها بالبراهين الساطعة' على وجوب الاعتصام' بالعفاف' والشرف' والأمانة' اذ قال في فصل من فصول تلك القصة الرائعة:

﴿ وراودته التي هو بيتها عن نفسه' وغلقت الأبواب' وقالت: هيت لك' قال معاذ الله إنه ربي أحسن مثواي' انه لا يفلح الظالمون﴾.(سورة يوسف:٢٣)

فتأمل في هذه الآية كيف قوبلت دواعي الغواية الثلاث' بدواعي العفاف الثلاث' مقابلة صورت من القصص الممتع جدالاً عنيفاً بين (جند الرحمن) و (جند الشيطان) ووضعتهما امام العقل المنصف في كفتي ميزان!! وهكذا تجد القرآن كله مزيجاً حلواً سائغاً' يخفف على النفوس ان تجرع الأدلة العقلية' ويرفه عن العقول باللفتات العاطفية' فهل تسعد بمثل هذا في كلام البشر؟ لا ثم لا فكلام البشر ان وفى بحق العقل' بخس العاطفة حقها' وان وفى بحق العاطفة بخس العقل حقه' حتى لقد بات العرف العام يقسم الاساليب البشرية الى قسمين' لا ثالث لهما (اسلوب علمي) و (اسلوب ادبي) فطلاب العلم لا يرضيهم اسلوب الادب' وطلاب الادب لا يرضيهم اسلوب العلم' وهكذا تجد كلام العلماء والمحققين فيه من الجفاء

پھر قرآن کی طرف دیکھئے مثلاً وہ حضرت یوسفؑ کے واقعہ کو بیان کرتا ہے اور اس کے درمیان پر اثر نصائح لاتا ہے اور پاکدامنی اور شرف و امانت سے وابستگی کے وجوب کو براہین ساطعہ سے آگاہ کرتا ہے اس خوبصورت واقعہ کی ایک فصل میں وہ بیان کرتا ہے۔

﴿ وراودته التي هو بيتها عن نفسه' وغلقت الأبواب' وقالت: هيت لك' قال معاذ الله إنه ربي أحسن مثواي' انه لا يفلح الظالمون﴾.(سورة يوسف:٢٣)

اس آیت پر غور کیجئے کہ کس طرح اس میں غوایت (گمراہی) کے تین اسباب کو پاکدامنی کے تین اسباب کے مقابلہ میں پیش کیا گیا ہے اور فائدہ بخش بیان کی صورت میں بیان کیا گیا ہے کہ رحمٰن کی فوج اور شیطان کی فوج میں زبردست جنگ پائی جاتی ہے اور دونوں کو ترازو کے دونوں پلڑوں میں رکھ کر منصف عقل کے سامنے پیش کیا گیا ہے اسی طرح آپ سارے قرآن کو شیریں خوشگوار ملاوٹ والا پائیں گے وہ نفوس پر عقلی دلائل کو گھونٹ گھونٹ پینا آسان کر دیتا ہے اور جذباتی نگاہوں کے ساتھ عقول سے رنج کو دور کرتا ہے کیا اس قسم کی رفعت بشر کے کلام میں پائی جاتی ہے؟ نہیں نہیں بشر کا کلام اگر عقل کا حق پورا کرے گا تو جذبات کا حق کم کر دے گا اور اگر جذبات کا حق پورا کرے گا تو عقل کا حق کم کر دے گا اور حتیٰ کہ عرف عام اسالیب بشریہ کو دو قسموں میں تقسیم کرتا ہے ان دونوں کی کوئی تیسری قسم نہیں۔ علمی اسلوب اور ادبی اسلوب' علم کے طالبوں کو ادبی اسلوب خوش نہیں کرتا اور ادب کے طالبوں کو علمی اسلوب خوش نہیں کرتا اور اسی طرح تو علماء اور محققین کے کلام کو پائے گا اس میں روشنی اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والعرى، ما لا يهز القلوب ويحرك النفوس، وتجد فى كلام الأدباء والشعراء، من الهزال والعقم العلمى ما لا يغذى الأفكار ويقنع العقول، اما القرآن فقد انفرد بهذه المزية بين أنواع الكلام، لأنه تنزيل من القادر الذى لا يشغله شأن عن شأن ﴿ فتبارك الله رب العالمين﴾.. (۱)

وضاحت پائی جاتی ہے جو نہ دلوں کو ہلاتی ہے اور نہ نفوس کو حرکت دیتی ہے اور تو ادباء اور شعراء کے کلام میں کمزوری اور علمی بانجھ پن پائے گا جو نہ افکار کو غذا دیتا ہے اور نہ عقول کو متوجہ کرتا ہے اب رہا قرآن تو وہ اس خوبی میں انواع کلام کے درمیان منفرد ہے اس لئے کہ وہ اس قادر کی تنزیل ہے جسے کوئی کام کسی کام سے غافل نہیں کرتا فتبارك الله رب العالمين۔

۳- الوجه الثالث من وجوه الاعجاز، ذلك الايجاز الرائع، والجزالة(۲) الخارقة التى ليس يا مكان مخلوق من البشر ان يحيط بها، أو يأتى بمثلها لأنها فوق الطاقة البشرية، والقدرة الانسانية. لقد كان البدوى، راعى الغنم، يسمع القرآن فيخر ساجداً لله رب العالمين، و ذلك لروعة هذا الكتاب المجيد، ولما يفعل به فى نفوس السامعين، وهو دليل رقة الاحساس، ولطف الشعور من اولئك الرعاة الجفاة.

۳- اعجاز قرآن کی تیسری وجہ: خوبصورت ایجاز اور خارق عادت فصاحت ہے جو مخلوق بشر کے لئے ممکن نہیں ہے کہ وہ اس کا احاطہ کرے یا اس کی مثل لائے اس لئے کہ وہ بشری طاقت اور انسانی قدرت سے بالاتر ہے۔ جنگلی بکریوں کا چرواہا۔ قرآن سنتا ہے تو رب العالمین کے آگے سجدہ ریز ہو جاتا ہے اور یہ کتاب مجید کے جمال اور جو وہ سامعین کے دلوں میں اثر پیدا کرتا ہے اس کی وجہ سے ہے اور یہ ان اجڈ چرواہوں کے احساس کی رقت اور شعور کے لطیف ہونے کی دلیل ہے۔

قصة الجارية والأصمعي:

يروى أن (الاصمعى) خرج ذات يوم فلقى جارية خماسية او سداسية، وسمعها تنشد أبياتاً من الشعر رائعة، فأعجب بتلك الابيات وهزت منه النفس والقلب، بجمال إسلوبها، وروعة بيانها، وفصاحة الفاظها، فقال لها: قاتلك الله ما أفصحك؟ فقالت له: ويحك أو يعد هذا فصاحة بعد قول الله تبارك وتعالى ﴿ و أوحينا الى ام

لڑکی اور اصمعی کا واقعہ:

روایت ہے کہ اصمعیؒ ایک روز باہر نکلے تو وہ پانچ چھ سال کی ایک لڑکی سے ملے اور اس نے انھیں خوبصورت شعر گا کر سنائے پس وہ ان اشعار سے حیران رہ گئے اور نفس وقلب ان کے جمال اسلوب اور بیان کی خوبصورتی اور الفاظ کی فصاحت سے جھوم گئے۔ اصمعیؒ نے اسے کہا اللہ تیرا بھلا کرے تو کس قدر فصیح ہے؟ لڑکی نے انھیں کہا تو ہلاک ہو جائے کیا تو اسے اللہ تعالیٰ کے قول۔ ﴿ و أوحينا الى ام

(۱) سورة غافر: ٦٤. أنظر مناهل العرفان ص ٢١٠.

(۲) المراد بالجزالة: الفخامة فى الألفاظ، والاجادة فى التعبير مع قوة الحبك وعدم التعقيد.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موسى أن أرضعيه، فاذا خفت عليه فألقيه في اليم، ولا تخافي ولا تحزني انا رادوه اليك وجاعلوه من المرسلين ﴾(سورة القصص:٧)

ثم قالت له: فقد جمعت هذه الآية على وجازتها بين أمرين، ونهيين، وخبرين، وبشارتين[1].. الخ.

قال الاصمعی فأعجبت بفهمها وإدراكها اكثر ما اعجبت بشعرها، فهی جارية بدوية صغيرة السن ولكنها واسعة العلم والفهم، أما الأبيات التی كانت تنشدها فهی قولها:

أستغفر الله لذنبی كله
قبلت انساناً بغير حله
مثل الغزال ناعماً فی دله
وانتصف الليل ولم أصله

وقد أشارت هذه الجارية على الأصمعی بروعة ما فی القرآن من بلاغة وفصاحة، وإيجاز وإعجاز، فالآية الكريمة جمعت بين امرين وهما (أرضعيه) و (ألقيه فی اليم) ونهيين وهما (لا تخافی) و (لا تحزنی) وخبرين وهما (أوحينا) و (خفت) وبشارتين وهما (انا رادوه اليك) و (جاعلوه من المرسلين) فالبشارة الأولى برده اليها سليماً كريماً، والبشارة الثانية وهی أن الله سبحانه وتعالىٰ سيجعله رسولاً هادياً. فانظر. رعاك الله. كيف أدركت هذه الجارية البدوية، بفطرتها العربية، سراً من أسرار هذا الايجاز

موسى أن أرضعيه، فاذا خفت عليه فألقيه فی اليم، ولا تخافی ولا تحزنی انا رادوه اليك وجاعلوه من المرسلين ﴾(سورۃ القصص:٧) کے بعد بھی فصاحت میں شمار کرتا ہے پھر وہ کہنے لگی اس آیت نے اپنے اختصار کے باوجود دو امروں، دو نہیوں، دو خبروں اور دو بشارتوں کو جمع کر دیا ہے۔ اصمعیؒ کہتا ہے کہ میں اس کے شعر سے بڑھ کر اس کے فہم و ادراک سے زیادہ حیران ہوا وہ چھوٹی عمر کی ایک دیہاتی لڑکی تھی لیکن وسیع علم وفہم کی مالک تھی اور جو اشعار وہ گا رہی تھی وہ اسی کے تھے۔ وہ اشعار یہ تھے (ترجمہ:)

میں اپنے تمام گناہوں کے لیے اللہ سے بخشش طلب کرتی ہوں میں نے انسان کو جواز کے بغیر بوسہ دیا ہے۔
اس ہرن کی مانند جو اپنے سکون واطمینان میں آسودہ ہے نصف رات ہوگئی ہے اور میں نے نماز نہیں پڑھی۔

اس لڑکی نے اصمعی کو قرآن میں پائے جانے والی فصاحت و بلاغت اور ایجاز و اعجاز کی خوبصورتی کے متعلق بتایا پس ثابت کریمہ نے جو دو امر جمع کئے ہیں وہ یہ ہیں۔ أرضعيه والقيه فی اليم اور جو دو نہیوں کو جمع کیا وہ لاتخانی ولا تحزنی ہیں اور دو خبریں او حينا اور خفت ہیں اور دو بشارتیں انا رادوه اليك وجاعلوه من المرسلين ہیں پہلی بشارت آپ کا صحیح سالم آپ کی ماں کو واپس کرنا ہے اور دوسری بشارت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ عنقریب انھیں رسول اور ہادی بنائے گا دیکھئے کس طرح اس دیہاتی لڑکی نے اپنی عربی فطرت کے ساتھ اس ایجاز واعجاز کے اسرار میں سے ایک سر (راز) کو پالیا ہے اور وہ

---

(١) القصة ذكرها القرطبی فی تفسيره الجزء الثالث عشر ص ٢٥٢، وذكرها صاحب المنار فی الجزء الأول ص ٢٨ والمراد بقوله (خماسية او سداسية) أی طولها خمسة او ستة أشبار. أی أنها معتدلة القامة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والاعجاز، وانتبهت الى مالم يدركه هو من أسرار هذا القرآن، فكأن الآية نظمت في عقد من اللؤلؤ والمرجان، فكانت لآلئها بميزان..

ب- ويروى أن (ابن المقفع) الكاتب البليغ المشهور، حاول أن يعارض القرآن ذات مرة، فسمع صبياً يقرأ قوله تعالى: ﴿ وقيل يا أرض ابلعي ماء ك، ويا سماء أقلعي، وغيض الماء، وقضى الأمر، واستوت على الجودى، وقيل بعدًا للقوم الظالمين﴾ (سورة هود:٤٤) فكسر الأقام، ومزق الصحف التي كان قد بدأ بها في المعارضة وقال: هذا والله مما لا يستطيع البشر أن يأتوا بمثله، فمزق ما جمع واستحيا على نفسه من إظهاره..

وهكذا رجع الأديب الكبير البليغ عن عزمه، بعد ان حدثته نفسه بمعارضة بعض سورة لأنه شعر بروعة القرآن..

ثم انظر الى الجزالة والايجاز في أسلوب القرآن، وقارنها بأروع اسلوب نطق به عربي، وهو أسلوب افصح من نطق بالضاد، سيد المرسلين محمد بن عبدالله، الذى شهد ببلاغته وفصاحته اعداؤه قبل أنصاره، قارن بين (القرآن والسنة النبوية) تجد الفرق شاسعاً، والبون بعيداً، كفرق ما بين السماء والأرض، فبلاغة القرآن ونضارته واشراقته في أعلى طبقات الاحسان، وأرفع درجات الايجاز والبيان، تأمل قوله ﷺ

اس راز سے آگاہ ہوئی ہے جسے اصمعیؒ اسرار قرآن میں سے نہیں پا سکے گا گویا آیت نے موتی اور مرجان کا ایک ہار پرویا ہے اور اس کے موتی ترازو میں ہیں۔

ب- روایت ہے کہ مشہور بلیغ ادیب ابن المقفع نے ایک دفعہ قرآن کا معارضہ کرنے کی کوشش کی تو اس نے ایک بچے کو یہ قول الٰہی پڑھتے سنا ﴿ وقيل يا أرض ابلعي ماءك، ويا سماء أقلعي، وغيض الماء، وقضى الأمر، واستوت على الجودى، وقيل بعد اللقوم الظالمين﴾ (سورۃ ھود:۴۴) تو اس نے قلموں کو توڑ دیا اور ان کاغذات کو پھاڑ دیا جن سے اس نے معارضہ کا آغاز کیا تھا اور اس نے کہا خدا کی قسم یہ ان باتوں میں سے ہے کہ بشر جس کی مثل لانے کی طاقت نہیں رکھتا سو اس نے جو کچھ جمع کیا تھا اسے پھاڑ دیا اور اس کے اظہار سے باز رہا۔

یوں اس ادیب کبیر نے اپنے عزم سے رجوع کیا حالانکہ قبل ازیں اس کے نفس نے اسے قرآن کی بعض سورتوں کے معارضہ کی بات بتائی تھی اس لئے کہ وہ قرآن کے جمال کو سمجھ گیا تھا۔

www.KitaboSunnat.com

وما سبقكم أهل المدر.. ريفكم فامنعوه، والمقبر فآووه! والباغي فناوئوه). وقال: (والشاء وألوانها، وأعجبها السود وألبانها، والشاة السوداء، واللبن الأبيض، إنه لعجب محض، وقد حرم المذق فما لكم لا تمجعون).

سبقکم اهل امدر...... ریفکم فامنعوه والمقبر فآووه والباغي فناو ئوه) اور اس نے کہا: (''والشاء والوانها واعجبها السود وألبانها' والشاة السوداء واللبن الأبيض' انه لعجب محض' وقد حرم المذق فما لكم لا تمجعون'')

ومن قرآنه المفترى: (الفيل ما الفيل، وما ادراك ما الفيل، له ذنب وبيل، وخرطوم طويل..) الخ. وقوله (يا ضفدع بنت ضفدعين، نقى ما تنقين، نصفك فى الماء ونصفك فى الطين، لا الماء تكدرين، ولا الشارب تمنعين).

اور اس مفتری کے قرآن کے سے یہ بھی ہے: ''الفيل ما الفيل وما ادراك ماالفيل له ذنب وبيل وخرطوم طويل) اور اس کا قول ہے (يا ضفدع بنت ضفد عين نقى ما تنقين نصفك فى الماء ونصفك فى الطين' الماء تكدرين والشارب تمنين'')

وقد زعم انه عارض سورة الكوثر فخرج إلى الناس بهذا الهذيان:

اس نے خیال کیا کہ اس نے سورۃ کوثر کا معارضہ کیا ہے اور اس ہذیان کے ساتھ لوگوں کے پاس گیا۔

(إن أعطيناك الجماهر، فصل لربك وجاهر، إن شانئك هو الكافر).

ان اعطيناك الجماهر' فصل لربك وجاهر' ان شانئك هو الكافر

وكل كلامه على هذا النمط واه سخيف لا ينهض ولا يتماسك، وأنت خبير بأن مثل ذلك الإسفاف ليس من المعارضة فى قليل ولا كثير، يقول (الرافعى) رحمه الله: إن مسيلمة لم يرد أن يعرض للقرآن من ناحية (الصناعة البيانية) وإنما اراد أن يأخذ سبيله الى استهواء قومه من ناحية اخرى ظنها اهون عليه وأقرب تأثيرا فى نفوسهم، وذلك أنه رأى العرب تعظم الكهان فى الجاهلية، وكانت عامة أساليب الكهان من هذا السجع القلق، الذى يزعمون انه من كلام الجن كقولهم: (يا جليح، امر نجيع، رجل فصيح، يقول لا إله الا الله) فجعل يسجع ليوهم أنه يوحى إليه،

اس کا سارا کلام اسی قسم کی واہیات پر مشتمل تخیف کلام ہے نہ سیدھا ہے نہ مضبوط ہے اور آپ کو معلوم ہی ہے کہ اس قسم کی جوڑ بندی تھوڑا بہت بھی معارضہ سے تعلق نہیں رکھتی۔ الرافعی بیان کرتے ہیں کہ مسیلمہ نے صفت بیانیہ کی جہت سے قرآن کے مقابلے میں پیش کرنے کا ارادہ نہیں کیا اور دوسری جہت سے اس نے اپنی قوم کو بہکانے کا راستہ اختیار کیا ہے اس نے اسے اپنے پر آسان تر اور ان کے نفوس میں تاثیر کے لحاظ سے اقرب خیال کیا ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اس نے دیکھا کہ عرب قابلیت میں کاہنوں کی تعظیم کرتے تھے اور کاہنوں کے عام اسالیب اسی عمدہ سجع پر ہوتے تھے جن کے متعلق ان کا خیال تھا کہ یہ جنات کے کلام میں سے ہے جیسے ان کا یہ قول: (يا جليح ' أمر نجيع رجل فصيح يقول

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على أنه لم يفلح فى هذه الحيلة إذ كان أشياعه يعرفونه بالكذب والحماقة' ويقولون: إنه لم يكن فى تعاطيه الكهانة حاذقاً' ولا فى دعوى النبوة صادقاً ، وانما كان أتباعهم إياه على حد قول قائلهم: كذاب ربيعة أحب الينا من صادق مضر..).

لا اله الا الله) وہ بھی اپنے کلام کو مسجع مقفی بتاتا تا کہ وہم ڈالے کہ اس کی طرف وحی ہو رہی ہے مگر وہ اس حیلہ میں کامیاب نہ ہوا جب کہ اس کے ہم عصر اس کے کذب وحماقت کو جانتے تھے وہ کہتے تھے کہ وہ کہانت کرنے میں ماہر نہیں ہے اور نہ دعویٰ نبوت میں سچا ہے اور اس کے تابعین قائل کے اس قول کی حد تک ہی تھے کہ ربیعہ کا کذاب ہمیں مضر کے صادق کے مقابلے میں زیادہ محبوب ہے۔

ب– ومنهم (الاسود العنسى) ادعى النبوة فى اليمن' وكان يزعم ان الوحى ينزل عليه فيخفض رأسه الى الأرض ثم يرفعه فيقول: قال لى كذا وكذا. يعنى شيطانه. الذى يوحى اليه' وكان جباراً ولكنه كان فصيحاً معروفاً بالكهانة والسجع والخطابة والشعر والنسب' ولم يذكر أنه حاول المعارضة للقرآن وإنما اكتفى بدعوى النبوة وبنزول الوحى عليه ﴿ **وان الشياطين ليوحون الى أوليائهم**﴾(سورة الانعام:١٢١).

ب۔ ان میں سے اسود عنسی بھی تھا جس نے یمن میں نبوت کا دعویٰ کیا اس کا خیال تھا کہ اس پر وحی نازل ہوتی ہے وہ اپنا سر زمین کی طرف جھکا دیتا پھر اسے اٹھاتا اور کہتا کہ اس نے مجھے یوں یوں کہا ہے یعنی اس کے شیطان نے جو اس کی طرف وحی کرتا ہے وہ بڑا ظالم تھا لیکن فصیح اور کہانت' مقفی کلام کرنے خطابت کرنے اور شعراء ونسب میں مشہور تھا اس نے بیان نہیں کیا کہ اس نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی ہے اس نے صرف دعویٰ نبوت پر اور یہ کہ اس پر وحی نازل ہوتی ہے اس پر اکتفاء کیا ہے۔(**وان الشياطين ليوحون الىٰ اوليائهم**)۔(سورۃ الانعام:۱۲۱)

ج– ومنهم (طليحة بن خويلد الأسدى) ادعى النبوة' وكان يزعم ان (ذا النون) يأتيه بالوحى ولكنه لم يدع لنفسه قرآنا لأن قومه كانوا من الفصحاء ولكنهم تابعوه عصبية وطلباً للجاه والشهرة' وقد ذكر صاحب (معجم البلدان) أن له كلاماً كان يزعم أنه نزل عليه بالوحى ولم يظفر من كلامه إلا على هذه المقالة (إن الله لا يصنع بتعفير وجوهكم' وقبح أدباركم شيئاً' فاذكروا الله قياما فان الرغوة فوق

ج۔ ان میں سے طلیحہ بن خویلد اسدی بھی ہے اس نے نبوت کا دعویٰ کیا اس کا خیال تھا کہ ذوالنون اس کے پاس وحی لاتا ہے لیکن اس نے اپنے لئے قرآن کا دعویٰ نہیں کیا اس لئے کہ اس کی قوم کے لوگ فصحاء میں سے تھے لیکن انہوں نے عصبیت کی وجہ سے اور جاہ وشہرت کیلئے اس کی پیروی کی اور صاحب معجم البلدان نے بیان کیا ہے کہ اس کے پاس کلام تھا اس کا خیال تھا کہ وہ اس پر وحی کے لیے اترا ہے اور اس کے کلام میں سے صرف یہی قول باقی بچا (ان الله لا يصنع بتعفير وجوهكم دقبح ادباركم شيئا فاذكروا الله

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصريح) يريد لا تركعوا ولا تسجدوا واكتفوا بالصلاة قياماً وبذكر الله في حالة القيام، وقد أرسل له أبوبكر جيشاً بقيادة خالد بن الوليد فلما التقى الجمعان، قتل عدد كبير من أتباعه، وتزمل هو بكساء ينتظر الوحي، فقال له (عيينة) هل أتاك بعد؟ فقال وهو من تحت الكساء، لا والله ما جاء بعد، فقال له عيينة: لقد تركك أحوج ما كنت إليه، ثم قال: يا بني فزارة هذا كذاب ما بورك لنا وله فيما يطلب، ثم انهزم طليحة ولحق بنواحي الشام، ويقال أنه أسلم بعد ذلك وكان له في القادسية بلاء حسن.

د- ومنهم (النضر بن الحارث) وهو من صناديد قريش، ورؤساء الكفر والضلالة، وهو لم يدع النبوة ولا الوحي ولكنه زعم أنه يعارض القرآن، فلفق أخباراً من حوادث الفرس وملوك العجم، وكان يجلس إلى قريش فيحدثهم بهذه الأساطير ثم يقول لهم: هذا خير مما أنزل على محمد.

ه- ويروى أن (أبا العلاء المعرى) و (المتنبى) و (ابن المقفع) حاولوا معارضة القرآن ولكنهم ما كادوا يبدؤون هذه المحاولة حتى خجلوا واستحيوا فكسروا الأقلام ومزقوا الصحف، وقد ذكرنا فيما مضى محاولة (ابن المقفع) وأنه بعد أن عزم على المعارضة وبدأ بها

قياما فان الرغوة فوق الصريح) وہ چاہتا ہے کہ رکوع و سجود نہ کرو اور قیام کی حالت میں نماز اور ذکر الٰہی پر اکتفاء کرو اور حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کی قیادت میں اس کی طرف فوج بھیجی جب دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ ہوئی تو اسکے پیروکاروں کی ایک بڑی تعداد ماری گئی اور وہ چادر اوڑھ کر وحی کا انتظار کرنے لگا تو عیینہ نے اسے کہا کیا وہ ابھی تیرے پاس آیا ہے؟ اس نے کہا اور وہ چادر کے نیچے تھا نہیں قسم بخدا وہ ابھی نہیں آیا عیینہ نے اسے کہا: وہ تجھے چھوڑ گیا ہے حالانکہ تجھے اس کی بہت ضرورت تھی پھر اس نے کہا اے بنی فزارہ! یہ کذاب ہے۔ جو وہ طلب کرتا ہے اس میں نہ ہمارے لئے اور نہ اس کے لئے برکت ہے پھر طلیحہ نے شکست کھائی اور شام کے نواح میں چلا گیا' کہتے ہیں کہ وہ اس کے بعد مسلمان ہو گیا تھا اور قادسیہ میں اس نے بہادری وشجاعت دکھائی۔

د۔ ان میں نضر بن حارث بھی ہے یہ صنادید قریش اور رؤسائے کفر وضلالت میں سے تھا اس نے نبوت اور وحی کا دعویٰ نہیں کیا لیکن اس نے خیال کیا کہ وہ قرآن کا معارضہ کر سکتا ہے سو اس نے ایران اور ملوک عجم کے واقعات گھڑے اور وہ قریش کے پاس بیٹھ کر یہ کہانیاں انہیں بتایا کرتا تھا پھر ان کو کہتا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اترا ہے یہ اس سے بہتر ہے۔

ہ۔ روایت ہے کہ ابوالعلاء المعری اور متنبی اور ابن المقفع نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی جونہی وہ اس کوشش کا آغاز کرتے تو شرمندہ ہوتے سو انہوں نے قلموں کو توڑ دیا اور کاغذات کو پھاڑ دیا اور گزشتہ صفحات میں ہم ابن المقفع کی کوشش کا ذکر کر آئے ہیں کہ اس نے معارضہ کے عزم کیا اور عملاً اس کو شروع بھی کر دیا لیکن اسکے آغاز کے بعد ایک

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعلاً، سمع صبياً يقرأ قوله تعالىٰ: ﴿ وقيل يا أرض ابلعي ماء ك ويا سماء اقلعي، وغيض الماء، وقضي الأمر واستوت على الجودي، وقيل بعداً للقوم الظالمين﴾(سورة هود:٤٤) فمزق ما جمع واستحيا من إظهاره أمام الناس بعد أن قال قولته المشهورة: هذا والله ما يستطيع البشر أن يأتوا بمثله. وهذه القصة عن (ابن المقفع) يذكرها (الرافعي) عليه رحمة الله ثم يعقب عليها بقوله:

((إن ابن المقفع من أبصر الناس باستحالة المعارضة، لا لشيء من الأشياء إلا لأنه من أبلغ الناس وإذا قيل لك: ان فلانا يزعم امكان المعارضة ويحتج لذلك وينازع فيه، فاعلم ان فلانا في الصناعة احد رجلين اثنين: اما جاهل يصدق في نفسه، واما عالم يكذب على الناس، ولن يكون ثالث ثلاثة))[1] فالرافعي ينكر صحة هذه الرواية عن (ابن المقفع) كما ينكرها على (المعرى) فكلاهما في نظره باطل وافتراء عليهما).

و- وتحدثنا الأيام القريبة أن زعماء (البهائية والقاديانية) وضعوا كتباً يزعمون أنهم يعارضون بها القرآن ثم خافوا أو خجلوا أن يظهروها امام الناس، فأخفوها على أمل أن يأتي الوقت المناسب فيخرجوها بعد أن يكثر الجهل

بچے کو یہ قول الٰہی پڑھتے سنا۔"وقيل يا ارض ابلعي ماءك ويا سماء اقلعي وغيض الماء وقضى الامر واستوت على الجودى وقيل بعدا للقوم الظالمين" (سورۃ ہود:۴۴) تو اس نے جو کچھ جمع کیا تھا اسے پھاڑ دیا اور اس نے اسے لوگوں کے سامنے ظاہر کرنے سے شرم محسوس کی اور اس کے بعد اس نے اپنا مشہور قول کہا قسم بخدا بشر اس کے مثل کلام کی طاقت نہیں رکھتا اور یہ واقعہ بحوالہ ابن المقفع الرافعی نے بھی بیان کیا ہے اور اس واقعہ کے بعد یوں کلام کیا ہے:

بلا شبہ ابن المقفع معارضہ کے استحالہ میں سب لوگوں سے بڑھ کر بصیرت رکھتا تھا اشیاء میں سے کسی چیز کیلئے نہیں۔ ہاں اس لئے کہ وہ لوگوں سے زیادہ بلیغ تھا اور جب تجھے کہا جائے کہ فلاں شخص معارضہ کے امکان کا گمان رکھتا ہے اور اس کے لئے حجت بازی کرتا ہے اور اس کے متعلق جھگڑا کرتا ہے تو سمجھ لے کہ فلاں شخص دو آدمیوں میں سے ایک ہے یا وہ جاہل ہے اور اپنے دل میں سچا ہے اور یا عالم ہے جو لوگوں پر جھوٹ باندھتا ہے اور وہ تیسرا نہیں ہے۔پس الرافعی ابن المقفع سے اس روایت کی صحت کا منکر ہے ایسے ہی وہ المعری پر بھی اس کا عیب لگاتا ہے اور اس کی نظر میں دونوں روایتیں باطل اور ان پر افتراء ہیں۔

و۔ ہم نے قریب زمانے میں بیان کیا ہے کہ بہائیت اور قادیانیت کے لیڈروں نے کچھ کتابیں بنائی ہیں ان کا خیال ہے کہ وہ ان کے ذریعہ قرآن کا معارضہ کریں گے پھر وہ انہیں لوگوں کے سامنے ظاہر کرنے سے ڈرے اور شرمندہ ہوئے اور انہوں نے اس امید پر انہیں چھپا دیا کہ مناسب

(١) أنظر اعجاز القرآن للرافعي

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ويطيش العقل.

وقت آنے پر جہل کے زیادہ ہو جانے اور عقل کے کمزور ہو جانے کے بعد انہیں نکالیں گے۔

شبهات حول اعجاز القرآن والرد عليها:

الشبهة الأولى: يقول أعداء الاسلام فى معرض الطعن فى القرآن، وفى نبى القرآن: ان محمداً ﷺ قد تلقى هذا القرآن من (بحيرا الراهب) ونسبه إلى الله عزوجل ليوهم البشر قدسيته. والجواب: أن هذه فرية ما فيها مرية، وهؤلاء الخبثاء من الصليبيين واعوانهم من الملاحدة، إنما يروجون مثل هذه الأباطيل ليشوشوا على المثقفين من ابناء المسلمين دينهم ويفسدون عليهم عقائدهم بأمثال هذه الشبهات والافتراء ات، وهذه الشبهة باطلة لعدة أمور:

أولا: ان الرسول لم يثبت عنه أنه سافر الى الشام إلا مرتين: مرة فى صغره مع عمه (أبى طالب) ومرة فى شبابه مع (ميسرة) غلام السيدة خديجة، ولم يحدثنا التاريخ انه سمع من (بحيرا) أو تلقى عنه درساً واحداً، وانما غاية الأمر أن (بحيرا الراهب) رأى سحابة تظلل الرسول، فحدث عمه بأن هذا الغلام سيكون له شأن، ثم طلب منه ان يعيده الى مكة خوفاً عليه من اليهود، ثم هل يعقل والرسول فى سن الصغر أن يتلقى هذه العلوم والمعارف؟ أو يأتى بمثل هذه القرآن المعجز وهو لم يتجاوز بعد سن العاشرة؟ وفى المرة الثانية كان غرضه التجارة ولم يثبت أنه ألتقى بأح من الرهبان فى هذه

اعجاز قرآن کے متعلق شبہات اور ان کا رد: پہلا شبہ:

دشمنانِ اسلام قرآن اور قرآن کے نبی پر اعتراض کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ محمد نے یہ قرآن بحیرا راہب سے سیکھا اور اسے اللہ کی طرف منسوب کر دیا تا کہ انسانوں کو اس کی پاکیزگی کا وہم ڈال دے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک جھوٹ ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے اور یہ صلیبیوں کے خبیث اور ملحدین میں سے ان کے مددگار اس قسم کی اباطیل کو رواج دیتے ہیں تا کہ مسلمانوں کے تعلیم یافتہ بچوں کو پریشان کریں اور اس قسم کے شبہات اور افتراءات سے ان کے عقائد کو خراب کر دیں' یہ شبہ کئی باتوں کی وجہ سے باطل ہے۔

اول: رسول اللہ ﷺ کے متعلق صرف دو دفعہ شام کی طرف سفر کرنا ثابت ہے ایک دفعہ چھوٹی عمر میں اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ اور دوسری مرتبہ جوانی میں میسرہ کے ساتھ جو سیدہ خدیجہ کا غلام تھا اور تاریخ نے ہمیں نہیں بتایا کہ آپ نے بحیرا سے سماع کیا ہو یا اس سے ایک سبق ہی لیا ہو' زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ بحیرا نے ایک بادل کو رسول کریم ﷺ پر سایہ کرتے دیکھا اور اس نے آپ کے چچا کو بتایا کہ عنقریب اس بچے کی ایک شان ہوگی پھر اس نے ابوطالب سے خواہش کی کہ وہ اسے واپس لے جائیں اسے آپ کے بارے میں یہود کا خوف تھا پھر کیا یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صغرسنی میں یہ علوم معارف حاصل کیے ہوں؟ یا وہ اس قسم کا معجز قرآن لائیں حالانکہ اس وقت آپ کی عمر دس سال سے زیادہ نہ تھی؟ اور دوسری دفعہ آپ کا مقصد تجارت کرنا تھا اور یہ ثابت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السفرة، فمن أين لهم هذه البهتان والافتراء؟!.

نہیں کہ آپ اس سفر میں کسی راہب سے ملے ہوں اس سے یہ بہتان وافتراء انہیں نہ جانے کہاں سے سوجھا ہے۔

ثانياً: من المستحيل عقلاً على أي انسان ان يصبح في هذه المرتبة (استاذ العالم) لمجرد مصادفته لراهب من الرهبان مرتين مع أنه كان في الأولى صغيراً وفي الثانية تاجراً، وأن يأتي بهذا الكتاب المعجز وهو امي لمجرد التقائه بأحد الرهبان مرة أو مرتين.

دوم: عقلاً یہ بات محال ہے کہ آپ دو مرتبہ ایک راہب سے ملنے سے پورے عالم کے استاد بن جائیں جب کہ آپ پہلی مرتبہ چھوٹے تھے اور دوسری مرتبہ تاجر تھے اور یہ کہ آپ یہ معجز کتاب لائیں صرف ایک راہب سے ایک یا دو بار ملنے سے حالانکہ آپ امی تھے۔

ثالثاً: لو كان هذا الراهب المسمى (بحيرا) هو مصدر هذا القرآن، لكان هو الأحرى بالنبوءة والرسالة، أو لكانت عبقريته تفوق عباقرة الدنيا، لأنه أتى بكلام أعجز فيه الأولين والآخرين.

سوم: اگر بحیرا راہب قرآن کا سرچشمہ ہوتا تو وہ نبوت و رسالت کے زیادہ لائق تھا یا اس کی عبقریت و دانش دنیا کے تمام دانشوروں سے بالا ہوتی اس لئے کہ وہ ایسا کلام لایا ہے جس کے بارے میں اولین وآخرین عاجز آ گئے ہیں۔

رابعاً: نقول إن المشركين من كفار قريش كانوا اعقل واسلم تفكيراً من هؤ لاء المجانين لأنهم. مع شدة حرصهم على تكذيب الرسول وتبهيته. لم يقبلوا على انفسهم مثل هذا الكتاب الرخيص، ولم يفكروا أن يقولوا إنه تعلم من (بحيرا الراهب) لمجرد الالتقاء به مرتين لأن العقل لا يستسيغ ذلك.

چہارم: ہم کہتے ہیں کہ کفار قریش میں سے مشرکین ان مجنونوں سے زیادہ دانشمند اور زیادہ صحیح سوچ والے تھے۔ حالانکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرنے اور آپ پر بہتان لگانے کے بڑے شوقین تھے۔ انہوں نے اس سستے جھوٹ کی طرف توجہ نہیں دی اور نہ ہی یہ سوچا ہے کہ آپ نے بحیرا راہب سے صرف دو بار ملنے سے اس سے سیکھ لیا ہے اس لئے کہ عقل اس کو جائز قرار نہیں دیتی۔

الشبهة الثانية: يقولون هذا القرآن من تعليم (جبر الرومي) تعلم منه الرسول في مكة.. الخ. والجواب أن هذه الشبهة قد تولى الله عزوجل الرد عليها بأبلغ حجة وأنصع بيان فقال عز من قائل: ﴿ **ولقد نعلم انهم يقولون إنما يعلمه بشر، لسان يلحدون إليه اعجمي، وهذا لسان عربي مبين**﴾ (سورة النحل:١٠٣). فهذا الرجل

دوسرا شبہ: وہ کہتے ہیں یہ قرآن جبر رومی کی تعلیم سے ہے رسول اللہ ﷺ نے مکہ میں اس سے علم حاصل کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اس اللہ تعالیٰ نے خوبصورت اور موثر رنگ میں اس شبہ کے رد کی ذمہ داری لی ہے۔ فرماتا ہے: "**ولقد نعلم انهم يقولون انما يعلمه بشر لسان الذى يلحدون اليه اعجمى وهذا لسان عربى مبين**" (سورۃ النحل:۱۰۳) یہ شخص جس کی طرف وہ محمد ﷺ کی تعلیم کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الذين ينسبون إليه تعليم محمد ﷺ هو رومي أعجمي لا يعرف اللسان العربي فكيف يعلمه القرآن؟ وقد كان (جبر) هذا حداداً يمتهن الحدادة، وقد أسلم، فكان النبي ﷺ كثيراً ما يمر عليه فيجلس عنده، فقال المشركون: واﷲ ما يعلم محمداً هذا القرآن إلا جبر الرومي، وكان سيده يضربه ويقول له: أنت تعلم محمداً، فيقول: لا والله، بل هو يعلمني ويهديني.. ومن الغريب أن هذه التهمة قد لاقت استحساناً عند بعض الأفراد مع أنها في منتهى الغرابة والهزل، اذ كيف يكون الاستاذ عبداً حداداً أعجمياً، لا يفقه شيئاً من اللغة العربية ثم يعلم الرسول لغة الضاد!! وهل من المعقول أن يكون هذا الرومي الأعجمي مصدراً لهذا القرآن الذي هو أبلغ نصوص العربية، بل هو معجزة المعجزات ومفخرة العرب واللغة العربية!! ولهذا كان رد القرآن مفحماً وقاطعاً ﴿ **لسان الذين يلحدون اليه اعجمي، وهذا لسان عربي مبين** ﴾.

منسوب کرتے ہیں وہ رومی عجمی ہے وہ عربی زبان کو نہیں جانتا پس وہ آپ کو کیسے قرآن سکھا سکتا ہے؟ اور یہ جبر لوہار تھا لوہے کا کام کرتا تھا اس نے اسلام قبول کیا اور حضرت نبی کریم ﷺ بکثرت اس کے پاس سے گزرتے تو اس کے پاس بیٹھ جاتے مشرکین نے کہا: محمد ﷺ کو جبر رومی قرآن سکھاتا ہے اور اس کا آقا اسے مارتا تھا اور اسے کہتا تھا تو محمد ﷺ کو سکھاتا ہے وہ کہتا قسم بخدا نہیں بلکہ وہ مجھے سکھاتے اور ہدایت دیتے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ بعض افراد کے ہاں اس تہمت کی بڑی پذیرائی ہوئی ہے حالانکہ یہ ہزل اور غرابت کے منتھیٰ میں ہے ایک عجمی لوہار غلام کیسے استاد ہو سکتا ہے جو زبان عربی کو بالکل بھی نہیں سمجھتا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضاد کی لغت سکھاتا کیا یہ کوئی معقول بات ہے کہ یہ رومی عجمی اس قرآن کا سرچشمہ ہو جو ابلغ نصوص عربیہ کا حامل ہے بلکہ وہ معجزۃ المعجزات ہے اور عربوں اور لغت عربیہ کیلئے فخر کا باعث ہے اس لئے قرآن نے منہ بند کرنے والا اور قاطع رد کیا ہے "**لسان الذی یلحدون الیه أعجمی وھذا لسان عربی مبین**"

الشبهة الثالثة: إن محمداً عبقرية فذة، وهذه العبقرية الخارقة، لماذا لا يمكن أن تكون هي منبع هذه الأخبار، وأن يكون هذا القرآن من تأليف محمد وترتيبه لأنه ذو شخصية رائعة؟!.

تیسرا شبہ: بلاشبہ محمد ﷺ یکتا عبقریت رکھتے ہیں اور یہ خارق عادت عبقریت ہے یہ کیوں ممکن نہیں کہ یہی ان اخبار کا منبع ہو اور یہ قرآن محمد ﷺ کی تالیف و ترتیب سے ہو اس لئے کہ آپ خوبصورت شخصیت کے مالک تھے۔

والجواب: إن هذا الكلام إنما يصدر عن جاهل لا يعرف شيئاً عن حياة النبي ﷺ ولا عن تاريخ عشيرته وقومه، فالرسول ﷺ عاش أربعين سنة بين قومه وهو يشار إليه بالبنان، في صدقه

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کلام کوئی جاہل ہی کر سکتا ہے جو نبی ﷺ کی حیات اور آپ کے خاندان اور آپ کی قوم کی تاریخ سے واقف نہ ہو رسول اللہ ﷺ اپنی قوم کے درمیان چالیس سال رہے اور آپ کے صدق و امانت اور شرافت و

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأمانته ونبله وفضله، حتى كان المشركون يلقبونه ب (الصادق الأمين) فهل يعقل بعد هذه الحياة الشريفه الطاهرة، أن يأتي بأعظم بهتان فيزعم أن هذا القرآن من عند الله، وانه رسول الله؟ ! وبداية الانسان تدل على نهايته فكيف يتفق هذا مع تاريخ الرسول الشريف الطاهر، وحياته الفاضلة العطرة، وحين سأل (هرقل) ملك الروم أبا سفيان عن رسول الله. هل كنتم تتهمونه بالكذب قبل أن يقول ما قال؟ أجابه أبو سفيان بقوله: لا بل هو عندنا الصادق الأمين، فقال له هرقل: لم يكن ليدع الكذب على الناس ويكذب على الله. ومن ناحية ثانية فقد ثبت في التاريخ ثبوتاً قاطعاً أن محمداً ﷺ كان أمياً لا يعرف القراء ة والكتابة، وقد اكد هذا القرآن بقوله عز من قائل ﴿ **وما كنت تتلو من قبله من كتاب ولا تخطه بيمينك اذا لارتاب المبطلون**﴾(سورة العنكبوت:٤٨) فمن اين لرسول الله معرفة أخبار الأولين من الأنبياء والمرسلين؟ ومن أين له معرفة دقائق التاريخ وأحوال الأمم الغابرة وأنباء من سبق من البشر على وجه الدقة والتفصيل، وهو بعد لم يقرأ كتاباً، ولم يدرس علماً، ولم يتلق هذا الأنباء عن أحد من علماء أهل الكتاب؟!.

ثم مهما كانت عبقرية الانسان فذة، ونبوغه عظيماً، وذكاؤه وافراً فمن أين له معرفة أمور الغيب، وأحوال المستقبل، وهل يمكن

نجابت اور فضل کی طرف انگلیوں سے اشارے کئے جاتے تھے حتی کہ مشرکین آپ کو صادق وامین کا لقب دیتے تھے کیا اس شریفانہ اور پاکبازانہ زندگی کے بعد سمجھا جا سکتا ہے کہ آپ بڑا بہتان لگائیں اور خیال کریں کہ یہ قرآن اللہ کی جانب سے ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں؟ اور انسان کا آغاز اس کے انجام پر دلالت کرتا ہے پس یہ بات شریف طاہر رسول کی تاریخ کے ساتھ کیسے میل کھا سکتی ہے اور آپ کی زندگی خوشبودار ہے اور جب شاہ روم ہرقل نے ابوسفیان سے رسول اللہ ﷺ کے متعلق پوچھا کیا تم اس بات کے کہنے سے قبل جو وہ کہتا ہے اس پر جھوٹ کا الزام لگاتے ہو؟ ابوسفیان نے جواب دیا نہیں بلکہ وہ ہمارے ہاں صادق وامین ہے ہرقل نے اسے کہا جو بندوں پر جھوٹ نہیں باندھتا وہ اللہ پر جھوٹ کیسے باندھ سکتا ہے؟ اور دوسری جہت سے تاریخ میں قطعی ثبوت سے ثابت ہو چکا ہے کہ محمد ﷺ امی تھے، قرأت و کتابت کو نہیں جانتے تھے قرآن نے اس قول کو تاکیداً بیان کیا ہے: ''وما كنت تتلو من قبله من كتاب ولا تخطه بيمينك اذا لا رتاب المبطلون''(سورۃ العنکبوت:۴۸) پس رسول اللہ ﷺ کو اولین انبیاء ومرسلین کی خبروں کی معرفت کیسے ہوئی؟ اور دقائق تاریخ اور گزشتہ قوموں کے احوال اور پہلے لوگوں کی خبروں کی دقت وتفصیل کے ساتھ معرفت کہاں سے حاصل ہوئی حالانکہ ابھی تک آپ نے نہ کوئی کتاب پڑھی تھی اور نہ علم پڑھا تھا اور نہ ہی یہ خبریں آپ نے اہل کتاب سے کسی عالم سے حاصل کی تھیں۔

پھر انسان کی عبقریت خواہ کس قدر یگانہ اور اس کی فوقیت عظیم اور اس کی ذہانت وافر ہو اسے غیب کے امور اور مستقبل کے احوال کی معرفت کہاں سے ہو سکتی ہے اور کیا بشر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لبشر مهما سما أن يخبر عن الغيب بحيث لا يشذ عن أخباره واحدة من هذه المغيبات إلا أن يكون رسولاً صادقاً يوحى إليه من عند الله؟ إن العقل ليجزم بأن هذا ليس فی طوق البشر' ومهما بلغت العبقرية من النبوغ والذكاء' ومهما كانت الشخصية قوية ومثالية' فلن تستطيع أن تخرق استار الغيب او تخبر بما ليس فی مقدورها وصدق الله ﴿ **كذلك نقص عليك من أنباء ما قد سبق وقد آتيناك من لدنا ذكراً..** ﴾(سورة طه:۹۹)

کیلئے ممکن ہے خواہ وہ کس قدر بلند ہو کہ وہ یوں غیب کی خبر دے کہ اس کی ان غیبی خبروں میں سے ایک خبر بھی جدا نہ ہو سوائے اس کے کہ وہ رسول صادق ہو اس کی طرف خدا کی جانب سے وحی ہوتی ہو۔ عقل اس بات کا قطعی فیصلہ دیتی ہے کہ یہ بشر کی طاقت نہیں خواہ عبقریت' فوقیت اور ذہانت کہاں بھی پہنچ جائیں اور شخصیت خواہ کس قدر قوی اور مثالی ہو وہ غیب کے پردوں کو پھاڑنے کی طاقت نہیں رکھتی یا اس چیز کی خبر دے جو اس کے بس میں نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے: "**كذلك نقص عليك من أنباء ما قد سبق و قد اتيناك من لدنا ذكرا**" (سورۃ طٰہٰ:۹۹)

الشبهة الرابعة: يقولون: ان عجز البشر عن الاتيان بمثل هذا القرآن لا يدل على انه كلام الله وما هذا الا كمثل عجزهم عن الاتيان بمثل (الكلام النبوی) فهل يكون كلام الرسول من عند الله؟ أو يقال إنه كلام الله؟.

چوتھا شبہ: وہ کہتے ہیں اگر بشر اس قرآن کی مثل لانے سے عاجز ہے تو یہ بات اس کے کلام اللہ ہونے پر دلالت نہیں کرتی اور یہ ان کے کلام نبوی کی مثل لانے سے عجز کی طرح ہے تو کیا کلام رسول بھی من عند اللہ ہوگا؟ یا اسے کلام اللہ کہا جائے گا؟

والجواب: أن الحديث النبوی ان عجز عامة الناس عن الاتيان بمثله فلن يعجز احد الخاصة عن الاتيان بمثل بعضه' ولو بمقدار حديث واحد أو سطر واحد من كلامه' وكلام الرسول ﷺ وان كان فی الذروة العليا من الفصاحة والبلاغة إلا أنه لا يخرج عن كونه كلام بشر' وقد يشتبه كلام البشر بعضهم مع بعض' حتى لنجد تشابهاً بين كلام النبوة وكلام بعض الخواص من الصحابة ونسمع الحديث فيشتبه علينا أمره أهو مرفوع ينتهی الى النبی ﷺ؟ ام هو موقوف عند الصحابی أی من

اس کا جواب یہ ہے کہ اگر عامۃ الناس اس کی مثل لانے سے عاجز آ گئے ہیں تو خواص میں سے کوئی اس کے بعض کی مثل لانے سے ہرگز عاجز نہ ہوگا خواہ وہ ایک حدیث کی مقدار ہو یا آپ کے کلام سے ایک سطر ہو اور رسول اللہ ﷺ کا کلام اگرچہ فصاحت و بلاغت کی بلند چوٹی پر ہے مگر وہ کلام بشر ہونے سے باہر نہیں ہے اور بشر کا کلام ایک دوسرے سے مل جل جاتا ہے حتیٰ کہ ہم کلام نبوت اور بعض خاص صحابہ کے کلام میں تشابہ پاتے ہیں ہم حدیث کو سنتے ہیں تو ہم پر اس کا معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے کہ کیا وہ مرفوع ہے حضرت نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہے یا وہ صحابی کے کلام تک موقوف ہے یا تابعی تک ختم ہو جاتی ہے؟ اور ہم تمیز کرنے کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كلامه؟ ام مقطوع عند التابعي؟ ولا نستطيع أن نميز حتى يرشدنا السند الى عين قائله. ومن أوتى حاسة بيانية يدرك هذا الشبه كثيراً وقد يلتبس علينا الأمر حين نسمع كلاماً رائعاً بليغاً لأحد الفصحاء فنظنه من كلامه الرسول ﷺ فاذا قد يكون هناك بعض الشبه بين كلام افصح من نطق بالضاد وبين كلام بعض النبغاء واستمع مثلاً الى هذه الجملة الرائعة (المعدة بيت الداء' والحمية رأس كل دواء' وعودوا كل جسم ما اعتاد) فإن الانسان اذا سمع هذه لم يستبعد أن تكون حديثاً لجمالها وصحتها وأسلوبها الأخاذ' وربما جزم بأنها حديث شريف مع أنها ليست بحديث إنما هى من كلام طبيب العرب المشهور (ابن كلدة) وأما القرآن فذاك له شأن آخر لا يلتبس مع غيره من الكلام' ولن تستطيع أن تجد له شبيهاً أو نداً' لأن الذى صنعه على عينه لن تستطيع أن تجد له شبيهاً أو نداً' فكيف يقاس القرآن الكريم بالحديث الشريف فى هذا المقام؟.

ثانياً: ومن ناحية ثانية لو كان هذا القرآن من تأليف محمد ﷺ لكان ينبغى أن يكون الأسلوب فى (القرآن والسنة) واحداً ضرورة أنهما صادران عن شخص واحد' استعداده واحد' ومزاجه واحد' مع اننا نجد الفرق بينهما واضحاً' والبون شاسعاً' فأسلوب القرآن ضرب وحده تظهر عليه سمات الألوهية والربوبية التي

طاقت نہیں رکھتے حتی کہ سند اس کے قائل تک ہماری راہنمائی کرے اور جسے حاسہ بیانیہ دیا گیا ہے وہ اس بشارت کو کافی پائے گا اور جب ہم کسی فصیح کا خوبصورت بلیغ کلام سنتے ہیں تو ہم پر معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے ہم اسے رسول اللہ ﷺ کا کلام خیال کرتے ہیں پس اس سورت میں ضاء بولنے والوں کے افصح کلام اور بعض نبغاء کے کلام کے درمیان بھی کچھ مماثلت ہو جاتی ہے اس خوبصورت جملہ کی طرف کان لگائیے۔ (المعدة بيت الداء والحمية راس كل دواء وعودوا كل جسم ما اعتاد) (معدہ بیماری کا گھر ہے اور پرہیز ہر دوا کی چوٹی ہے اور ہر جسم کو جس بات کا وہ عادی ہے عطا کرو۔) انسان جب ان جملوں کو سنتا ہے تو مستبعد نہیں کہ یہ اپنے جمال' صحت اور گرفت کرنے والے اسلوب کے باعث' حدیث ہو اور بسا اوقات قطعیت سے کہا جاتا ہے کہ یہ جملے حدیث ہیں حالانکہ یہ حدیث نہیں ہیں یہ عرب کے مشہور طبیب ابن کلدہ کا کلام ہے اور قرآن کی ایک اور شان ہے وہ دوسرے کے کلام سے ملتبس نہیں ہوتا اور تو ہرگز اس کا شبہ اور مد مقابل نہ پائے گا اس لئے کہ جس نے اسے عین کلام بنایا ہے اپنے عین پر بنایا ہے تو ہرگز اس کا شبہ اور ہمسر نہ پائے گا سو اس مقام پر قرآن کریم کو حدیث شریف کے ساتھ کیسے قیاس کیا جائے گا۔

دوم: دوسری جہت سے اگر یہ قرآن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تالیف ہوتا تو چاہئے تھا کہ ضرورۃ قرآن وسنت کا اسلوب ایک ہوتا کہ وہ دونوں ایک شخص سے صادر ہوئے ہیں اس کی استعداد بھی ایک ہے اور اس کا مزاج بھی ایک ہے اس کے باوجود ہم دونوں کے درمیان بڑا واضح فرق پاتے ہیں پس قرآن کا اسلوب ایک قسم کا ہے جس پر الوہیت اور ربوبیت کی علامات نمایاں ہیں جو مماثلت و

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تجل عن المشابهة والمماثلة' واسلوب الحديث الشريف ضرب آخر' لا يحل عن المشابهة والمماثلة' بل هو محلق في جو البيان بقدر الأساليب البشرية الرفيعة' ولا يستطيع بحال أن يصعد الى سماء اعجاز القرآن' وهذا يدركه كل انسان اذا ما قارن بين الأسلوبين بأبسط نظرة وصدق الله حيث يقول: ﴿ ولو ان ما في الأرض من شجرة اقلام والبحر يمده من بعده سبعة ابحر ما نفدت كلمات الله ان الله عزيز حكيم﴾(سورة لقمان:٢٧). وصدق الله ﴿ قل لئن اجتمعت الانس والجن على ان ياتوا بمثل هذا القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا﴾(سورة الاسراء:٨٨).

مشابہت سے بہت بری ہیں اور حدیث شریف کا اسلوب دوسری قسم کا ہے وہ مشابہت ومماثلت سے بری نہیں بلکہ وہ بیان کی فضاء میں بشریت کے اسالیب رفیعہ کے ساتھ چکر لگا رہا ہے اور کسی حال میں اس بات کی طاقت نہیں رکھتا کہ وہ اعجاز قرآن کے آسمان تک چڑھ جائے اور جب ہر انسان وسیع نظر کے ساتھ دونوں اسلوبوں کا موازنہ کرے گا تو وہ اسے معلوم ہو جائے گا۔ اللہ فرماتا ہے:"ولو انا ما فی الارض من شجرة اقلام والبحر يمده من بعده سبعة ابحر ما نفدت كلمات الله ان الله عزيز حكيم"(سورۃ لقمان:۲۷)

پھر فرماتا ہے:"قل لئن اجتمعت الانس والجن على ان ياتوا بمثل هذ القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم بعض ظهيرا"(سورۃ الاسراء:۸۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القسم الثانی

التفسير بالدراية (الرأي)

بعد أن تحدثنا عن التفسير بالرواية، ننتقل الآن الى الحديث عن التفسير بالدراية، وهذا النوع يسمى عند علماء التفسير (التفسير بالرأی) أو التفسير بالمعقول، لأن المفسر لكتاب الله تعالىٰ يعتمد فيه على اجتهاده، لا على المأثور المنقول عن الصحابة أو التابعين، بل يكون فيه الاعتماد على اللغة العربية، وفهم أسلوبها على طريقة العرب، ومعرفة طريقة التخاطب عندهم، وإدراك العلوم الضرورية، التی ينبغی أن يكون ملماً بها كل من أراد تفسير القرآن، كالنحو والصرف وعلوم البلاغة، وأصول الفقه، ومعرفة أسباب النزول، إلى غير ما هنالك من العلوم التی يحتاج إليها المفسر، كما سنبينه فيما بعد إن شاء الله تعالىٰ.

معنى التفسير بالرأی:

المراد بالرأی هنا (الاجتهاد) المبنی على أصول صحيحة، وقواعد سليمة متبعة، يجب أن يأخذ بها من أراد الخوض فی تفسير الكتاب، أو التصدی لبيان معانيه، وليس المراد به مجرد (الرأي) أو مجرد (الهوى) أو تفسير القرآن بحسب ما يخطر للانسان من خواطر، أو بحسب ما يشاء. فقد قال القرطبی: من قال فی القرآن بما سنح فی وهمه، أو خطر على باله،

دوسری قسم

تفسیر بالرائے

تفسیر بالروایت کے متعلق گفتگو کرنے کے بعد ہم اب تفسیر بالرائے کی طرف منتقل ہوتے ہیں علماء تفسیر کے ہاں اس نوع کا نام تفسیر بالرائے یا تفسیر بالمعقول ہے اس لئے کہ اسمیں کتاب اللہ کا مفسر اپنے اجتہاد پر اعتماد کرتا ہے۔ صحابہ تابعین سے منقول ماثور پر اعتماد نہیں کرتا بلکہ اس میں اس کا اعتماد پر لغت اور عربوں کے طریق پر ان کے اسلوب کے فہم اور ان کے طریق تخاطب کی معرفت پر اور ان علوم ضروریہ کے ادراک پر ہوتا ہے جن کا تفسیر قرآن کرنے والے کو جاننا ضروری ہے جیسے نحو، صرف، علوم بلاغت، اصول فقہ، اسباب نزول کی معرفت وغیرہ علوم جن کا مفسر محتاج ہوتا ہے جیسا کہ ہم ابھی بیان کرینگے۔ انشاء اللہ

تفسیر بالرائے کا مفہوم:

یہاں رائے سے مراد وہ اجتہاد ہے جو صحیح اصول اور مسلمہ قواعد سلیمہ پر مبنی ہو تفسیر کتاب میں مشغولیت کرنے والے اور اس کے معانی کے بیان کے درپے ہونے والے کیلئے واجب ہے کہ وہ ان کو لازم پکڑے اس سے مراد مجرد رائے یا مجرد خواہش نہیں اور نہ ہی وہ تفسیر قرآن مراد ہے جو انسان کے خیالات کے مطابق ہو یا جو وہ پسند کرے اور اس کے نفس اس کے مطابق ہو قرطبی نے بیان کیا ہے کہ جس نے اصول سے استدلال کئے بغیر قرآن کے بارے میں وہ بات

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من غير استدلال عليه بالأصول، فهو مخطىء مذموم، وعليه يحمل الحديث الشريف ((من كذب على متعمداً فليتبوأ مقعده من النار، ومن قال في القرآن برأيه فليتبوأ مقعده من النار))[1].

وقد قال ﷺ: ((من قال في القرآن برأيه فأصاب فقد أخطأ))[2].

قال القرطبي رحمه الله في مقدمة تفسيره (الجامع لأحكام القرآن) مانصه:

فسر حديث ابن عباس ((ومن قال في القرآن برأيه فليتبوأ مقعده من النار)) تفسيرين:

أحدهما: من قال في مشكل القرآن بما لا يعرف من مذهب الصحابة والتابعين فهو متعرض لسخط الله.

ثانيهما: من قال في القرآن قولاً يعلم أن الحق غيره فليتبوأ مقعده من النار.

وقد رجح القرطبي القول الثاني فقال: وهو أثبت القولين، وأصحهما معنى. ثم قال: وأما حديث (جندب) فقد حمل بعض أهل العلم هذا الحديث على أن الرأى معنى به (الهوى) والمراد من قال في القرآن قولاً

کہی جو اس کے وہم میں آئی ہے یا اس کے دل میں گزری ہے تو وہ خطا کار اور مذموم ہے اور اسی پر یہ حدیث محمول کی جائے گی کہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا اس نے دوزخ میں اپنا ٹھکانہ بنایا ہے اور جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے سے بیان کیا اس نے دوزخ میں اپنا ٹھکانہ بنایا۔

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے بیان کی اور اس نے ٹھیک کہا اس نے بھی غلطی کی ہے۔

قرطبی نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں بیان کیا ہے جس کی عبارت یہ ہے کہ:

ابن عباس کی حدیث کہ: جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے بیان کی اس نے اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنایا ہے کی دو تفسیریں کی گئی ہیں۔

ایک یہ ہے کہ جس نے قرآن کے مشکل مقامات کے بارے میں صحابہ اور تابعین کا مذہب معلوم کئے بغیر کچھ کہا وہ اللہ کی ناراضگی کو مول لے گا۔

دوسری یہ کہ جس نے قرآن کے بارے میں کوئی بات کہی یہ جانتے ہوئے کہ اس کے قول کا غیر حق ہے تو اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔

قرطبی نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے اور کہا ہے کہ یہ دونوں میں سے اثبت قول ہے اور معناً دونوں سے زیادہ صحیح ہے پھر بیان کیا ہے کہ اب رہی جندبؓ کی حدیث تو بعض اہل علم کے اس حدیث کو اس بات پر محمول کیا ہے کہ رائے سے مراد ”خواہش“ ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جس نے اپنی خواہش

(۱) الحديث رواه الترمذى عن ابن عباس، ومعنى يتبوأ: أى ينزل ويحل.

(۲) الحديث من رواية أبى داود عن جندب.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يوافق هواه، لم يأخذه عن أئمة السلف فأصاب فقد أخطأ؛ لحكمه على القرآن بما لا يعرف أصله، ولا يقف على مذاهب أهل الأثر والنقل فيه.

کے موافق قرآن کے بارے میں کوئی بات کی اور اسے ائمہ سلف سے نہ سیکھا اور اس نے صحیح بات کی تب بھی اس نے غلطی کی ہے اس لئے کہ اس نے قرآن کے متعلق ایسا حکم لگایا جس کی اصل کو نہ جانتا تھا اور اہل اثر کے مذاہب اور ان سے منقول روایات سے واقف بھی نہ تھا۔

وقال ابن عطية: ومعنى هذا أن يسأل الرجل على معنى فى كتاب الله عزوجل، فيتسور عليه (أى يهجم عليه) برأيه دون نظر فيما قال العلماء واقتضته قوانين العلم كالنحو والأصول، وليس يدخل فى هذا الحديث، أن يفسر اللغويون لغته، والنحويون نحوه، والفقهاء معانيه وأحكامه، ويقول كل واحد باجتهاده المبنى على قوانين علم ونظر، فان القائل على هذه الصفة ليس قائلاً بمجرد رأيه[1].

ابن عطیہ نے بیان کیا ہے کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک آدمی سے کتاب اللہ کا معنیٰ پوچھا جائے اور وہ اس کو دیکھے بغیر جو کچھ علماء نے اس کے بارے میں کہا ہے اور قوانینِ علم جیسے نحو اور اصول اس سے جو تقاضا کرتے ہیں ان کو دیکھے بغیر اپنی رائے سے اس پر حملہ کر دے مگر اس حدیث میں یہ امر داخل نہ ہوگا کہ لغوی اپنی لغت کی تفسیر کریں اور نحوی، اپنی نحو کی اور فقہاء اس کے معانی واحکام کی، اور ہر ایک اپنے اجتہاد سے بات کرے جو قوانین علم ونظر پر مبنی ہو بلاشبہ اس طرح کا قائل مجرد اپنی رائے سے کہنے والا نہ ہوگا۔

انواع التفسير بالرأى:

تفسیر بالرائے کی انواع:

وعلى هذا يمكن تقسيم التفسير بالرأى إلى قسمين:

١ – تفسير محمود.

٢ – تفسير مذموم.

اس طریق پر تفسیر بالرائے کی تقسیم دو قسموں میں ممکن ہوگی۔

۱۔تفسیر محمود

۲۔تفسیر مذموم۔

فالتفسير المحمود: ما كان موافقاً لغرض الشارع، بعيداً عن الجهالة والضلالة، متمشياً مع قواعد اللغة العربية، معتمداً على أساليبها فى فهم النصوص القرآنية الكريمة، فمن فسر القرآن برأيه (أى باجتهاده) ملتزماً الوقوف عند هذه الشروط، معتمداً عليها فيما يرى من معانى الكتاب العزيز،

تفسیر محمود: وہ ہوگی جو شارع کی غرض کے موافق ہو، جہالت وضلالت سے دور ہو، لغت عربیہ کے قواعد کے ساتھ چلتی ہو اور قرآنی نصوص کے فہم میں اس کے اسالیب پر اعتماد کرتی ہو پس جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے (یعنی اپنے اجتہاد سے) ان شروط کی پابندی کرتے ہوئے کی اور کتاب عزیز کے معانی میں ان پر اعتماد کیا اس کی تفسیر جائز

(١) تفسير القرطبى: ج١ ص٣٢

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كان تفسيره جائزاً سائغاً جديراً بأن يسمى (التفسير المحمود) أو التفسير المشروع.

وأما التفسير المذموم: فهو أن يفسر القرآن بدون علم أو يفسره حسب الهوى مع الجهالة بقوانين اللغة أو الشريعة أو يحمل كلام الله على مذهبه الفاسد وبدعته الضالة أو يخوض فيما استأثر الله بعلمه ويجزم بأن المراد من كلام الله هو كذا و كذا فهذا النوع من التفسير هو (التفسير المذموم) أو التفسير الباطل. وباختصار: فإن التفسير المحمود ما كان صاحبه عارفاً بقوانين اللغة خبيراً بأساليبها بصيراً بقانون الشريعة.

والتفسير الباطل المذموم: ما كان منبعثاً عن الهوى قائماً على الجهالة والضلالة. مثاله: ما ورد عن بعض الجهلة من ادعياء العلم فى قوله تعالى ﴿ **يوم ندعو كل أناس بامامهم** ﴾(سورة الاسراء:٧١) أن المراد بها أن الله تعالىٰ ينادى الناس يوم القيامة بأسماء أمهاتهم ستراً عليهم فقد فسر هذا الجاهل (الامام) بالأمهات وظن أن الامام جمع ام مع أن اللغة العربية تأبى هذا لأن جمع الأم أمهات قال تعالى ﴿ **وأمهاتكم اللاتى أرضعنكم** ﴾(سورة النساء:٢٣) ولا يكون جمع الأم اماماً فإن ذلك فاسد لغة وشرعاً والمراد بالامام هنا (النبى) الذى اتبعته أمته أو كتاب الأعمال بدليل تتمة الآية: ﴿ **فمن أوتى كتابه بيمينه فأولئك يقرون كتابهم ولا يظلمون فتيلا** ﴾(سورة الاسراء:٧١).

ہوگی اور اس بات کے لائق ہوگی کہ اسے تفسیر محمود یا تفسیر مشروع کا نام دیا جائے۔

تفسیر مذموم: یہ کہ علم کے بغیر قرآن کی تفسیر کی جائے یا قوانین لغت اور شریعت سے جہالت کے ساتھ خواہش کے مطابق اس کی تفسیر کی جائے اور یقین سے کہے کہ کلام اللہ سے مراد فلاں فلاں بات ہے تفسیر کی یہ نوع تفسیر مذموم ہے یا تفسیر باطل ہے مختصرا یہ کہ تفسیر محمود وہ ہے جس کا مفسر قوانین لغت کا عارف اس کے اسالیب کا واقف اور قانون شریعت کا جاننے والا ہو۔

اور تفسیر مذموم و باطل وہ ہے جو خواہش سے ظاہر ہوا اور جہالت وضلالت پر قائم ہو اس کی مثال وہ ہے جو بعض جاہل مدعیان علم سے اللہ تعالیٰ کے قول میں آئی ہے: "یوم ندعو کل اناس بامامھم" (سورۃ الاسراء:۷۱) اس سے مراد یہ لینا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز لوگوں کو ان کی ماؤں کے نام سے ان پر پردہ ڈالنے کیلئے آواز دے گا اس جاہل نے امام کی تفسیر امہات سے کی ہے اور خیال کیا ہے کہ امام ام کی جمع ہے جبکہ لغت عربیہ اس کا انکار کرتی ہے اس لئے کہ ام کی جمع امہات ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "وامھاتکم اللاتی او ضعفکم" (سورۃ النساء:۲۳) ام کی جمع امام نہیں ہو سکتی یہ بات لغۃً اور شرعاً فاسد ہے یہاں امام سے مراد وہ نبی ہے جس کی امت نے اس کی اتباع کی ہے یا کتاب الاعمال مراد ہے اس کی دلیل آیت کا تتمہ ہے "فمن اوتی کتابه بیمینه فاولئک یقرؤن کتابھم ولا یظلمون فتیلا" (سورۃ الاسراء:۷۱)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فاذا لم يفهم الانسان قواعد اللغة' ولا أصول العربية' خبط خبط عشواء وكان عليل الرأى' سقيم الفهم' وكذلك من لم يفهم غرض الشرع' وقع فى الجهالة والضلالة' كمن يأخذ بظاهر الآية الكريمة وهى قوله تعالىٰ: ﴿ ومن كان فى هذه أعمى' فهو فى الآخرة أعمى وأضل سبيلاً﴾(سورة الاسراء:٧٢) فيحكم على كل أعمى بالشقاوة والخسران ودخول جهنم' مع أن المراد بالعمى ليس عمى البصر' وانما هو (عمى القلب) بدليل قوله تعالىٰ: ﴿فانها لا تعمى الأبصار' ولكن تعمى القلوب التى فى الصدور﴾(سورة الحج:٤٦) وربما كان عمى البصر سبباً لسعادة الانسان كما جاء فى الحديث القدسى: (من ابتليته بحبيبته (يعنى عينيه) فصبر عوضته الجنة).وسنذكر بعض النماذج عن التفسير الباطل المذموم عند الكلام على غرائب التفسير فارجع إليه هناك.

پس جب انسان نے نہ قواعد لغت اور نہ اصول عربیت کو سمیٹا ہو تو وہ ٹامک ٹوئیاں مارے گا اور وہ علیل الرائے اور سقیم الفہم شمار ہوگا ایسے ہی وہ شخص جو شرع کی غرض نہ سمجھتا ہو جہالت وضلالت میں پڑ جائے گا اس شخص کی طرح جو آیت کے ظاہر کو پکڑتا ہے اور وہ اللہ کا یہ قول ہے:"ومن کان فی ھذہ اعمیٰ فھو فی الآخرۃ اعمی واضل سبیلا"(سورۃ الاسراء:۷۲) پس وہ سب اندھوں پر شقاوت' خسران اور دخول جہنم کا حکم لگاتا ہے جب کہ اندھے پن سے مراد آنکھ کا اندھا پن نہیں ہے بلکہ دل کا اندھا ہونا ہے اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا قول ہے:"فانھا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور" (سورۃ الحج:۴۶) اور بسا اوقات آنکھوں کا اندھا پن انسان کی سعادت کا سبب بن جاتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے جسے میں اس کی دو محبوب چیزوں یعنی اس کی دونوں آنکھوں سے آزماؤں اور وہ صبر کرے تو میں اس کے بدلے میں اسے جنت دوں گا۔ ہم عنقریب تفسیر غریب پر کلام کرتے ہوئے تفسیر مذموم کے بعض نمونے بیان کرینگے۔

أمهات التفسير:

والأمور التى يتبغى استناد الرأى إليها فى التفسير' أمهاتها أربعة كما ذكرها (الزركشى) فى كتابه البرهان' ونقلها السيوطى عنه فى كتابه الاتقان ونحن نلخصها بايجاز:

امہات التفسیر:

تفسیر میں رائے کو جن امور پر بھروسہ کرنا چاہئے ان کی اصل چار امور ہیں جیسے کہ زرکشی نے اپنی کتاب برہان میں ان کا ذکر کیا ہے اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں انہیں ان سے روایت کیا ہے ہم اختصار کے ساتھ ان کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

الأول: النقل عن الرسول ﷺ مع التحرز عن الضعيف والموضوع.

اول: رسول اللہ ﷺ سے ضعیف اور موضوع سے بچتے ہوئے مروی ہو۔

الثاني: الأخذ بقول الصحابى فى التفسير'

دوم: تفسیر میں صحابی کے قول سے ماخوذ ہو بلاشبہ وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فانه في حكم المرفوع.

الثالث: الأخذ بمطلق اللغة، فان القرآن نزل بلسان عربي مبين، مع ترك ما لا تحتمله لغة العرب.

الرابع: الأخذ بما يوافق الكلام العربي، ويدل عليه قانون الشرع، وهذا هو الذي دعا به النبي عليه السلام لابن عباس في قوله: ((اللهم فقهه في الدين وعلمه التأويل))[(١)].

العلوم التي يحتاجها المفسر:

يحتاج المفسر لكتاب الله تعالىٰ، إلى انواع من العلوم والمعارف، يجب أن تتوفر فيه، حتى يكون أهلاً للتفسير، وإلا كان داخلاً في الوعيد السابق ((من قال في القرآن برأيه فليتبوأ مقعده من النار)). وقد ذكر العلماء أنواع العلوم التي يجب توفرها في المفسر، وأوصلها السيوطي في كتابه (الاتقان) إلى خمسة عشر علماً،[(٢)] ونحن نوجزها فيما يلي:

١ - معرفة اللغة العربية وقواعدها (علم النحو، والصرف، وعلم الاشتقاق).

٢- معرفة علوم البلاغة (علم المعاني، والبيان، والبديع).

مرفوع سے حکم میں ہے۔

سوم: مطلق لغت سے ماخوذ ہو بلاشبہ قرآن مبین عربی زبان میں نازل ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ اس نے وہ باتیں چھوڑ دی ہیں جسے لغت عرب برداشت نہیں کرتی۔

چہارم: اس چیز سے ماخوذ ہو جو کلام عربی کے موافق ہے اور قانون شرع اس پر دلالت کرتا ہے اور یہی وہ بات ہے جس کی دعا حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت ابن عباسؓ کو دی تھی کہ اے اللہ! اسے دین کی سمجھ دے اور اسے تاویل کا علم سکھا۔

وہ علوم جن کا مفسر محتاج ہوتا ہے:

کتاب اللہ کا مفسر علوم و معارف کی کئی انواع کا محتاج ہوتا ہے اس پر لازم ہے کہ وہ ان کا ماہر کامل ہو، تا کہ وہ تفسیر کا اہل ہو ورنہ وہ وعید سابق میں داخل ہوگا کہ جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے سے کچھ کہا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔ علماء نے ان علوم کی انواع کو بیان کیا ہے جن کا مفسرین کو ماہر ہونا ضروری ہے اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں انہیں پندرہ علوم تک پہنچایا ہے، ہم ذیل میں انہیں اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

ا۔ لغت عربیہ اور اس کے قواعد کی معرفت (نحو، صرف اور علم الاشتقاق)

۲۔ علوم بلاغت کی معرفت (علم المعانی، بیان اور بدیع)

---

(١) أنظر: الإتقان، ج٢ ص١٧٩.

(٢) عد السيوطي العلوم خمسة عشر وسردها على النحو التالي: أحدها: اللغة، الثاني: النحو، الثالث: التصريف، الرابع: الاشتقاق، الخامس: البيان، السادس: المعاني، السابع: البديع، الثامن: علم القراءات، التاسع: أصول الدين، العاشر: أصول الفقه، الحادي عشر: أسباب النزول، الثاني عشر: علم الناسخ والمنسوخ، الثالث عشر: علم الفقه، الرابع عشر: الأحاديث المبنية للمجمل والمبهم، الخامس عشر: علم الموهبة (الاتقان بايجاز).

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٣- معرفة أصول الفقه (من خاص، وعام، ومجمل، ومفصل.. الخ)

٤- معرفة أسباب النزول.

٥- معرفة الناسخ والمنسوخ.

٦- معرفة علم القراء ات.

٧- علم الموهبة.

أما الأول: وهو اللغة وما يتعلق بها من نحو وصرف واشتقاق، فإنه ضروری للمفسر، إذ كيف يمكن فهم الآية بدون معرفة المفردات والتراكيب وهل باستطاعة أحد أن يفسر قوله تعالى: ﴿**للذين يؤلون من نسائهم تربص أربعة أشهر، فإن فاء وا فإن الله غفور رحيم**﴾(سورة البقرة:٢٢٦) بدون أن يعرف المنى اللغوی للايلاء، والتربص.

قال الامام مالك: (لا أوتى برجل غير عالم بلغة العرب، يفسر كتاب الله، إلا جعلته نكالاً).

وقال مجاهد: ((لا يحل لأحد يؤمن بالله واليوم الآخر أن يتكلم فی كتاب الله، اذا لم يكن عالماً بلغات العرب)).

فاذا لم يتفق اللفظ مع المعنى اللغوی كان باطلاً كتفسير بعض الروافض قوله تعالىٰ: ﴿**مرج البحرين يلتقيان**﴾(سورة الرحمن:١٩) أنهما علی وفاطمة، وقوله ﴿ **يخرج منهما اللؤلؤ والمرجان**﴾(سورة الرحمن:٢٢) يعنی الحسن والحسين.

٣۔اصول فقہ کی معرفت(خاص، عام، مجمل، مفصل......الخ

۴۔ اسباب نزول کی معرفت

۵۔ ناسخ اور منسوخ کی معرفت

۶۔ علم القراءات کی معرفت

۷۔ علم الموھبۃ

اول:علم لغت اور اس سے متعلقہ علوم صرف، نحو اور اشتقاق ہیں یہ مفسر کیلئے ضروری ہیں، اس لیے کہ آیت کا مفہوم مفردات و تراکیب کے بغیر کیسے ممکن ہے کیا کسی کی استطاعت میں ہے کہ وہ قول الٰہی "للذین یؤلون من نسائھم تربص اربعة اشھر فان فاءوا فان اللہ غفور رحیم" (سورۃ البقرہ:۲۲۶) کی تفسیر ایلاء اور تربص کے لغوی معنے معلوم کئے بغیر کرے۔

امام مالکؒ نے فرمایا ہے: کہ عربوں کی لغت کو نہ جاننے والے مفسر کتاب اللہ کو صرف عبرت ناک سزا ملنی چاہیے۔

اور مجاہدؒ نے بیان کیا ہے کہ کسی بھی اللہ اور یوم آخر پر ایمان لانے والے کیلئے جائز نہیں کہ وہ کتاب اللہ کے بارے میں گفتگو کرے جب کہ وہ لغاتِ عرب کا عالم نہیں ہے۔

پس جب کوئی لفظ لغوی معنوں کے ساتھ اتفاق نہ کرے، تو وہ معنے باطل ہوں گے جیسے کہ بعض روافض نے قول الٰہی "مرج البحرین یلتقیان" (سورۃ الرحمٰن:۱۹) کی تفسیر کی ہے کہ وہ دو سمندر علیؓ اور فاطمہؓ ہیں اور قول الٰہی "یخرج منھما اللؤ لؤ والمرجان"(سورۃ الرحمٰن: ۲۲) سے مراد حسنؓ اور حسینؓ ہیں۔ یا جیسے قول الٰہی "اذھب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وكتفسير (فرعون) بالقلب في قوله تعالى: ﴿اذهب إلى فرعون انه طغى﴾(سورة طه:٢٤) ويريد به قلب الانسان القاسي' قال القرطبي: وهذا الجنس قد يستعمله بعض الوعاظ في المقاصد الصحيحة' تحسيناً للكلام' وترغيباً للمستمع' وهو ممنوع لأنه قياس في اللغة' وذلك غير جائز' وهو أحد وجهي المنع من التفسير بالرأي(١).

الٰی فرعون انه طغٰی"(سورۃ طٰہ:۲۴) فرعون کی تفسیر قلب سے کی گئی ہے اس سے وہ انسان کا سخت دل مراد لیتا ہے قرطبی نے بیان کیا ہے کہ اس جنس کو بعض واعظین مقاصد صحیحہ میں تحسین کلام کیلئے اور سننے والے کو ترغیب دینے کیلئے استعمال کرتے ہیں اور یہ ممنوع ہے اس لئے کہ یہ لغت میں قیاس ہے اور یہ جائز نہیں ہے اور یہ تفسیر بالرائے سے منع کرنے کی ایک وجہ ہے۔

وعلم النحو ضروري للمفسر' لأن المعنى يتغير بتغير الحركات تغيراً كبيراً' فقوله تعالى: ﴿إنما يخشى الله من عباده العلماء﴾ بنصب هاء الجلالة' ورفع همزة العلماء' والمعنى صحيح' لأن معنى الآية: الذين يخشون الله من عباده العلماء دون غيرهم' فمن ازداد علماً بالله' ازداد منه خوفاً' ولو عكس فضم هاء الجلالة' ونصب همزة العلماء لفسد المعنى.

اور علم نحو مفسر کیلئے ضروری ہے اس لئے کہ حرکات کے تغیر سے معنوں میں بڑا تغیر آ جاتا ہے اللہ کا قول ہے: "انما يخشى الله من عباده العلماء"(سورۃ فاطر:۲۸) ھاء جلالت کے نصب اور لفظ علماء کے ہمزہ کے رفع کے ساتھ اور یہ معنے صحیح ہیں اس لئے کہ آیت کے معنے میں کہ جو لوگ بندوں میں سے اللہ سے ڈرتے ہیں وہ علماء ہیں دوسرے نہیں 'پس جو اللہ کو زیادہ جاننے والا ہوگا اس سے زیادہ خوفزدہ ہوگا اور اگر اس کے برعکس ھاء جلالت کو ضمہ دیا جائے اور علماء کے ہمزہ کو نصب دی جائے تو معنے فاسد ہو جائیں گے۔

قصة لطيفة:

ذكر القرطبي في تفسيره هذه القصة في عدم اللحن في القرآن' قال: ((قدم أعرابي في زمان عمر بن الخطاب رضي الله عنه إلى المدينة المنورة فقال: من يقرئني مما انزل على محمدﷺ؟ قال: فأقرأه رجل سورة (براءة) فقرأ عليه الآية الكريمة ﴿ان الله بريئ من

لطیف واقعہ:

قرطبی نے اپنی تفسیر میں یہ واقعہ قرآن میں عدم لحن کے بارے میں بیان کیا ہے کہ حضرت عمر بن الخطابؓ کے زمانے میں ایک اعرابی مدینہ منورہ آیا اور کہنے لگا جو محمد ﷺ پر نازل کیا گیا ہے وہ مجھے کون پڑھائے گا؟ ایک آدمی نے اسے سورۃ براءت پڑھائی اس نے اسے آیت کریمہ "ان الله بريئ من المشركين ورسوله" سنائی (سورۃ التوبۃ:۳) یعنی رسولہ

(١) تفسير القرطبي' ج١ ص٣٣.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المشرکین ورسوله﴾(سورة التوبة:٣) بالجر أی بجر اللام فی (رسوله) بدل الضم فقال الأعرابی: أوقد بریء الله من رسوله؟ فان یکن الله بریئ من رسوله، فأنا أیضاً أبرأ من رسوله، فاستعظم الناس الأمر، وبلغ عمر مقالة الأعرابی، فدعاهُ فقال یا أعرابی؟ أتبرأ من رسول الله ﷺ؟

فقال یا أمیر المؤمنین: إنی قدمت المدنیة، ولا علم لی بالقرآن، فسألت من یقرئنی؟ فأقرأنی هذا الرجل سورة (براء ة) فقال: ﴿أن الله بریء من المشرکین ورسوله﴾ فقلت: أوقد بریء الله من رسوله، إن یکن الله بریئ من رسوله فأنا أبرأمنه، فقال عمر: ما هکذا الآیة یا أعرابی؟ قال: فکیف هی یا أمیر المؤمنین؟ قال: ﴿ان الله بری من المشرکین ورسوله﴾ فقال الأعرابی: وأنا والله أبرأ مما بری الله ورسوله منه، أبرأ من المشرکین.. فأمر عمر بن الخطاب رضی الله عنه الا یقری الناس إلا عالم بالغة، وأمر أبا الأسود فوضع النحو[1].

ومعرفة علم الصرف والاشتقاق ضروریة أیضاً للمفسر، حتی لا یخبط الانسان خبط عشواء، قال الزمخشری: من بدع التفاسیر قول من قال إن (الامام) فی قوله تعالیٰ: ﴿یوم ندعو کل أناس بامامهم﴾(سورة الاسراء:٧١) جمع ام، وان الناس یدعون یوم القیامة بأمهاتهم دون آبائهم، قال: وهذا غلط فاحش أوجبه جهل

میں لام کو پیش کی بجائے زیر کے ساتھ پڑھا تو اعرابی نے کہا کیا اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے؟ اور اگر اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے تو میں بھی اس کے رسول سے بیزار ہو گیا ہوں لوگوں نے اس بات کو بڑا خیال کیا اور حضرت عمرؓ کو اعرابی کی بات پہنچی تو آپ نے اسے بلایا اور پوچھا اے اعرابی! کیا تو رسول اللہ ﷺ سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے؟

اس نے کہا: یا امیر المومنین میں مدینے آیا مجھے قرآن کا کوئی علم نہیں تھا میں نے پوچھا مجھے کون پڑھائے گا؟ تو اس آدمی نے مجھے سورۃ برأت پڑھائی اور کہا: ”ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولِه“ تو میں نے کہا: کیا اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے اور اگر اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے تو میں بھی اس سے بیزار ہوں، حضرت عمرؓ نے کہا: اے اعرابی! آیت اس طرح نہیں ہے؟ اس نے پوچھا یا امیر المومنین! کیسے ہے؟ آپ نے کہا: ”ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولُه“ تو اعرابی نے کہا: خدا کی قسم جس سے اللہ اور اس کا رسول بیزار ہیں میں بھی اس سے بیزار ہوں سو حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ لوگوں کو لغت کے عالم کے سوا کوئی نہ پڑھائے اور آپ نے ابوالاسودؒ کو حکم دیا۔ اور انھوں نے علم نحو وضع کیا۔

اور مفسر کیلئے علم صرف اور اشتقاق بھی ضروری ہیں تاکہ انسان ٹامک ٹوئیاں نہ مارے۔ زمخشری نے بیان کیا ہے کہ نئی تفاسیر میں سے وہ قول بھی ہے جو کسی نے کہا ہے کہ قول الٰہی ”یوم ندعو کل اناس بامامهم“ میں امام ام کی جمع ہے اور یہ کہ لوگ قیامت کے روز اپنے آباء کی بجائے اپنی امہات کے نام سے بلائے جائیں گے زمخشری نے بیان کیا ہے کہ یہ بہت غلط قول ہے جس سے قائل کی تصریف سے جہالت ثابت ہوتی

(١) تفسیر القرطبی، ج١ ص٢٤

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القائل بالتصريف فإن (أما) لا تجمع على إمام[1].

٢- وأما علوم (المعانى والبيان والبديع) فضرورية لمن أراد تفسير الكتاب العزيز' لأنه لا بد له من مراعاة ما يقتضيه الاعجاز' وذلك لا يدرك الا بهذه العلوم' فمثلاً قوله تعالىٰ ﴿**وأشربوا فى قلوبهم العجل**﴾ (سورة البقرة:٩٣) أى أشربوا حب العجل فهو على حذف مضاف. ومثله ﴿ **واسأل القرية**﴾ (سورة يوسف :٨٢) المراد أهل القرية وقوله تعالى ﴿**هن لباس لكم وانتم لباس لهن**﴾(سورة البقرة:١٨٧) ليس على الحقيقة وانما هو استعارة فكما يستر اللباس العورة' ويزين الانسان ويجمله' كذلك الرجل والمرأة كل منهما كاللباس لصاحبه يزينه ويكمله ويجمله' وهو من روائع النظم' وبدائع الكلام' واذا حمل الانسان المعنى على ظاهره' فسد المعنى' كما يذكر أن (الفرنسيين) أرادوا ترجمة القرآن إلى لغتهم' فلما وصلوا إلى هذه الآية الكريمة ﴿ **هن لباس لكم وانتم لباس لهن**﴾ ترجموها بالظاهر ولم يدركوا السر الدقيق فيها' فكانت الرتجمة كالتالى (هن بنطلونات لكم' وأنتم بنطلونات لهن) لأن اللباس عندهم يسمى (البنطلون) وهكذا ساء فهمهم ولم يدركوا روعة تعبير القرآن. وقريب من هذا ما وقع لبعض الأعراب حين سمع قوله تعالىٰ ﴿**وكلوا واشربوا حتى**

ہے بلاشبہ ام کی جمع امام نہیں آتی۔

دوم: اور علوم معانی بیان اور بدیع کتاب عزیز کی تفسیر کا ارادہ کرنے والے کیلئے ضروری ہیں کیونکہ اعجاز اس سے جو تقاضا کرتا ہے اس کی رعایت اس کیلئے ضروری ہے اور یہ بات انہی علوم سے معلوم ہوتی ہے مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**وأشربوا فى قلوبهم العجل**" (سورۃ البقرہ:۹۳) یعنی بچھڑے کی محبت انہیں پلائی گئی اور یہ حذفِ مضاف پر ہے اور اس کی "**مثل واسأل القرية**" (یوسف:۸۲) ہے اس سے مراد اہل قریہ ہیں۔ اور قول الٰہی "**هن لباس لكم وانتم لباس لهن**" (سورۃ البقرہ:۱۸۷) یہ حقیقت پر محمول نہیں بلکہ یہ استعارہ ہے جیسے لباس' ان اعضاء کو جو شرم کی وجہ سے چھپائے جاتے ہیں چھپاتا ہے اور انسان کو زینت و جمال دیتا ہے ایسے ہی مرد اور عورت ہیں دونوں میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کیلئے لباس کی مانند ہے اسے زینت دیتا ہے مکمل کرتا ہے اور خوبصورت بناتا ہے اور یہ حیران کن نظم اور بدائع الکلام میں سے ہے اور جب انسان معنیٰ کو ظاہر پر محمول کرے گا تو معنیٰ بگڑ جائے گا جیسے بیان کیا جاتا ہے کہ فرانسیسیوں نے اپنی زبان میں قرآن کا ترجمہ کرنے کا ارادہ کیا اور جب وہ آیت "**هن لباس لكم وانتم لباس لهن**" پر پہنچے تو انہوں نے اس کا ظاہری ترجمہ کر دیا اور اس میں جو دقیق راز ہے اس کو نہ پایا تو انہوں نے اس کا ترجمہ یوں کیا کہ وہ عورتیں تمہارے لئے پتلونیں ہیں اور تم ان کیلئے پتلونیں ہو اس لئے کہ ان کے ہاں لباس کو پتلون کہا جاتا ہے اس طرح ان کا فہم خراب ہو گیا اور وہ تعبیر قرآن کی خوبصورتی کو نہ پا سکے اور اس کے قریب قریب ایک اعرابی کا واقعہ ہے

(١) أنظر: الاتقان' ج٢ ص ١٨١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يبين لكم الخيط الأبيض من الخيط الأسود﴾(سورة البقرة:١٨٧) أخذ عقالين أبيض وأسود وجعل يأكل وينظر إليهما حتى كادت الشمس. أن تطلع، فجاء إلى النبي ﷺ فأخبره بذلك فقال له: إنك لعريض القفا(١) إنما ذلك بياض النهار، وسواد الليل. وفي القرآن الكريم أمثلة كثيرة على الاستعارة والكناية والمجاز، ولا بدّ في فهمها من معرفة علم البيان والبديع مثل قوله تعالىٰ عن سفينة نوح ﴿تجرى بأعيننا﴾ (سورة القمر:١٤) أي بحفظنا ورعايتنا، وقوله ﴿قدم صدق﴾ (سورة يونس: ٢) و ﴿لسان صدق﴾ (سورة مريم: ٥٠) و ﴿جناح الذل﴾ (سورة الاسراء:٢٤) كل ذلك وأشباهه يحتاج إلى فهم علوم البلاغة وأسرار البيان.

اس نے کہا: میں نے دیکھا کہ لوگوں نے قرآن سے اعراض کیا ہے اور ابوحنیفہ کی فقہ اور ابن اسحاق کے مغازی میں مشغول ہو گئے ہیں تو میں نے ثواب کی خاطر یہ حدیث وضع کی ابن الصلاح نے بیان کیا ہے ایسے ہی وہ طویل حدیث ہے جسے ابی بن کعب سے بحوالہ حضرت نبی کریم ﷺ قرآن کی ہر سورت سورت کی فضیلت کے بارے میں روایت کیا جاتا ہے اور محقق نے اس کے مخرج کے متعلق تحقیق کی ہے حتی کہ وہ اس تک پہنچا ہے جس نے اعتراف کیا ہے کہ اس نے اور ایک جماعت نے اسے وضع کیا ہے اور وضع کی علامت اس پر واضح ہے اور مفسر واحدی نے اور جن مفسرین نے اسے اپنی تفاسیر میں بیان کیا ہے انہوں نے غلطی کی ہے۔

۴- ان میں سے کچھ لوگ سوالی ہیں وہ بازاروں اور مساجد میں کھڑے ہو جاتے ہیں اور وہ مجمع اسانید کے ساتھ جو انہوں نے حفظ کی ہوتی ہیں رسول اللہ ﷺ کے متعلق احادیث وضع کرتے ہیں اور موضوعات کو ان اسانید کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

---

(١) حسبة: أى لوجه الله وترغيباً فى الدين.

(٢) السؤال: جمع سائل الذى يسأل الناس المعونة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال جعفر بن الطيالسي:

((صلى أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين، في مسجد الرصافة، فقام بين أيديهما قاص (محدث) فقال: حدثنا أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين قالا أنبأنا عبدالرزاق، قال أنبأنا معمر، عن قتادة، عن أنس قال قال رسول الله ﷺ: ((من قال لا اله الا الله، يخلق من كل كلمة منها طائر، منقاره من ذهب، وريشه مرجان))، وأخذ في قصة نحواً من عشرين ورقة، فجعل أحمد ينظر إلى يحيى، ويحيى ينظر إلى أحمد، فقال: أنت حدثته بهذا؟ فقال: والله ما سمعت به الا هذه الساعة، فسكتا حتى فرغ من قصصه فقال له يحيى: من حدثك بهذا الحديث فقال: أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين، فقال: أنا ابن معين، وهذا احمد بن حنبل ما سمعنا بهذا قط في حديث رسول الله، فان كان ولا بد من الكذب فعلى غيرنا فقال له: أنت يحيى بن معين؟ قال: نعم قال: لم أزل أسمع أن يحيى بن معين أحمق، وما علمته إلا هذه الساعة، فقال له يحيى: وكيف علمت أني أحمق؟ قال: كأنه ليس في الدنيا يحيى بن معين، وأحمد بن حنبل غيركما. كتبت عن سبعة عشر أحمد بن حنبل غير هذا، قال: فوضع احمد كمه على وجهه وقال: دعه يقوم، فقام كالمستهزئ بها.

جعفر بن طیالسی نے بیان کیا ہے کہ:

''احمد بن حنبل اور یحییٰ ابن معین نے الرصافہ کی مسجد میں نماز پڑھی تو ان دونوں کے سامنے ایک داستان سرا (محدث) کھڑا ہوگیا اور اس نے کہا: احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین نے ہم سے بیان کیا ان دونوں نے کہا کہ عبدالرزاق نے ہمیں خبر دی عبدالرزاق نے کہا: ہمیں معمر نے قتادہ سے بحوالہ حضرت انس خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اس کے ہر لفظ سے ایک پرندہ پیدا ہوگا اس کی چونچ سونے کی ہوگی اور اس کے پر مرجان کے ہوں گے۔'' اور اس نے بیس ورق کا قصہ شروع کر دیا اور احمد یحییٰ کی طرف اور یحییٰ احمد کی طرف دیکھنے لگے احمد نے یحییٰ سے پوچھا تو نے یہ حدیث اس سے بیان کی ہے؟ یحییٰ نے کہا میں نے تو اسے ابھی اسی وقت سنا ہے وہ دونوں خاموش رہے حتیٰ کہ وہ اپنے بیان سے فارغ ہوگیا تو یحییٰ نے اس سے پوچھا تم سے یہ حدیث کس نے بیان کی ہے اس نے کہا: احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین سے تو ابن معین بولے: میں ابن معین ہوں اور یہ احمد بن حنبل ہیں ہم نے اسے کبھی رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں نہیں سنا اگر یہ جھوٹ ہے اور ضرور جھوٹ ہے تو وہ ہمارے غیر پر ہے اس نے آپ سے پوچھا آپ یحییٰ بن معین ہیں؟ آپ نے کہا: ہاں اس نے کہا: میں ہمیشہ سنتا تھا کہ یحییٰ بن معین احمق ہے اور مجھے ابھی اور اسی وقت اس کا علم ہوا ہے۔ یحییٰ نے اسے کہا: تجھے کیسے معلوم ہوا ہے کہ میں احمق ہوں؟ اس نے کہا: گویا دنیا میں تم دونوں کے سوا کوئی یحییٰ بن معین اور احمد بن حنبل موجود ہی نہیں میں نے اس حدیث سے علاوہ احمد بن حنبل سے سترہ احادیث سنی ہیں راوی کہتا ہے حضرت احمد بن حنبل نے اپنی آستین اس کے چہرے پر رکھی اور فرمایا اسے کھڑا ہونے دو تو وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال القرطبي: فهؤلاء الطوائف كذبة على رسول الله ﷺ ومن يجري مجراهم.. ثم قال: فلو اقتصر الناس على ما ثبت في الصحاح والمسانيد وغيرهما من المصنفات التي تداولها العلماء، ورواها الأئمة الفقهاء، لكان لهم في ذلك غنية، وخرجوا عن تحذيره ﷺ حيث قال: ((من كذب علي متعمداً فليتبوأ مقعده من النار)).

فحذار مما وضعه أعداء الدين، وزنادقة المسلمين، في باب الترغيب والترهيب وغير ذلك، وأعظمهم ضرراً أقوام من المنسوبين إلى الزهد، وضعوا الحديث حسبة فيما زعموا. فتقبل الناس موضوعاتهم، ثقة منهم بهم، وركوناً إليهم، فضلوا وأضلوا))[1].

هل في القرآن ألفاظ غير عربية؟

من المقطوع به أن القرآن نزل بلسان العرب، وانه كتاب عربي. نزل على امة عربية بلسان عربي مبين، ليكون منهاجاً لحياتهم، ودستوراً لمجتمعهم وليعتبروا به ويذكروا بما فيه ﴿ليدبروا آياته، وليتذكر أولو الألباب﴾ (سورة ص:٢٩) وقد تضافرت النصوص القرآنية الكثيرة. على أن القرآن ((عربي)) في نظمه وفي لفظه. وفي أسلوبه وفي تركيبه وأنه

دونوں سے استہزاء کرتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔

قرطبی نے بیان کیا ہے یہ جماعتیں رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھنے والی ہیں اور وہ بھی جو ان کے راستے پر چلیں گے پھر ایک نے فرمایا ہے کہ اگر لوگ اسی پر اقتصار کرتے جو صحاح اور مسانید اور دیگر مصنفات جو علماء میں متداول ہیں اور انہیں فقہاء ائمہ نے روایت کیا ہے تو انہیں اس میں کفایت ہوتی اور وہ اس تحذیر سے خارج ہو جاتے جہاں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔

پس اس سے بچو جو دشمنانِ دین اور زنادقۃ المسلمین نے ترغیب وترہیب وغیرہ کے باب میں وضع کیا ہے اور ان میں سب سے زیادہ ضرر رساں وہ لوگ ہیں جو زہد کی طرف منسوب ہیں انہوں نے اپنے خیال میں ثواب کیلئے احادیث وضع کی ہیں اور لوگوں نے ان پر اعتماد اور ان کی طرف اپنے میلان کی وجہ سے ان کی موضوعات کو قبول کر لیا ہے پس وہ خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا ہے۔

کیا قرآن میں غیر عربی الفاظ موجود ہیں؟

یہ قطعی بات ہے کہ قرآن، عربی زبان میں نازل ہوا ہے اور عربی قوم پر مبین عربی زبان میں نازل ہوا ہے تا کہ وہ ان کی زندگی کا منہاج اور ان کے معاشرے کا دستور ہو اور یہ کہ وہ اس سے عبرت حاصل کریں اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد کریں: "لیدبروا آیاته ولیتذکر اولوا الألباب" بہت سے قرآنی آیات اس بارے میں ایک دوسرے کی مدد کرتی ہیں کہ قرآن اپنے نظم میں اپنے لفظ میں اپنے اسلوب میں اپنی ترکیب میں عربی ہے اور اس میں کوئی

(١) أنظر: تفسير القرطبي، ج١ ص٧٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ليس فی ما يخالف طريقة العرب فی المفردات والجمل والأسلوب والخطاب. من هذه النصوص الكريمة ما يلي:

١-قوله تعالىٰ ﴿**لتكون من المنذرين. بلسان عربی مبين**﴾ (سورة الشعراء: ١٩٤-١٩٥)

٢-وقوله تعالى:﴿**كتاب فصلت آياته قرآناً عربياً لقوم يعلمون**﴾(سورة فصلت:٣)

٣-وقوله جل ثناؤه ﴿**إنا انزلناه قراناً عربياً لعلكم تعقلون**﴾.(سورة يوسف:٢)

٤-وقوله جل علا﴿**قرآناً عربياً غير ذی عوج لعلهم يتقون**﴾(سورة الزمر:٢٨)

وقد أجمع العلماء على أن القرآن عربی، ولكن اختلفوا هل فيه ألفاظ مفردة من غير كلام العرب؟ على مذهبين:

آ- المذهب الأول:

مذهب الجمهور وعلى رأسهم القاضی (ابو بكر ابن الطيب) وشيخ المفسرين (ابن جرير الطبری) و (الباقلانی) وغيرهم من العلماء الأعلام قالوا: إن القرآن عربی كله، وليس فيه ألفاظ أو مفردات من غير كلام العرب، وما وجد فيه من الألفاظ التی تنسب إلى سائر اللغات، فإنما اتفق فيها أن تواردت اللغات عليها، فتكلمت بها العرب، والفرس، والحبشة وغيرهم.

ب- المذهب الثانی: مذهب طائفة من

ایسی بات نہیں جو مفردات جمل' اسلوب اور خطاب میں عربوں کے طریق کے مخالف ہو ان نصوص کریمہ میں سے درج ذیل آیات بھی ہیں:

ا۔ لتكون من المنذرين بلسان عربی مبين (سورۃ الشعراء:۱۹۴۔۱۹۵)

۲۔كتاب فصلت آياته قرآنا عربيا لقوم يعلمون (سورۃ فصلت:۳)

۳۔ انا انزلنا قرآنا عربيا لعلكم تعقلون (سورۃ یوسف:۲)

۴۔ قرآنا عربيا غير ذی عوج لعلهم يتقون (سورۃ زمر:۲۸)

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن عربی ہے لیکن اس بات میں انہوں نے اختلاف کیا ہے کہ کیا اس میں ایسے مفرد الفاظ موجود ہیں جو غیر کلام عرب سے ہوں اس بارے میں علماء کے دو مذہب ہیں۔

الف۔ پہلا مذہب:

جمہور کا مذہب ہے اور ان کے لیڈر قاضی ابو بکر ابن الطیب' شیخ المفسرین ابن جریر طبری اور باقلانی وغیرہ بڑے بڑے علماء ہیں ان کا کہنا ہے کہ سارا قرآن عربی ہے اس میں اور غیر کلام عرب کے مفردات یا الفاظ نہیں ہیں اور نہ ہی اس میں ایسے الفاظ پائے گئے ہیں جو دیگر زبانوں کی طرف منسوب کئے جاتے ہوں ان کے بارے میں اتفاق ہے کہ ان کے مختلف لغات کا توارد ہوسکتا ہے کہ عرب اور ایرانی اور حبشی وغیرہ انہیں بولتے ہوں۔

ب۔ دوسرا مذہب: علماء کی ایک جماعت کا ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العلماء قالوا: إن فی القرآن بعض ألفاظ ليس عربية، وأن تلك الألفاظ لقلتها لا تخرج القرآن عن كونه عربياً مبيناً، فمثلاً لفظ (المشكاة) بمعني الكوة، ولفظ (الكفل) بمعنى الضعف، ولفظ (قسورة) بمعنى الأسد كل هذه الألفاظ هی بلسان الحبشة وهی ألفاظ غير عربية.

وكذلك لفظ (القسطاس) بمعنى الميزان بلسان الروم.

ولفظ (السجيل) بمعنى الحجارة والطين بلسان الفرس.

ولفظ (الغساق) بمعنى البارد المنتن بلسان الترك.

ولفظ (اليم) بمعنى البحر، و (الطور) بمعنى الجبل بلسان السريانية.

قال ابن عطية:

((فحقيقة العبارة أن هذه الألفاظ فی الأصل (اعجمية) لكن العرب استعملتها وعربتها فهی عربية بهذا الوجه، وقد كان للعرب مخالطة لجيرانهم من سائر الألسنة فعلقت العرب بألفاظ أعجمية، استعملتها فی أشعارها ومحاوراتها، حتى جرت مجرى العربی الصحيح، وعلى هذا الحد نزل بها القرآن))(۱).

أدلة الجمهور:

وقد استدل الجمهور ببعض الأدلة التی تثبت أن القرآن عربی وليس فيه ألفاظ غير عربية

انہوں نے کہا ہے کہ قرآن میں بعض الفاظ عربی نہیں ہیں اور یہ الفاظ اپنی قلت کے باعث قرآن کو عربی مبین ہونے سے باہر نہیں کرتے مثلاً ''مشکاۃ'' کا لفظ روشندان کے معنوں میں ہے اور ''الکفل'' کا لفظ بمعنی کمزوری ہے اور قسورۃ کا لفظ بمعنی شیر ہے اور یہ سب الفاظ حبشہ کی زبان کے ہیں اور غیر عربی ہیں۔

ایسے ہی ''قسطاس'' رومیوں کی زبان میں بمعنی ترازو ہے۔

اور ''السجیل'' کا لفظ ایرانیوں کی زبان میں پتھر اور ٹھیکری کے معنی میں ہے۔

اور الغساق کا لفظ ترکوں کی زبان میں ٹھنڈا بدبودار کے معنی میں ہے۔

اور سریانی زبان میں الیم بمعنی سمندر اور ''الطور'' بمعنی پہاڑ ہیں۔

ابن عطیہ کا بیان:

عبارت کی حقیقت یہ ہے کہ اصل میں یہ الفاظ عجمی ہیں لیکن عربوں نے انہیں استعمال کیا اور انہیں عربی بنا لیا پس اس وجہ سے یہ عربی ہیں اور عربوں کا اپنے ہمسایوں سے میل جول تھا جو بقیہ زبانوں سے متعلق تھے سو عربوں نے عجمی الفاظ سے محبت کی اور انہیں اپنے اشعار و محاورات میں استعمال کیا حتی کہ وہ صحیح عربی کے راستے پر چل پڑے اور اس حد پر قرآن میں انہیں نازل کیا گیا۔

جمہور کے دلائل:

جمہور نے بعض ان دلائل سے استدلال کیا ہے جو ثابت کرتے ہیں کہ قرآن عربی ہے اور اس میں غیر عربی

(۱) انظر: تفسير القرطبی، ج۱ ص۶۸.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفيه أسماء أعلام لمن لسانه غير لسان العرب، مثل (اسرائيل) و (جبرئيل) و (عمران) و (نوح) و (لوط). وقد استدل الجمهور بما يلي:

أولاً: الآيات القرآنية السابقة التي أثبتت أن هذا القرآن عربي كله في لفظه، وأسلوبه، ونظمه، وتركيبه، فقد أخبر الله عزوجل عن القرآن بأنه عربي فقال تعالى ﴿قرآنا عربياً﴾ وتكرر هذا اللفظ في آيات عديدة ومعلوم أن لفظ القرآن عام يشمل جميع السور والآيات، ويشمل كل الألفاظ والمفردات.

ثانياً: إن القرآن نزل بلغة العرب ليفهموه ويعقلوه ويتدبروا معانيه، ويستحيل ان يخاطب الله تعالىٰ قوماً بما لا يعلمون، كيف والآيات صريحة في انزاله بلغة العرب للاعتبار والعمل ﴿إنا انزلناه قرآنا عربياً لعلكم تعقلون﴾ (سورة يوسف :٢) و ﴿قرآنا عربياً لقوم يعلمون﴾ (سورة فصلت:٣) وهذا ينفي أن يكون فيه ألفاظ غير عربية.

ثالثاً: إن الله تعالىٰ قد رد على المشركين حين زعموا أنّ محمداً ﷺ تلقى هذا القرآن عن بعض أهل الكتاب (جبر الرومي) وأقام الحجة عليهم باختلاف اللسانين قال تعالى ﴿ولقد نعلم انهم يقولون إنما يعلمه بشر، لسان الذى يلحدون إليه أعجمي، وهذا لسان عربي مبين﴾ (سورة النحل:١٠٣) فالقرآن عربي وذلك أعجمي وشتان بينهما.

الفاظ نہیں ہیں جب کہ اس میں بڑے لوگوں کے نام ہیں جن کی زبان، عربی نہیں تھی جیسے ''اسرائیل، جبرئیل، عمران، نوح اور لوط پس جمہور نے درج ذیل استدلال کیا ہے۔

اول: وہ سابق آیات قرآنیہ جنھوں نے ثابت کیا ہے کہ یہ سارا قرآن اپنے الفاظ اسلوب، نظم اور ترکیب میں عربی ہے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کے متعلق بتایا ہے کہ وہ عربی ہے فرماتا ہے: ''قرآنا عربیا'' اور یہ لفظ متعدد آیات میں بار بار آیا ہے اور یہ معلوم ہی ہے کہ قرآن کا لفظ عام ہے اور تمام آیات وسور پر حاوی ہے اور تمام الفاظ ومفردات کو محیط بھی ہے۔

دوم: بلاشبہ قرآن عربوں کی زبان میں نازل ہوا ہے تاکہ وہ اسے سمجھیں اور اس کے معانی پر تدبر کریں اور یہ محال ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کو اس زبان میں مخاطب کرے جسے وہ نہ جانتے ہوں یہ کیسے ہوسکتا ہے جب کہ آیات اسے عمل و اعتبار کیلئے عربوں کی زبان میں نازل کرنے پر صریح ہیں ''انا انزلناه قرآن عربيا لعلكم تعقلون۔ قرآنا عربيا لقوم يعلمون'' یہ اس بات کی نفی کرتی ہیں کہ اس میں غیر عربی الفاظ ہوں۔

سوم: بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے مشرکین کا رد کیا جب انہوں نے خیال کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن بعض اہل کتاب (جبر رومی) سے سیکھا ہے اور دونوں زبانوں کے اختلاف سے ان کے خلاف حجت قائم کی اور فرمایا ''ولقد نعلم انهم يقولون انما يعلمه بشر لسان الذى يلحدون اليه اعجمى وهذا لسان عربى مبين'' پس قرآن عربی ہے اور وہ عجمی ہے اور ان دونوں کے درمیان کس قدر بعد ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رابعاً: لو كان فى هذا القرآن شيء ليس من لغة العرب، أو لا يفهمه العرب، أو الفاظ (أعجمية) غير عربية، لأعلن المشركون اعتراضهم على القرآن، واحتجوا بذلك على عدم صدق الرسول كما قال تعالى ﴿ ولو جعلناه قرآنا أعجمياً لقالوا: لو لا فصلت آياته اعربى وعجمى... ﴾[1] الآية.

خامساً: إن ما وجد فى القرآن من الفاظ تنسب إلى سائر اللغات، فإنما هو من باب (توارد اللغات واتفاقها بمعنى أن هذه اللفظة تكلم بها العرب، وتكلم بها الفرس، والعجم، وتكلم بها غيرهم، فهي مما اتفقت عليه اللغات لا يعنى أن هذه الألفاظ غير عربية، فاذا تكلم بها العرب فهي عربية، واذا تكلم بها غيرهم أو استبعملها الأعاجم فلا يخرجها عن كونها عربية.

الترجيح:

والصحيح ما ذهب إليه (الطبرى) وجمهور العلماء من أن القرآن كله عربى، وهو ما تشهد له النصوص الكثيرة، والحجج الدامغة القوية التى احتج بها العلماء.

وقد انتصر العلامة القرطبي لرأى الجمهور، ورد الرأى الثاني، وقال. بعد أن ذكر المذهبين.

چہارم: اگر اس قرآن میں کوئی ایسی چیز ہوتی جو عربوں کی زبان سے نہ ہوتی یا عرب اسے نہ سمجھتے یا غیر عربی الفاظ ہوتے تو مشرکین تو ان پر اپنا اعلانیہ اعتراض کرتے اور اس سے عدمِ صدق رسول پر حجت پکڑتے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "ولو جعلناه قرآنا أعجميا لقالوا لولا فصلت آياته أعربي و عجمي" (سورة فصلت:۴۴)

پنجم: اگر قرآن میں ایسے الفاظ پائے گئے ہیں جو بقیہ زبانوں کی طرف منسوب ہوئے ہیں تو یہ بات لغات کے توارد واتفاق کے باب سے ہے اس مفہوم میں کہ انہیں عرب بھی بولتے ہیں اور ایرانی بھی بولتے ہیں اور عجم وغیرہ بھی بولتے ہیں اس بات پر ثقات کا اتفاق ہے یہ مراد نہیں کہ یہ الفاظ غیر عربی ہیں پس جب عرب انہیں بولتے ہیں تو یہ عربی ہیں اور جب ان کے غیر انہیں بولتے ہیں یا اعاجم انہیں استعمال کرتے ہیں تو یہ بات انہیں عربی ہونے سے خارج نہیں کرتی۔

ترجیح:

صحیح بات وہ ہے جو طبری اور جمہور علماء نے اختیار کی ہے وہ یہ کہ سارا قرآن عربی ہے اور اس کی شہادت وہ بہت سی نصوص اور حجج دامغہ قویہ دیتی ہیں۔ جن سے علماء نے حجت پکڑی ہے۔

اور علامہ قرطبی نے جمہور کی رائے کو غالب قرار دیا ہے اور دوسری کو رد کر دیا ہے اور دونوں مذھبوں کا ذکر کرنے کے

(١) سورة فصلت:٤٤. ومعنى الآية: لو أنزلنا القرآن بغير لغتهم، وجعلناه باللغة الأعجمية لقالوا: هلا بينت آياته ونزلت كلماته بلغتنا العربية لنتفهمه ونتدبره؟ (أعربى وعجمى)؟ أى رسول عربى وقرآن أعجمي؟ كيف يكون ذلك؟ وكيف ينزل القرآن الأعجمى على الرسول العربى؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إن الأول أصح، فان العرب لا يخلو أن تكون تخاطب بها اوُلا ، فإن كان الأول فهي من كلامهم، ولا يبعد أن يكون غيرهم قد وافقهم على بعض كلماتهم.

بعد کہا ہے بلاشبہ پہلا مذہب اصح ہے اور بلاشبہ یہ بات دو حال سے خالی نہیں کہ عرب اس کے ذریعہ کلام کرتے ہیں یا نہیں، اگر پہلی بات ہے تو وہ ان کے کلام میں سے ہیں اور بعید نہیں کہ ان کے غیروں نے ان کے بعض الفاظ پر ان سے موافقت کی ہو۔

وإن لم تكن العرب تخاطبت بها، ولا عرفتها استحال أن يخاطبهم الله بما لا يعرفون، وحينئذ لا يكون القرآن عربياً، ولا يكون الرسول مخاطباً لقومه بلسانهم)).اه[1].

اور اگر عرب ان سے کلام نہیں کرتے اور وہ انہیں نہیں جانتے تھے تو یہ محال ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان الفاظ سے مخاطب کرے جن کو وہ جانتے ہی نہیں ہیں اس صورت میں قرآن عربی نہ ہوگا اور نہ رسول اللہ ﷺ ہی اپنی قوم سے ان کی زبان میں مخاطب ہوں گے۔

بحث ترجمة القرآن

ترجمۃ القرآن کی بحث

معنى الترجمة:

ترجمة القرآن معناها نقل القرآن إلى لغات أجنبية أخرى غير اللغة العربية وطبع هذه الترجمة في نسخ ليطلع عليها من لا يعرف اللغة العربية (لغة القرآن) ويفهم مراد الله عزوجل من كتابه العزيز بواسطة هذه الترجمة.

ترجمہ کا مفہوم:

ترجمہ قرآن کا مطلب قرآن کو دوسری اجنبی زبانوں میں جو عربی لغت کی غیر ہیں نقل کرنا ہے اور اس ترجمہ کو نسخوں میں طبع کرنا ہے تاکہ جو لوگ عربی زبان (یعنی قرآن کی زبان) کو نہیں جانتے وہ اس پر مطلع ہو جائیں اور اس ترجمے کے واسطے سے اس کی کتاب عزیز سے اللہ تعالیٰ کی مراد کو سمجھ جائیں۔

أنواع الترجمة:

وتنقسم هذه الترجمة إلى قسمين:

الأول: الترجمة الحرفية.

الثاني: الترجمة التفسيرية.

والمراد بالقسم الأول (الحرفية) أن يترجم القرآن بالفاظه ومفرداته وجمله وتركيبه ترجمة طبق الأصل إلى اللغة الانجليزية، أو الألمانية، أو

ترجمے کی انواع:

یہ ترجمہ دو قسموں میں منقسم ہو جاتا ہے۔

اول: حرفی ترجمہ

دوم: تفسیری ترجمہ

پہلی قسم: (حرفی) سے مراد یہ ہے کہ قرآن کا ترجمہ اس کے الفاظ اور اس کے مفردات اور اس کے جملوں ازر اس کی ترکیب کے ساتھ اصل کے مطابق انگریزی یا جرمنی یا فرانسیسی

(١) انظر: تفسير القرطبي، ج١ ص٦٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفرنسية.

مثلاً فيقال: (القرآن باللغة الانجليزية) أو (القرآن باللغة الألمانية) وهكذا فهي تشبه وضع المرادف مكان مرادفه، وبعض الناس يسمى هذه الترجمة (ترجمة لفظية)

وأما القسم الثاني (التفسيرية) فهو يترجم معنى الآيات الكريمة، بحيث لا يتقيد الانسان باللفظ، وإنما يكون همه المعنى، فيترجم القرآن بألفاظ لا يتقيد بها بالمفردات والتراكيب، وإنما يعمد إلى الأصل فيفهمه. ثم يصبه في قالب يؤديه من اللغة الأخرى ويكون هذا المعنى موافقاً لمراد صاحب الأصل من غير أن يكلف نفسه عناء البحث والوقوف عند كل مفرد من المفردات، أو لفظة من الألفاظ. وهذا النوع يسمى (الترجمة الحرفية) أو الترجمة المعنوية.

شروط الترجمة:

ويشترط للترجمة سواء كانت حرفية، أو تفسيرية، شروط عدة نوجزها فيما يلي:

١ - أن يعرف (المترجم) بكسر الجيم اللغتين معاً، لغة الأصل، ولغة الترجمة.

٢ - أن يكون ملماً بأساليف وخصائص اللغات التي يود ترجمتها.

٣ - أن تكون (صيغة الترجمة) صحيحة بحيث يمكن أن تحل محل الأصل.

٤ - أن تفي الترجمة بجميع معاني الأصل ومقاصده وفاء كاملاً.

زبان میں کیا جائے۔

مثلا کہا جاتا ہے انگریزی زبان میں قرآن یا جرمنی زبان میں قرآن یہ مرادف کے اس کے مرادف کی جگہ رکھنے کی مانند ہے اور بعض لوگ اس ترجمہ کو "لفظی ترجمہ" کہتے ہیں۔

اور دوسری قسم (تفسیری) یہ ہے کہ آیات کریمہ کے یوں معنی کئے جاتے ہیں کہ انسان لفظ کا پابند نہیں ہوتا اس کا مقصد مفہوم ہوتا ہے وہ قرآن کا الفاظ کے ساتھ ترجمہ کرتا ہے لیکن مفردات اور تراکیب کا پابند نہیں رہتا وہ صرف اصل کا قصد کرتا ہے اور اسے سمجھتا ہے پھر وہ اسے اس قالب میں ڈالتا جو اسے دوسری زبان سے دیا جاتا ہے اور یہ معنی بغیر اس کے کہ وہ اپنے نفس کو بحث کی مشقت کا مکلف کرے اور مفردات میں سے ہر مفرد اور الفاظ میں سے ہر لفظ کے پاس ٹھہرے صاحب الاصل کی مراد کے موافق ہوتے ہیں اس نوع کو "ترجمہ حرفیہ" یا "ترجمہ معنویہ" کہتے ہیں۔

ترجمہ کی شروط:

ترجمہ خواہ حرفی ہو یا تفسیری اس کے لئے متعدد شروط لگائی جاتی ہے ہم ذیل میں انہیں اختصار کے ساتھ بیان کریں گے۔

۱۔ مترجم معاً دونوں زبانوں کو جانتا ہو اصل کی زبان اور ترجمہ کی زبان کو۔

۲۔ وہ ان زبانوں کے اسالیب و خصائص کو جانتا ہو جن کا وہ ترجمہ کرنا چاہتا ہے۔

۳۔ ترجمہ کا صیغہ صحیح ہو یوں کہ اصل کی جگہ اترنا ممکن ہو۔

۴۔ ترجمہ اصل کے تمام معانی اور اس کے مقاصد کو کامل طور پر پورے کرنے والا ہو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كما يشترط للترجمة (الحرفية) زيادة على هذه الشروط شرطان آخران:

الأول: وجود مفردات كاملة في لغة الترجمة، مساوية للمفردات التي هي لغة الأصل.

الثاني: تشابه اللغتين في الضمائر المستترة، والروابط التي تربط الجمل لتأليف التركيب.

هل تجوز الترجمة الحرفية للقرآن؟

وعلى ضوء ما سبق من تقسيم الترجمة إلى حرفية، وتفسيرية، ومعرفة معنى كل منهما والشروط التي ينبغي أن تتوفر في الترجمة، يتضح لنا أن (الترجمة الحرفية) غير جائزة، وغير صحيحة وذلك للأسباب الآتية:

أولاً: أنه لا يجوز كتابة القرآن بغير أحرف اللغة العربية لئلا يقع التحريف والتبديل.

ثانياً: إن اللغات (غير العربية) ليس فيها من الألفاظ والمفردات والضمائر ما يقوم مقام الألفاظ العربية.

ثالثاً: إن الاقتصار على الألفاظ قد يفسد المعنى، ويسبب الخلل في التعبير والنظم. ولنضرب بعض الأمثلة على ذلك ليتوضح الأمر فنقول:

لو أردنا ترجمة الآية الكريمة وهي قوله تعالى: ﴿**ولا تجعل يدك مغلولة إلى عنقك، ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوماً محسوراً**﴾ (سورة الإسراء:٢٩) فإذا أردنا

ایسے ہی حرفی ترجمہ کیلئے ان شروط سے دو شرطیں لگائی جاتی ہیں۔

پہلی شرط یہ ہے کہ ترجمہ کی زبان میں کامل مفردات پائے جاتے ہوں جو ان مفردات کے مساوی ہوں جو اصل کی زبان کے ہیں۔

دوسری شرط یہ ہے کہ ضمائر مستترہ میں دونوں زبانوں میں تشابہ پایا جاتا ہو اور ان روابط میں بھی جو تالیف ترکیب کیلئے جملوں کا ربط کرتے ہیں۔

کیا قرآن کا حرفی ترجمہ کرنا ممکن ہے؟

جو ترجمہ کی حرفی اور تفسیری تقسیم ہوئی ہے اور دونوں میں سے ہر ایک کے معنوں کی معرفت ہوئی ہے اور ترجمہ میں جن شروط کا پورا ہونا چاہئے ان کی روشنی میں ہم پر واضح ہوتا ہے کہ حرفی ترجمہ جائز نہیں ہے اور وہ نہ ہی درست ہے اور وہ ذیل کے اسباب کی وجہ سے ہے۔

اول: لغت عربیہ کے حروف کے بغیر قرآن کی کتابت جائز نہیں ہے تا کہ تحریف وتبدیل کا وقوع نہ ہو۔

دوم: بلاشبہ غیر عربی لغات میں وہ الفاظ مفردات اور ضمائر نہیں ہیں جو عربی الفاظ کے قائمقام ہوں۔

سوم: الفاظ پر اقتصار کرنا معنوں کو خراب کر دیتا ہے اور تعبیر اور نظم میں خلل کا سبب بنتا ہے ہم اس کی بعض مثالیں پیش کرتے ہیں تا کہ بات واضح ہو جائے۔

اگر ہم آیت کریمہ ''**ولا تجعل یدك مغلولة الى عنقك ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوما محسورا**'' (سورۃ الاسراء:۲۹) کا ترجمہ کریں تو جب ہم اس کا حرفی ترجمہ کرنا چاہیں گے تو اس کا یہ ترجمہ ہوگا۔تو اپنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمتها ترجمة حرفية، فان الترجمة تكون كالآتي: (لا تجعل يدك مربوطة إلى عنقك، ولا تمدها كل المد) إلى آخره وهو معنى فاسد لم يقصده القرآن الكريم بل قد يستنكر المترجم له هذا الوضع، فيقول: لماذا ينهانا الله عن ربط اليد بالعنق، أو مدها غاية المد؟.

فالتعبير الذي جاء في القرآن إنما هو من (باب التمثيل) لبيان عاقبة الاسراف أو الشح، وهو معنى من أروع المعاني لا يدركه إلا من فهم أساليب العرب في التخاطب بالأسلوب البليغ.

وكذلك قوله تعالى ﴿ **واخفض لهما جناح الذل من الرحمة**﴾(سورة الاسراء:٢٤) فان هذا اللفظ لا يمكن ترجمته ترجمة حرفية لوجود نوع خاص من التعبير البليغ يسمى ب (الاستعارة المكنية) وهذا لا يوجد في غير اللغة العربية، ومثله قوله تعالى ﴿ **قدم صدق عند ربهم**﴾(سورة يونس:٢) وقوله ﴿ **تجري باعيننا**﴾(سورة القمر:١٤) ومثله كذلك قوله تعالى ﴿ **هن لباس لكم وانتم لباس لهن**﴾(سورة البقرة:١٨٧) فاذا ترجمناها ترجمة حرفية يفسد المعنى تماماً، ويصبح ضرباً من الهذيان في الكلام وأمثال هذا كثير وفساده واضح.

ترجمة القرآن بالمعنى:

أما ترجمة القرآن بالمعنى فهي جائزة بالشروط المتقدمة، وهي لا تسمى (قرآنا) وإنما تسمى تفسيراً للقرآن. ذلك لأن الله تعبّدنا

ہاتھ کو اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھ اور نہ اسے پوری طرح پھیلا دے۔ یہ فاسد معنے ہیں جو قرآن کا مقصود نہیں بلکہ اس کا مترجم اس وضع سے ہی ناواقف ہوگا وہ کہے گا اللہ نے ہمیں گردن سے ہاتھ باندھنے سے یا اس کے پوری طرح پھیلانے سے کیوں منع کیا ہے؟

وہ تعبیر جو قرآن میں آئی ہے وہ اسراف یا بخل کے انجام کے بیان کیلئے تخیل کے باب سے ہے اور یہ خوبصورت ترین معنی ہیں اس کا ادراک وہی کرسکتا ہے جو اسلوب بلیغ کے ساتھ عربوں کے تخاطب کے اسالیب کو سمجھتا ہو ایسے ہی آیت "**واخفض لهما جناح الذل من الرحمة**" (سورۃ الاسراء:۲۴) اس لفظ کا حرفی ترجمہ تعبیر بلیغ کی ایک خاص نوع کے پایا جانے کی وجہ سے ممکن نہیں ہے اسے استعارہ مکنیہ کہتے ہیں اور یہ عربی زبان کے سوا دوسری زبانوں میں نہیں پایا جاتا اور "**قدم صدق عند ربهم**" (سورۃ یونس:۲) اور "**تجري باعيننا**" (سورۃ القمر:۱۴) اور "**هن لباس لكم وانتم لباس لهن**" (سورۃ البقرہ:۱۸۷) اس کی مثالیں ہیں۔ پس جب ہم ان کا لفظی ترجمہ کریں گے تو مکمل طور پر معنوں کو بگاڑ دے گا اور کلام میں ہذیان کی ایک قسم بن جائے گا اور اس کی مثالیں بہت ہیں اور اس کی خرابی واضح ہے۔

قرآن کا مفہومی ترجمہ:

اور قرآن کا مفہومی ترجمہ شروط مقدمہ کے ساتھ جائز ہے اسے قرآن نہیں کہتے اسے قرآن کی تفسیر کہتے ہیں اس لئے کہ اللہ نے ہمیں قرآن کے الفاظ کا پابند بنایا ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بألفاظ القرآن، ولم يتعبدنا بغيره من الكلام. فكلام الرسول ﷺ تجوز روايته بالمعنى بأن نقول قال رسول الله : ما معناه، ولكن القرآن لا يجوز روايته بالمعنى، فلا يصح ان نقول: قال الله تعالى ما معناه، بل لا بد من تلاوة النص بحروفه والفاظه لأنه موحى به من عند الله، ولأنه معجز بلفظه ومعناه.

فالترجمة في الحقيقة ههنا ليست ترجمة للقرآن، وإنما هي ترجمة لمعاني القرآن، او ترجمة لتفسير القرآن، وقد أنزل الله كتابه الى الخلق اجمعين، ليكون مصدر هداية، وإرشاد وإسعاد لهم، فلا مانع لنا ان ننقل معاني القرآن إلى الامم الأخرى ممن لا يعرفون اللغة العربية، ليستنيروا بهذا القرآن ويقبسوا من هديه وإرشاده. وهذا بلا شك غرض من أغراض القرآن﴿إن هذا القرآن يهدى للتي هي أقوم﴾(سورة الاسراء:٩)

فترجمة القرآن بهذا المعنى يجيزها العلماء بل هي واجبة على المسلمين ليبلغوا الناس دعوة الله، ويحملوا اليهم هداية القرآن، وبغير هذه الترجمة لا يمكن أن يدرك الناس عظمة هذه الشريعة، وروعة هذا الدين، وجمال هذا القرآن والله يقول الحق وهو يهدى السبيل.

دوسرے کلام کا ہمیں پابند نہیں بنایا پس رسول اللہ ﷺ کے کلام کی روایت معنوی جائز ہے یعنی ہم کہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ..... لیکن قرآن کی روایت بالمعنی جائز نہیں پس یہ درست نہیں کہ ہم کہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے بلکہ نص کی تلاوت اس کے حروف والفاظ سمیت ضروری ہے اس لئے کہ وہ اللہ کی طرف سے وحی کیا گیا ہے اور اس لئے بھی کہ وہ اپنے لفظ ومعنی کے ساتھ معجز ہے۔

پس حقیقت میں یہاں پر ترجمہ قرآن کا ترجمہ نہیں ہے وہ صرف معانی قرآن کا ترجمہ یا تفسیر قرآن کا ترجمہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ساری مخلوق کی طرف اتاری ہے تاکہ وہ ہدایت کا سرچشمہ اور ان کیلئے اسعاد وارشاد ہو پس ہمیں کوئی مانع نہیں کہ ہم قرآن کے معانی کو عربی زبان نہ جاننے والے دوسرے لوگوں کی طرف نقل کریں تاکہ وہ اس قرآن سے نور حاصل کریں اور اس کی ہدایت اور اس کی راہنمائی سے فائدہ حاصل کریں بلاشبہ یہ اغراضِ قرآن میں سے ایک غرض ہے ”ان هذا القرآن يهدى للتي هي اقوم“ (سورۃ الاسراء:۹)

اس معنی میں قرآن کے ترجمہ کو علماء نے جائز قرار دیا ہے بلکہ یہ مسلمانوں پر واجب ہے تاکہ وہ لوگوں کو اللہ کی دعوت کو پہنچائیں اور قرآن کی ہدایت کو ان کی طرف سے پائیں اور اس ترجمہ کے بغیر ممکن نہیں کہ لوگ اس شریعت کی عظمت اور اس دین کی خوبصورتی اور اس قرآن کے جمال کا ادراک کرسکیں ”والله يقول الحق وهو يهدى السبيل“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل التاسع

نزول القرآن على سبعة أحرف والقراء ات لمشهورة

تمهيد:

لما خلق الله الخلق، جعل لكل منهم شرعة ومنهاجاً، وكان للعرب لهجات متعددة، اكتسبوها من فطرتهم، واقتبسوا بعضها من جيرانهم، وكانت لغة (قريش) لها الصدارة والذيوع لأسباب عدة منها: اشتغالهم بالتجارة ووجودهم عند بيت الله الحرام وقيامهم على السدانة والرفادة، وكان القرشيون يقتبسون بعض اللهجات والكلمات التي تعجبهم من غيرهم، وكان من الطبيعي، أن ينزل الله احكم الحاكمين القرآن، باللغة التي يفهمها العرب أجمع لتيسير فهمها وللاعجاز والتحدي لأرباب الفصاحة بالاتيان بسورة او بآية وتيسير قراء ته وفهمه وحفظه لهم، لأنه نزل بلغتهم كما قال جل ثناؤه: ﴿ **إنا أنزلناه قرآنا عربياً لعلكم تعقلون** ﴾(سورة يوسف:٢)

أدلة نزول القرآن على سبعة أحرف:

أولاً: روى البخاري ومسلم في صحيحهما عن ابن عباس رضي الله عنهما أنه

نویں فصل

سات حروف پر قرآن کا نزول اور مشہور قراءات

تمہید:

جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور ان میں سے ہر ایک کیلئے چھوٹے بڑے راستے بنائے..... عربوں کے متعدد لہجے تھے جنہیں انہوں نے اپنی فطرت سے حاصل کیا تھا اور بعض انہوں نے اپنے پڑوسیوں سے حاصل کئے تھے ان میں سے قریش کی زبان کو کئی اسباب کی وجہ سے صدارت اور شہرت حاصل تھی ان میں ان کا تجارت میں مشغول ہونا اور بیت اللہ الحرام کے پاس ان کی موجودگی اور ان کا کعبے کی خدمت کرنا اور رفادہ کی نگہبانی کرنا بھی تھا اور قریشی لوگ غیروں کے ان لہجات اور کلمات کو حاصل کرتے تھے جو انہیں اچھے لگتے تھے اور یہ قدرتی بات ہے کہ اللہ احکم الحاکمین قرآن کو اس زبان میں نازل کرتا جسے سب عرب اس کے فہم کی آسانی، اس کے اعجاز اور اس کے ارباب فصاحت کو ایک سورت یا ایک آیت کے لانے کا چیلنج کرنے اور اس کی قرأت اس کے فہم اور اس کے حفظ میں انہیں آسانی ہوتی اس لئے وہ ان کی زبان میں نازل ہوا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:"انا انزلناه قرآنا عربیا لعلکم تعقلون" (سورۃ یوسف:۲)

سات حروف پر قرآن کے نازل ہونے کے دلائل:

اول: بخاری اور مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: ((اقرأني جبريل على حرف فراجعته فلم أزل استزيده ويزيدني حتى انتهى الى سبعة أحرف))[1] زاد مسلم: (قال ابن شهاب: بلغني ان تلك السبعة في الأمر الذي يكون واحداً لا يختلف في حلال ولا حرام).

فرمایا: ''جبریل نے مجھے ایک حرف پر پڑھایا تو میں نے اس کی مراجعت کی اور میں مسلسل اس سے زائد کا تقاضا کرتا رہا اور وہ مجھے زیادہ پڑھاتا رہا حتیٰ کہ وہ سات حروف تک پہنچ گیا۔ (بخاری جلد۳ نمبر۲۲۷) اور مسلم نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ابن شہاب نے بیان کیا ہے کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ یہ سات حروف اس امر کے بارے میں ہیں جو ایک ہوگا اور وہ حلال وحرام میں اختلاف نہ کرے گا۔ (مسلم جلد۱ ص۵۶۱)

ثانياً: روى البخاري و مسلم. واللفظ للبخاري. ان عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال (سمعت هشام بن حكيم يقرأ سورة الفرقان في حياة رسول الله ﷺ. فاستمعت لقراءته فإذا هو يقرؤها على حروف كثيرة لم يقرئنيها رسول الله ﷺ فكدت أساوره في الصلاة فانتظرته حتى سلم ثم لببته بردائه فقلت: من أقرأك هذه السورة؟ قال: اقرأنيها رسول الله ﷺ قلت له: كذبت فوالله إن رسول الله ﷺ أقرأني هذه السورة التي سمعتك تقرؤها' فانطلقت اقوده الى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقلت: يا رسول الله انى سمعت هذا يقرأ بسورة الفرقان على حروف لم تقرئنيها وأنت أقرأتني سورة الفرقان فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم' ارسله يا عمر' اقرأيا هشام' فقرأ هذه القراءة التي سمعته يقرؤها قال رسول الله ﷺ: هكذا أنزلت' ثم قال: ((إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف فاقرأوا ما تيسر منه)).

دوم: بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے بیان کیا کہ ''میں نے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں ہشام بن حکیم کو سورۃ الفرقان پڑھتے سنا میں نے اس کی قراءت پر کان لگایا تو وہ اسے بہت سے حروف پر پڑھ رہے تھے جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہیں پڑھائے تھے قریب تھا کہ میں نماز میں ہی اس پر حملہ کر دیتا میں نے اس کا انتظار کیا حتیٰ کہ انھوں نے سلام پھیرا پھر میں نے انھیں ان کی چادر سمیت گریبان سے پکڑ کر کھینچا اور پوچھا تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی ہے؟ انھوں نے کہا: مجھے یہ رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے میں نے کہا تو نے جھوٹ کہا ہے خدا کی قسم! یہ سورت رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھی پڑھائی ہے جسے میں نے تجھے پڑھتے سنا ہے پس میں انھیں کھینچتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گیا اور میں نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے اس کو سورہ الفرقان ان حروف پر پڑھتے سنا ہے جو آپ نے مجھے نہیں پڑھائے حالانکہ آپ نے مجھے سورہ الفرقان پڑھائی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! اسے چھوڑ دو! اے ہشام! پڑھو تو انھوں نے وہ قراءات پڑھی جسے میں نے اسے پڑھتے سنا تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ ایسے ہی نازل ہوئی ہے۔ پھر فرمایا بلاشبہ یہ قرآن

(۱) صحيح البخاري' ج۳' ص ۲۲۷ وصحيح مسلم' ج۱' ص ۵٦۱ بسندهما عن عبيد الله بن عبدالله ابن عتبة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفی بعض الروایات ان رسول الله استمع إلی قراء ة عمر أیضاً وقال: هکذا انزلت:

ثالثاً: روی مسلم بسنده عن أبی بن کعب قال: (کنت فی المسجد' فدخل رجل یصلی فقرأ قراء ة أنکرتها علیه' ثم دخل آخر' فقرأ قراء ة سوی قراء ة صاحبه' فلما قضینا الصلاة دخلنا جمعیاً علی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقلت: إن هذا قرأ قراء ة انکرتها علیه' ودخل آخر فقرأ سوی قراء ة صاحبه فأمرهما رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقرآ' فحسن النبی صلی الله علیه وآله وسلم شأنهما' فسقط فی نفسی من التکذیب ولا إذ کنت فی الجاهلیة' فلما رأی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ما قد غشینی ضرب فی صدری' ففضت عرقا' وکأنما انظر الی الله عزوجل فرقاً فقال لی: یا أبی' أرسل إلی ان اقرأ القرآن علی حرف فرددت إلیه: أن هون علی أمتی' فرد الی الثانیة اقرأه علی حرفین' فرددت إلیه: أن هون علی أمتی' فرد إلی الثالثة: اقرأه علی سبعة أحرف' ولك بكل ردة رددتها مسألة تسألنیها فقلت ((اللهم اغفر لا متی وأخرت الثالثة لیوم یرغب إلی الخلق؛ کلهم حتی ابراهیم صلی الله علیه وآله وسلم)) اهـ

سات حروف پر نازل ہوا ہے اس سے جو آسان ہو اسے پڑھو۔

اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کی قراءت بھی سنی اور فرمایا یہ ایسے ہی نازل ہوئی ہے۔

سوم: مسلم نے اپنی سند سے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ "میں مسجد میں تھا تو ایک شخص نماز پڑھنے کیلئے آیا اور اس نے ایسی قرأت پڑھی جس پر میں نے اعتراض کیا پھر ایک اور آدمی آیا تو اس نے ایسی قراءات پڑھی جو اس کے ساتھی سے الگ تھی پس جب ہم نے نماز ادا کر لی تو ہم سب رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے میں نے کہا اس شخص نے ایسی قراءت پڑھی جس پر میں نے اعتراض کیا ہے اور ایک اور شخص آیا تو اس نے اپنے ساتھی سے الگ قراءت پڑھی ہے رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو حکم دیا اور دونوں نے پڑھا تو رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کی قراءت کی تحسین کی تو میرے دل میں تکذیب کا خیال آیا اور ابھی میں جاہلیت ہی میں تھا جب رسول اللہ ﷺ نے مجھ پر وارد ہونے والی کیفیت کو دیکھا تو میرے سینے پر ہاتھ مارا تو میں پسینے سے شرابور ہو گیا گویا میں ڈر کے باعث اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ رہا ہوں آپ نے مجھے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری طرف پیغام بھیجا کہ میں قرآن کو ایک حرف پر پڑھوں میں نے عرض کی کہ وہ میری امت پر آسانی کرے تو اس نے دوسری بار جواب دیا کہ میں اسے دو حرفوں پر پڑھوں میں نے جواب دیا کہ وہ میری امت پر آسانی کرے تو اس نے تیسری بار مجھے جواب دیا کہ میں اسے سات حروف پر پڑھوں اور تیرے لئے میری ہر واپسی میں ایک مسئلہ ہے جسے تو مجھ سے پوچھے گا میں نے کہا: اے اللہ میری امت کو بخش دے اور تیسری کو میں نے اس دن کیلئے پیچھے رکھا ہے کہ مخلوق حتی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی التجا کریں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال القرطبي ((فكان هذا الخاطر (يشير إلى ما سقط في نفس أبي) من قبيل ما قال فيه النبي ﷺ حين سألوه: إنا نجد في أنفسنا ما يتعاظم أحدنا أن يتكلم به. قال: أو قد وجدتموه؟ قالوا: نعم. قال ذلك صريح الإيمان)) رواه مسلم.

قرطبی نے بیان کیا ہے کہ یہ خیال (جو ابی بن کعب کے دل میں آیا) اس قسم سے ہے جس کے بارے میں حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب انہوں نے آپ سے سوال کیا ہم اپنے دلوں میں وہ بات پاتے ہیں جسے ہم میں سے کسی کا اسے بیان کرنا بڑا معلوم ہوتا ہے آپ نے پوچھا کیا تم نے اسے پایا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں فرمایا یہ صریح ایمان ہے اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

رابعاً: روى الحافظ أبو يعلى في مسنده الكبير أن عثمان رضي الله عنه قال يوماً وهو على المنبر: ((أذكر الله رجلاً سمع النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال: إن القرآن أنزل على سبعة أحرف كلها شاف كاف)) لما قام. فقاموا حتى لم يحصوا، فشهدوا أن الرسول صلى الله عليه وآله وسلم قال (أنزل القرآن على سبعة حروف كلها شاف كاف). فقال عثمان رضي الله عنه: (وأنا أشهد معهم).

چہارم: حافظ ابویعلی نے اپنی سند کبیر میں بیان کیا ہے کہ ایک روز حضرت عثمانؓ نے منبر پر فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت نبی کریم ﷺ کو بیان کرتے سنا ہے کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے اور وہ سب شافی کافی ہیں آپ جب کھڑے ہوئے تو بیشمار لوگ کھڑے ہو گئے اور انہوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے اور وہ سب شافی کافی ہیں تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا میں بھی ان کے ساتھ گواہی دیتا ہوں۔

خامساً: روى مسلم بسنده عن أبي بن كعب أن النبي ﷺ كان عند أضاة[1] بني غفار قال: (فأتاه جبريل عليه السلام فقال: إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك القرآن على حرف. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته، وإن أمتي لا تطيق ذلك. ثم أتاه الثانية فقال: ان الله يأمرك ان تقرا أمتك القرآن على حرفين. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته، وإن أمتي لا تطيق ذلك. ثم جاءه الثالثة فقال: إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك

پنجم: مسلم نے اپنی سند سے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ بنی غفار کے تالاب کے پاس تھے کہ جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے اور کہا: کہ اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک حرف پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا میں اللہ تعالیٰ سے اس کے عفو مغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی پھر جبریل دوبارہ آپ کے پاس آئے اور کہا اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو دو حرفوں پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا: میں اللہ سے اس کے عفو و مغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی

(١) أضاءة بني غفار: مستنقع الماء كالغدير. وهو موضع بالمدينة نسب إلى بني غفار لأنهم نزلوا عنده.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القرآن على ثلاثة أحرف. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته وإن أمتي لا تطيق ذلك. ثم جاءه الرابعة فقال إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك القرآن على سبعة أحرف. فأيما حرف قرؤوا عليه فقد أصابوا)أهـ.

طاقت نہیں رکھتی پھر جبریل سہ بارہ آپ کے پاس آئے اور کہا اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو تین حرفوں پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا میں اللہ سے اس کے عفو ومغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی پھر وہ چوتھی دفعہ آپ کے پاس آئے اور کہا: اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو سات حرفوں پر قرآن پڑھائیں اور وہ جس حرف پر پڑھیں گے ٹھیک پڑھیں گے۔

سادساً: روى الترمذي عن أبي بن كعب أيضاً قال: لقي رسول الله ﷺ جبريل عند أحجار المروة. قال: فقال رسول الله ﷺ لجبريل: اني بعثت إلى أمة أميين' فيهم الشيخ الفاني' والعجوز الكبير' والغلام' قال: ((فمرهم فليقروا القرآن على سبعة احرف)) قال الترمذي: حسن صحيح.

ششم: ایسے ہی ترمذی نے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مروہ کے پتھروں کے پاس جبریل سے ملے تو آپ نے جبریل سے کہا: میں ایسی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہوں جن میں شیخ فانی بڑی بوڑھی عورتیں اور جوان بھی ہیں جبریل نے کہا انہیں حکم دیجئے وہ قرآن کو سات حرفوں پر پڑھیں ترمذی نے اسے حسن صحیح کہا ہے۔

وفي لفظ: (فمن قرأبحرف منها فهو كما قرأ).

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جس نے ان میں سے ایک حرف پڑھا تو وہ ایسے ہی جیسے اس نے پڑھا۔

وفي لفظ حذيفة: ((فقلت يا جبريل إني ارسلت الى امة امية فيهم الرجل والمراة والغلام والجارية والشيخ الفاني الذي لم يقرا كتاباً قط قال: ((ان القرآن انزل على سبعة احرف)).

اور حذیفہ کے الفاظ یہ ہیں میں نے کہا: اے جبریل! مجھے امی قوم کی طرف بھیجا گیا ہے ان میں مرد' عورتیں' جوان' بچیاں' اور شیخ فانی بھی ہے جنھوں نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی' اس نے کہا: قرآن' سات حروف پر نازل ہوا ہے۔

سابعاً: اخرج الامام احمد بسنده عن أبي قيس مولى عمرو بن العاص عن عمرو أن رجلاً قرأ آية من القرآن. فقال له عمرو: إنما هي كذا وكذا' فذكر ذلك للنبي ﷺ فقال: (إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف' فأي ذلك قرأتم أصبتم فلا تماروا).

ہفتم: امام احمد نے اپنی سند سے عمرو بن العاصؓ کے غلام ابو قیس سے بحوالہ عمرو روایت کی ہے کہ ایک شخص نے قرآن کی ایک آیت پڑھی تو عمروؓ نے اسے کہا یہ تو ایسے ایسے ہے اس نے حضرت نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے تم جس پر بھی پڑھو گے تم صحیح پڑھنے والے ہوگے پس جھگڑا نہ کرو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثامناً: روى الطبرى والطبرانى عن زيد بن أرقم قال: جاء رجل إلى رسول الله ﷺ فقال: أقرأني ابن مسعود سورة أقرأنيها زيد بن ثابت، وأقرأنيها أبى بن كعب فاختلفت قراء تهم فبقراءة أيهم آخذ؟ فسكت رسول الله ﷺ وعليٌّ إلى جنبه فقال علي: ليقرأ كل انسان منكم كما علم، فإنه حسن جميل.

ہشتم: طبری اور طبرانی نے حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ ابن مسعودؓ نے ایک سورت مجھے پڑھائی اور زید بن ثابتؓ نے بھی وہ سورت مجھے پڑھائی اور ابی بن کعبؓ نے بھی وہ سورت مجھے پڑھائی تو ان کی قراءات مختلف ہو گئیں میں ان میں سے کس کی قراءات کو اختیار کروں؟ حضرت نبی کریم ﷺ نے سکوت اختیار کیا اور حضرت علیؓ بھی آپ کے پہلو میں موجود تھے حضرت علیؓ نے کہا تم میں سے ہر انسان ویسے ہی پڑھے جیسے اسے تعلیم دی گئی ہے بلا شبہ یہ حدیث حسن جمیل ہے۔

تاسعاً: أخرج ابن جرير الطبرى عن أبى هريرةؓ أنه قال: قال رسول الله ﷺ: ((إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف فاقرؤوا ولا حرج، ولكن لا تختموا ذكر رحمة بعذاب ولا ذكر عذاب برحمة)) اهـ.

نہم: ابن جریر طبری نے حضرت ابو ہریرہؓ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بلا شبہ یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے پس تم پڑھو کوئی حرج نہیں لیکن رحمت کے ذکر کو عذاب پر اور عذاب کے ذکر کو رحمت پر ختم نہ کرو۔

الحكمة من نزول القرآن على سبعة أحرف:

١ - التيسير على الأمة الإسلامية وخاصة الأمة العربية التى نزل عليها القرآن وكان لها لهجات متعددة على الرغم أنها تجمعها كلمة العروبة، نأخذ هذا من قوله ﷺ: ((أن هون على أمتى)) ((وان امتي لا تطيق ذلك)) وغيرها.

سات حروف پر قرآن کے نزول کی حکمت:

۱۔ امت اسلامیہ کیلئے آسانی کرنا اور خصوصاً امت عربیہ پر جس پر قرآن نازل ہوا ہے اس کے متعدد لہجے تھے باوجود یہ کہ اسے عروبہ کا لفظ اکٹھا کیے ہوتے تھا یہ بات ہم آپ کے قول سے اخذ کرتے ہیں کہ وہ میری امت پر آسانی کرے میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی وغیرہ۔

قال المحقق ابن الجزرى:

((وأما سبب وروده على سبعة أحرف فللتخفيف على هذه الأمة، وإرادة اليسر بها، والتهوين عليها شرفاً لها، وتوسعة ورحمة وخصوصية لفضلها وإجابة لقصد نبيها أفضل الخلق وحبيب الحق، حيث أتاه جبريل فقال

محقق ابن الجزریؒ نے فرمایا ہے:

کہ سات حروف پر اسکے آنے کا سبب اس امت پر تخفیف کرنا اور اس سے آسانی کا ارادہ کرنا ہے اور اس پر آسانی کرنا اس کے شرف فراخیٔ رحمت اور اس کی فضیلت کی خصوصیت کیلئے ہے اور اس کے نبی افضل الخلق اور حبیب الخلق کی اجابت حق قصد کیلئے ہے جب جبریل آپ کے پاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

((إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك القرآن على حرف، فقال صلى الله عليه وآله وسلم: أسأل الله معافاته ومعونته، فإن أمتي لا تطيق ذلك ولم يزل يردد المسألة حتى بلغ سبعة أحرف))

ثم قال: وكما ثبت أن القرآن نزل من سبعة ابواب على سبعة أحرف، وأن الكتاب قبله كان ينزل من باب واحد على حرف واحد، وذلك أن الأنبياء عليهم الصلوة والسلام كانوا يبعثون إلى قومهم الخاصين والنبي صلى الله عليه وآله وسلم بعث إلى جميع الخلق، أحمرهم وأسودهم، عربيهم وعجميهم، وكان العرب الذين نزل القرآن بلغتهم، لغاتهم مختلفة، وألسنتهم شتى، ويعسر على أحدهم الانتقال من لغة إلى غيرها، أو من حرف إلى آخر، بل قد يكون بعضهم لا يقدر على ذلك ولو بالتعليم والعلاج لا سيما الشيخ والمرأة، ومن لم يقرأ كتاباً كما أشار إليه صلى الله عليه وآله وسلم، فلو كلفوا العدول عن لغتهم، والانتقال عن ألسنتهم، لكان من التكليف بما لا يستطاع، وما عسى أن يتكلف المتكلف وتأبى الطباع)) اهـ.

٣- جمع الأمة الاسلامية على لسان واحد يوحد بينها هو لسان قريش الذين انتظم كثيراً من مختارات ألسنة القبائل العربية التي كانت تختلف إلى مكة في موسم الحج وغيره. ولذلك نزل القرآن على سبعة أحرف نصطفي ما

آئے اور انھوں نے کہا کہ اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک حرف پر قرآن پڑھائیں تو رسول اللہ ﷺ نے کہا میں اللہ سے اس کے عفو معرفت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی اور وہ مسلسل سوال کو دہراتے رہے حتی کہ سات حروف تک پہنچا پھر انھوں نے کہا جیسا کہ ثابت ہے کہ قرآن سات دروازوں سے سات حروف پر نازل ہوا ہے اور یہ کہ اس سے پہلی کتاب ایک دروازے سے ایک حرف پر نازل ہوئی تھی اس لئے کہ انبیاء علیہم السلام ایک مخصوص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے اور حضرت نبی کریم ﷺ سب مخلوق کی طرف مبعوث ہوئے ہیں ان کے احمر اسود اور عرب وعجم کی طرف اور عرب وہ لوگ ہیں جن کی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے ان کی لغات مختلف اور زبانیں متفرق ہیں اور ان کے کسی آدمی پر ایک زبان سے دوسری کی طرف انتقال مشکل ہے یا ایک حرف سے دوسرے حرف کی طرف بلکہ بعض تو اس پر طاقت ہی نہیں رکھتے تھے خواہ تعلیم دی جائے اور مشق کرائی جائے خصوصا بوڑھے اور عورتیں اور جس نے کوئی کتاب نہیں پڑھی جیسا کہ حضور علیہ السلام نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے پس اگر انہیں اپنی زبان سے عدول کرنے اور اپنی زبانوں سے انتقال کرنے کا مکلف کیا جاتا تو یہ تکلیف مالا یطاق ہوتی اور امید نہیں کہ متکلف تکلف کرے اور فطری مزاج بھی اسے نہیں مانتا۔

۳۔ امت اسلامیہ کا ایک زبان پہ جمع ہونا کیونکہ وہ ان کے درمیان وحدت پیدا کرتی ہے اور وہ قریش کی زبان ہے جس نے ان عربی قبائل کی زبانوں سے بہت سے پسندیدہ الفاظ اکٹھے کر لئے ہیں جو حج کے موسم میں مکہ آتے تھے اسی لئے قرآن سات حروف میں نازل ہوا ہے ہم ان عربی قبائل کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاء من لغات القبائل العربية التي تمثلت في لسان القرشيين وهذه حكمة إلهية سامية فان وحدة اللسان العام من أهم العوامل في وحدة الأمة خصوصاً أول عهدها بالتوثب والنهوض.

لغات سے جو قریشیں کی زبان میں منتقل ہو گئی ہیں جو چاہتے ہیں انتخاب کر لیتے ہیں اور یہ بڑی الٰہی حکمت ہے بلاشبہ عام زبان کی وحدت' وحدت امت کے اہم عوامل میں سے ہے خصوصاً اس کی ترقی کے دور اول میں۔

معنى نزول القرآن على سبعة أحرف:

الأحرف: جمع حرف والحرف له معان كثيرة قال صاحب القاموس: (الحرف من كل شيء طرفه، وشفيره وحده' ومن الجبل اعلاه المحدد' وواحد حروف التهجي ((ومن الناس من يعبد الله على حرف)) أي وجه واحد' وهو ان يعبده على السراء لا على الضراء' او على شك' او على غير طمأنينة من أمره' أي لا يدخل في الدين متمكناً. ((ونزل القرآن على سبعة أحرف)) أي سبع لغات من لغات العرب. وليس معناه أن يكون في الحرف الواحد سبعة أوجه إن جاء على سبعة أو عشرة أو أكثر. ولكن معناه أن هذه اللغات السبع متفرقة في القرآن)) اه. بتصرف.

قرآن کے سات حروف پر نازل ہونے کا مفہوم:

احرف' حرف کی جمع ہے اور حرف کے بہت سے معانی ہیں جیسا کہ صاحب قاموس نے بیان کیا ہے حرف ہر چیز کے کنارے اور واحد کنارے کو بھی کہتے ہیں اور پہاڑ کے محدد بالائی حصے کو بھی کہتے ہیں اور حروف تہجی کے ایک حرف کو بھی کہتے ہیں "ومن الناس من يعبد الله على حرف" یعنی ایک وجہ پر اور وہ یہ کہ وہ اس کی عبادت خوشی میں کرتا ہے سختی میں نہیں کرتا یا شک میں یا اس کے حکم طمانیت کے بغیر کرتا ہے یعنی وہ مضبوطی سے دین میں داخل نہیں ہوتا اور قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے یعنی عربوں کی لغات میں سے سات لغات پر اس کا یہ مفہوم نہیں کہ ایک حرف میں سات وجوہ پائی جاتی ہیں خواہ وہ سات وجہ پر آئے یا اس پر یا زیادہ پر بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ یہ سات لغات قرآن میں سے متفرق ہیں۔

مما تقدم نرى أن الحرف من قبيل المشترك اللفظي' والمشترك اللفظي يراد به احمد معانيه التي تعينها القرائن وتناسب المقام.

جو کچھ پہلے بیان ہو چکا ہے اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ حرف مشترک لفظی کی قسم سے ہے اور مشترک لفظی سے مراد اس کا ایک معنی ہوتا ہے جسے قرائن اور مقام کی مناسبت معین کرتی ہے۔

فالمراد من لفظ الحرف أنه الوجه بدليل ما يأتي:

پس حرف بولنے سے مراد "وجہ" ہے اس دلیل کی وجہ سے جو آگے آ رہی ہے۔

قوله ﷺ ((أنزل القرآن على سبعة أحرف)).

آپ کا فرمان کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے "علی" کا لفظ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كلمة (على) تشير إلى أن هذا الشرط للتوسعة والتيسير. بمعنى أنزل القرآن موسعاً فيه على القارى أن يقرأه على سبعة أوجه، يقرأ بأى حرف أراد منها على البدل من صاحبه كأنه قال أنزل على هذا الشرط وعلى هذه التوسعة.

شرط وسعت اور آسانی کیلئے ہے اس مفہوم میں کہ قرآن کے نزول میں قاری کو وسعت دی گئی ہے کہ وہ اسے سات وجوہ پر پڑھے جس حرف کو چاہے ان میں سے اس کے مثل کے بدل کے طور پر پڑھے گویا آپ نے فرمایا کہ وہ اس شرط فراخی و وسعت کے ساتھ نازل ہوا ہے۔

اختلاف العلماء في تفسير الأحرف الواردة في الحديث:

حدیث میں وارد ہونے والے حروف کی تفسیر میں علماء کا اختلاف:

هنا يحتدم الجدال والنزاع، ويكثر القيل والقال. وسنذكر بعضاً من الآراء ونرجح ما نراه أقرب للصواب.

یہاں جدال ونزاع تیز ہوجاتا ہے اور قیل وقال زیادہ ہوجاتی ہے ہم ابھی بعض آراء کا ذکر کرتے ہیں اور اقرب للصواب کو ترجیح دیتے ہیں۔

١ - ذهب بعض العلماء إلى أن المراد بها سبع لغات من لغات العرب في المعنى الواحد. على معنى أنه حيث تختلف لغات العرب في التعبير في معنى من المعاني يأتي القرآن بألفاظ على قدر هذه اللغات وإذا لم يكن اختلاف فإنه يأتي بلفظ واحد وقيل: إن السبعة هي لغة (قريش) و (هذيل) و(ثقيف) و (هوازن) و (كنانة) و (تميم) و (اليمن).

۱- بعض علماء کا خیال ہے کہ عربوں کی لغات میں سے وہ سات لغات مراد ہیں جو مفہوم میں ایک ہیں ان معنوں میں کہ ایک معنی کی تعبیر میں عربوں کی لغات میں اختلاف پایا جاتا ہے تو قرآن ان لغات کے مطابق الفاظ لاتا ہے اور جب اختلاف نہ ہو تو ایک ہی لفظ لاتا ہے کہتے ہیں کہ سات لغات یہ ہیں قریش، ہذیل، ثقیف، ہوازن، کنانہ، تمیم اور یمن کی زبان۔

٢ - وقيل إن المراد بالأحرف السبعة سبع لغات من لغات العرب نزل عليها القرآن على معنى أنه في جملته لا يخرج في كلماته عن سبع لغات هي أفصح لغاتهم، فأكثره بلغة قريش، ومنه ما هو بلغة هذيل، أو ثقيف، أو هوازن، أو كنانة، أو تميم، أو اليمن.

۲- یہ بھی کہا گیا ہے کہ سات حروف سے مراد عربوں کی لغات میں سے سات لغات ہیں جن پر قرآن نازل ہوا ہے اس مفہوم میں کہ وہ اپنے جملہ الفاظ میں سات لغات سے باہر نہیں جاتا اور یہ ان کی افصح لغات ہیں اس کا اکثر حصہ قریش کی زبان میں ہے اور اس میں سے کچھ ہذیل، ثقیف، ہوازن کنانہ، تمیم اور یمن کی زبان میں سے ہے۔

قال بعضهم: هذا أصح الأقوال وأولاها بالصواب، وهو الذي صححه البيهقي، واختاره

بعض نے کہا ہے کہ یہ سب سے صحیح اور صواب کے زیادہ قریب ہے اور اسے بیہقی نے صحیح قرار دیا ہے اور ابہری نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأبهري واقتصر عليه صاحب القاموس.

اسے اختیار کیا ہے اور صاحب قاموس نے اس پر اکتفاء کیا ہے۔

٣- إن المراد بالأحرف السبعة التي نزل عليها القرآن' سبعة أصناف في القرآن.

٣۔ ان سات حروف سے مراد جن پر قرآن نازل ہوا ہے قرآن کی سات اصناف ہیں۔

((ولكن أصحاب هذه الأقوال يختلفون في تعيين هذه الأصناف وفي أسلوب التعبير عنها اختلافاً كبيراً، فمنهم من يقول: (إنها أمر ونهي' وحلال' وحرام' ومحكم' ومتشابه' وأمثال).

لیکن ان اقوال کے اصحاب ان اصناف کی تعیین اور ان کے اسلوب تعبیر میں بڑا اختلاف کرتے ہیں ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ وہ امر' نہی' حلال' حرام' محکم' متشابہ اور امثال ہیں۔

ومنهم من يقول إنها (وعد' ووعيد' وحلال' وحرام' ومواعظ' وأمثال' واحتجاج).

بعض کہتے ہیں کہ وہ وعدہ' وعید' حلال' حرام' مواعظ' امثال اور احتجاج ہیں۔

ومنهم من يقول إنها: (محكم' ومتشابه' وناسخ' ومنسوخ' وخصوص' وعموم' وقصص)[(١)].

اور بعض کہتے ہیں کہ وہ محکم' متشابہ' ناسخ' منسوخ' خصوص' عموم اور قصص ہیں۔

٤- أن المراد بالأحرف السبعة أوجه من الألفاظ المختلفة في كلمة واحدة ومعنى واحد' نحو: هلمّ، وأقبل' وتعال' وعجل' واسرع' وقصدي' ونحوي. فهذه الألفاظ السبعة معناها واحد هو طلب الاقبال.

٤- سات حروف سے مراد مختلف الفاظ کی وجوہ ہیں جو ایک لفظ میں اور ایک مفہوم میں ہیں جیسے ھلم' تعال' عجل' اسرع' قصدی' نحوی' ان ساتوں الفاظ کا ایک معنیٰ ہے اور وہ توجہ طلب کرنا ہے۔

وهذا القول منسوب لجمهور أهل الفقه والحديث منهم ابن جرير الطبري والطحاوي وغيرهما.

یہ قول جمہور اہل فقہ اور حدیث کی طرف منسوب ہے جن میں ابن جریر طبری اور طحاوی وغیرہ شامل ہیں۔

٥- ان المراد بالأحرف السبعة الاختلاف في أمور سبعة:

٥۔ سات حروف سے مراد سات امور میں اختلاف ہے۔

أ- اختلاف الأسماء إفراداً وتذكيراً وفروعهما.

الف۔ اسماء' مفرد' تثنیہ' جمع اور تذکیر و تانیث کے اسماء کا اختلاف۔

مثاله قوله تعالى ﴿والذين هم لأماناتهم

مثلاً: "والذين هم لأمانتهم وعهدهم

---

(١) أنظر: مناهل العرفان' ص١٨٦.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وعهدهم راعون﴾ (سورة المؤمنون:٨) فكلمة (أمانتهم) قرىء بالجمع والإفراد.

ب- الاختلاف في تصريف الأفعال من مضارع وماض وأمر.

مثاله قوله تعالى ﴿ربنا باعد بين أسفارنا﴾(سورة سبا:١٩) قرى بنصب لفظ (ربنا) على أنه منادى وبلفظ (باعد) فعل أمر.

وقرىء ((ربُّنا بعَّد)) برفع ((رب)) على أنه مبتدأ وبلفظ ((بعد)) فعلاً ماضياً مضعف العين جملته خبر.

ج- الاختلاف بالإبدال' سواء كان ابدال حرف بحرف كقوله تعالى ﴿وانظر إلى العظام كيف ننشزها﴾ (سورة البقرة:٢٥٩) قرىء بالزاى وبالراء مع فتح النون.. وقوله سبحانه ﴿وطلح منضود﴾(سورة الواقعة:٢٩) قرىء (وطلع) فلا فرق في هذا بين الاسم والفعل أو ابدال لفظ بلفظ كقوله سبحانه ﴿كالعهن المنفوش﴾(سورة القارعة:٥) قرأ ابن مسعود (كالصوف المنفوش).

د- اختلاف بالتقديم والتأخير إما في حرف كقوله تعالى ﴿أفلم يبأس﴾(سورة الرعد جزء من الآية:٣١) قرىء (أفلم يأيس) وأما في الكلمة نحو (فيقتلون ويقتلون) قرىء بالبناء للفاعل في الأول وللمفعول في الثاني وقرىء بالعكس وكقوله سبحانه ﴿وجاء ت سكرت الموت بالحق﴾ (سورة ق :١٩) قرىء ﴿وجاء

راعون"(سورۃ المومنون:۸)لفظ "امانتھم" جمع اور افراد دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

ب۔ ماضی' مضارع اور امر کے افعال میں تصریف کا اختلاف۔

مثلاً "ربنا باعد بین اسفارنا" (سورۃ سبا:۱۹) لفظ "ربنا" منصوب پڑھا گیا ہے اس لئے کہ یہ منادی ہے۔

اور لفظ "باعد" فعل امر ہے اور "ربنا بعد" رب کے رفع کے ساتھ اس لئے کہ یہ مبتداء ہے اور لفظ "بعد" فعل ماضی مضعف العین ہے اور جملہ اس کی خبر ہے۔

ج۔ ابدال کے ساتھ اختلاف ہے خواہ حرف کا حرف سے ابدال ہو جیسے "وانظرو الی العظام کیف ننشزھا" (سورۃ البقرہ:۲۵۹) اسے زاء اور راء کے ساتھ نون کے فتحہ سے پڑھا گیا ہے جیسے "وطلح منضود" (سورۃ الواقعہ:۲۹) اسے "وطلع" بھی پڑھا گیا ہے اور اس کے اسم اور فعل میں کوئی فرق نہیں ہے یا لفظ کا ابدال لفظ سے ہ جیسے "کالعھن المنفوش" (سورۃ القارعۃ:۵) حضرت ابن المسعودؓ نے "کالصوف المنفوش" پڑھا ہے۔

د۔ تقدیم و تاخیر کا اختلاف یا تو یہ حرف میں ہوگی جیسے "افلم ییاس" (سورۃ الرعد:۳۱) اسے "افلم یایس" بھی پڑھا گیا ہے یا لفظ میں ہوگی جیسے "فیقتلون ویقتلون" پہلا بر بناء فاعل اور دوسرا بر بناء مفعول پڑھا گیا ہے اور اس کے برعکس بھی پڑھا گیا ہے اور جیسے "جاء ت سکرت الموت بالحق" (سورۃ ق:۱۹) اسے "وجاء ت سکرۃ الحق بالموت" بھی پڑھا گیا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ت سكرة الحق بالموت﴾.

هـ- اختلاف وجوه الإعراب كقوله سبحانه ﴿ما هذا بشراً﴾ (سورة يوسف :٣١) قرأ ابن مسعود بالرفع وكقوله سبحانه ﴿ذو العرش المجيد﴾ (سورة البروج:١٥) برفع المجيد على أنه نعت كلمة ذو. وجرها على أنها صفة العرش.

ہ۔ وجوہ اعراب میں اختلاف جیسے "ماھذا بشراً" (سورۃ یوسف:۳۱) ابن مسعود نے رفع سے پڑھا ہے یا جیسے "ذو العرش المجید" مجید کے رفع کے ساتھ اس لئے کہ یہ لفظ "ذو" کی صفت ہے اور اس کی جر اس لئے ہے کہ یہ عرش کی صفت ہے۔

و- الاختلاف بالزيادة والنقص كقوله تعالى ﴿وما خلق الذكر والأنثى﴾ (سورة الليل:٣) قرىء (والذكر والأنثى) بحذف (ما خلق).

د۔ کمی اور بیشی کا اختلاف جیسے "وما خلق الذکر والانثی" (سورۃ اللیل:۳) اسے ما خلق کے حذف کے ساتھ "والذکر والأنثیٰ" بھی پڑھا گیا ہے۔

ز- اختلاف اللهجات بالتفخيم والترقيق والإمالة والاظهار والادغام وهو كثير، ومنه الإمالة وعدمها فى مثل قوله تعالى ﴿هل أتاك حديث موسى﴾(سورة النازعات:١٥).

ز۔ تفخیم وترقیق امالہ، اظہار اور ادغام کے ساتھ لہجات کا اختلاف اور یہ بہت ہے اور اس میں سے امالہ اور اس کا نہ ہونا بھی ہے جیسے "ھل اتاک حدیث موسیٰ" (سورۃ النازعات:۱۵)

وهذا الرأى الأخير قد ذهب إليه الرازى وقاربه كل القرب مذهب ابن قتيبة وابن الجزرى وابن الطيب وقد أخذ به الشيخ الزرقانى فى كتابه مناهل العرفان) وأيده ببعض الأدلة.

اور اس آخری رائے کی طرف رازی گئے ہیں اور اس کے پورے قریب ابن قتیبہ، ابن الجزری اور ابن الطیب کا مذہب ہے اور شیخ زرقانی نے اپنی کتاب مناھل العرفان میں اسے اختیار کیا ہے اور بعض دلائل سے اس کی تائید کی ہے۔

الترجيح:

ترجیح:

وأقرب الوجوه إلى الصواب هو المذهب الأخير الذى اختاره الرازى، واعتمده الزرقانى فى كتابه ((مناهل العرفان)) وأيده بأدلة منها:

آخری مذہب اقرب الوجوہ الیٰ الصواب ہے جسے امام رازیؒ نے اختیار کیا ہے اور زرقانیؒ نے اپنی کتاب مناہل العرفان میں اس پر اعتماد کیا ہے اور دلائل سے اس کی تائید کی ہے جن میں سے یہ بھی ہیں۔

١-إن هذا المذهب هو الذى تؤيده الأحاديث المتقدمة.

ا۔ یہ وہ مذہب ہے جس کی احادیث متقدمہ تائید کرتی ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٢-أنه يعتمد على الاستقراء التام لاختلاف القراء ات وما ترجع إليه من الوجوه السبعة.

٣-ان هذا الرأى لا يلزمه محذور.

والأراء فى (الأحرف السبعة) كاملة تجدها فى كتاب ((مناهل العرفان)) للزرقانى وفيها توهين المذاهب الأخرى والرد عليها فى ص ١٦٥ إلى ١٧٧.

ونحن ننقل خلاصة هذا المذهب من كلام أبي الفضل الرازى فى اللوائح حيث يقول: الكلام لا يخرج عن سبعة أحرف فى الأختلاف.

الأول: اختلاف الأسماء من إفراد، وتثنية، وجمع، وتذكير، وتأنيث.

الثاني: اختلاف تصريف الأفعال، من ماض، ومضارع، وأمر.

الثالث: اختلاف وجوه الاعراب.

الرابع: الاختلاف بالنقص والزيادة.

الخامس: الاختلاف بالتقديم والتأخير.

السادس: الاختلاف بالإبدال.

السابع: اختلاف اللغات (يعنى اللهجات) كالفتح والإمالة، والترقيق والتفخيم، والإظهار والإدغام ونحو ذلك. أهـ.

هل الأحرف السبعة موجودة في المصاحف الآن:

١- ذهب جماعة من الفقهاء والقراء والمتكلمين إلى أن جميع هذه الأحرف موجودة بالمصاحف العثمانية.

٢۔ یہ اختلاف قراءات کے استقراءِ تام پر اعتماد کرتا ہے اور جس کی طرف ساتوں وجوہ رجوع کرتی ہیں۔

٣۔اس رائے کو کوئی پرہیز لازم نہیں ہے۔

حروف سبعہ کے بارے میں کامل آراء آپ زرقانی کی کتاب مناھل العرفان میں پائیں گے اس میں دوسرے مذاھب کی کمزوری اوران کا رد بھی صفحہ ١٦٥ سے ١٧٧ تک پایا جاتا ہے۔

ہم اس مذہب کا خلاصہ ابوالفضل رازی کے کلام سے جولوائح میں موجود ہے نقل کرتے ہیں جہاں وہ فرماتے ہیں کہ کلام اختلاف میں سات حروف سے باہر نہیں جاتا۔

اول: افراد، تثنیہ، جمع، تذکیر اور تانیث کے لحاظ سے اسماء کا اختلاف۔

دوم: ماضی، مضارع اور امر کے لحاظ سے افعال کی تصریف کا اختلاف۔

سوم: وجوہِ اعراب کا اختلاف

چہارم: کمی اور بیشی کا اختلاف

پنجم: تقدیم وتاخیر کا اختلاف

ششم: ابدال کا اختلاف

ہفتم: لغات کا اختلاف یعنی لہجات کا اختلاف جیسے فتح، امالہ، ترقیق، تفخیم، اظہار، ادغام وغیرہ۔

کیا حروف سبعہ اب قرآن میں موجود ہیں؟

ا۔فقہاء، قراء اور متکلمین کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ یہ تمام حروف مصاحف عثمانیہ میں موجود ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حجتهم: ا- أنه لا يجوز للأمة أن تهمل نقل شيء منها.

ان کی دلیل یہ ہے کہ امت کیلئے جائز نہیں کہ وہ ان میں سے کسی چیز کی نقل کو چھوڑ دے۔

ب- أن الصحابة أجمعوا على أن الصحف التي نقلها عثمان رضي الله عنه من الصحف التي كتبها أبو بكر رضي الله عنه.

ب۔ صحابہ کا اس پر اتفاق ہے کہ حضرت عثمانؓ سے جو صحف نقل کئے وہ ان صحف میں سے تھے جنہیں حضرت ابو بکرؓ نے لکھا تھا۔

ج- معنى ما تقدم أن الصحف التي عند أبي بكر قد جمعت الأحرف السبعة، ونقلت منها المصاحف العثمانية بالأحرف السبعة كذلك.

ج۔ پہلی بات کا مفہوم یہ ہے کہ جو صحف حضرت ابو بکرؓ سے پاس تھے وہ حروف سبعہ کے جامع تھے اور ان سے مصاحف عثمانیہ اسی طرح حروف سبعہ کے ساتھ نقل کئے گئے۔

د- قول النبي ﷺ (إن أمتي لا تطيق ذلك) لا يختص بعهد الصحابة دون غيرهم. وبقاء تيسير القرآن مع بقاء إعجازه.

د۔ حضرت نبی کریم ﷺ کا یہ قول کہ ''میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی۔'' دوسروں کو چھوڑ کر عہد صحابہ سے ہی مختص نہیں ہے اور قرآن کی آسانی اس کے اعجاز کی بقاء کے ساتھ باقی ہے۔

٢- ذهب جماهير العلماء من السلف والخلف وأئمة المسلمين إلى أن المصاحف العثمانية مشتملة على ما يحتمله رسمها من الأحرف السبعة فقط، جامعة للعرضة الأخيرة التي عرضها النبي ﷺ على جبريل.

٢۔ سلف و خلف کے جمہور علماء اور ائمۃ المسلمین اس طرف گئے ہیں کہ مصاحف عثمانیہ فقط حروف سبعہ کے رسم الخط پر مشتمل ہیں جو اس عرصہ اخیرہ کا جامع ہے جسے حضرت نبی کریم ﷺ نے جبریل پر پیش کیا تھا۔

٣- ذهب ابن جرير الطبري ومن معه إلى أن المصاحف العثمانية لم تشمل إلا على حرف واحد من الحروف السبعة.

وقالوا: ان الأحرف السبعة كانت أيام الرسول عليه الصلاة والسلام وأبي بكر وعمر فلما كان عهد عثمان رأت الأمة بقيادته ان تقتصر على حرف واحد جمعاً لكلمة المسلمين. ونسخ عثمان بهذا الحرف الذي

٣۔ ابن جریر طبری اور ان کے اصحاب اس طرف گئے ہیں کہ مصاحف عثمانیہ، حروف سبعہ میں سے صرف ایک حرف پر مشتمل ہیں اور علماء نے کہا ہے کہ حروف سبعہ۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں تھے جب حضرت عثمانؓ کا زمانہ آیا تو آپ کی قیادت میں امت نے دیکھا کہ آپ مسلمانوں کے اتحاد کیلئے ایک حرف پر ہی اقتصار کریں اور حضرت عثمانؓ نے یہ ایک ہی حرف جسے امت نے باقی رکھا تھا تمام مصاحف عثمانؓ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استبقته الأمة وحده جميع المصاحف العثمانية.

قال الزرقاني في ((مناهل العرفان)) ص ٦٦٢ ما نصه (ونحن إذا رجعنا بهذه الأوجه السبعة إلى المصاحف العثمانية وما هو مخطوط بها في الواقع ونفس الأمر، نخرج بهذه الحقيقة التي لا تقبل النقض، ونصل إلى فصل الخطاب في هذا الباب، وهو ان المصاحف العثمانية قد اشتملت على الأحرف السبعة كلها، ولكن على معنى أن كل واحد من هذه المصاحف اشتمل على ما يوافق رسمه من هذه الأحرف كلاً أو بعضاً، بحيث لم تخل المصاحف في مجموعها عن حرف منها رأساً).

میں لکھ دیا۔

زرقانی نے مناھل العرفان کے صفحہ ٦٦٢ پر بیان کیا ہے کہ جب ہم ان سات وجوہ کے ساتھ مصاحف عثمانیہ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور وہ حقیقت میں وہاں لکھی ہوئی نہیں ہیں تو ہم اس کی حقیقت کے ساتھ جو نقض کو قبول نہیں کرتی باہر نکلتے ہیں اور اس باب میں فصل الخطاب تک پہنچ جاتے ہیں اور وہ یہ کہ مصاحف عثمانیہ سب حروف سبعہ پر مشتمل ہیں مگر ان معنوں میں کہ ان مصاحف میں سے ہر ایک کلًا یا بعضاً ان حروف کے موافق رسم الخط پر مشتمل تھا اور وہ یوں کہ مجموعی طور پر مصاحف ان میں سے ایک حرف سے بھی خالی نہ تھے۔

وقد بين ووضح الشيخ الزرقاني وجود الأوجه السبعة على مذهبه المختار وإن الأوجه السبعة موجودة الآن في المصاحف العثمانية وسأكتفي بذكر مثال من أمثلته غير أن بعض الوجوه السبعة ذكر أنه منسوخة بالعرض الأخيرة.

مثاله قوله تعالىٰ ﴿**والذين هم لأماناتهم وعهدهم راعون**﴾ (سورة المؤمنون:٨) المقروئة بجمع الأمانة وإفرادها فقد اشتمل عليها المصحف إذ كان الرسم العثماني فيه هكذا:

((لأمنتهم)) برسم المفرد في الحروف ولكن عليها ألف صغيرة لتنير إلى قراءة الجمع وغير منقوطة ولا مشكولة[1].

شیخ زرقانیؒ نے اپنے پسندیدہ مذھب کے مطابق ساتوں وجوہ واضح کر دیں۔ اور یہ کہ ساتوں وجوہ اب بھی مصاحف عثمانیہ میں موجود ہیں اور میں اس کی مثالوں میں سے ایک مثال پر اکتفاء کروں گا ہاں انھوں نے بیان کیا ہے کہ بعض وجوہ سبعہ عرضہ اخیرہ میں منسوخ ہوگئی ہیں۔

اس کی مثال یہ قول الٰہی ہے "**والذين هم لأمانتهم وعهدهم راعون**" (سورۃ المؤمنون:٨) اسے لفظ امانت کے جمع اور مفرد ہونے کی حیثیت سے پڑھا گیا ہے اور مصحف اس پر مشتمل ہے جب کہ اس میں رسم عثمانی یوں ہے:

"**لأمنتهم**" حروف میں مفرد کی لکھائی کے ساتھ لیکن اس پر چھوٹا الف ہے تا کہ جمع کی قرأت کی طرف اشارہ کرے اور وہ غیر منقوطہ اور بغیر اعراب کے ہے۔

(١) أنظر، مناهل العرفان، ص ١٦٢-١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مناقشة مذهب الطبري:

قال الطبري أن الأحرف الستة نسخت باجماع الأمة في عهد عثمان رضي الله عنه وبقي حرف واحد حفاظا لوحدة الأمة الإسلامية من التفرق حين كفر بعضهم بعضاً بسبب اختلاف القراءات وخيفت الفتنة، فلم تجد الأمة حلاً لهذه المشكلة إلا جمع الأمة على قراءة حرف واحد.

الرد عليه:

١-الصحابة رضوان الله عليهم اختلفوا في القراءة في عهد رسول الله وكادت أن تقع فتنة كما قلتم فكيف حل الرسول عليه السلام هذه المشكلة؟.

إنما كان حله الوحيد إقرار كل من المختلفين على القراءة التي قرأبها وأفهمهم أن تعدد وجوه القراءة هو رحمة من الله بهم وتيسير عليهم: كما دلت عليه الأحاديث المتقدمة:

٢- وقال في الحديث (إن أمتيّ لا تطيق ذلك) وأمته باقية إلى يوم القيامة. كما نشاهد نحن الآن أن بعض الشعوب الإسلامية لا يتيسر لها النطق ببعض الحروف ولا تحسن اتقان بعض اللهجات دون بعض.

٣- بعد ما عرفنا ما تقدم نقول كيف يسوغ لصحابة رسول الله عليهم من الله الرضوان، وعلى رأسهم عثمان بن عفان اغلاق باب الرحمة والتخفيف الذي فتحه الله لأمة الإسلام، مخالفين الرسول عليه الصلاة

طبری کے مذہب کا مناقشہ:

طبریؒ نے بیان کیا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے عہد میں امت کے اجماع سے چھ حروف منسوخ ہو گئے اور امت اسلامیہ کی وحدت کو تفرق سے بچانے کیلئے جب انہوں نے قراءات کے اختلاف کے باعث ایک دوسرے کی تکفیر کی اور فتنہ کا ڈر پیدا ہو گیا اور صرف ایک حرف باقی رہ گیا اور امت نے اس مشکل کا حل صرف حرف واحد کی قرأت پر امت کے جمع ہونے میں پایا۔

اس کا رد:

۱-رسول اللہ ﷺ کے عہد میں صحابہ نے قرأت میں اختلاف کیا اور قریب تھا کہ فتنہ پیدا ہو جاتا جیسا کہ تم نے کہا ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مشکل کو کیسے حل کیا؟

اس کا واحد حل' اختلاف کرنے والوں میں سے ہر ایک کا اس قرأت پر قائم رہنا تھا جسے اس نے پڑھا تھا اور آپ نے انہیں سمجھایا کہ وجوہ قراءات کا تعدد اللہ کی ان پر رحمت ہے اور ان کیلئے آسانی ہے جیسا کہ احادیث متقدمہ اس پر دال ہیں۔

۲- حدیث میں آپ نے فرمایا ہے کہ میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی اور آپ کی امت قیامت تک باقی ہے جیسا کہ ہم اب دیکھتے ہیں کہ بعض اسلامی شعوب کیلئے بعض حروف کا بولنا آسان نہیں ہے اور دوسرے لہجوں کو چھوڑ کر وہ ایک لہجہ بھی اچھی طرح پختگی سے ادا کر سکتے۔

۳- (حروف سبعہ کے بارے) مذکورہ بحث کے بیان کرنے کے بعد اب ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب کہ ان کی سربراہی حضرت عثمانؓ کے پاس ہو اللہ کی طرف سے رحمت اور آسانی کے دروازہ کو کیسے بند کر سکتے ہیں اس حال میں کہ وہ اللہ کے رسول کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والسلام فی علاجه للنزاع الذی حصل بین الصحابة بتقریر هذا التعدد للحروف.

٤- إننا نربأ باصحاب رسول الله ﷺ أن یكونوا قد وافقوا أو فكروا علی ضیاع ستة أحرف من القرآن الكریم، وهي لم تنسخ لا تلاوة ولا حكما، ولم یكونوا لیخالفوا الرسول فی قوله وعمله.

٥- لو كانت هذه الأحرف نسخت فی عهد عثمان رضی الله عنه لم یبق مجال لأختلاف العلماء فیها ولكننا نجدهم اختلفوا فیها علی نحو من أربعین قولا.

٦- لو فرضنا جدلاً أن الأحرف الستة نسخت فی عهد عثمان فلماذا لا تبقی لمجرد التاریخ فقط فی أعظم كتاب مقدس مع أن الصحابة بینوا الآیات المنسوخة تلاوة أو حكماً وكذلك الآیات المنسوخة والأحادیث الموضوعة وبینوا لكل وجهته.

٧- وقصاری القول ان الصحابة رضی الله عنهم لم یرضوا بمخالفة رسول الله فی قوله أو فعله ولم یكن لهم التبدیل ونسخ ما لم ینسخ من كتاب الله وحاشاهم ان یقدموا علی مثل هذا الفعل رضی الله عنهم وأرضاهم.

بعض الشبهات الواردة علی الموضوع والرد علیها:

الشبهة الأولی:

یقولون: ان المراد بالأحرف السبعة هی

مخالفت کر رہے ہوں اس نزاع کے علاج میں جو صحابہ کرام کے درمیان تعدد حروف کے بارے میں پیدا ہوا۔

۴- ہم رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کو اس بات سے بری سمجھتے ہیں کہ انہوں نے قرآن کریم کے چھ حروف کے ضیاع پر موافقت کی ہے ہو یا غور و فکر کیا ہو حالانکہ وہ حکماء اور تلاوۃ منسوخ نہیں ہوئے کیونکہ صحابہ کرام اپنے قول و عمل میں رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرنے والے تھے۔

۵- اگر یہ حروف حضرت عثمان کے زمانے میں منسوخ ہو جاتے تو ان کے بارے میں علماء کے اختلاف کی گنجائش نہ رہتی لیکن ہم انہیں ان کے بارے میں تقریبا چالیس اقوال پر اختلاف کرتا پاتے ہیں۔

۶- اگر ہم جدل کا ہونا فرض لیں کہ چھ حروف حضرت عثمانؓ کے عہد میں منسوخ ہو گئے ہیں تو وہ سب سے بڑی مقدس کتاب کی تاریخ میں کیوں باقی نہیں رہے جب کہ صحابہ نے تلاوۃ اور حکما منسوخ آیات کی وضاحت کی ہے اور ایسے ہی منسوخ آیات اور موضوع احادیث کی وضاحت کی ہے اور ہر ایک کا نقطہ نظر واضح کیا ہے۔

۷- مختصر یہ کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے رسول کریم ﷺ کے قول اور فعل میں آپ کی مخالفت کو پسند نہیں کیا اور نہ ہی انہوں نے نسخ و تبدیل کیا ہے جو کتاب اللہ سے منسوخ نہیں ہوا اور یہ ان کی شان سے بعید ہے کہ وہ اس قسم کا فعل کریں۔ رضی اللہ عنہم وارضاھم

موضوع پر وارد ہونے والے بعض شبہات اور ان کا رد:

پہلا شبہ:

وہ کہتے ہیں حروف سبعہ سے مراد سبع قراءات ہیں جو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القراء ات السبع المنقولة عن الأئمة السبعة المعروفين عند القراء.

قراء کے مشہور ائمہ سبعہ سے منقول ہیں۔

الرد عليهم:

قولكم هذا باطل من وجوه:

١- إن قول الرسول ﷺ (ان هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف) يكون عارياً من الفائدة على قولكم حتى يولد الائمة السبعة مع أن قولكم غير صحيح' لان الرسول ﷺ قرأبها وصحابته وتابعيه قبل ميلاد القراء.

قال المحقق ابن الجزري (فلو كان الحديث منصرفاً الى قراء ات السبعة المشهورين او سبعة غيرهم من القراء الذين ولدوا بعد التابعين' لأدى ذلك إلى ان يكون الخبر عارياً عن الفائدة إلى ان يولد هؤلاء السبعة' فتؤخذ عنهم القراء ة' وأدى أيضاً إلى انه لا يجوز لاحد من الصحابة ان يقرأ إلا بما يعلم ان هؤ لاء السبعة من القراء إذا ولدوا وتعلموا اختاروا القراءة به وهذا باطل إذ طريق أخذ القراء ة ان تؤخذ عن امام ثقة لفظاً عن لفظ إماماً عن إمام إلى ان يتصل بالنبي ﷺ)) أهـ.

٢- ان الأحرف السبعة أعم من القراءات السبع عموماً مطلقاً لأن الأحرف السبعة تشمل القراء ات التي قرأ بها الرسول ﷺ وتشمل أيضاً ما وصل الى هؤلاء القراء السبعة وما نسخ قبل إن يصل اليهم وتنتظم جميع القراء ات صحيحها ومنكرها وشاذها فما دام أن الاحرف

شبہ کا جواب:

تمہارا یہ قول کئی وجوہ سے باطل ہے۔

۱۔ رسول اللہ ﷺ کا فرمان یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے تمہارے قول کے مطابق فائدے سے خالی ہوگا حتیٰ کہ ائمہ سبعہ پیدا ہوں حالانکہ تمہارا قول غلط ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے آپ کے صحابہ نے اور آپ کے تابعین نے قراء کی پیدائش سے پہلے انہیں پڑھا ہے۔

محقق ابن الجزری نے بیان کیا ہے کہ: اگر حدیث مشہور قراء ات سبعہ کی طرف یا دوسرے قراء کی طرف منصرف ہوئی جو تابعین کے بعد پیدا ہوئے تو اس امر کی طرف پہنچائے گی کہ یہ حدیث فائدہ سے خالی ہو یہاں تک کہ یہ سات قراء پیدا ہوں اور ان سے قرأت سیکھی جائے نیز اس امر کی طرف بھی پہنچائی ہے کہ کسی صحابی کیلئے جائز نہیں کہ وہ پڑھے مگر وہی جو ان سبعہ قراء سے معلوم کرے جب وہ پیدا ہوں اور علم حاصل کریں اور اس کی قرأت کو اختیار کریں اور یہ باطل ہے جب کہ قرأت کے اخذ کا طریق یہ ہے کہ اسے ثقہ امام سے لفظ بہ لفظ سیکھا جائے اور امام' امام سے سیکھے حتیٰ کہ حضرت نبی کریم ﷺ تک پہنچ جائے۔

۲۔ حروف سبعہ مطلقاً عموماً قرأت سبعہ سے اعم ہیں اس لئے کہ حروف سبعہ ان قراء ات پر مشتمل ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے پڑھی ہیں نیز وہ اس پر بھی مشتمل ہیں جو ان قراء سبعہ تک پہنچا ہے اور جو ان تک پہنچنے سے پہلے منسوخ ہو چکا ہے اور سب قراء ات صحیح اور منکر اور شاذ درست ہو جاتی ہیں پس جب تک حروف' قراء ات سے اعم ہوں گے تو وہ اصلاً

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعم من القراء ات فلا تکون هی نفس القراءات.

٣- من المحال عقلاً أن يفرض الرسول عليه السلام قراءة القرآن على صحابته بقراءة القراء الذين لم يخلقوا بعد، وهذا الرأی باطل.

الشبهة الثانية:

يقولون: ان أحاديث نزول القرآن الكريم على سبعة أحرف تثبت الاختلاف مع ان القرآن نفسه ينفي الاختلاف بقوله تعالى ﴿أفلا يتدبرون القرآن ولو كان من عند غير الله لوجدوا فيه اختلافاً كثيراً﴾(سورة النساء :٨٢). وذلك تناقض ولا ندری أيهما الصادق.

الجواب:

ان الاختلاف الذی تثبته الأحاديث غير الذی ينفيه القرآن وعلى هذا كلاهما صادق. إذ ان الاختلاف الذی تثبته الأحاديث فيما يتعلق بطرق الأداء والنطق بألفاظ القرآن فی دائرة محدودة لا تعلو سبعة أحرف، وبشرط التلقی فيها كلها عن النبی ﷺ.

فعلى هذا يكون الاختلاف فی الأحاديث بمعنى: التنويع اما القرآن فينفی التناقض بين أحكامه ومعانيه وتعاليمه مع ثبوت التنويع فی التلفظ والأداء[1].

والحاصل:

قال الشيخ شهاب الدين أبو شامة: وهذا المجموع فی المصحف: هل هو جميع

قراءات نہ ہوں گے۔

٣- یہ عقلاً محال ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ پر قرأت قرآن فرض قرار دیں ان لوگوں کی قرأت سے جو ابھی پیدا نہیں ہوئے یہ رائے باطل ہے۔

دوسرا شبہ:

وہ کہتے ہیں کہ سات حروف پر قرآن کریم کے نزول کی احادیث اختلاف کو ثابت کرتی ہیں حالانکہ خود قرآن کریم اختلاف کی نفی کرتا ہے "افلا یتدبرون القرآن ولو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا" (سورۃ النساء:٨٢) یہ تناقض ہے ہم نہیں جانتے کہ ان دونوں میں سے کون سچا ہے۔

جواب:

وہ اختلاف جسے احادیث ثابت کرتی ہیں وہ اس کے خلاف ہے جس کی قرآن نفی کرتا ہے اس صورت میں دونوں سچے ہیں وہ اختلاف جسے احادیث ثابت کرتی ہیں وہ ادا کے طرق اور الفاظ قرآن کے نطق سے جو محدود دائرہ میں سات حروف سے تجاوز نہیں کرتا تعلق رکھتا ہے اس شرط کے ساتھ کہ وہ سب رسول اللہ ﷺ سے سیکھے ہوں۔

اس بناء پر احادیث میں اختلاف تنویع کے معنوں میں ہوگا اور قرآن اپنے احکام ومعانی اور تعلیمات کے درمیان تلفظ اور ادائیگی کی تنویع کے ثبوت کے ساتھ تناقض کی نفی کرتا ہے۔

حاصل:

شیخ شہاب الدین ابو شامہؒ نے بیان کیا ہے کہ مصحف کا یہ مجموعہ کیا وہ سارے حروف سبعہ ہیں جن پر قرأت قائم ہے؟

(١) نقلاً عن مناهل العرفان ص١٧٩ بتصرف.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأحرف السبعة التى اقيمت القراءة عليها؟ أو حرف واحد فيها؟ قال القاضي أبو بكر إنه جميعها' وصرح أبو جعفر الطبرى والأكثرون من بعده بأنه حرف منها' ومال الشيخ الشاطبى إلى قول القاضي فيما جمعه أبو بكر' وإلى قول الطبرى فيما جمعه عثمان رضى الله عنه.

قال الزركشي في البرهان:

قال بعض المتأخرين: القراء ات السبع التي قرأها القراء السبعة كلها صحت عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم' وهو الذى جمع عليه عثمان رضى الله عنه المصحف' وهذه القراء ات السبع اختيارات أولئك القراء فإن كل واحد منهم اختار فيما روى وعلم وجهة من القراء ة ما هو الأحسن عنه' ولزم طريقة منها ورواها وقرأبها' واشتهرت عنه ونسبت اليه' فقيل حرف نافع وحرف ابن كثير' ولم يمنع واحد منهم حرف الآخر ولا أنكره بل سوغه وحسنه.

إلى ان قال: وقد أجمع المسلمون في هذه الأعصار على الاعتماد على ما صح عنهم' وكان الإنزال على الأحرف السبعة توسعة من الله ورحمة للأمة' إذ لو كلف كل فريق منهم ترك لغته والعدول عن عادة نشؤا عليها' من الامالة والهمز' والتليين' والمد' وغيره لشق عليهم.

یا ان میں سے ایک حرف ہے؟ قاضی ابوبکر نے کہا ہے یہ وہ سب حروف ہیں اور ابوجعفر طبری نے صراحت کی ہے اور اس کے بعد کے اکثر لوگوں نے بھی کہ یہ ان میں سے ایک حرف ہے اور شیخ شاطبی بھی قاضی کے قول کی طرف مائل ہیں کہ اسے حضرت ابوبکرؓ نے جمع کیا ہے اور طبری کے قول کی طرف بھی جسے حضرت عثمانؓ نے جمع کیا ہے۔

زرکشی نے برہان میں بیان کیا ہے۔

کہ بعض متاخرین نے کہا ہے کہ قراءات سبعہ جو قراء سبعہ نے پڑھی ہیں سب کی سب حضرت نبی کریم ﷺ سے صحیح ثابت ہیں اور حضرت عثمان نے مصحف کو اسی قرأت پر جمع کیا ہے اور یہ قراءات سبعہ ان قراء کی پسندیدہ ہیں ان میں سے ہر ایک نے جسے پسند کیا اسے روایت کیا ہے اور قرأت کے مرتبہ کو معلوم کیا جو اس سے احسن ہو اور اس کے طریقے سے لازم رہا اور اسے روایت کیا اور پڑھا اور وہ قرأت اس سے شہرت پا گئی اور اس کی طرف منسوب ہوگئی اور کہا گیا حرفِ نافع اور حرف ابن کثیر اور ان میں سے کسی نے دوسرے کے حرف کو نہ روکا اور نہ اس کا انکار کیا بلکہ جائز قرار دیا اور اس کی تحسین کی اس نے یہاں تک کہا ہے کہ ان زبانوں میں مسلمانوں نے جو ان سے صحیح پہنچا ہے اس پر اعتماد کیا ہے اور حروف سبعہ پر اتارنا اللہ کی جانب سے امت کیلئے کشادگی اور رحمت تھی اور اگر ان میں سے ہر فریق کو اپنی لغت کے ترک کرنے اور اس معمول سے جس پر انہوں نے نشونما پائی ہے عدول کرنے کا مکلف کیا جاتا یعنی امالہ ھمزہ تلیین اور مد وغیرہ سے تو انہیں شاق گزرتا۔

القراءات المشهورة:

في نهاية البحث نرى لزاماً علينا ان نتكلم

مشہور قراءات:

بحث کے آخر میں ہم اپنے پر لازم سمجھتے ہیں کہ ہم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على نبذة مختصرة عن القراء ات وكيف نشأت؟ ومن هم القراء المشهورون؟

تعريف القراءات:

القراءات جمع قراءة : مصدر قرأ يقرأ قرائة. واصطلاحاً: مذهب من مذاهب النطق فى القرآن يذهب به إمام من الأئمة القراء مذهبا يخالف غيره فى النطق بالقرآن الكريم وهى ثابتة بأسانيدها إلى رسول الله ﷺ.

هل كان في عهد الصحابة قراء؟

نعم يرجع عهد القراء الذين اقاموا الناس على طرائقهم فى التلاوة الى عهد الصحابة الكرام.

فقد اشتهر بالاقراء منهم: أبي' وعلي' وزيد بن ثابت' وابن مسعود وأبو موسى الاشعرى وغيرهم.

وعن هؤلاء اخذ كثير من الصحابة والتابعين فى الأمصار وكلهم يسند إلى رسول الله ﷺ الى ان جاء عهد التابعين فى المائة الاولى فتجرد قوم واعتنوا بضبط القراء ة عناية تامة حين دعت الحاجة الى ذلك وجعلوها علماً كما فعلوا بعلوم الشريعة الأخرى.

ونعود ونقول كيف نشأت القراءات:

عرفنا آنفاً ان عهد القراء من عهد الصحابة الى عهد التابعين' وان المعول عليه فى القرآن الكريم إنما هو التلقى والأخذ ثقة عن ثقة وإماماً عن إمام الى النبى ﷺ. وكانت المصاحف غير

قراءات کے بارے میں مختصر گفتگو کریں کہ وہ کیسے پروان چڑھیں؟ اور کون مشہور قراء ہیں؟

قراءات کا تعارف:

قراءات' قراءۃ کی جمع ہے' مصدر قرأ یقرأ قراءۃ ہے اور اصطلاحاً قرآن کے نطق کے مذاہب میں سے ایک مذہب کو کہتے ہیں جسے ائمہ قراء میں سے کوئی امام اختیار کرتا ہے اور وہ نطق بالقرآن میں دوسرے کی مخالفت کرتا ہے اور یہ اپنی اسانید کے ساتھ رسول اللہ ﷺ تک ثابت ہیں۔

کیا عہدِ صحابہ میں قراء تھے؟

ہاں! جن قراء نے لوگوں کو تلاوت میں اپنے طریقوں پر قائم کیا ان کا عہد' صحابہ کرامؓ کے عہد کی طرف لوٹتا ہے۔

ان میں سے پڑھانے میں حضرت ابی بن کعب' حضرت علی' حضرت زید بن ثابت' حضرت ابن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضوان اللہ علیہم اجمعین نے شہرت پائی۔

اور شہروں میں ان سے بہت سے صحابہ اور تابعین نے سیکھا اور وہ سب کے سب رسول اللہ ﷺ کی طرف اسناد کرتے تھے یہاں تک کہ پہلی صدی میں تابعین کا عہد آ گیا تو کچھ لوگ نکلے اور جب انہیں ضرورت محسوس ہوئی تو انہوں نے ضبطِ قرأت کا مکمل اہتمام کیا اور اسے انہوں نے اسے ایک مستقل علم بنا دیا جیسے انہوں نے شریعت کے دوسرے علوم کے ساتھ کیا۔

قراءات کیسے پروان چڑھیں؟

ابھی معلوم ہوا ہے کہ قراء کا زمانہ عہد صحابہ سے تابعین تک ہے اور قرآن کریم کے بارے میں جس پر بھروسہ کیا جاتا ہے وہ صرف ثقہ کا ثقہ سے اور امام کا امام سے حضرت نبی کریم ﷺ تک سیکھنا ہے اور مصاحف غیر منقوط اور بغیر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منقوطة ولا مشكولة. وأن صورة الكلمة فيها كانت محتملة لكل ما يمكن من وجوه القراءات المختلفة' واذا لم تحتملها كتبت الكلمة بأحد الوجوه في مصحف' ثم كتبت في مصحف آخر بوجه آخر وهلم جراً.

اعراب کے ہوتے تھے اور لفظ کی صورت تمام ممکن وجوہ قراءات کی متحمل ہوتی تھی اور جب وہ ان کی متحمل نہیں ہوتی تھی تو مصحف میں وہ لفظ ایک وجہ پر لکھا جاتا تھا پھر دوسرے مصحف میں دوسری وجہ پر لکھا جاتا تھا۔ وهلم جرا

فلا غرو ان كان التعويل على الرواية والتلقي هو العمدة في باب القراءة والقرآن.

اگر روایت اور سیکھنے پر مدار ہے تو یہ تعجب کی بات نہیں یہ قرآن اور قرأت کے باب میں بھروسے کی چیز ہے۔

ثم ان الصحابة رضوان الله عليهم قد اختلف اخذهم عن رسول الله ﷺ فمنهم من قرأ بحرف ومنهم من أخذه عنه بحرفين' ومنهم من زاد' ثم تفرقوا في البلاد وهم على هذه الحال.

پھر صحابہ رضوان اللہ علیہم کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سیکھنے میں اختلاف ہے ان میں سے بعض نے ایک حرف سے پڑھا اور بعض نے آپ سے دو حرفوں سے سیکھا اور بعض نے زیادہ سیکھا پھر وہ اسی حالت میں شہروں میں پھیل گئے۔

وكان عثمان رضى الله عنه حين بعث المصاحف الى الآفاق ارسل مع كل مصحف من يوافق قراء ته في الأكثر الغالب' وعند تفرق الصحابة في البلدان مع اختلافهم في القراء ات نقل ذلك عنهم التابعون ومن تبعهم واختلف بسبب ذلك اخذ التابعين حتى وصل الامر على هذا النحو الى الأئمة القراء المشهورين الذين تخصصوا وانقطعوا للقراءات يضبطونها ويعنون بها وينشرونها.

حضرت عثمانؓ نے جب مصاحف کو آفاق کی طرف بھیجا تو ہر مصحف کے ساتھ اسے بھی بھیجا جس کی قرأت اکثر و غالب طور پر اس کے موافق تھی اور اپنی اپنی قرأت کے ساتھ صحابہ کے شہروں میں پھیل جانے سے تابعین اور تبع تابعین نے ان سے اسے روایت کیا اس کے باعث تابعین میں اختلاف ہو گیا۔ حتی کہ اس طریق سے یہ معاملہ مشہور ائمہ قراء تک پہنچ گیا جو ماہر ہو گئے اور قراء ات کیلئے انہوں نے انقطاع اختیار کر لیا وہ انہیں ضبط کرتے تھے اور ان کا اہتمام کرتے تھے اور ان کی نشر و اشاعت کرتے تھے۔

هذا منشأ علم القراء ات واختلافها و.ن كان هذا الاختلاف يرجع في الواقع إلى امور يسيرة بالنسبة لمواضع الاتفاق الكثيرة كما هو معلوم وهذا الإختلاف في حدود الاحرف السبعة التي نزل عليها القرآن الكريم كلها من عند الله.

یہ علم قراءات اور ان کے اختلاف کا مولود منشاء ہے اگرچہ یہ اختلاف فی الواقعہ بہت سی اتفاق کی جگہوں کی نسبت سے معمولی امور کی طرف لوٹتا ہے جیسا کہ معلوم ہی ہے اور یہ اختلاف ان حروف سبعہ کی حدود میں ہے جن پر سارا قرآن کریم اللہ کی جانب سے نازل ہوا ہے۔

www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ویحسن فی هذا المقام ان ننقل ما کتبه الشیخ الزرقانی فی کتابه ((مناهل العرفان)) وقد نقله من کتاب للنویری مخطوط بدار الکتب المصریة وضعه شرحاً للطیبة فی القراء ات.

قال: (والاعتماد فی نقل القرآن علی الحفاظ، ولذلك ارسل (أی عثمان رضی الله عنه) کل مصحف مع من یوافق قراء ته فی الاکثر ولیس بلازم. وقرأ کل مصر بما فی مصحفهم، وتلقوا ما فیه من الصحابة الذین تلقوه عن النبی ﷺ. ثم تجرد للأخذ عن هؤلاء قوم اسهروا لیلهم فی ضبطها، واتعبوا نهارهم فی نقلها، حتی صاروا فی ذلك هؤلاء قوم اسهروا لیلهم فی ضبطها، واتعبوا نهارهم فی نقلها، حتی صاروا فی ذلك أئمة للأقتداء، وأنجماً للإهتداء وأجمع اهل بلدهم علی قبول قراء تهم، ولم یختلف علیهم اثنان فی صحة روایتهم ودرایتهم، ولتصدیقهم للقراء ة نسبت الیهم، وکان المعول فیها علیهم.

((ثم ان القراء بعد هؤلاء کثروا، وفی البلاد انتشروا وخلفهم امم بعد امم، وعرفت طبقاتهم، واختلفت صفاتهم، فکان منهم المتقن للتلاوة، المشهورة بالروایة والداریة، ومنهم المحصل لوصف واحد، ومنهم المحصل لاکثر من واحد فکثر بینهم لذلك الاختلاف وقل منهم الائتلاف.

اس مقام پر شیخ زرقانیؒ نے اپنی کتاب مناھل العرفان میں جولکھا ہے اس کا نقل کرنا ہمارے لئے اچھا ہوگا اور انھوں نے اسے زہری کی مخطوط کتاب سے نقل کیا ہے جو دار الکتب مصریہ میں ہے انھوں نے اسے طیبہ کی شرح بتایا ہے جو قراء ات کے بارے میں ہے انھوں نے بیان کیا ہے۔

نقل قرآن کے بارے میں حفاظ پر اعتماد ہے اسی لئے حضرت عثمانؓ نے ہر مصحف کو اسکے ماہر ساتھ بھیجا جس کی قرأت اس کے اکثر کے موافق تھی اور یہ لازم نہیں ہے اور ہر شہر والوں نے وہ پڑھا جو ان کے مصحف میں تھا اور جو کچھ اس میں تھا وہ انہوں نے ان صحابہ سے سیکھا جنھوں نے اسے حضرت نبی کریم ﷺ سے سیکھا تھا پھر ان سے سیکھنے کیلئے کچھ لوگ نکلے جنھوں نے ان کے ضبط میں اپنی راتوں کو بے خواب کیا اور ان کی نقل میں اپنے دنوں کو درماندہ کیا حتی کہ وہ اس بارے میں اقتداء کے ائمہ اور راہنمائی کے ستارے بن گئے اور ان کے شہروں کے باشندوں نے ان کی قراءات کے قبول کرنے پر اتفاق کیا اور ان کے متعلق دو آدمیوں نے بھی ان کی صحت روایت و درایت اور جو قراء ات ان کی طرف منسوب کی گئی ہے اس کے درپے ہونے کے بارے میں اختلاف نہیں کیا اور اس بارے میں انہی پر اعتماد تھا۔

پھر ان کے بعد قراء بکثرت ہو گئے اور شہروں میں پھیل گئے اور قوموں کے بعد قوموں نے ان کی جانشینی کی اور ان کے طبقات مشہور ہو گئے اور ان کی صفات مختلف ہو گئیں ان میں پختہ تلاوت والے بھی تھے اور روایت و درایت میں شہرت یافتہ بھی تھے ان میں ایک وصف کے محصل بھی تھے اور ایک وصف سے زیادہ کے بھی محصل تھے اس لئے ان میں اختلاف زیادہ ہو گیا اور اتفاق کم ہو گیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقام عند ذلك جهابذة الائمة، وصناديد الأمة فبالغوا في الاجتهاد بقدر الحاصل، وميزوا بين الصحيح والباطل، وجمعوا الحروف والقراءات، وعزوا الاوجه والروايات، وبينوا الصحيح والشاذ، والكثير والفاذ بأصول اصلوها وأركان فضلوها.[1] الخ)).

اس وقت ائمہ کے نقاد اور امت کے صنادید کھڑے ہو گئے اور انہوں نے بقدر استطاعت اجتہاد کے بارے میں کوشش و مشقت میں کوئی کوتاہی نہ چھوڑی اور صحیح اور باطل کے درمیان فرق کیا اور حروف و قراءات کو جمع کیا اور وجوہ اور روایات کو عزت دی اور صحیح اور شاذہ اور کثیر اور فاذ کو ان اصول و ارکان کے ساتھ واضح کیا جن کو انہوں نے شرف و فضیلت دی تھی۔

عدد القراءات وانواعها:

ذكر صاحب كتاب (الإتقان) ان القراءات، متواترة، ومشهورة، وآحاد، وشاذ، وموضوع، ومدرج.

قراءات کی تعداد اور ان کی انواع:

صاحب اتقان نے بیان کیا ہے کہ قراءات، متواتر، مشہور، احاد، شاذہ، موضوع، اور مدرج ہیں۔

قال القاضي جلال الدين البلقيني: القراءة تنقسم الى متواتر وآحاد وشاذ: فالمتواتر القراءات السبع المشهورة.

والآحاد قراءة الثلاثة التي هي تمام العشر ويلحق بها قراءة الصحابة.

والشاذ قراءة التابعين كالأعمش ويحيى بن وثاب، وابن جبير ونحوهم.

قال السيوطي هذا الكلام فيه نظر وأحسن من تكلم في هذا النوع إمام القراء في زمانه الشيخ ابو الخير بن الجزري قال في اول كتابه ((النشر)) كل قراءة وافقت العربية ولو بوجه، ووافقت احد المصاحف العثمانية ولو احتمالا وصح سندها فهي القراءة الصحيحة التي لا يجوز ردها ولا يحل انكارها بل هي من

قاضی جلال الدین بلقینی نے بیان کیا ہے کہ قراءۃ متواتر احاد اور شاذ میں منقسم ہوتی ہے پس سات مشہور قراءات متواتر ہیں

اور احاد ان تین کی قرأت ہے جو دس کو مکمل کرنے والی ہے اور صحابہ کی قرأۃ کو بھی اس کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے۔

اور شاذ، تابعین کی قرأت ہے جیسے اعمش، یحییٰ بن وثاب اور ابن جبیر وغیرہ کی قرأۃ۔

سیوطی نے بیان کیا ہے کہ یہ کلام غور کے قابل ہے اور اس نوع کے بارے میں سب سے خوبصورت گفتگو اپنے زمان کے امام القراء شیخ ابوالخیر الجزری نے کی ہے آپ نے اپنی کتاب ''النشر'' کے شروع میں بیان کیا ہے کہ سب قراءات عربی کے موافق ہیں خواہ ایک وجہ سے ہوں اور مصاحف عثمانیہ کے ایک مصحف سے موافقت رکھتی ہیں خواہ احتمالی موافقت ہی ہو اور ان کی سند صحیح ہے اور یہی وہ صحیح

(١) انظر مناهل العرفان ج١ ص٤٠٧.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الاحرف السبعة التي نزل بها القرآن ووجب على الناس قبولها سواء كانت عن الأئمة السبعة أم عن العشرة ام عن غيرهم من الائمة المقبولين ومتى اختل ركن من هذه الأركان الثلاثة اطلق عليها شاذه او باطله سواء كانت عن السبعة ام عمن هو اكبر منهم، هذا هو الصحيح عند ائمة التحقيق من السلف والخلف[1].

قرأت ہے جس کا رد کرنا جائز نہیں اور نہ اس کا انکار کرنا جائز ہے بلکہ یہ ان حروف سبعہ میں سے ہے جن کے ساتھ قرآن نازل کیا گیا ہے اور لوگوں پر ان کا قبول کرنا واجب ہے خواہ وہ ائمہ سبعہ کی جانب سے ہوں یا ائمہ عشرہ کی طرف سے ہوں یا دوسرے مقبول ائمہ کی طرف سے ہوں اور جب ان ارکان ثلاثہ میں سے ایک رکن خراب ہو جائے تو اس پر شاذہ یا باطلہ کا اطلاق کیا جائے گا خواہ وہ سبعہ کی طرف سے ہو یا ان کی طرف سے ہو جو ان سے بھی زیادہ بڑے ہیں اور سلف وخلف کے ائمہ تحقیق کے نزدیک یہی صحیح ہے۔

قال صاحب الطيبة في ضابط قبول القرائات:

وكل ما وافق وجه النحو
وكان للرسم احتمالاً يحوى
وصح اسناداً هو القرآن
فهذه الثلاثة الاركان
وحيثما يختل ركن أثبت
شذوذه لوأنه في السبعة

صاحب الطیبہ نے قراءات کے قبول کے ضابطہ کے بارے میں کہا ہے:

''ہر وہ بات جو نحو کی وجہ کے موافق ہو اور وہ لکھنے کے احتمال کو بھی حاوی ہو اور اسناداً صحیح ہو وہ قرآن ہے اور یہی تین ارکان ہیں اور جہاں کوئی رکن خراب ہوتا ہے اس کا شذوذ ثابت ہو جاتا ہے خواہ وہ سبعہ میں سے ہو۔''

والقراءات: قيل: القراءات السبع، والقراءات العشر، والقراءات الأربع عشرة، وأحظى الجميع بالشهرة، ونباهة الشأن، القراءات السبع.

قراءات کے بارے میں کہا گیا ہے کہ سات قراءات، دس قراءات، اور چودہ قراءات اور شہرت وشرافت میں سب سے زیادہ نصیب والی سات قراءات ہیں۔

وتنسب هذه القراء ات الى الائمة السبعة المعروفين وهم: نافع، وعاصم، وحمزة، وعبدالله بن عامر، وعبدالله بن كثير، وأبو عمرو بن العلاء، وعلى الكسائي.

اور یہ قراءات سات مشہور ائمہ کی طرف منسوب ہوتی ہیں اور وہ نافع، عاصم، حمزہ، عبداللہ بن عامر، عبداللہ بن کثیر، ابو عمرو بن العلاء اور علی الکسائی ہیں۔

---

(١) أنظر مناهل العرفان، ج ١ ص ٤٠٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والقراء ات العشر هذه السبعة وزيادة قراءة: أبي جعفر، ويعقوب، وخلف.

اور دس قراءات، یہ سات، اور اضافۂ ابوجعفر، یعقوب اور خلف کی قراءات ہیں۔

والقراءات الأربع عشرة، بزيادة أربع على قراء ات هؤلاء العشرة وهي: قراءة الحسن البصري، وابن محيص، ويحيى اليزيدي، والشنبوذي.

اور چودہ قراءات ان دس قراءات پر چار کے اضافے کے ساتھ ہیں اور وہ حسن بصری ابن محیص، یحییٰ یزیدی اور شنبوذی کی قراءات ہیں۔

أول من صنف في القراء ات:

قراءات کے بارے میں پہلے مصنف:

علم القراء ات أتى عليه حين من الدهر لم يكن شيئاً مذكوراً.

علم قراءات پر وہ زمانہ بھی آیا ہے کہ کوئی قابل ذکر بات نہ تھی۔

واول من صنف في القراء ات امثال ابى عبيد القاسم بن سلام، وأبي حاتم السجستاني، وأبي جعفر الطبري، واسماعيل القاضي.

سب سے پہلے قراء ات کے متعلق تصنیف کرنے والے ابو القاسم بن سلام، ابو حاتم بجستانی، ابوجعفر طبری اور قاضی اسماعیل جیسے لوگ ہیں۔

متي اشتهرت قراء ة السبعة؟

قراءات سبعہ کب مشہور ہوئیں؟

اشتهرت قرائة السبعة على رأس المائين في الأمصار الإسلامية.

قراءات سبعہ کثرت کے ساتھ اسلامی ممالک میں رواج پکڑتی رہیں۔

فكان الناس في البصرة على قراء ة (أبي عمرو) و (يعقوب) وبالكوفة على قرائة (حمزة) و(عاصم).

بصرہ کے لوگ ابی عمرو اور یعقوب، کوفہ کے حمزہ اور عاصم،

وبالشام على قراء ة (ابن عامر).

شام کے ابن عامر،

وبمكة على قراء ة (ابن كثير).

مکہ کے ابن کثیر

وبالمدينة على قراء ة (نافع).

اور مدینہ کے لوگ قراءات میں نافع کی اقتداء کرتے تھے۔

متي دونت القراء ات؟

قراءات کب مدون ہوئیں:

دونت في نهاية القرن الثالث ببغداد على يد الامام ابن مجاهد أحمد بن موسىٰ بن عباس فجمع قراء ات هؤلاء السبعة غيه أنه اثبت اسم الكسائي وحذف يعقوب.

تیسری صدی کے آخر میں بغداد میں امام ابن مجاہد احمد بن موسیٰ بن عباس کے ہاتھ پر مدون ہوئیں۔

اس نے ان سات قراءات کو جمع کیا مگر اس نے کسائی کے نام کو لکھا اور یعقوب کے نام کو حذف کر دیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طريقته:

كان آخذاً على نفسه ألا يروى إلا عمن اشتهر بالضبط، والأمانة، وطول العمر فى ملازمة القراءة، واتفاق الآراء على الأخذ عنه والتلقى منه.

واقتصار ابن مجاهد على هؤلاء السبعة، ليس بحاصر للقراء فيهم، ولا بملزم أحداً أن يقف عند حدود قراءتهم.

القراء السبعة المشهورون:

القراءات المتواترة نقلت لنا عن القراء الحفظة، المشهورين بالحفظ والضبط والإتقان. وهم أئمة القراءات المشهورة، الذين نقلوا لنا قراءة الصحابة عن رسول الله ﷺ وكان لهم فضل العلم والتعليم، لكتاب الله العظيم كما قال صلوات الله وسلامه عليه (خير كم من تعلم القرآن وعلمه) وقد جمع الشيخ ابو اليسر عابدين هؤلاء القراء فى بيتين من الشعر فقال:

فنافع، وابن كثير ، وعاصم
وحمزة، ثم أبو عمرو همو
مع ابن عامر أتى الكسائى
ائمة السبع بلا امتراء

القراء السبعة:

١ - ابن عامر: اسمه عبدالله اليحصى قاضى دمشق فى خلافة الوليد بن عبدالملك، ويكنى أبا عمران، وهو تابعى، وقد أخذ القراءة عن المغيرة بن أبى شهاب المخزومى، عن عثمان بن عفان، عن رسول الله ﷺ توفى

ان کا طریقہ کار:

وہ اپنے نفس کی نگرانی کرنے والا تھا کہ وہ صرف اس سے روایت کرے گا جو ضبط، امانت، قرأت سے عمر بھر وابستگی میں مشہور ہو اور اس سے سیکھنے پر آراء کا اتفاق ہو۔

ابن مجاھدؒ کا ان سات پر اقتصار کرنا ان میں قراء کا حصر کرنا نہیں ہے اور نہ کسی کو پابند کرنا ہے کہ وہ ان کی قراءات کی حدود پر کھڑا رہے۔

سات مشہور قراء:

قراءات متواترہ ہمارے لئے حفاظ سے نقل کی گئی ہے جو حفظ، ضبط اور اتقان میں مشہور ہیں اور وہ قراءات مشہورہ کے ائمہ ہیں جنہوں نے ہمارے لئے صحابہ کی قرأت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا اور انہیں کتاب اللہ کے علم و تعلیم کی فضیلت حاصل تھی جیسے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے تم میں بہتر وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور اسے سکھایا اور شیخ ابو الیسر عابدین نے ان قراء کو دو شعروں میں اکٹھا کر دیا ہے۔

نافع و ابن کثیر، وعاصم۔
وحمزه ثم ابو عمرو همو
مع ابن عامر اتی الکسائی۔
ائمة السبع بلا امترا،

سات قراء:

۱- ابن عامر آپ کا نام عبداللہ الیحصی ہے آپ ولید بن عبدالملک کی خلافت میں دمشق کے قاضی رہے آپ کی کنیت ابو عمران ہے آپ تابعی ہیں آپ نے قرات مغیرہ بن ابو شہاب مخزومی سے سیکھی انھوں نے حضرت عثمان بن عفانؓ سے اور انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے قرأت سیکھی آپ نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بدمشق سنة ثماني عشر ومائة، وقد اشتهر برواية قراء ته هشام وابن ذكوان.

قال فيهم صاحب الشاطبية:

واما دمشق الشام دار بن عامر
فتلك بعبد الله طابت محللا
هشام و عبدالله وهو انتسابه
لذكوان بالاسناد عنه تنقلا

٢- ابن كثير: هو ابو محمد، عبدالله بن كثير الداري المكي كان إمام الناس في القراء ة بمكة، وهو تابعي لقي من الصحابة عبدالله بن الزبير، وأبا أيوب الأنصاري وأنس بن مالك وتوفي بمكة سنة مائة وعشرين.

وراوياه: البزي (ت ٢٥٠) وقنبل (ت ٢٩١ھ).

قال فيهم صاحب الشاطبية:

ومكة عبدالله فيها مقامه
هو ابن كثير كاثر القوم معتلا
روى أحمد البزي له ومحمد
على سند وهو الملقب قنبلا

٣- عاصم الكوفي: هو عاصم بن أبي النجود الأسدي، ويقال له: ابن بهدلة، ويكنى أبا بكر، وهو تابعي.

توفي بالكوفة سنة ١٢٧ او ١٢٨ھ وراوياه شعبة (ت ١٩٣ھ) وحفص (ت ١٨٠ھ).

يقول فيهم صاحب الشاطبية:

وبالكوفة الغراء منهم ثلاثة

۱۱۸ھ میں دمشق میں وفات پائی اور آپؒ کی قرأت کی روایت میں ہشام اور ابن ذکوان نے شہرت پائی۔

ان کے بارے میں صاحب الشاطبیہ نے کہا ہے:

(ترجمہ:) ”شام کا دمشق، ابن عامر کا گھر ہے اور یہ عبداللہ کا ہے اس کے ٹھہرنے کی جگہ اچھی ہے۔“
ہشام اور عبداللہ اس کا انتساب ہے اور ذکوان اس سے اسناد نقل کرتا ہے۔

۲- ابن کثیر: ابو محمد عبداللہ بن کثیر الداری مکی آپ مکہ میں قرأۃ میں لوگوں کے امام تھے آپ تابعی ہیں آپ نے صحابہ میں سے حضرت عبداللہ بن زبیر حضرت ابو ایوب انصاری اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے ملاقات کی ہے آپ نے مکہ میں ۱۲۰ھ میں وفات پائی۔

اور آپ کے راوی البزی (ت۲۵۰) اور قنبل (ت۲۹۱ھ) ہیں۔

ان کے بارے میں صاحب الشاطبیہ نے کہا ہے:

”مکہ میں عبداللہ کا مقام ہے وہ ابن کثیر ہے وہ مغفول ہو کر قوم پر غالب آیا ہے احمد البزی اور محمد نے اس کے لئے سند پر روایت کی ہے اور وہ قنبل کے لقب سے ملقب ہے۔“

۳- عاصم کوفی: عاصم بن ابی النجود الأسدی آپ کو ابن بہدلۃ بھی کہا جاتا ہے آپ کی کنیت ابو بکر ہے آپ تابعی ہیں۔

آپ نے کوفہ میں ۱۲۷ھ یا ۱۲۸ھ میں وفات پائی آپ کے راوی شعبہ (ت۱۹۳ھ) اور حفص (ت۱۸۰ھ) ہیں۔

ان کے بارے میں صاحب الشاطبیہ فرماتے ہیں

اور خوبصورت کوفہ میں ان میں سے تین ایسے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أذاعوا فقد ضاعت شذى وقرنفلا
فأما أبو بكر وعاصم اسمه
فشعبة روايه المبرز أفضلا
وذاك بن عياش أبو بكر الرضا
وحفص وبالاتقان كان مفضلا

٤ – ابو عمرو: هو ابو عمرو زبان بن العلا بن عمار البصري شيخ الرواة وقيل اسمه يحيى' وقيل اسمه كنيته' توفي بالكوفة سنة أربع وخمسين ومائة. وراوياه: الدوري (ت ٢٤٦هـ) والسوسي (ت ٢٦١هـ).

قال صاحب الشاطبية:

وأما الإمام المازني صريحهم
أبو عمرو البصري فوالده العلا
أفاض على يحيى اليزيدي سيبه
فأصبح بالعذب الفرات معللا
أبو عمرو الدوري صالحهم أبو
شعيب هو السوسي عنه تقبلا

٥ – حمزة الكوفي: هو حمزة بن حبيب بن عمارة الزيات الفرضي التيمي مولى عكرمة بن ربيع التيمي ويكنى أبا عمارة توفي بحلوان في خلافة أبي جعفر المنصور سنة ١٥٦هـ وراوياه: خلف (ت٢٢٩هـ) وخلاد (ت٢٢٠هـ) بواسطة سليم.

قال صاحب الشاطبية:

وحمزة ما أزكاه من متورع
إماماً صبوراً للقرآن مرتلا

شخص رہتے ہیں جنہوں نے قرأت کو شہرت دی اور مشک کی خوشبو اور لونگ ضائع ہو گئے ابو بکر کا نام عاصم ہے اور شعبہ اس کا افضل راوی مبرز ہے اور وہ ابن عیاش ابو بکر الرضا ہے اور حفص' پختگی سے فضیلت دیا گیا ہے۔

۴۔ ابو عمرو: ابو عمرو زبان بن العلاء بن عمار بصری شیخ الاوی ہے کہتے ہیں آپ کا نام یحیٰی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ کا نام ہی آپ کی کنیت ہے آپ نے کوفہ میں ۱۵۴ھ میں وفات پائی اور آپ کے راوی الدوری (ت۲۴۶ھ) اور السوسی (ت۲۶۱ھ) ہیں۔

صاحب الشاطبیہ نے کہا ہے:

امام مازنی ابو عمرو بصری ان کا خالص آدمی ہے اور آپ کا والد العلا ہے آپ نے یحیٰی یزیدی پر اپنی بارش برسائی اور وہ فرات کے شیریں پانی سے دوبارہ سیراب ہو گیا ابو عمرو الدوری ان کا صالح آدمی ہے اور ابو شعیب ہی السوسی ہے وہ آپ سے قبول کرتا ہے۔

۵۔ حمزہ کوفی: حمزہ بن حبیب بن عمارۃ الزیات الفرضی التیمی مولیٰ عکرمہ بن ربیع التیمی آپ کی کنیت ابو عمارہ ہے آپ نے ابو جعفر منصور کی خلافت میں ۱۵۶ھ میں حلوان میں وفات پائی اور آپ کے راوی سلیم کے واسطہ سے خلف (ت۲۲۹ھ) اور خلاد (ت۲۲۰ھ) ہیں۔

صاحب الشاطبیہ نے کہا ہے:

''حمزہ کس قدر پاک متقی ہے بہت صابر امام اور قرآن کو ترتیل سے پڑھنے والے ہیں آپ سے خلف اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روی خلف عنه وخلاد الذی
رواه سلیم متقناً ومحصلا

خلاد نے روایت کی ہے جسے سلیم نے محصل بن پختگی کے ساتھ روایت کیا ہے۔"

٦- نافع: هو أبو رويم نافع بن عبدالرحمن بن أبی نعيم الليثی أصله من اصفهان، وانتهت اليه رئاسة الاقراء بالمدينة المنورة وتوفی بها سنة ١٦٩، وراوياه: قالون (ت ٢٢٠) وورش[1] (ت١٩٧).

٦- نافع: ابورویم نافع بن عبدالرحمٰن بن ابی نعیم اللیثی آپ اصلاً اصفہان سے ہیں اور مدینہ منورہ میں قرات کی سرداری آپ تک پہنچی ہے آپ کی وفات ١٦٩ھ میں ہوئی اور آپ کے راوی، قالون (ت ٢٢٠ھ) اور ورش (ت ١٩٧ھ) ہیں۔

يقول صاحب الشاطبية:

فأما الكريم السر فی الطيب نافع
فذاك الذی اختار المدينة منزلا
وقالون عيسى، ثم عثمان ورشهم
بصحبة المجد الرفيع تأثلا

صاحب الشاطبیہ کہتا ہے:

"عمدگی کے بارے میں قابل تعریف راز نافع ہے اور آپ نے مدینہ کو رہائش کے طور پر پسند کرلیا ہے اور قالون عیسیٰ پھر عثمان ورش ہے وہ بلند شان والی بزرگی سے نسل والا ہوا ہے۔"

٧- الكسائی: هو علی بن حمزة إمام النحاة الكوفيين، ويكنى ابا الحسن وقيل له الكسائی لأنه كان فی الاحرام لابسا كساء، توفی (برنبوية) قرية من قرى الرى حين توجه الى خراسان مع الرشيد سنة ١٨٩، وراوياه أبو الحارث (ت ٢٤٢) والدوری (ت٢٤٦).

٧- الکسائی: علی بن حمزہ، کوفی نحویوں کے امام ہیں آپ کی کنیت ابوالحسن ہے آپ کو الکسائی اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ احرام میں چادر اوڑھے ہوئے تھے آپ نے ری کی ایک بستی رنبویہ میں جب آپ ہارون الرشید کے ساتھ خراسان آئے، ١٨٩ھ میں وفات پائی آپ کے راوی ابوالحارث (ت ٢٤٢) اور الدوری (ت ٢٤٦ھ) ہیں۔

يقول صاحب الشاطبية:

وأما علی فالكسائی نعته
لما كان فی الاحرام فيه تسربلا
روى ليثهم عنه أبو الحارث الرضا
وحفص هو الدوری وفی الذكر قد خلا

صاحب الشاطبیہ کہتا ہے:

"علی جو ہے اس کی صفت الکسائی ہے کیونکہ وہ احرام میں اس کی قمیص پہنے ہوئے تھا اور آپ سے ان کے شیر ابو الحارث الرضا نے اور حفص الدوری نے روایت کی ہے شہرت میں وہ گزر چکا ہے۔"

www.KitaboSunnat.com

(١) قالون: معناه الجيد فی أصل وضعها. وورش: لشدة بياضه.

٩٩۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
16114

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ہماری دیگر مطبوعات



مکتبہ رحمانیہ
اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-7224228-7221395